کیونکہ وہ بجملتہم ہمارے مقتدا اور سردار و پیشوا ہین اونکی بدی کرنا قطعاً حرام
و گناہ کبیرہ ہے بلکہ بعض اہل علم نے اسکو کفر بتلایا ہے بدلیل اس آیت کے لیغیظ
بھم الکفار یعنی تاکہ غصہ مین لاوے اللہ بسبب صحابہ کے کافرونکو۔ اسکے
موافق صحابہ پر غیظ کرنا اور اونسے بغض رکھنا کفار کا خاصہ ٹھہرا۔ اور یہ استدلال
فی الواقع نہایت عمدہ اور واضح ہے صحابہ کی تعظیم کل افراد امت اسپر فرض

واجب ہے بموجب حکم خدائے پاک و ارشاد رسول اللہ صلعم کے جو قرآن و
حدیث مین درج ہین فضائل و مناقب صحابہ مین جو احادیث صحیحہ وارد مین کتب
معتمدہ حدیث مین وہ مرقوم ہین انکا رو جرح اونپر کوئی ضال مضل مبتدع
نہین کرسکتا و من یضلل اللہ فما لہ من ھاد باقی رہا خلاف و شقاق باہمی
صحابہ کا سو اوسکا تذکرہ ہمین نہ کرنا چاہیے صحابہ کا عیب و ثواب ناگفتہ بہتر
ہے اور اسیطرح جمیع ازواج مطہرہ و اہلبیت و ذریت طاہرہ رسول خدا
صلعم کی بھی قدر و منزلت اور اونکے حقوق و فضائل کی معرفت ہمین ضرور
ہے حضرتؐ کی ہر ایک بی بی کو ام المومنین جاننا اور سب کے واسطے اللہ سے مغفرت مانگنا چاہئے

فصل

ذکر اہل قبلہ

مدعیان اسلام و اہل قبلہ مین سے کسیکو کافر نہ کہنا چاہیے تاوقتیکہ اسکا ثبوت نہو لے
کہ وہ منکر ہے ذات صانع عالم یا اوسکے صفات علم و قدرت و اختیار وغیرہ کا
یا بعثت رسل اور بعث و قیامت وغیرہ ضروریات دینیہ کو نہ مانتا ہو یا پرستش
و عبادت اور وصف الوہیت و صفت ربوبیت محل و اعتقاد شرک ظاہر مو
عمدہ ارکان اسلام سے امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہے یعنی حکم کرنا ساتھ بھلائی
کے اور اعمال بد سے منع کرنا جو مسلمان اس سے باز رہے وہ ناقص الایمان ہے
امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرنے مین یہ شرط ہے کہ فتنہ و شر اوسپر قائم نہوتا ہو اور
قبول نصیحت کی امید ہو اوس سے جسکو نصیحت کیجاوے - ایمان شرعی عبارت
ہے قول اور عمل اور نیت سے اور کبھی ایمان کی تفسیر یون کیجاتی ہے کہ
ایمان نام ہے معرفت کا بڑھتا گھٹتا ہے حسنات و سیئات سے ایمان کا کم و بیش ہونا
ثابت ہے قرآن و حدیث اور اتفاق ائمہ سلف و خلف امت مرحومہ سے باقی رہا
یہ ایمان حالت غفلت و بیہوشی اور سوتے مرتے وقت بھی اگرچہ یہ چیزین

تصدیق و معرفت سے کہ مقتضی حیات اور ہوش و حواس سے مباینت کلی رکھتی ہین ؛

فصل

عہد میثاق و اقرار ربوبیت کا اللہ پاک نے عالم ارواح مین اپنے بندونسے لیا ہے قرآن و حدیث سے ثابت ہے اور ہم اوسکے وقوع کے قائل ہین فرقہ معتزلہ اسکا منکر ہے اور آیات و احادیث جو اسبارہ مین وارد ہین اونکی عقلی تاویلین وہ کرتے ہین مگر یہ اعتقاد بالکل خلاف و ناحق ہے عصمت حضرات انبیا کے سوا اور شخص کو نہین ہے اگرچہ کوئی کیسا ہی عالی رتبہ یا کسی متبرک مقام کا رہنے والا کیون نہو اور علی ہذا القیاس ہر قول و عمل مین متابعت بھی نبیون ہی کیواسطے صفت خاص ہے امت سے کسی صحابی و تابعی یا اہلبیت یا امام و مجتہد کو یہ منصب حاصل نہین ہے سوائے رسول خدا صلعم کے کہ آپ کے جملہ ارشادات برحق و کلام حق ہین ہر آدمی کے بعض اقوال مقبول ہوتے ہین اور بعض مردود ہر آدمی اپنی زندگی مین رزق مقدر پورا کرلیتا ہے حلال سے ہو یا حرام سے اور جبتک رزق کو کامل نہین کرلیتا کوئی نہین مرتا ہے رزق حلال پیا آدمی کو اجر و ثواب ملتا ہے اور حرام خوری کے باعث مجرم و گنہگار ٹھہرتا ہے یہ بات ناممکن ہے کہ آدمی عرصہ تک دنیا مین جیتا رہے اور خوب کھاوے پیئے بھی مگر یہ اس ہمہ رزق اوسکو میسر نہو یا دوسرے شخص کے رزق پر اوسکی عمر بسر ہو جاوے جو شخص قتل کرڈالا ہے وہ بھی اپنی میعاد زندگی کو ختم کرکے مرتا ہے پس جو آدمی موت طبعی سے مرجاوے اور جو مارڈالا جاوے دونون مدت حیات کو تمام کرلیتے ہین فرمایا اللہ تعالیٰ نے

وما کان لنفس ان تموت الا باذن اللہ کتابا مؤجلا یعنی نہین ہے کسی نفس کیواسطے مرجانا بلا حکم خدا کے لکھا ہوا وعدہ ۔ اور فرمایا قل لو کنتم فی بیوتکم لبرز الذین کتب علیہم القتل الی مضاجعہم یعنی کہدے

قبول میثاق و فیرہ

اے محمد صلعم اگر ہوتے تو اپنے مکانوں میں البتہ باہر نکلتے جن پر لکھا تھا مارا جانا اپنے قتل ہونے کے جگہ کی تا نبوت صفت ہے قائم بذات میت میں مجاز مخلوقات الٰہی کے فرمایا حق سبحانہ نے خلق الموت والحیاۃ لیبلوکم ایکم احسن عملا یعنی اللہ نے پیدا کیا موت اور حیات کو تاکہ آزماوے تمکو کہ کون تمھارا اچھے عمل کرتا ہے۔ موت اور بعث ایک واحد کے ہیں فرمایا اللہ تعالیٰ نے و لکل امۃ اجل اذا جاء اجلھم لا یستاخرون ساعۃ و لا یستقدمون یعنی ہر گروہ کے لئے وقت مقرر ہے جبکہ آجاوے گی اجل اوسکی نہ تاخیر کرینگے ایک گھڑی کی اور نہ پیشقدمی کرینگے یعنی وقت میعاد و اجل کسیکی تا رہ ہو جاتی ہے موت کے سوا اور وقتاوقتا کچھ نہیں ہوتا ہے

فصل

موت و تیرہ ثابت ہے احادیث صحیحہ سے جو متواتر کے قریب ہیں تقسیم کیواسطے مسح کی مدت ایک دن رات ہے اور مسافر کے لئے تین دن تین راتیں بعمل کے بعد ہیں تراویح کا پڑھنا تو آنحضرت صلعم سے بروایت صحیحہ ثابت ہے البتہ تعداد رکعات کی تشریح کسی حدیث صحیح میں وارد نہیں مجملا اسقدر پتہ لگتا ہے کہ رسول خدا صلعم سب مہینوں کی نسبت رمضان میں زائد محنت و عبادت کرتے تھے اور حضرت عائشہ کہتی ہیں کہ رمضان و غیر رمضان میں گیارہ رکعت سے زائد حضرت نے نہیں پڑھیں۔ اور ایک روایت سے تیرہ رکعت تک پڑھنا معلوم ہوتا ہے حضرت عمر نے اپنی خلافت کے زمانہ میں جب لوگوں کو علیحدہ علیحدہ تراویح پڑھتے دیکھا تو انکو ابی بن کعب کے پیچھے تراویح گذارنے کا حکم دیا ابی بن کعب نے اوسوقت بیس رکعت تراویح اور تین رکعت وتر پڑھے افضل اسمیں وہی مضاہے جہانتک نماز یوں کو ذوق و نشاط ہے یا فضیلت زمان و مکان کی اوسمیں رعایت ہو۔ نماز جمعہ و جماعت عیدین و غیرہما امام مسلمان کے

پیچھے ہو جاتی ہے خواہ امام سعید و پرہیزگار ہو یا فاسق و بدکردار۔ اور بعض سلف سے جو اہل بدعت کے پیچھے نماز پڑھنے کی ممانعت منقول ہے اور اوس سے کراہت تنزیہ ہے یا وہ بدعت مقصود ہے جو کفر ہو یا موجب تکفیر اہل اسلام کا اسپر اجماع ہے کہ کوئی ولی نبی کے درجہ کو نہیں پہنچتا اور کرامیہ کا یہ قول کہ ولایت نبوت سے افضل و اعلیٰ ہے مردود ہے یا ماؤل۔ اور یہ بھی اجماعی مسئلہ ہے کہ کشف و الہام اولیا اور وقایع نومیہ حجت شرعی نہیں ہوتی ہیں لہذا کسی شئے کی فضیلت و حرمت یا کراہت و حرمت کا ثبوت اوس سے نہ ہوگا۔ ہاں جو احکام بادلہ اسلام ثابت ہیں اونکے واسطے مزید سند و شہادت اچھی بشرطیکہ موافقت البتہ ہو سکتی ہے کل سلف و خلف امت کا اسی پر اجماع ہے باستثنائے معدودے چند غیر معتد بہم کے اسباب میں اکثر اہل بدعت و صوفیہ نے دھوکا پایا ہے۔ اللہ کے فضل سے یاس و قطع امید کرنا کفر ہے فرمایا اللہ پاک نے انہ لا ییأس من روح اللہ الا القوم الکافرون یعنی بیشک حال یہ ہے کہ نہیں مایوس ہوتے اللہ فضل سے مگر وہ لوگ کہ کافر ہیں اور اسیطرح اللہ کے غضب سے نڈر ہو جانا بھی کفر ہے سورہ اعراف میں ہے افامنوا مکر اللہ فلا یامن مکر اللہ الا القوم الخاسرون یعنی کیا نڈر ہو گئے کفار اللہ کے داؤ سے سو نڈر نہیں ہوتے اللہ کے داؤ سے مگر وہی لوگ جو خراب ہونگے اور اسکی مثل وقائع غیبیہ کی بابت کاہن کی تصدیق بھی کفر ہے اور پھر جانا ہے قرآن سے جو نازل ہوا ہے آنحضرت صلعم پیاور رسوائے اللہ عزوجل کے دوسرے کو غیب دان جاننا بھی آدمی کو کافر بنا دیتا ہے فرمایا اللہ پاک نے قل لا املک لنفسی نفعا و لا ضرا الا ما شاء اللہ و لو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر و ما مسنی السوء ان انا الا نذیر و بشیر لقوم یومنون یعنی کہدے اے محمد صلعم نہیں مختار ہو میں

واسطے ذات اپنی کے بھلائی اور برائی کا مگر جو کہ چاہا اللہ نے اور اگر ہوتا مین آگاہی کہنے
غیب سے بیشک جمع کر رکھتا خوبیونکو اور نہ پہنچتی مجکو کوئی برائی نہین ہون مین ڈرانیوالا
اور خوشی سنانیوالا اون لوگون کے لئے جو ایمان رکھتے ہین حکم آنحضرت صلعم
علم غیب سے اپنے کو یون صاف صاف ناواقف ظاہر فرمائین پھر بھلا وہ کیونکر آگاہ ہوسکتے ہین
کیونکر آگاہ ہوسکتے ہین آیا مردہ زندہ جو کسی بھائی مسلمان مردہ کیواسطے دعائے
خیر کرے یا اوسکی جانب سے کچھ صدقہ دے یا کوئی عبادت مالی یا بدنی یا مرکب
نیابۃ ادا کرے مطابق اوازعیمہ کے ان سب صورتون مین مردہ کو اجر و ثواب
ملتا ہے ۔ دعا کا قبول کرنا اور کل حاجتوں کا برلانا صرف اللہ ہی کا کام ہے ۔ کفار
دعا کی قبول ہونے مین اختلاف ہے ظاہر عبارت آیۃ کریمہ وما دعاء الکافرین
الا فی ضلال یعنی نہین ہے پکارنا کافرونکا مگر بہکنا ۔ مفید نفی اجابت ہے دنیا
وعقبی دونو نہین واللہ اعلم ۔ کفار جن جہنم مین جھونکے جاوینگے بموجب ارشاد
الٰہی ولکن حق القول منی لاملئن جھنم من الجنۃ والناس اجمعین
یعنی ولیکن حق ہوچکا ہے میرا کہنا البتہ بھرونگا مین جہنم کو جن و آدمیون سے سب
۔ اور سورہ جن مین ہے واما القاسطون فکانوا لجھنم حطبا یعنی
اور جنو نہین سے ظالم ہین پس ہونگے وہ جہنم کے لئے ایندھن ۔ اور مسلمان جنت مین
طرح جنت مین جاوینگے اسکا ثبوت اس آیت سے ہے جو وصف مین حوران جنت کے
وارد ہے فیھن قاصرات الطرف لم یطمثھن انس قبلھم ولا جان
یعنی جنتو نمین نیچی نگاہ والیان ہین جنکو نہین بیاہا آدمیون نے اہل بہشت سے
پہلے اور نہ جنون نے ۔ اللہ پاک نے شیطانکو پیدا کیا ہے آدمیون کے دلو نمین
وسوسونکا ڈالنا اونکا کام ہے شب و روز اونمین یہی فکر رہتی ہے تاکہ
سیدھی راہ سے بنی آدم کو پھیر دین تسلط و غلبہ اونکو اوسپر ہوتا ہے جسکو خدا

نہیں پاتا اور جسکو اللہ چاہتا ہے اونکے کید و مکر سے بچا لیتا ہے۔ دنیا میں جادو اور جادوگر
دونوں موجود ہیں مگر بلا حکم خدا وہ کسیکا نقصان کرنیکے مجاز نہیں ہیں جو آدمی سحر کرے
یا یہ اعتقاد رکھے کہ سحر سے کسیطرح کا نفع نقصان بدون تقدیر الٰہی کے ہونا ممکن ہے
ہر دو صورت میں کافر ہو جاتا ہے۔ کفر کا کوئی کلمہ اگر کسی مسلمان کی زبان سے بے اختیار
نکل جاوے تو اوس سے توبہ کرنا چاہیے اور توبہ کرے فبہا ورنہ اوسکی گردن مارنی چاہیے اور اگر
کلمہ صریح کفر نہو بلکہ مجہول و مشتبہ لفظ ہو تو اوسکے کہنے سے ناواقفیت کے بعد تائب
کرنا چاہیے اگر وہ باز نہ آوے تو کچھ تعزیر و سزا تجویز کرنی چاہیے۔ کل بدعتیں
بیشمار ہیں جنمیں شارع حرام میں قلیل و کثیر کی تمیز نہیں کی ہے۔ مابدوں کا
مقولہ ہے کہ اہلحدیث نمازوں کا اول وقت میں اور زکوٰۃ کے لینے میں اور مسافت
قصر کے اور باب میں ترجیح بلا دلیل دیتے ہیں۔ جیسے صلوٰۃ پڑھنے کے بعد
ہاتھ اوٹھا کر فاتحہ کا پھیرنا۔ مرگ و جنم تک کرتے ہیں اور مکروہ کرتے ہیں تجہیز کے پیشتر
کھانا پکنے کے بعد اور دسوئم کرنیکا قرابتداروں کے ساتھ اور مرگ و ناکس سے
سلام و مصافحہ کرنا و کھانا کھلانا اور فقراء و مساکین و یتیمو پر شفقت کرنا اور اونکا
کے کام کرنا و حال پرسی سے انجام دینا اور کھلے پیمانے شادی بیاہ وغیرہ میں اعتدال
سے نہ بڑھنا اور امور خیر میں مبادرت و سعی سے باز رہنا وغیرذالک محدثات میں
داخل ہیں یہ سب باتیں داخل ہیں اہلحدیث اپنی عادات اور بدعت و رسوم میں
شریعت ہی کو موافق ہوتے ہیں مسائل دین میں جدال و خصومت اونکا
شیوہ نہیں ہے۔ اہلبدعت و ضلالت کے پاس تک نہیں پھٹکتے بحث و لفظ سے
کچھ سروکار نہیں رکھتے۔ اور برا جانتے ہیں۔ اہلبدعت کو جو دین میں نئی
باتیں کرتے ہیں جنکا ثبوت و نشان حدیث و قرآن سے نہیں ہے اپنی
مجالست و صحبت سے بھی وہ دور بھاگتے ہیں انکی لفاظی تک کا سننا روا نہیں رکھتے

کیونکر اونکی جھوٹی رنگ آمیز تقریرین کانونکی راہ سے دل تک پہنچکے خیالات باطلہ
وخطرات فاسدہ کو پیدا کرتی ہین اور دلونکو بالکل ضلالت وجہالت مین ڈالدیتی ہین
اہل بدعت کی علامات ظاہری اونکی بدعات ہین اور واضحترین علامات اہلحدیث سے
بغض وعداوت کا رکھنا ہے اور اونکی توہین وتحقیر کے درپے رہنا کبھی حشویہ وغیرہ
کہکر محدثین کو بدنام کرتے ہین اور کبھی مجسمہ ومشبہہ اونکا لقب ونام رکھتے ہین سبب
اصلی اوسکا یہ ہے کہ مبتدعین کے خیال مین احادیث صحیحہ جو بروایت صحیح آنحضرت صلعم
سے مروی ہین یقین واعتقاد صحیح کے لایق نہین ہین انکے اذہان لایق ایمان
وہی نتایج ودعاوی ہین جنکو شیطان نے وقیاسات فاسدہ اور وساوس وخواطر
باطلہ پر مرتب وتفرع کر رکھا ہے حتی کہ قلوب وصدور ان اتباع اشیاطین کے
بالکل تنگ وتاریک ہین اور تمامی شبہات بے اصل وساقط الاعتبار ہین جو کہ خدا کی
اونپر چھپکا ہے اسلیئے اللہ نے راہ حق سے اونہین اندھا اور بہرہ بنا دیا ہے جسکا
رسوا کرنا خدا نے چاہا ہو اوسکے لیئے بزرگی کا دینے والا کوئی نہین ہوسکتا اور جو چاہتا
ہے اللہ وہی کر رکھتا ہے تمام ہوا مطلب سابقون کا سعید ونیکبخت اپنی مرگ سے
پہلے کبھی شقی ہوجاتا ہے اور اشقیا عقائد واعمال صالحہ کی بدولت کبھی سعید ہوجاتے
اشراط وعلامات صغری وکبری قیامت کے جو کچھ کہ آنحضرت صلعم نے بیان فرمائی ہین
اور تفصیل اونکی کتب حدیث مین آئی ہے وہ تمامہا حق وبجا ہین محدثین نے
اوسکے جمع کرنے مین عمدہ عمدہ کتابین لکھی ہین مثلا اشاعۃ اذاعۃ النجم الکرامۃ
وغیرہا مرسلین بشر رسل ملائکہ سے افضل ہین بوجہ چند جنکی تفصیل موقع مناسب
مین ثابت ہے اور رسل ملائکہ افضل ہین سائر الناس سے باجماع امت بلکہ
بحکم بداہت اور عام اہل اسلام بنی آدم عامہ ملائکہ سے بہتر وکرم ہین جس چیز کا
گناہ ہونا دلیل قطعی سے ثابت ہو اوسکے حلال جاننے سے آدمی کافر ہوجاتا ہے

اور اوسکا خفیف وسبک سمجھنا یا کسی شرعی مسئلہ پر تمسخر و استہزا کرنا تکذیب دین وکفر کی علامات سے ہے جسکے باعث کفر کا حکم دیا جاتا ہے۔ معدوم محض پر شئی کا اطلاق ثابت نہیں اللہ کا دیکھنا دنیا میں آنکھوں سے عقلاً ممکن ہے نہ شرعاً اور آخرت میں بشہادت حدیث و آیت ثابت ہے اور خواب میں دیکھنا خدا کا شرعاً جائز ہے کیونکہ یہ ایک نوع کا قلبی مشاہدہ ہے جو اکابر و کرام اہل اسلام کو اوسکے فضل سے میسر ہو جاتا ہے۔ روح حادث چیز ہے اللہ کی پیدا کی ہوئی ہے ضروریات دینیہ اسپر ناطق ہیں حضرات صحابہ و تابعین کا مسلک یہی ہے جسمانی موت سے روح نہیں مٹجاتی اوسکا حدوث بقول حافظ ابن قیم کے زمانہ پیدائش اجسام میں ہوتا ہے۔ کافر جب تک دنیا میں رہتا ہے مخاطب اللہ نعمت میں ہے اسلئے فرمایا رسول خدا صلعم نے دنیا ایمان والے کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کیواسطے بہشت ہے۔ اللہ کی معرفت اور عبادت کا واجب ہونا اللہ کے حکم اور شرع سے ہے نہ فقط طریق عقل سے جو چیز طاقت بشری سے خارج ہے اوسکی بجا آوری کا حکم شرع سے ثابت نہیں ہے بلکہ دلیل اوسکے خلاف پر قائم ہے فرمایا اللہ پاک نے لا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا یعنی نہیں حکم دیتا ہے اللہ کسی نفس کو مگر اوسکی طاقت کے موافق۔ اور یہ بھی ارشاد کیا ہے ربنا ولا تحملنا ما لا طاقۃ لنا بہ یعنی اے رب ہمارے نہ بوجھ رکھ ہمپر اوسقدر جسکی طاقت ہمیں نہیں ہے۔ باقی۔ الممتنع بالغیر جسطرح ایمان لے آنا اوس شخص کا کہ پیدا ہوگا اسنے کافر و بے ایمان جانا اور لکھا ہے مثل فرعون و ابولہب وغیرہما کے سو باتفاق اہل علم کے ایسی چیز کے ساتھ تکلیف و حکم شرعی کا تعلق صرف جائز و ممکن ہی نہیں بلکہ متحقق و واقع ہے۔ حشر حق ہے اور نظر کا ہونا بھی برحق ہے احادیث صحیحہ بخاری و مسلم وغیرہما سے یہ دونوں ثابت ہیں۔ عقائد و مسائل

دو طرح کے ہین ایک تو وہ کہ آیات قرآنیہ اور احادیث نبویہ سے تو ثابت ہین اور سلف صالحین صحابہ و تابعین نے بھی اونکو مقبول و مسلم رکھا ہے مگر ہماری عقلین کا حقہ اونکو ادراک و تشریح سے قاصر ہین اسلئے ایک گروہ نے ایسے عقائد کو قبول نہ کیا اور آیت و حدیث کے معنو نمین تاویل کرنی اختیار کی حالانکہ مناسب اسبارہ مین ایسا نکالے انا ظاہر اوس شئے پہ جو ثابت ہے حدیث و آیت سے جسطرح پہ کہ وہ وارد ہوئی ہے اور تاویل کا کرنا درحقیقت شریعت کا جھٹلانا ہے دوسرے وہ ہین جنکا پتہ کتاب و سنت مین نہین لگتا اور نہ قرون مشہود لہا بالخیر مین اونکے متعلق کسیطرح کی گفتگو ہوئی ہے ایسی چیزونسے اپنی فکر و خوض کا علیحدہ رکھنا اور شئی لایعنی سمجھکر اونکا چھوڑ دینا ہی بہتر ہے فرمایا رسول خدا صلعم نے کمال ایمان و اسلام آدمی کا ترک کرنا ہے اوس شئے کا جو کہ غیر مفید و بیکار ہے مجتہد مسائل شرعیہ و عقلیہ مین کبھی تو چوک جاتا ہے اور کبھی ٹھکانے کی بات کہتا ہے جو کہنے والیکو ثواب ایکبسا اور صحیح الرائے کو المضاعف اجر ملتا ہے اگر مجتہد کا مصیب ہونا مسلم ہو تو یہ ثواب کی تقسیم جو حدیث کی بموجب مجتہد مخطی و مصیب کے لیے ہے بیکار و بیگان ہو جائیگی۔ کوئی زمانہ مجتہد سے خالی نہین رہتا اور ایسے شخص سے کہ دلائل حقہ کا اظہار نہ کرسکے کسی وقت و کسی حال مین زمین خالی نہ ہوگی اگرچہ قلیل و اقل قلیل بھی ایسے لوگ کیون نہون امت محمدیہ مین قیامت تک ہادی حق کا رہنا جو بھی اور سیدھی راہ بتایا کرے لازم و لابد ہے۔ حدیث صحیح مین آیا ہے ہمیشہ رہیگا ایک گروہ میری امت کا حق پہ ظاہر غالب آوینگے اونپر مخالفین حتی کہ آجاویگا اللہ کا حکم جس شخص کو دین کی کچھ بھی سمجھ ہے وہ جانتا ہے کہ مجتہدین متاخرین پہ خدا نے جسطرح اجتہاد کو آسان کر دیا ہے اگلے مجتہد وکمیت بات حاصل نہ تھی کیونکہ کل سامان ضروری اجتہاد کا اونکے پاس فراہم تھا جیسا کہ

اسکے سبب متقدمین کو اجتہاد کرنے مین نہایت محنت و دقت اوٹھانی پڑتی تھی
برعکس متاخرین کے کہ اونکو ہر طرح کی سہولت ہے مقلدین چونکہ تقلید و قیاس
اڑے ہیں اور قرآن و حدیث چھوڑ کے دوسرے علوم مین پڑے ہین اسلئے اونکو
وہی دکھاتا ہے جسمین خود مبتلا ہین اور اپنا الزام دوسرون کے سر رکھتے ہین
علم نافع و فہم کامل سے جسکو خدا نے کامیاب کر دیا ہے اوسپر اجتہاد کا دروازہ
کھولدیا ہے مگر مقلدین کے خیال مین یہ امر بالکل مستبعد و محال ہے - تقلید کرنا مسائل
شرعی مین اصلی ہون یا فرعی مطلقاً ناجائز ہے امام ابن حزم نے بدلیل اجماع اسکا
منہی ہونا ثابت کیا ہے علامہ شوکانی نے قول مفید اور ادب الطلب وغیرہما مین
تقلید کی مذمت مین چار و ناچار امامون کے اقوال نقل کئے ہین جنمین بصراحت
تمام منع ہے اپنی اور غیرون کی تقلید سے - اسجگہ سے یہ بات پیدا ہوئی کہ اگر اجماع
سے تقلید کی ممانعت فرضاً ثابت نہو تو بھی ہمارے نزدیک اوسکے حرام ہونے مین
کچھ کلام ہی نہین ہے - مؤید اسکے ہے نقل اجماع اس معنی پر کہ اموات کی تقلید بالکل
ناجائز ہے - اور دوسرا یہ اجماعی مسئلہ کہ مجتہد کا عمل کرنا قیاس و رائے پر جبکہ
وکتاب سے کوئی دلیل اوسے دستیاب نہو بکر ضرورت خاص اوسکے واسطے
جائز ہے اور دوسرون کے لئے ناجائز اسکے متعلق قاضی شوکانی نے ارشاد الفحول
مین یہ تحریر کیا ہے کہ ان دونون اجماعون سے تقلید کا استیصال ہوگیا انتہی
عامی پر یعنی جو قرآن و حدیث سے واقفیت نہین رکھتا ہے مذہب خاص کا التزام
لازم نہین ہے این برہان ونور دیکا یہی مسلک مختار ہے ایمان مقلد کا جو سیکھنے
کی محنت اپنے پاس نہین رکھتا ہے صحیح و مقبول ہے - جو اجماع قرآن و حدیث سے
ثابت نہو استدلال کے لائق نہین ہے اور جسکی اصل قرآن و حدیث مین ہو
اوس سے استناد درست ہے بقول اون لوگون کے جو اجماع کو حجت کہتے ہین

اجماع معتبر مجتہد ونکا ہے نہ مقلد ونکا ہر فرقہ کا یہ گمان ہے کہ وہی لوگ نجات پاوینگے
اور باقی سب جہنمی ہین اس فرقے کی تعیین مین تشریح آنحضرت صلعم کی کل نزاع
وجدال کو رفع کردیتی ہے وہ یہ ہے کہ فرقہ ناجیہ وہی ہے جو چلتے ہین میرے
اصحاب کے طریقہ پر اسکے بموجب فرقہ ناجیہ وہی ہے جو اختیار کرے عمل وعقیدہ مطابق
ظاہر قرآن وحدیث صحیح کے جسپر گذرے ہین جمہور صحابہ وتابعین۔ اور باہمی اختلاف
اونکا اونہین مسائل مین ہے جنمین کوئی نص مشتہر نہین ہوئی اور نہ اتفاق رائے
صحابہ سے وہ قرار پائے ہین ف اختلاف کا سبب استنباط کا مختلف ہونا اعمل کی
تفسیر علحدہ طور پر کرتا ہے اور غیر ناجیہ وہ فرقے ہین کہ تراشتے ہین اعمال وعقائد سلف
کے خلاف۔ علم تین چیز ونمین ہے اول آیت محکمہ یعنی غیر منسوخ یا آیات محکمات
متشابہات کے سوا۔ دوم سنت قائمہ یعنی حدیث جسکی اسناد ومتن مین کسیقسم کا
خلل نہوا اوسکے بموجب عمل ہوتا ہو سوم فریضہ عادلہ یعنی علم فرائض یا وہ احکام
کہ منصوص کتاب وسنت نہین ہین بلکہ اونسے مستنبط ہین یا حاکم سوسن عادل
عاقل کے احکام اس سے مراد ہین بموجب آیہ کریمہ اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول
واولی الامر منکم انکے سوا جو علم ہے وہ نامتہے۔ نصوص قرآن وحدیث اپنے
ظواہر پر بھی جاوینگی جب تک کہ کسی دلیل قطعی سے ضرورت تاویل کی ثابت نہو
اور جو چیزین عرفا اونسے متبادر ہین اونکا اطلاق بھی شرعا درست ہے اور
اوسکے موافق اعتقاد بھی رکھنا چاہیے مگر تشبیہ سے جو لازم وہمی ہے تنزیہ ضروری
ہے اور واجب ہے اہل اسلام پر امام کا قائم کرنا جو احکام اسلام جاری کرے حدود شرعیہ
رواج دے سرحدونکا بندوبست کرے لشکر کو آراستہ رکھے صدقات وزکوۃ وصول
کرتا رہے باغیون اور لٹیرونکو دباتا رہے۔ جمعہ وعیدین کا اہتمام رکھے تنازعات
وخصومات جو لوگونمین واقع ہون اونکا موافق شرع کے تصفیہ کردینا اور

گواہیان جو حقوق کی بابت قائم ہون اونکے قبول ورد مین نظر کرنا لاوارث لڑکے
لڑکیون کی شادی کا انتظام اور تقسیم مال غنیمت وغیرہا کی ضرورت ہے جنکا انصرام
ہر ہر واحد سے ناممکن ہے امام کا قائم کرنا واجب باجماع امت ہے اور یہ وجوب سمعاً ثابت
ہے نہ عقلاً کتب مبسوطہ مین لوازم و شرایط امام بہ بسط تمام مرقوم ہین ۔ خلافت
ثابت ہوتی ہے بیعت سے اہل حل وعقد کے کہ جماعت ہے علماء و رؤسا و سرداران
لشکر وغیرہم سے کہ ذی ادراک و شعور ہون اور مسلمانون کی مصلحت و منفعت پر
عبور رکھتے ہون خلافت ابوبکر صدیق اسیصورت سے منعقد ہوئی تھی یا جسکے
واسطے خلیفہ وصیت کرے اوسکو بھی خلافت پہنچ سکتی ہے جیسے حضرت عمرؓ کی
خلافت کہ انکے لئے حضرت ابوبکر نے وصیت کردی تھی یا چھ آدمیون کے مشورہ سے
جو ہر ایک خلافت کی لیاقت رکھتا ہو بالخصوص ایک شخص مخصوص بخلافت کردیا جائے
جسطرح حضرت عثمانؓ کی خلافت چھ صحابہ کے شوری سے حضرت عمرؓ کی رائے کے
موافق ہوئی اور حضرت علیؓ کی خلافت آخر الامر پھر بیعت سے اہل حل
وعقد حضرات صحابہ کی ہوئی اوسوقت مین حضرت علی سے اولی اور احق بالخلافت
صحابہ کی نظر مین کوئی نہ آیا اور اسی سبب سے کبار مہاجرین و انصار نے حضرت علی کے
خلاف و نبھاوت کو ممنوع و ناجائز ٹھہرایا ۔ یہ چاروں حضرات خلفاے راشدین کہلائے
جنکے ذریعہ سے اللہ نے دین محمدی کو شوکت و عزت دی کفار و مشرکین کو ہر جگہ شکست
و ذلت ملی آساسی اسلام کو استحکام رایات حق کو رفعت تمام ہوئی ان لوگونکے
اوپر جو انکے پیرو ہوئے خلیفہ کہنے اللہ سبحانہ وتعالی نے اپنا وعدہ پورا کیا
جو غربت اسلام کیوقت کیا تھا وعد اللہ الذین اٰمنوا وعملوا الصلحت
لیستخلفنھم فی الارض یعنی وعدہ کیا ہے اللہ نے اون لوگون کے لئے
کہ ایمان لے آئے ہین تم مین سے اور عمل کئے ہین اچھے البتہ خلیفہ بنائیگا اونکو

زمین مین اور جوکہ صفت صحابہ مین کہا تھا اشداء علی الکفار یعنی سخت ومغالب
ہین کافرونپر زمانہ خلافت مین ان سب امور کا ظہور کما حقہ ہوگیا۔ جو شخص اظہار
سے محبت واخلاص رکھے اور بدعات غیر اون نہین یاد کرے اور اونکے فضائل حقوق
کما حقہ بجا لے منجملہ مخلصین اوسکا شمار ہوگا اور جو اونسے بغض رکھے اور روافض خوارج
کے طرح اونکے مطاعن ومعائب کے فکر مین رہے وہ ہلاک ہونیوالونمین داخل ہوگا
۔ سلطان وامام وقت اگر چہ ظالم وفاسق انتہا درجہ کا ہو لوگونکے سبب وہ معزولی
مستحق نہوگا جب تک کہ ایسا امر نہ کرے جو کھلا ہوا کفر ہے جیسے عدم ترک نماز فرض
وغیرذلک ۔ امام سے جو لوگ باغی ہون اونکا قتل کرنا چاہیے تاوقتیکہ وہ مطیع ومنقاد
نہ بنجاوین جو باغی بھاگ جاوین یا گرفتار ہوکر آوین یا مجروح وزخمی ہون اونکا
مارڈالنا نچاہیے ۔ تابعین یعنی وہ لوگ کہ صحبت صحابہ مین نہین ہین صحابہ کے
علاوہ تمام امت سے افضل ہین بموجب اس ارشاد نبوی کے کہ سب قرنون سے
بہتر میرا قرن ہے اور من بعد وہ لوگ جو اوس سے قریب ہین اور اونسے پیچھے وہ
اشخاص جو اونکے ملحق ہین تابعین کے بعد فضیلت اون حضرات کو ہے جنکو علم
وعمل کے ساتھ تابعین سے قرب مزید ہو جسطرح صحاح ستہ کے مصنفین
اور اونکے اساتذہ وتلامذہ ایکقرن کو دوسرے پر فضیلت دیجاتی ہے مقصود
اوس سے ترجیح ہر جہت سے نہین ہے بلکہ بلحاظ کثرت فضائل وشیوع حسنات کے
ایک کو دوسرے پر فوقیت دیجاتی ہے یہی سبب وجہ تطبیق احادیث متعارضہ کی
جو اسباب مین وارد ہین ۔ ارشاد آنحضرت صلعم کل بدعۃ ضلالۃ یعنی
ہر بدعت شرعی گمراہی ہے ۔ اپنے عموم پر ہے شامل ہے کل افراد بدعت کو
احادیث کثیرہ جو آنحضرت صلعم سے مروی ہین اسکے موئد ہین احادیث نبوی مین
بدعت کی تقسیم کا ہرگز بھی نہین پایا جاتا ہے بدعت کی تقسیم کے جو قائل ہین خود

اونکی تصریحات کے موافق چھوڑی سی سنت کا اتباع بدہا افضل وبہتر ہے بدعت
کی مزاوج واختراع سے اگرچہ بدعت حسنہ کیوں نہو۔ بندہ کو چاہیے کہ ہمیشہ توبہ کیا
کریں نصوص قرآن وحدیث سے یہ حکم ثابت ہے۔ توبہ کل گناہوں کا بلاشبہ مثاوجی
ہے صغیرہ ہوں گناہ یا کبیرہ۔ گناہ صغیرہ پر اصرار کرنا معصیت صغیرہ ہے اور اصرار
کبیرہ پر کبیرہ سو شخص یہ اعتقاد رکھے کہ ایمان والے کو معاصی سے کچھ ضرر وخطر
نہیں ہے وہ گمراہ ہے کتاب وسنت کے مخالف اور اجماع سلف وائمہ امت کا
روکرنیوالا ہے۔ جو آدمی تقدیر کو عذر وحجت اہل شرک ومعصیت کیواسطے
تجلاوے وہ بھی مشرکوں میں معدود ہے۔ اہل سنت اسکے معتقد ہیں کہ اللہ تعالیٰ
جس شخص کو چاہتا ہے دین حق کی ہدایت کر دیتا ہے اور جسکو چاہتا ہے راہ حق
سے پھیر دیتا ہے خدا جسکو گمراہ کردے اوسکے واسطے بھی کوئی دلیل وسند کارآمد
نہو کیونکہ فرمایا اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فللہ الحجۃ البالغۃ فلو شاء لھدا کم اجمعین
ولو شئنا لآتینا کل نفس ھدیھا ولکن حق القول منی لاملئن جھنم
من الجنۃ والناس اجمعین یعنی واسطے اللہ ہی کے ہے حجت پوری اگر چاہتا
اللہ بیشک ہدایت کر دیتا تم سبکو اور اگر چاہتے ہم البتہ دیدیتے ہر نفس کو اوس
اوسکی ولیکن سچ ہو چکا ہے کہنا میرا البتہ بھر دونگا میں جہنم کو جن اور آدمیوں سے
سکھی۔ اور یہ بھی فرمایا ہے ولقد ذرانا لجھنم کثیرا من الجن والانس
یعنی اور بلاشبہ پیدا کیا ہے ہمنے جہنم کے واسطے بہت سے جن اور آدمیوں کو
اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے کل خلق کو اپنی قدرت کاملہ سے پیدا کیا ہے بلا استحقاق
کسی کے اور خلق کے دو گروہ کئے ایک کو اپنے فضل ورحمت سے بہشت ونعمت کے
واسطے بنایا اور دوسرے کو جہنم جانے اور عذاب اوٹھانے کے لئے پیدا کیا جہنمیوں
جو تکلیف وعذاب ہوگا وہ عدل وانصاف کو بموجب ہوگا نہ بطریق ظلم وجبر کے

کسیکو تو اللہ نے غوی و شقی بنایا ہے اور کسیکو سعید و رشید ٹھہرایا ہے اور کسیکو
رحمت سے قریب کیا ہے اور کسیکو بعید۔ خدا اپنے افعال مین جوابدہ کسیکا نہین ہے
بلکہ بندون سے ہر عمل کی بابت پرسش ہوتی ہے۔ توبہ کرنیوالے سے عذاب کا دینا
عقل کی موافق اللہ پر واجب نہین ہے کہ خواہ مخواہ وہ ایسا ہی کردے بلکہ فضل
و رحمت کا اوسکے یہ مقتضا ہے کہ توبہ کے بعد عذاب نہ کیا جاوے باقی رہی بحث
شرعی قبول توبہ کی سو جو شخص کسی گناہ کبیرہ سے توبہ کرے اگرچہ دوسرے کبیرہ مین
وہ مبتلا ہو تب بھی اوسکی توبہ صحیح ہوگی اوس گناہ کا مواخذہ اوس سے نہوگا
اور جن صغائر سے توبہ نہ کی ہو اوسپر گرفت و عذاب کی عدل کے موافق خدا کو
پہنچ سکتا ہے۔ اہل سنت کہتے ہین کہ مسلمان آدمی اگر بیشمار گناہون کا مرتکب ہوکر
بلا توبہ کئے مرجاوے تو اوسکو بیجگناہگار ہونیکے سبب کافر نہ ٹھہراوینگے بشرطیکہ
تک اخلاص و توحید پر مستقیم رہا ہو کیونکہ انجام اوسکا اللہ کے ہاتھ ہے اگر چاہے
تو کل معاصی سے اوسکے درگزر کردے اور قیامت کے روز سالم و غانم بہشت
مین پہنچادے اوسکے اعمال و افعال پر کسیطرح کا حساب و کتاب تک نہو اور ہر نوع
کی تکلیف و عذاب سے خالی کلی پاوے اور اگر خدا چاہے تو سیاست و سزا و نصاب عذاب
تک اوسے جہنم مین رکھے۔ بہرحال ہمیشہ تک جہنم مین نہ پڑا رہیگا بلکہ آخرالامر داخل جنت
بالضرور ہوجاویگا حاصل کلام یہ کہ اجماع گنہگار اگرچہ معذب بالنار ہوگا مگر کفار کیطرح
نہ پھینکا جاویگا اور نہ اونکے ساتھ تک جہنم مین ٹھہریگا اور نہ کافرونکی مثل شقی سمجھا جاویگا
کافرونکو اللہ کی رحمت سے یاس کلی ہوگی کسی حال مین راحت کا خیال بھی اونھین
نہ بندھیگا۔ اور جو مومن ہین ہر زمانہ مین اونھین اللہ کی رحمت پر بھروسہ رہیگا
اوسکا انجام کار جنت ہے اسواسطیکہ اونکی پیدایش خاص جنت ہی کیواسطے ہے اور
جنت کی آفرینش اونکیواسطے ہے۔ یہ اللہ کے فضل و کرم کا مقتضا ہے اے رب وہاب

ہمین اسلام کی حالت مین اور پنجاوے سالکین مین جو شخص یہ خواہش رکھتا ہو
کہ تمام طوائف اسلام مین سے اوسکا ایمان واسلام خالص وصحیح ٹھہرے اوسکو قرآن
وحدیث کے مطابق اپنے عقائد کا درست کرنا چاہیے اور سب گناہونسے توبہ کرے
اور الحاد وارتداد سے اپنے کو محفوظ رکھے اور اگر خدانخواستہ کوئی ایسا قول و
فعل صادر ہوا ہو جو مستلزم ارتداد ہے تو فورًا خدا کی درگاہ مین اوس سے
توبہ کرے اور یہ عزم کرلے کہ پھر کبھی اوسکا مرتکب نہوگا اسصورت مین سعادت زائد
پھر عود کرآویگی المجدیث کا اختلاف ہے اس مسئلہ مین کہ جو مسلمان مدانما نفرض ترک
کردے آیا وہ کافر ہوگا یا نہین مقتدائے اہل سنت امام احمد ودیگر علماے سلف کا
یہ اعتقاد ہے کہ تارک صلوٰۃ کافر اور خارج از اسلام ہو جاتا ہے کیونکہ حدیث صحیح مین
وارد ہے تبدکے ایمان وکفر مین فارق یہی نماز کا چھوڑ دینا ہے اسکے بموجب
تارک الصلوٰۃ کافر کہلائیگا اور امام شافعی مع ایک جماعت علماے سلف کے اسپر ہین
کہ ترک نماز سے مسلمان کو کافر نہین کہین گے تاوقتیکہ نماز کے فرض ہونیکا اعتقاد رکھتا ہو
اسلئے بے نماز کو مرتد کیطرح اونکی راے مین قتل کرنا چاہیے اور حدیث کی تاویل
یہ لوگ یون کرتے ہین کہ ترک صلوٰۃ جسپر کفر کا حکم ہے وہی ہے کہ انکار وجحود کے ساتھ
ظاہر حدیث موئد ہے مذہب اول کی اگرچہ تاویل بھی ضعف کے ساتھ اوسمین ہوسکتی ہے
واللہ اعلم — یہ مختصر مجموعہ ہے عقائد صحیحہ کا جو ترازو مین کتاب وسنت کے وزن
کرلیے گئے ہین اور انھین پر سلف امت وائمہ دین وعلماے مسلمین کلہم اجمعین
گذرے گئے ہین شیخ الاسلام ابوعثمان اسمعیل بن عبدالرحمن صابونی رضی اللہ عنہ
نے اپنے عقائد کے رسالہ کو ختم کیا ہے مع المحدیث ودم المبدعت پر اور نقل کیا
ہے احمد بن سنان قطان سے کہ دنیا بھر مین ایسا بدعتی نپایا جاویگا جو المحدیث
سے بغض نرکھتا ہو اور جو شخص بدعتی ہو جاتا ہے حدیث کی حلاوت اوسکے دل سے

جاتی رہتی ہے اور ابن ابی قتیبہ سے نقل کیا ہے کہ مکہ معظمہ مین لوگون نے اونکے سامنے
محدثین کا تذکرہ کیا ابن ابی قتیبہ نے کہا کہ اہلحدیث بد قوم ہین اسکا کہنا تھا کہ امام احمد
اپنے کپڑے جھاڑ کر مجلس سے اوٹھ کھڑے ہوئے اور ابن ابی قتیبہ کو زندیق زندیق
کہتے ہوئے اپنے گھر چلے گئے اور ابو نصر بن سلام نے کہا کہ اہل الحاد پر کوئی شے زائد
مبغوض وثقیل حدیث کی سماعت و روایت بالاسناد سے نہین ہے۔ اور مناظرہ کیا
احمد بن اسحاق فقیہ نے ایک شخص سے اوسمین یہ کہا کہ حدثنا فلان وہ شخص اسپر
کہنے لگا حدثنا کو رہنے دو کہانتک حدثنا کہے جاوگے شیخ احمد نے خفا ہوکر اوس سے کہا
کہ اے کافر اوٹھ جا یہانسے اور نہین روا ہے تجکو پھر کبھی میرے گھر آنا محمد بن ادریس
رازی کہتے ہین کہ اہلبدعت کی علامت عیب جوئی کرنا ہے محدثین کی اور زندیق کی
نشانی اہلحدیث کو حشویہ کہنا ہے اور غرض اونکی حدیث کا بے اصل و اعتبار ٹھہرانا
ہے اور فرقہ قدریہ کا پتہ سنیونکو جبریہ تبلاتا ہے اور جہمیہ کی عادت اہلسنت کا
نام مشبہہ رکھنا ہے اور روافض کا شیوہ حدیث والونکو ناصبی قرار دینا ہے۔
شیخ صالحون کہتے ہین کہ میرے نزدیک گمراہونکا یہ سب تعصب ہے کیونکہ اہلسنت کا
نام اہلحدیث کے سوا اور کچھ نہین ہے اہلبدعت جو اپنی طرف سے اہلسنت کیواسطے
ایسے القاب تراشتے ہین اسمین وہ ہم مسلک ہین اون شیاطین مشرکین کے
جو رسول خدا صلعم کے لئے طرح طرح کے نام گڑہا کرتے تھے کوئی ساحر کہتا اور کوئی
کاہن ٹھہراتا کسی نے شاعر کہا کسی نے مجنون بعض نے مختلق کذاب بتایا اور بعض نے
مفتری مفتون بنایا حالانکہ جناب رسول خدا صلعم ان سب معائب و رذائل سے
پاک و صاف تھے اور برگزیدہ رسول و سچے نبی تھے فرمایا اللہ تعالی نے انظر کیف
ضربوا لک الامثال فضلوا فلا یستطیعون سبیلا یعنی دیکھو تو اے محمد
کہ کسطرح بیان کیین کفار نے تیرے بارہ مین مثلین پھر گمراہ ہو گئے وہ کسی طرح

رکھتے راہ پانی کی اسیطرح اہل بدعت خذلہم اللہ تعالی عالمین اخبار و ناقلین آثار و
راویان احادیث رسول خدا صلعم کو جو متبع ہین طریق نبوی کے اور پیرو ہدی ہین
بسنت احمدی انواع و اصناف القاب و اوصاف سے یاد کیا کرتے ہین حالانکہ اصحاب
حدیث ان جمیع مطاعن و الزامات سے بعید و بری ہین اونکے واسطے کوئی علمی
و رسم نہین ہے بجز اسکے کہ وہ سنت سنیہ و سیرت مرضیہ و طرق سویہ و نہج قویم کے
اہل ہین توفیق دی ہے اللہ نے اونکو اپنی کتاب و خطاب کے اتباع کی اور احادیث
و اخبار رسول خدا صلعم کے اقتدا کی جملہ اوامر و نواہی ہین اور ارادہ کی ہے اونکی
اللہ نے اسطرح کہ اخذ کرتے ہین سیرت آنحضرت صلعم کو اور ہدایت پاتے ہین
ملازمت سنت سے کھولدیا ہے اللہ نے اونکے دلونکو واسطے محبت رسول خدا صلعم
اور محبت ائمہ شریعت و علماے امت کے - اور جو شخص جس قوم سے محبت رکھیگا
قیامت کے روز وہ اونھین ہین اوٹھیگا بموجب ارشاد آنحضرت صلعم کے آدمی اوسی کے
ساتھ ہے جسکو وہ دوست رکھتا ہے - اور علامات اہل سنت سے محبت کرنا ہے
علما و ائمہ حدیث اور اونکا ولیا و انصار کے ساتھ اور بغض رکھنا ہے ائمہ بدعت
سے جو بلاتے ہین لوگونکو جانب نار کے اور کھینچتے ہین ساتھیونکو طرف دار البوار کے
منور و آراستہ کردیا ہے اللہ نے اہل سنت کے دلونکو محبت سے علماے سنت و
اہل حدیث کے یہ بات اللہ کے فضل و رحمت سے ہے - ابوبکر قتیبہ بن سعید نے
کتاب الایمان کے آخر مین لکھا ہے کہ جب پاوے تو ایسے شخص کو جو محبت رکھتا ہے سفیان
ثوری اور مالک بن انس اور اوزاعی اور شعبہ اور ابن مبارک اور ابو الاحوص اور
شریک اور وکیع اور یحیی بن سعید اور عبد الرحمن بن مہدی سے تو یقین جان
کہ وہ سچا سنی ہے اور انھین لوگونمے ہین محمد بن ادریس شعبی اور احمد بن حنبل
اور جو لوگ کہ انکے قبل تھے جیسے سعید بن زبیر اور زہری اور شعبی اور تیمی اور حکم بن عتیبہ

انکے ہوئے مثلاً لیث بن سعد اور سفیان بن عیینہ اور حماد بن اور ابن عون وغیرہم
اور جو انسے پیچھے آئے مثل یزید بن ہارون اور عبدالرزاق اور جریر بن عبدالحمید
وانکے امثال اور جو انکے اعقاب ہیں جیسے محمد بن یحیی ذہلی اور محمد بن اسمعیل بخاری
اور مسلم بن حجاج قشیری اور ابوداود سجستانی اور ابوزرعہ رازی اور ابوحاتم اور ابن
ابی حاتم اور محمد بن اسلم طوسی اور عثمان بن سعید دارمی اور ابن خزیمہ اور ترمذی
اور نسائی اور ابن ماجہ قزوینی وغیرہم ائمہ سنت کہ حدیث پر حامل اور اسکے ناصر تھے
اور اسی جانب خلق کو ہدایت و دلالت کرتے ہیں اس صفت کے علما بہت بلکہ بیحد
و شمار گزرے ہیں جنکی تفصیل اسجگہ ہموقع ہے۔ صابونی کہتے ہیں کہ جو عقائد میں نے
بیان کئے ہیں یہ تمامتر مذکورین بالاتفاق سب اسکے قائل تھے باہمد گر کسی اعتقاد
میں وہ مختلف تھے اور اسپر بھی سبکا اتفاق رہا ہے کہ اہل بدعت کو ہمیشہ مقہور و ذلیل
اور مغبوض و حقیر سمجھنا چاہئے نہ انکو اپنے پاس پھٹکنے دیں اور نہ آپ اونکی صحبت
و معاشرت رہو نہ دین انکے ترک و ہجر میں اللہ کی رضا و خوشنودی طلب کریں۔
صابونی کہتے ہیں کہ اللہ کے فضل سے میں بھی انہیں حضرات کا متبع آثار ہوں
اور اونھیں کے انوار سے روشنی کا خواہاں اپنے بھائی اور دوستوں کو نصیحت
کرتا ہوں کہ اس زمانے کے بیکین اور اغیار کے قولوں کو نہ دیکھیں بدعات و محدثات
جو مسلمانوں میں شائع ہیں اونمیں نہ پڑیں کیونکہ زمانہ محدثین میں بدعات مروج
تھے اگر ایک بھی بدعت کسیکی زبان پر آتی تو قطعاً اوسکو چھوڑ دیتے بدعتی کا لقب
دینے جھوٹا بنانے ہر طرح کی اذیت پہنچاتے اور دھوکہ نہ دے میرے بھائیوں کو کثرت
و زیادتی اہل بدعت کی کیونکہ یہ تو علامات قرب قیامت سے ہے فرمایا رسول اللہ صلعم
نے آثار قیامت سے ہے علم کی کمی اور جہل کی زیادتی علم سے مراد سنت ہے اور
جہل سے بدعت۔ اس زمانہ میں جو شخص آنحضرت صلعم کی سنت کو پکڑے رہے

اوساوسپر استقامت کے ساتھ عمل کرے اور لوگونکو بھی اوسکی تلقین وسعا جب
وثواب اوسکا بیحد وحساب ہوگا بڑھکر اون لوگونسے جنھون نے اول اسلام مین
سنت کے بموجب عمل کیا ہے اسواسطیکہ جب آنحضرت صلعم نے ایسے آدمی کیلئے
پچاس آدمیونکا ثواب تبلایا تھا تو صحابنے پوچھا تھا کہ کیا آخر زمانے کے پچاس آدمیون
کے ثواب کی برابر حضرت نے جواب مین فرمایا کہ نہین بلکہ تمھارے پچاس شخصونکی مثل
اوسکا اجر ہوگا اور یہ وعدہ خاص اوسیکے واسطے ہے جو کالت فسادامت حضرت ہی کی
سنت پر قائم رہے - زہری کہتے ہین ایک سنت کی تعلیم دوسو برس کی عبادت
سے بہتر ہے صابونی نے کہا کہ ایک روز ابومعاویہ ضریر مجلس ہارون رشید مین
حدیث بیان کر رہے تھے اوسی اثنا مین روایت ابوہریرہ اخبط آدم موسی کا
تذکرہ بھی آیا صیلی بن جعفر نے اوسپر کہا کہ آدم وموسی کے باہمدگر گفتگو کیونکر
ہوئی تھا لانکہ ہزارون برسکا فاصلہ دونون مین ہے یہ کہنا تھا کہ ہارون غصے
اوچھل پڑے اور یہ کہنے لگے کہ وہ تو حدیث رسول خدا صلعم بیان کر رہے ہین اوسپر
تو کہتا ہے کہ یہ کسطرح ہوا عصے کے فرو ہونے تک ہارونکی زبانپر یہ کلمہ بارہا رہا
صابونی نے کہا کہ ہر آدمی پر واجب ہے کہ اسیطرح اخبار واحادیث آنحضرت صلعم کی
قدر وتعظیم کیا کرے اور رضا وتسلیم وقبول وتصدیق سے پیش آیا کرے جو شخص
اسکے سوا اور راہ اختیار کریگا اور حدیث صحیح سنکر چون وچرا زبانپر لائیگا یا دلمین اوسکے
قبول کی بابت تردد وشک پاوے یا اوسکے مضمونکو مستبعد وسنکر بتاوے
اوسپر ہارون رشید کی مانند اشد انکا سوتحذیر کرنا چاہیے جسطرح کہ قبول کرنیکا
آنحضرت صلعم کے کل احادیث کا جو مروی بطریق صحیح ہین لازم وضروری ہے اللہ
عزوجل ہمین اون لوگونمین سے کرے جو اوسکے کلام کو سنکر اچھی باتونپر عمل کرتے ہین
اور دنیا مین تمام عمر کتاب وسنت پر قائم رہتے ہین اور اپنے فضل وکرم سے ہمکو

اعادات مضرہ وآرائے مضلہ وسیئات مذلہ سے بچاوے - تمام ہوا حاصل کلام صابونی کا
اصل رسالہ صابونی یہ جو ہمارے زیر نظر ہے حافظ عبدالغنی بن عبدالواحد کا
مشہور امام ہیں سماع لکھا ہے مع سند کہ مصنف تک رجال سند کھنڈ
مقدسی ہیں - اور تاریخ سماع ششہ حافظ شمس الدین ذہبی نے کتاب العلو
میں لکھا ہے کہ اسمٰعیل بن عبدالغافر نے امام الحرمین سے سنا کہتے تھے کہ مدت
میں مذہبوں کے بارہ میں مجھے خلجان وتردد پیدا ہوا آنحضرت صلعم کو میں نے خواب
میں دیکھا کہ مجھسے فرماتے ہیں کہ تو اعتقاد صابونی کو اختیار کر انتہی - میں کہتا ہوں
جو عقائد ابن صابونی کی کتاب میں ہیں اون سبکو مختصراً اس رسالہ میں درج
کر دیا ہے مع دلیلوں کے جو ثابت ہے کلام دیگر ائمہ حدیث وعلماے کرام سنت
سے - لہذا لازم کہ تو اپنے اوپر تحریر رحمت ہو خدا کی جو لکھا ہے ہمنے مضمون
قرآن وحدیث کا اور نہ ہا ہو تو ان دونوں سے ہرگز اور انکے سوا دوسری
شے سے ہدایت مت چاہنا اور ہر خرفات آراے مبطلین ومتکلفین کیجانب متوجہ
نہونا اسواسطیکہ فوز وفلاح اوسی شے میں ہے جو اللہ ورسول اللہ صلعم
کی کتاب وسنت میں ہے نہ اون امور میں جنکو متکلمین ومتعمقین نے اپنے
عقول مظلمہ وافکار معلولہ سے ایجاد واصاف کر لیا ہے تجکو چاہیے کہ مقولات باطل
اور ہر زخرف وباطل کے بالعوض اللہ عزوجل کے کلام اور حدیث رسول اللہ صلعم
پر قانع وراضی رہ - چونکہ ہمنے دیکھا ہے کہ حافظ امام عبداللہ بن محمد بن قدامہ
مقدسی سے جو دینیات میں مجتہد مطلق ہیں اور علماے آفاق اونکے علم وفضل
کے معتقد رسالہ عقائد کے خاتمہ میں اتباع کی فضیلت میں ایک فصل لکھی اسلئے
ہمنے چاہا کہ اوسمیں سے فقط احادیث کو ملتقط کر کے یہاں لکھدیں کیونکہ عقائد تو
اوس رسالہ کے ہماری تقریر میں آچکا ودلائل کو علیحدہ کتاب میں جمع کرنے کا

مقصد ہے ابن قدامہ کہتے ہین روایت کی جابر بن عبد اللہ نے کہ فرماتے تھے رسول
خدا صلعم اپنے خطبہ مین حمد کرتے ہین ہم اللہ کی اور ثنا کرتے ہین اسپر اوس طرح سے
کہ وہ اوسکے لائق ہے جسکو ہدایت کرتا ہے اللہ گمراہ کرنیوالا اوسکا کوئی نہین
اور جسے خدا گمراہ کردے اوسکو راہ راست پر لانیوالا کوئی نہین - بیشک سب
کلامونسے زیادہ تر سچ اللہ کی کتاب ہی اور سب راہونسے بہتر محمد صلعم کی راہ ہے اور بدتر
جملہ کاموں سے دین مین نئی باتونکا نکالنا ہے کیونکہ ہر نئی بات بدعت ہے اور ہر بدعت
گمراہی ہے روایت کیا اس حدیث کو مسلم نے اور نسائی نے اسقدر زیادت اس روایت مین کی ہے اور ہر
جہنم مین ہے اور زید بن ارقم رضی اللہ عنہ روی ہین کہ فرمایا آنحضرت صلعم نے اما بعد آگاہ ہو
کہ مین جمیع اعتبارات سے آدمی ہی ہون عنقریب خدا کا قاصد میرے پاس
بنا بر طلب آنیوالا ہے اوسکی بموجب مین یہانسے چلا جاؤنگا تم مین دو عمدہ چیزین
چھوڑ جاؤنگا اول اللہ کی کتاب جسمین ہدایت و نور ہے جو اوسکو پکڑیگا ہدایت پر
رہیگا اور جو اوسے چھوڑدیگا قرآن کے ورا اور طرف جاویگا گمراہی مین گریگا دوم
میری اہلبیت یاد دلاتا ہون تمکو اسباب مین خدائے پاک کو یہ کلمہ تین بار
حضرت نے فرمایا یہ روایت مسلم کی ہے - حافظ ابن قدامہ نے اسکے بعد ساریہ
کی روایت نقل کی جسکا یہ مضمون ہے بے شبہہ جو شخص زندہ رہیگا تم مین سے
دیکھیگا بہت سا اختلاف اوسوقت لازم کرلینا تم اپنے اوپر میری سنت اور
خلفائے راشدین کی سنت کو اور پکڑلینا تم اوسے کسکر دانتونسے اور بچائے رہنا
اپنے کو محدثات سے کیونکہ ہر محدث بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر
گمراہی آگ مین روایت کیا ہے اسکو ابوداود و ترمذی نے اور ترمذی نے اسکو
صحیح کہا ہے اور ابن ماجہ کی روایت مین اسقدر اور زیادتی ہے چھوڑا ہے مینے
تمکو صاف شاہ راہ پر جسکی رات دن کے برابر روشن ہے نہ بہکیگا اوس سے

میرے بعد کوئی شخص ہلاک ہونیوالے کے سوا یعنی جنکے مقدر مین نار و ہلاکت لکھی ہے
اور ایک روایت مین یہ زیادتی وارد ہے ابو الدرداء نے کہا قسم ہے اللہ کی بیشک
سچ کہا رسول خدا صلعم نے چھوڑ گئے ہمین وہ کھلی ہوئی راہ پر جسکی رات
مثل دن کے ہے۔ اور حدیث کی ابو ہریرہ نے آنحضرت صلعم سے تحقیق چھوڑا ہے
مین نے تم لوگونمین اوس چیز کو کہ نہ گمراہ ہوگے تم اوسکے بعد جب تک کہ پکڑے رہوگے تم
اوسے وہ کتاب ہے اللہ کی اور میری سنت کبھی نہ جدا ہونگی یہ دونون ایک دوسرے
سے حتی کہ حوض کوثر پر بھی میرے پاس یہ دونون بالاتفاق ساتھ ہی ساتھ پہنچینگے
یہ روایت سنن طبرانی کی ہے۔ ابو بکر صدیق نے اپنے خطبہ مین کہا ہے کہ مین ہر
امر مین متبع ہون کسی وجہ سے مبتدع نہین۔ اور عمر فاروق کہتے ہین بیشک
چھوڑے گئے ہو تم کھلی ہوئی راہ پر مگر یہ کہ تم اپنے آپ سے گمراہی اختیار کرلو لوگون کے
ساتھ ملکر داہنے جانب یا بائین طرف مڑکر ابن مسعود نے کہا کہ ہم مقتدی اور متبع ہین
مبتدی اور مبتدع نہین ہین ہم نہ گمراہ ہونگے جب تک حدیث کو پکڑے رہینگے
زہری نے آنحضرت صلعم سے روایت کی کہ نہین زنا کرتا ہے زانی اور حال یہ کہ وہ
اوسوقت مین با ایمان ہو اوزاعی کہتے ہین کہ مین نے اسکی بابت زہری سے یہ پوچھا
کہ مقصد اسکا کیا ہے زہری نے جواب مین کہا اللہ کی طرف سے جو علم آیا رسول خدا
صلعم نے بدستور ہم تک پہنچا دیا اب ہمارا کام فقط اوسکا قبول کرلینا ہے۔ رسول خدا
صلعم کی حدیثونکو اوسیطرح رکھنا چاہیے جسطرح کہ وہ وارد ہین یعنی اونمین تاویل
نکیجاوین اوزاعی کا قول ہے صبر کر سنت پر اور ٹھہر جا جہان ٹھہری ہے قوم
اور وہی کہنا جو اونہون نے کہا ہے اور رکنا اوس چیز سے جس سے کہ وہ رکی ہین
اور چلنا راہ پر سلف صالح کے کیونکہ تیرے واسطے اوسمین کفایت ہے جو اونکے واسطے
کافی ہوا۔ کہا ابن قدامہ رح نے یہ جملہ مختصر کتاب و سنت و آثار سلف سے تمہکو

چاہیے کہ لازم کرے اسکو اور جو کچھ کہ اسکے ورا اسیطرح وارد ہوا ہے اللہ عزوجل اور
رسول خدا صلعم اور صالحین سلف وائمہ امت سے جسپر کہ اتفاق ہو چکا ہے خیار
امت کا سو اسکے دوسروں کے اقوال کو ذلیل وخوار اور لغو وبے اعتبار اور
عبث وبیکار جانکر چھوڑ دے اگرچہ اکثر متاخرین اوسکے سبب دھوکے مین پڑ گئے ہون
اور اوسکو اپنے سر وآنکھون پر رکھ چکے ہون یہ جمہور اہل باطل ہین انکے
کثیر ہونے سے تو دھوکھا نہ کھانا اسلئے کہ رسول خدا صلعم سے مروی ہے کہ آپنے
فرمایا عنقریب مختلف ہو جائیگی میری امت تہتر فرقون پر وہ سب آگ مین جائینگے
ایک فرقہ کے سوا جو چلیگا میری اور میرے اصحاب کے طریقہ پر ائمہ حدیث سے
ایک جماعت نے اسکو روایت کیا ہے بالفاظ وطرق مختلفہ - چاہتے ہین ہم اللہ
سبحانہ وتعالی سے توفیق اوسکے مرضیات کی اور پہنچادے ہمکو نبی مختار
محمد صلعم اور اونکی آل اطہار واصحاب اخیار کے پاس اور جمع کردے دار
کرامت مین بیشک اللہ دعا کا سننے والا اور قبول کرلینیوالا ہے - تمام ہوا
مطلب علامہ ابن قدامہ کا مصنف رسالہ قائد الی العقائد نے بعد صلوۃ
وسلام کے آخر مین یہ لکھا ہے کہ اس رسالہ کی تصنیف ودنکرد وجلسو نہین ہوئی ہے
آواخر ماہ جمادی الآخرہ ۱۲۹۷ھ ہجری مین دارالاقبال بھوپال مین محفوظ رکھے
اللہ ہمین اور اسے ہر آفت وزوال سے بلوغ المرام کے ساتھ اس مختصر رسالہ کو
اسواسطے چھپوادیا ہے کہ مجموعہ مطبوعہ جامع ہو عبادات ومعاملات اور
اصول وآداب اسلامیہ وعقائد دینیہ کو اور اللہ ہی سے ہے سوال توفیق وایمانکا

تمت

شہر جمادی الثانی سنہ ۱۳۰۴ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ترجمہ حافلہ مترجم کتاب القائد الی العقائد

غم ایک کا نہین ہے فقط جسکو روئیے ٭ دلکو جگر کو جان کو کس کسکو روئیے

جامع معقول ومنقول حاوی فروع واصول متبع سنت رسول ربانی مولانا سید عبد الباری نقوی سہسوانی ابن زبدۃ المتکلمین عمدۃ المحققین مقبول بارگاہ صمد سید سراج احمد ادخلہما اللہ فی اعلی علیین ماہ محرم الحرام سال یکہزار دو صد وشصت وہفت ہجری مین پیدا ہوئے اور آغوش شفقت والدین مین پرورش پاکر دوازدہ سالگی مین داغ یتیمی سے آشنا ہوئے کچھہ دنون وطن مین علوم رسمی اساتذۂ مختلف سے حاصل کئے آخر الامر بعمر چہاردہ سالگی شیخ العلماء سید الفضلاء یگانۂ زمن سید امیر حسن صاحب سہسوانی غفر اللہ لہ کی خدمت بابرکت مین رہکر استفادۂ معقول ومنقول مین مشغول رہے نوزدہ سالہ عمر مین بعد فراغ وتحصیل علوم بمواجبۂ علمائے کبار وفضلاء عالی تبار مقام میرٹھہ مین دستار فضیلت زیب سر فرمائی جناب مرحوم کو تحقیق مذاہب غیر مین ید طولی حاصل تھا جسپر آپ کی کتاب اعلام الاحباب والاعلام ان الدین عند اللہ الاسلام شاہد عادل موجود ہے ایک زمانہ تک مدرسہ اسلامیہ اکبر آباد مین گورنمنٹی ملازم رہے بعد شکست مدرسہ یہان خوشنودی مزاج حکام وقت سے حاصل کئے آٹھہ نہ سال سے یہ قدردانی

حضور پرنور عالیجناب نواب شاہجہان بیگم صاحبہ کرون آف انڈیا ئیس دلاور اعظم
طبقۂ اعلاے ستارہ ہند و رئیسہ بھوپال دام اقبالہا و شوہر عالیقدر رئیسہ معظمہ
دام اقبالہ اس دار الاسلام مین عہدۂ ممتاز پر مامور تھے اپنی حسن لیاقت و جوہر
قابلیت سے ہمیشہ ممدوحین کو خوش رکھا با اینہمہ فضائل آپنی وضع طالب علمانہ
رکھتے تھے سفر و حضر مین بہت چست و مستعد رہتے تھے راحت پر محنت کو مقدم
جانتے تھے اکثر اپنے صرف سے خفیہ غربا کی حسب حیثیت خود خبر گیری کرتے افسوس
صد افسوس اونکی اجل نے عجلت کی آب و ہواے دنیا نے جلد ناموافقت کی
کہ بتاریخ نہم شہر ذیحجہ بوقت شب یوم عرفہ سال یکہزار و سہ ضد و سہ ۱۳۰۳ ہجری
بعمر سی و شش ۳۶ سالگی مقام بھوپال مین سفر آخرت اختیار کیا خاص و عام
شہر کو اپنا عزادار کیا ؎ گر پیر نود سالہ بمیرد عجبی نیست ۔ ہان ایتم
سخت ست کہ گویند جوانمرد ۔ عجب خدا کی شان ہے کہ سالگذشتہ مین اسی عرفہ
کے دن مقام عرفات مین منسک حج ادا کر رہے تھے اللھم اغفرہ مغفرۃ
ظاھرۃ و باطنۃ لا تغادر ذنبا سانحہ غریب یہ ہے کہ اونکا انتقال کے
تیسرے روز اسی عارضہ سرسام مین اونکی دختر دوازدہ سالہ نے قضا کی
اور برابر اپنے پدر بزرگوار کے مدفون ہوئین ؎ یک داغ نیک ناشدہ داغ
دگر شگفت ۔ انا للہ و انا الیہ راجعون آب جناب مرحوم کے اعقاب
مین سے بفضلہ تعالی دو لڑکے ایک اعجاز احمد دوسرے ممتاز احمد موجود ہین
خداوند کریم اونھین عمر طبعی کو پہنچاے اور توفیق علم و حسن عمل عطا فرماے آمین
آپ کے وفات کی تاریخ عربی مین حافظ سید محمد صاحب سورتی مہتمم وظائف
ریاست نے ۱۳ سطور پہ تحریر فرمائی رب اغفر و ارحم علی
عبد الباسری و سکنہ فی اعلا الجنۃ ۔

۱۳ م

اور منشی سید جمیل احمد جمیل سہسوانی ہمشیرہ زادہ جناب مغفور نے یہ قطعہ تاریخ موزون کیا ؎

چشم خون بار و کہ عبد الباری از دنیا رفت ؎ دل فزون نالد کہ ماندہ جادۂ دین بیدلیل
خورد سال اندر غم او زار و گریان سال خورد ؎ شد مقیم اندوہناک و سینہ چاک ابن السبیل
سبط احمد گشت محزون عید باقی بیقرار ؎ خستہ از غم شد علیل آشفتہ از ماتم جمیل
بود فکر سال فوت او کہ رضوان از بہشت
گفت یا داد وارث حور و نعیم و سلسبیل
۱۳۰۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اے جمیل آپ او حمد خدا ؎ پیرو مرشد خدا خدا کیجئے
لعنت پیغمبر اور آپکا منہ پر ؎ شرم کیجئے ذرا حیا کیجئے

اما بعد اہل دین کو خوشخبری سناتا ہوں مضمون تازہ زبان پر لاتا ہوں سامعین سے تمنائے تحسین ہے ناظرین سے رجائے آفرین ہے کہ اندنون یہ رسالہ نافعہ و مقالہ ساطعہ رہبر عقائد ایمانی رہنمائے اصول مسلمانی محتوی فوائد نام متضمن منافع اہل اسلام سائق العباد الی صحۃ الاعتقاد نام نتیجہ طبع وقاد و ذہن نقاد جامع معقول و منقول حاوی فروع و اصول متبع سنت رسول ربانی مولانا سید عبد الباری صاحب سہسوانی غفر اللہ لہ ترجمہ اردوے کتاب ہدایت آب **العقائد الی العقائد** ریختہ قلم گرامت رقم نونہال گلشن علم و کمال تو باد ہمیشہ دولت و اقبال معدن فضائل عدیدہ مخزن خصائل حمیدہ ذی فہم صائب ابو النصر میر علی حسن خانصاحب زاد اللہ اقبالہ و ضاعف کمالہ مطبع فیض بنیاد بنارس سعید المطابع نام مین طبع ہو کر مشہور زمان و

زمین و مقبول ارباب دین ہوا ؎ جانان نہ صرف در دل دیوانہ جلوہ کرد
این مہر نمیروز بہر خانہ جلوہ کرد ٭ واہ کیا ترجمہ مفید ہے جس سے ہر عامی و
عالم مستفید ہے تمام عقائد سنن صحیحہ ثابتہ سے اخذ کئے گئے ہین اقوال
زید و عمرو بکر سے نہین لئے گئے سچ کہتا ہون خدا گواہ ہے سلف صالح کی
یہی روش یہی راہ ہے ؎ جلوۂ یار کہ امروز دل افروز منست ٭ این
ہمانست کہ موسیٰ سر طورش دریافت ٭ عبارت سلیس ہے ترجمہ نفیس ہے
لفظ خوب ہین معنی محبوب ہین زبان پر تاثیر ہے بیان نقش تسخیر ہے
اللہ تعالیٰ اسکے صلہ مین مترجم کی مغفرت کرے مؤلف اصل کتاب کی
عمر و اقبال مین برکت دے جملہ مومنین و مومنات کو توفیق عمل بخشے
ع من دعا گویم و حضار بگویند آمین ٭

قطعہ تاریخ طبع

چہ زیبا ترجمہ مطبوع گردید ٭ کہ ہر دیندار ازو بہرہ مند ست
سوے خود میکشد دلہاے عالم ٭ ہمانا سطر سطر او کمند ست
نہ تنہا عامیان محتاج اویند ٭ کہ خیل عالمان ہم مستمند ست

جمیل اکنون پے تاریخ طبعش
بگو شرح عقائد دلپسند ست

۱۳۰۴ ۴ ۱۳

کمترین خلائق سید جمیل احمد سہسوانی غفر اللہ لہ غیر مقلد

صحت نامہ سابق العباد

صفحہ	سطر	خطا	صواب
۲	۳	جائنا	جاءنا
"	۴	الراعین	الداعین
"	۵	الی الفائد	الی العقائد
۳	۱۷	تنزیہہ	تنزیہ
"	۲۱	اسکی	اسی کی
۴	۶	خلاق	خلاق باری
"	۱۲	ولی	★
"	۲۰	جیی	حیی
۵	۸	لغتاً	لغۃً
"	۱۴	سنت کے	سنت سے
"	۱۵	الصلاۃ	الصلات
"	۱۷	اورکمی	اورکمی
"	۱۸	توفیقی	توقیفی
۶	۱۱	جانتے	جانتے ہین
"	۲۰	مشیت	سعیت
۷	۳	اشراف	اشراف
"	۶	مندرج	مین مندرج
۹	۳	صنعات	صفات

صفحہ	سطر	خطا	صواب
"	۴	نقصان	نقصان وعیب
۱۱	۱۴	جزیۃ	جزئیہ
"	۱۶	اسکے	اوسکے
۱۲	۱۰	آلی	آلی
۱۳	۳	اسکے	اسکا
"	۵	اسلیئے	اس لئے
۱۴	۱۳	جنت	جنت مین
"	۲۱	خوب	خوب فقرہ
۱۵	۷	بہان	جہان
۱۶	۸	ومحفوظی	اورمحفوظی
"	"	رسوانکا	رسولونکا
۱۷	۶	الدنیہ	لدنیہ
"	۱۹	چیز	یاکسی چیز
۲۰	۲	اوسکیے	اوسکے
۲۲	۴	صنعات	صفات
۲۳	۵	ثواب	صواب
"	۱۱	صنعات	صفات
۲۴	۷	شخص	کسی شخص

صفحہ	سطر	خطا	صواب
۲۶	۱۰	سے	سے
۲۸	۲	ن	ہین
″	۱۰	تفصیل	تفضیل
۲۹	۸	رساوس	وساوس
″	۹	مرتب	مترتب
″	۱۸	بوجہ چند	بچند وجوہ
۳۰	۱۱	ہوما	ہونا
″	۱۸	پروردگار	جسکو پروردگار
۳۱	۱۶	یہی	ہی
۳۲	۶	اوٹھالی	اوٹھانی
″	۱۲	موئد	موئید
۳۳	۸	کرتا ہے	کرتا ہے
″	۱۳	اطیعو	اطیعوا
۳۴	۱۷	آساس	اساس
″	۱۸	علیفہ	خلیفہ
۳۵	۶	اوسکے	اسکے
″	۱۱	علاوہ	لعبہ
″	۲۰	موئد	موئید
۳۶	۱۳	الجن والانس	الجنۃ والناس
۳۷	۱۵	تمک	×
۳۸	۱۵	موئد	موئید
″	″	اول کی	اول کا
۴۰	۱	عالمین	حاملین
″	۱۹	یقین	یقیناً
″	۲۱	نہیر	نہیر
۴۱	۳	واسکے	اوراسکے
″	″	کرسکتے ہین	کرسکتے تھے
″	۱۲	دہونڈین	دہونڈین
″	۴	اونھین	انہین
۴۲	۳	الیہ	الیے
″	۱۰	اوسپر	اسپر
″	۱۴	آحادیث	احادیث
″	۱۵	آثار ہے	آثار ہے
۴۴	۲	اسپر	اوسپر
″	۷	روایت مین	روایت مین اور
۴۵	۱	نارہ	نارہ
۴۶	۱۱	المہار	الہار
″	۱۵	آواخر	اواخر

کتاب لو تأمله ضریر
لعاد کریمتاه بلا ارتیاب

اتقوا فراسة المؤمن فانه ینظر بنور الله

الحمد لله والمنة که رساله عالیه وعجائبه غالیه در رد مولد اعنی

فراسة المؤمنین

فی رد

هدایة المنکرین

از تصانیف عالم المعنی فاضل لوذعی مولوی ابو المکارم محمد علی سلمه الله العلی مؤسی اعظم گڈھی غیر مقلد

در مطبع سعید المطابع واقع بنارس محله وارانگر مطبوع گردید

ولو مرت حوامله بقبر
لعاد المیت حیا فی التراب

۱۳۰۶ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی سید المرسلین وعلی الہ وصحبہ الذین ھم قاطعوا دابر المبتدعین **اما بعد** بندۂ راجی رحمۃ اللہ العلی ابوالمکارم **محمد علی** صانہ اللہ عن کل رین وحلاہ بکل زین خدمت مین سالکان طریقہ نبویہ وتابعان سنت مصطفویہ کے عرض گزار ہے کہ وہ وقت جسکی نسبت آنسرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ قول بدأ الاسلام غریبا وسیعود کما بدأ بطور پیشین گوئی بوحی الٰہی فرما گئے ہین وہ یہی وقت موجودہ نظر آتا ہے کہ سراپا شورش شرک وبدعت ہے + اور حدیث وقرآن سے نفرت + ہر طرف باد مخالف کا زور ہے + اور تقعقع اہل ہوا کا شور + اہل حدیث جو حدیث لایزال طائفۃ من امتی ظاھرین علی الحق کے مصداق ہین اونپر تہمتون کا طومار ہے + اور طعن وتشنیع کا وار • **واضح ہو** کہ اندنون ایک رسالہ موسومہ

ببدایۃ المنکرین فی مولد ختم المرسلین میری نظر سے گذرا اکثر مقام مورد کلام
پایا۔ قطع نظر اثبات مولد کلمات الحادیہ سے معمور ہے + اور تحقیق حق اور
تدقیق صواب سے دور + آنحضرتؐ کی تعریف مین نصاریٰ کیطرح غلو و اطرا
ہے + بلکہ آپ کے عین خدا ہونے کی ندا + جا بجا مولانا اسمعیل شہید رح
پر اعتراضات مردودہ کا ہجوم ہے + اور حالت موجودہ کے بعض امثال پر
کنایۃً بہتان و فریہ کا وہوم + چونکہ رسالہ مذکورہ ان مزخرفات طاغیہ +
اور ہفوات واہیہ + سے مشحون تھا + اور عوام کالانعام کا اوس سے
دہوکا کھا جانا اور اوسکے فریب مین آجانا مظنون + لہذا امتثالاً لحدیث من
رای منکم منکرا فلیغیرہ علی سبیل الاستعجال مع تلاطم الافکار و انتشار
البال مقامات مسجوعہ کا جواب لکھدیا گیا اور بعض حکایات اور روایات وقائع حمل
وغیرہ جو رسالہ مین منقول ہین مولف رسالہ سے اونکا ثبوت باسانید معتبرہ
مطلوب ہے چونکہ مولف رسالے کے قول بلفظہ اُٹھانے مین اونکا دعوی عوام
کے سمجھ مین نہین آتا۔ لہذا ہمنے اوسکا ماحصل لکھدیا ہے اور نیز دعاوی ہر ہر
صفحے کے علحدہ علحدہ لکھدیئے گئے ہین تاکہ بعد وقوف کے اون کے دعاوی پر
جواب کا زیادہ انتظار کرنا نہ پڑے۔ اب تمامی اہل موالید کی خدمت مین عموماً
اور حضرت مولف رسالہ کی خدمت مین خصوصاً التماس ہے کہ رسالہ ہذا کو خالصاً
لوجہ اللہ الکریم بنظر انصاف و تجرد از اعتساف ملاحظہ فرمائین اگر موافق مذہب
اہل سنت و جماعت ہو تو قبول مین انکار اور چشم پوشی نفرمائین بلکہ آیہ فبشر عباد
الذین یستمعون القول فیتبعون احسنہ کے مصداق بنجائین و ھذا ھو غایۃ

المامول ونهایۃ المسئول وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب +

دعاوی ص۳

پہلا دعوی یہ ہے کہ الاول والآخر والظاہر والباطن کو خدا تعالی نے اپنی تعریف مین فرمایا اور اپنے حبیب خاص محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی ان صفات سے موصوف فرمایا اسیکے ضمن مین **دوسرا** دعوی یہ ہے کہ جتنے خدا کے نام ہین سب آپ کی صفات ذاتی کی دلیل ہین - اسیکی تمثیل مین **تیسرا** دعوی یہ ہے کہ رحیم کریم رؤف مؤمن مہیمن نور ہادی علیم حکیم حق یہ خدا کے نام ہین اور ان ناموں سے اللہ تعالی نے آپ کو بھی نام زد فرمایا **چوتھا** دعوی یہ ہے کہ خدا بھی اول ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اول ہین بدلیل اول ما خلق اللہ نوری **پانچوان** دعوی یہ ہے کہ آپ کی نبوت اول ہے بدلیل کنت نبیا وادم بین الماء والطین

ان دعاوی پر بحث

پہلے دعوے پر یہ بحث ہے کہ ان صفات اربعہ اعنی الاول والآخر والظاہر والباطن کو بیشک خدا تعالی نے اپنی تعریف مین بیان فرمایا ہے سورہ حدید مین ہے ھو الاول والاخر والظاھر والباطن اور اسکے پہلے ہے سبح للہ ما فی السموات والارض وھو العزیز الحکیم لہ ملک السموات والارض یحیی ویمیت وھو علی کل شئ قدیر اور اسکے بعد ہے وھو بکل شئ علیم لیکن یہ کہ اللہ تعالی نے ان صفات سے اپنے حبیب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کو بھی موصوف فرمایا ہے مولف رسالہ نے اسکا کوئی ثبوت نہین دیا ہے

اور اگر آپ کی شان مین ان کلمات کا اطلاق پایا جاے تو اس اطلاق مین انکے وہ معنی ہرگز نہونگے اور نہ ہوسکتے ہین جو باریتعالی پر اطلاق کے وقت انکے معنے ہوتے ہین - اور مولف کی عبارت موہم اسکے خلاف کے ہے یعنی اوس سے ایہام اتحاد صفات خالق ومخلوق کا ہوتا ہے اور اس ایہام کا موئد وہ شعر ہے جو مولف نے صہ۴ مین تحریر فرمایا ہے نظم از زبان من ہو الاول ہو الآخر ست تو ۔ کس ندانداہت را و انتہاے مصطفی ۔ اور وہ مصرعہ جو صہ۱ مین لکھا ہے مصرعہ پس بود احمد احد از روے این گفتار ما ۔ چونکہ اس قسم کے اطلاقات و بیانات موہم شرک ہوتے ہین اور عوام کا لانعام کی ضلالت کا باعث - اور شارع نے ایہام شرک سے بھی منع فرمایا ہے دیکھو آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم نے خود اپنے کو انا سید ولد ادم فرمایا ہے جیسا کہ مسلم شریف مین موجود ہے پر جسوقت مطرف بن عبد اللہ رضہ نے آپکو سید کہا تو آپنے فرمایا السید ھو اللہ یعنی ہم در حقیقت سید نہین ہین بلکہ سید حقیقت مین خدا ہی ہے ابو داؤد مین انکا قول یون مروی ہے قال انطلقت فی وفد بنی عامر الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلنا انت سیدنا فقال السید ھو اللہ فقلنا وافضلنا فضلا واعظمنا طولا فقال قولوا قولکم او بعض قولکم ولا یستجرینکم الشیطان انتھی چونکہ مولف کی عبارت موہم خلاف عقیدہ سلف وخلف ہے اسلیے ہمکو تحقیق اس مقام کی لکھدینی ضرور ہے تاکہ عوام مولف کی اس عبارت سے دہوکا نہ کھائین - پس واضح ہو کہ اگر مولف کی یہ عبارت اپنے ظاہر معنی پر محمول ہو اور اسکی تاویل کچھ نہ کیجاوے تو اس سے صفات

خالق کا عین صفات مخلوق ہونا لازم آتا ہے حالانکہ سلف سے خلف تک کسی مسلمان کا
یہ عقیدہ نہین ہمیشہ سے تمام مسلمانونکا یہی عقیدہ رہا اور ہے کہ صفات خالق
مغائر صفات مخلوق ہین جسطرح ذات خالق مغائر ذوات مخلوقات ہے بدلیل
قولہ تعالی لیس کمثلہ شئ **تفصیل** اس اجمال کی یہ ہے کہ صفات باریتعالی
قدیم ہین اور صفات مخلوقات حادث پس جسوقت اون کلمات کا اطلاق جو صفات
خالق مین وارد ہین مخلوق پر آئیگا تو اسوقت اون سے وہ معنے ہرگز مراد نہونگے
جو معنی اون سے اوسوقت مراد ہوتے ہین جبکہ اونکا اطلاق خدایتعالی پر
ہوتا ہے مثلاً لفظ اول کا اطلاق جسوقت خدایتعالی پر کیا جائیگا تو مراد اوس سے
معنے حقیقی ہونگے یعنی اولیت حقیقیہ یعنی جس سے پہلے کچھ نہو یعنی خدایتعالی
سب سے پہلے ہے اوس سے پہلے کچھ نہین اور جب اسکا اطلاق مخلوق پر کیا جائیگا
تو مراد معنی مجازی ہونگے یعنی اولیت مجازیہ مثلاً جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر
اسکا اطلاق ہوگا تو یہ معنے ہونگے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نبوت مین سب
نبیون سے پہلے ہین وقس علیہ البواقی حاصل یہ ہے کہ ان دونون اطلاقون
مین موافقت صرف لفظ مین ہے نہ معنی مین مولف رسالہ نے اوس شعر مین اگر
معنی حقیقی مراد لئے ہین تو یہ الحاد صریح اور کفر قبیح ہے قال اللہ تعالی وذروا
الذین یلحدون فی اسمائہ سیجزون ما کانوا یعملون امام رازی تفسیر کبیر مین فرماتے
ہین قال المحققون الالحاد فی اسمائہ تعالی یقع علی ثلثۃ اوجہ الاول اطلاق
اسماء اللہ المقدسۃ الطاہرۃ علی غیر اللہ مثل ان الکفار کانوا یسمون
الاوثان بالھۃ ومن ذلک انھم سمو اصنامھم اللات العزی والمناۃ اشتقاقا

اللات من الاله والعزی من العزیز والمناۃ من المنان وکان مسیلمۃ الکذاب
لقب نفسہ بالرحمن انتہی بقدر الحاجۃ اور حافظ ابن القیم فرماتے ہین الالحاد
اما بجحدھا وانکارھا واما بجحد معانیھا وتعطیلھا واما بتحریفھا عن صوابہ
الصواب واخراجھا عن الحق بالتاویلات واما بجعلھا اسماء لھذہ المخلوقات
کالحاد اھل الاتحاد فانھم جعلوھا اسماء لھذہ الاکوان محمودھا ومذمومھا
حتی قال زعیمھم ھو المسمی بمعنی کل اسم ممدوح عقلا وشرعا وعرفا وکل
اسم مذموم عقلا وشرعا وعرفا تعالی اللہ عما یقول الظالمون علوا کبیرا غرضکہ
آپکی تعریف صاف صاف جو واقعی ہو بیان کرنی چاہیے کیونکہ غیر واقعی تعریف بالحقیقۃ
مدح نہین ہوتی ہے بلکہ موجب ذم کیونکہ وہ اس امر کو ظاہر کرتی ہے کہ جب مادح
نے اپنے ممدوح مین اوصاف جمیلہ واقعیہ نہین پاسے تو غیر واقعی اوصاف
اوسکی طرف منسوب کیے اسلیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم نے اپنی حد سے
زیادہ تعریف سے منع فرمایا ہے بخاری اور مسلم مین حضرت عمر رضہ سے مرفوعاً آیا
ہے لاتطرونی کما اطرت النصاری ابن مریم فانما انا عبدہ فقولوا عبد اللہ ورسولہ
پس آپکو خدا کا رسول جاننا اور اوسکا بندہ سمجھنا یہ بڑی تعریف اور تعظیم ہے دیکھو خدا تعالی
نے مقام تعریف مین آپ کو عبد کے ساتھ یاد کیا ہے قال اللہ تعالی وانہ لما قام
عبد اللہ - وقال وان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا وقال الذی نزل الفرقان
علی عبدہ وقال سبحان الذی اسری بعبدہ لیلا وقال فاوحی الی عبدہ ما اوحی
خدا تعالی کا مقام تعریف مین عبد ہی کا لفظ ذکر کرنا اسی طرف اشارہ ہے کہ ان
فضائل و مناقب کی وجہ سے رسول خدا کا بندہ ہی رہتا ہے ان مراتب کے

باعث سے رسول کچھ خدا نہیں ہو جاتا ہے باوجود اس تصریح اور اشارہ کے
آجکل کے مولودیے اور متصوفین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خدا جانتے ہیں
اور آپ کی ذات کو ذات خدا مانتے ہیں اور ہمیجا اس شعر کو ؎ من تو شدم تو
من شدی من تن شدم تو جان شدی + تا کس نگوید بعد ازین من دیگرم تو دیگری
آپکی تعریف میں پڑھتے ہیں۔ ان لوگوں نے آپکی تعریف میں وہ غلو کیا کہ یہود
و نصاریٰ سے بھی بڑھ گئے۔ یہود نے عزیر کو اور نصاریٰ نے حضرت عیسیٰ کو
خدا کا بیٹا ٹھہرایا ان حضرات نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عین خدا ٹھہرا دیا۔
اور اہلحدیث پر جنھوں نے نہایت سچی سچی تعریفیں کی ہیں جو کہ خدا تعالیٰ اور اوسکے
رسولؐ نے خود بیان فرمائی ہیں اونپر ناحق اعتراض کرنیکو تیار اور زبان درازی
اور وار کرنیکو موجود۔ فاضل جلیل عالم نبیل مولانا اسمٰعیل صاحب شہید محدث
دہلوی رح پر جابجا اعتراضات بیجا کئے گئے ہیں۔ کہیں پر یہ اعتراض ہے کہ مولانا
نے آنحضرتؐ کو چمار سے زیادہ ذلیل بتایا ہے۔ کہیں پر یہ اعتراض ہے کہ آپکو
بڑا بھائی لکھا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ایسی صراحت مولانا کے کلام میں کہیں نہیں
پائی جاتی ہے مولانا نے یہ لکھا ہے کہ خدا کی شان کے مقابل ساری مخلوق چھوٹی ہو
یا بڑی چمار سے زیادہ ذلیل و خوار ہے اور اسمیں کیا شک ہے کہ خدا کی شان کے
مقابل سب چمار سے زیادہ ذلیل ہیں۔ بلکہ اوسکی شان کے مقابل اگر تمامی مخلوق کو
محض لاشئ قرار دیا جاوے تو کچھ شناعت اور آپ کی حقارت نہیں کیا وہ قول
نہیں ملاحظہ فرمایا جو بعض صوفیہ کرام نے خدا کی شان کے مقابل تمامی مخلوقات
کو بمنزلہ مینگنی اونٹ کے قرار دیا ہے + اور خود آنحضرت صلعم نے اس مصرع

کے ساتھ تمثل کیا ہے ع الا کل شئ ما خلا اللہ باطل ۔ برخلاف آجکل کے مولوی
اور متصوفین کے کہ مخلوق کو عین خدا قرار دیکر صریح خدا کی تحقیر اور تذلیل کرتے ہین
اور اولٹے اہل حق پر ناحق کے اعتراض ہوتے ہین کیا مولانا شہید آنحضرت
کو رؤف اور رحیم نہین جانتے تھے یا آپ کو افضل مخلوق نہین لکھا ہے جو
ایسے اعتراضات واہیہ مولانا شہید پر کئے جاتے ہین مولانا نے تو خدا اور
رسول ہی کی محبت مین خدا کی راہ مین جان دی مگر مخالف اسکو کب تسلیم کرسکتا ہے
وہ تو یہی کہیگا کہ بطمع مملکت اولاپنے سلطنت ایسا کام کیا نہ بغرض اعلاء کلمۃ اللہ
واجراء دین اللہ واللہ علیم بذات الصدور تو خدا ہی کی صفت ہے مگر فی
زماننا مولانا شہید کے مخالفین بھی اس صفت کا دعوی کر بیٹھے ہین مولانا نے
جملہ انبیاء کو بڑا بھائی لکھا ہے پوری عبارت تقویۃ الایمان کی اپنے محل پر منقول
ہوگی مولانا نے آنحضرتؐ کو افضل المخلوقات لکھا ہے پس آپ کو بڑے بھائی
کہنے سے یہی مطلب ہے کہ آپ کی تعظیم اسیقدر چاہئے جیسے بڑے بھائی
کی تعظیم کیجاتی ہے اور جب آنحضرت صلعم بقول مولانا افضل المخلوقات ہین
تو آپ کی تعظیم کل مخلوقات سے زیادہ ثابت ہوگی وھو المقصود عبارت تقویۃ الایمان
سے آپکی تعظیم آفتاب سے زیادہ روشن ہے نظر انصاف درکار ہے ۔ اور کیا
رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم انما المومنون اخوۃ مین داخل نہین ہین جو اعتراض
کا لعینی مولانا شہید پر کیا جاتا ہے اودہر تو خدا کی جانب سے وما محمد الا رسول
کی ندا ہے ۔ ادہر ۔ من تو شدم تو من شدی الخ کی صدا ہے ۔ کیا آنحضرتؐ
کی سچی تعریف یہی ہے جو اس شعر مین ہے ۔ یہان پر اجمالی جواب مولانا کی طرف

دیا گیا تفصیلی جواب اپنے محل پر آویگا فانتظرہ + دوسرے دعوے پر
اولاً یہ بحث ہے کہ مولف نے اسکا کوئی ثبوت نہین دیا ہے - ثانیاً یہ کہ اسمار
خداوندی کے آپ کی صفات ذاتی کی دلیل ہونیکا مطلب کیا ہے اگر یہ مطلب
ہے کہ اسمار الٰہی جن صفات پر دال ہین وہ سب آپ کی صفات ہین تو لازم آیا
کہ جملہ صفات باریتعالی عین صفات آنحضرتؐ ہین اور اسکا بطلان دعوے
اولی کی بحث سے ظاہر ہو چکا و نیز خدا کا نام تو اللہ و رحمن بھی ہے تو اگر سب
نام خدا کے اس معنے سے آپ کی صفات ذاتی کی دلیل ہون تو الاہیت و رحمانیت
بھی جو ان ناموں کی مدلول ہین آپ کی صفات ذاتی ہو جائینگی و ذلک کفر صریح
و شرک قبیح اور اگر کوئی دوسرا مطلب ہے تو اوسکا بیان ہونا چاہیئے کہ اوسمین نظر
کیجاے + تیسرے دعوے پر یہ بحث ہے کہ ان کل ناموں سے اللہ
تعالی نے آپکو نام زد نہین فرمایا ہے رحیم اور رؤف کا اطلاق آپ پر آیۃ
بالمومنین رؤف رحیم سے ثابت ہے علی ہذا القیاس کریم کا اطلاق بھی آیہ
آیۃ انہ لقول رسول کریم سے ثابت ہے - مومن کا اطلاق آپ پر قرآن شریف
مین نہین آیا ہے مگر آپ کی صفات سے ہے - اور آیۃ امن الرسول اور اسکی
مثل سے ثابت ہوتا ہے - اور آپ کی صفت مومن کیونکر نہوگی آپ تو اول المومنین
ہین - اسیطرح مہیمن اور حکیم اور علیم اور حق کا اطلاق آپ پر نہین آیا ہے
گو یہ سب آپ کی صفات سے ہین - ان حکیم ہونا آپکا آیۃ یعلمہم الکتاب
والحکمۃ سے ثابت ہوتا ہے - نور کا اطلاق آپ پر نہین آیا ہے ان یقول
بعض مفسرین مثل خفاجی وغیرہ آیۃ قد جاءکم من اللہ نور سے ثابت ہوتا ہے

ورنہ یہان نور سے مراد قرآن اور ہدایت ہے جیساکہ اکثر مفسرون نے اخذ
فرمایا ہے ولکل وجھۃ ھو موٰلیھا غرضکہ اطلاق نور کا آپ پر مختلف فیہ ہے ہان
آپ کی صفات سے بیشک ہے۔ ھادی کا اطلاق بھی آپ پر نہین آیا ہے ہان
آپ کی صفات سے ہے مگر اوس معنی سے جو مغائر معنی صفات باریتعالی ہین
بدلیل ماسبق وبدلیل انک لاتھدی من احببت ولکن اللہ یھدی من یشاء
اسیطرح سائر صفات مین حاصل بحث یہ ہے کہ کل صفات مقدسہ آپکی صفات
سے ہین مگر یہ دعوی کہ ان ناموں سے اللہ تعالی نے آپ کو بھی نام زد فرمایا ہے
غلط ہے وانما نشاء ھذا من انشاء القران واھمال الفرقان ہان بعض اسماء کا
اطلاق آپ پر آیا ہے کما مر ان اطلاقات مین بھی وہی موافقۃ لفظ مین ہے
نہ معنے مین لما مر ان صفات اللہ تعالی مغائرۃ لصفات المخلوقات کما ان ذاتہ
تعالی مغائرۃ لذوات المخلوقات۔ بعض اسماء باری کا اطلاق اورنبیون پر
بھی آیا ہے جیسے حضرت اسحاقؑ اور اسمعیلؑ پر علیم اور حکیم کا اطلاق
آیا ہے۔ اور حضرت نوحؑ پر شکور کا اور حضرت ابراہیمؑ پر حلیم کا اور حضرت
یحیٰؑ اور حضرت عیسٰیؑ پر بر کا اور حضرت موسٰیؑ پر کلیم اور اسوقہی کا اور حضرت
یوسفؑ پر حفیظ علیم کا اور حضرت ایوبؑ پر صادق کا اور حضرت اسمعیلؑ پر
صادق الوعد کا آیا ہے کما لایخفی علی من لہ مزاولۃ بکتاب اللہ اور سمیع اور
بصیر کا اطلاق مطلق انسان پر آیا ہے قال اللہ تعالی انا خلقنا الانسان من نطفۃ
امشاج نبتلیہ فجعلناہ سمیعا بصیرا وکل ھذہ الاطلاقات وماضاھا
مغائرۃ فی المعنی ومتحدۃ فی الاسم واللفظ ✦ چوتھے دعوے پر

یہ بحث ہے کہ جس معنی کر خدا اور رسول اول ہین اوسکا بیان اوپر گذر چکا ہے
رہی حدیث اول ما خلق اللہ نوری کی سو اسکا ثبوت سند معتبر سے ہونا چاہیئے
حافظ جلال الدین سیوطی شرح مواقف کی تخریج مین فرماتے ہین حدیث
اول ما خلق اللہ نوری لا یحضرنی بھذا اللفظ لکن فی مسند ابن ابی عمر
العدنی عن ابن عباس ان قریشا کانت نورا بین یدی اللہ تعالی قبل ان یخلق
ادم بالفی عام یسبح ذلک النور وتسبح الملائکۃ بتسبیحہ فلما خلق اللہ ادم
القی ذلک فی صلبہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاھبطنی اللہ
الی الارض فی صلب ادم وجعلنی فی صلب نوح وقذفنی فی صلب ابراھیم
ثم لم یزل اللہ ینقلنی من الاصلاب الکریمۃ والارحام الطاھرۃ حتی اخرجنی
من بین ابوی ولم یلتقیا علی سفاح قط انتھی اس حدیث ابن عباسؓ کو
اپنے رسالہ التعظیم والمنۃ فی ان ابوی رسول اللہ فی الجنۃ مین بھی نقل کیا ہے
مگر نہ معلوم کہ اسناد اسکی صحیح ہے یا غیر صحیح۔ اور تقریب التہذیب مین ابن
ابی عمر عدنی کے ترجمہ مین ہے کہ ابو حاتم نے کہا کہ کانت فیہ غفلۃ یعنی ابن
ابی عمر عدنی مین غفلت تھی ✣ **پانچوین** دعوے پر یہ بحث ہے کہ اسمین
شک نہین کہ آپ کی نبوۃ کل نبیون سے پہلے ہے مگر یہ حدیث کنت نبیا
وادم بین الماء والطین بین لفظ صحیح نہین ہے اصل لفظ یون ہے
کنت نبیا وادم بین الروح والجسد حافظ جلال الدین سیوطی الدرر المنتثرۃ
فی الاحادیث المشتہرۃ مین فرماتے ہین حدیث کنت نبیا وادم بین الماء
والطین لا اصل لہ بھذا اللفظ ولکن فی الترمذی متی کنت نبیا قال

وادم بين الروح والجسد وفى صحيح ابن حبان والحاكم عن عرباض بن ساريته
انى عند الله مكتوب خاتم النبيين وان ادم لمنجدل فى طينه قلت وزاد
العوام فيه وكنت نبيا ولا ادم ولا ماء ولا طين ولا اصل له ايضا انتهى - اور
امام حافظ شمس الدين سخاوى تلميذ حافظ ابن حجر عسقلانى مقاصد حسنه مين فرماتے ہين
حديث كنت اول النبيين فى الخلق واخرهم فى البعث ابو نعيم فى الدلائل
وابن ابى حاتم فى تفسيره وابن لال ومن طريقه الديلمى كلهم من حديث
سعيد بن بشير عن قتادة عن الحسن عن ابى هريرة به مرفوعا وله شاهد
من حديث ميسرة بلفظ كنت نبيا وادم بين الروح والجسد اخرجه احمد
والبخارى فى تاريخه والبغوى وابن السكن وغيرهما فى الصحابة وابو نعيم فى
الحلية وصححه الحاكم وكذا هو بهذا اللفظ عند الترمذى وغيره عن ابى هريرة
متى كنت نبيا او كنت نبيا قال وادم وذكره وقال الترمذى انه حسن صحيح و
صححه الحاكم ايضا وفى لفظ وادم لمنجدل فى طينه وفى صحيحى ابن حبان والحاكم
من حديث العرباض بن ساريه مرفوعا انى عند الله مكتوب خاتم النبيين
وان ادم لمنجدل فى طينه وكذا اخرجه احمد والدارمى فى مسنديهما وابو نعيم
والطبرانى من حديث ابن عباس قال قيل يا رسول الله متى كنت نبيا قال
وادم بين الروح والجسد واما الذى على الالسنة بلفظ كنت نبيا وادم بين
الماء والطين فلم اقف عليه بهذا اللفظ فضلا عن زيادة وكنت نبيا ولا ادم
ولا ماء ولا طين وقد قال شيخنا فى بعض اجوبته عن الزيادة انها ضعيفة
والذى قبلها اقوى انتهى +

دعاوی ۵

پہلا دعوی مسئلہ تناسخ کا ہے اسکا ثبوت آپ کے بیان نکتہ صوفیانہ سے متبادر ہے۔ **دوسرا** دعوی یہ ہے کہ ظاہر کا اطلاق آنحضرتؐ پر اس معنی کر کا ہے کہ آپ کے نور نے تمام عالم کو منور کر دیا۔ **تیسرا** دعوی یہ ہے کہ باطن کا اطلاق آپ پر اس معنی کر ہے کہ آپ کی حقیقت پر کسی نبی ولی کو آگہی نہین ہوئی **چوتھا** دعوی یہ ہے کہ مجلس مولد سجدہ گاہ ملک ہے۔ **پانچوان** دعوی یہ ہے کہ آنحضرتؐ کو شاہنشاہ کہنا درست ہے یہ دونون دعوے آپ کے اس شعر سے ثابت ہین جو آپنے نقل فرمایا ہے **نظم** بے ادب پا منہ اینجا کہ عجب درگاہست ✣ سجدہ گاہ ملک و محفل شاہنشاہست ✣ **چھٹوان** دعوی یہ ہے کہ حسب عقائد اہل سنت و جماعت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہین جیسے کہ تھے تو ہر مسلمان کو اس محفل مین حاضر ہونا چاہیے جیسا کہ حاضر ہونا چاہیے بارگاہ رسالت مین ✣

ان دعاوی پر بحث

پہلے دعوے پر یہ بحث ہے کہ مسئلہ تناسخ پر گو دلیل استحالہ نہین قائم ہے پر اسکے وقوع پر بھی کوئی دلیل شرعی نہین وارد ہے ھاتوا برھانکم ان کنتم صادقین اور نیز مسئلہ تناسخ مستلزم اسکو نہین ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ابتدا اور انتہا نہ معلوم ہوے سوائے ذات باریتعالی کل چیز وںکی ابتدا اور انتہا رہے گو ہمکو بعض امور پر تفصیلاً اطلاع نہو۔ جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ جانے کہ آپ کی ابتدا اور انتہا نہین ہے وہ شخص

پکا مشرک اور ملحد ہے۔ نکات صوفیانہ کوئی حجت نہیں ہیں اور نہ شطحیات صوفیہ پر
عمل درست ہے نہ معلوم وہ لوگ کیا سمجھکر اس قسم کے کلمات کہہ پڑے ہیں
ہمیں اونکے افعال شطحیہ سے کیا مطلب ہے تلك امة قد خلت لها ما كسبت
ولكم ما كسبتم پر عمل چاہیئے فن تصوف ایک علم نہایت دقیق ہے جو لوگ
اخص الخواص ہیں اونکے لئے یہ جائز ہے۔ مگر آجکل فن تصوف کو ٹریون کے
مول ہو رہا ہے جسے دیکھئے وہ اسیکا دم بھر رہا ہے۔ جسے الف بے میں
تمیز نہیں وہ بھی اسیکے پیچھے ہو رہا ہے۔ اصل عبادت صوم وصلوٰۃ سے کچھ
مطلب نہیں ہے مگر جہاں مجلس مولد اور سماع صوفیہ اور عرس کی سنی جھٹ
دوڑ مارا آجکل کے مولودیون اور صوفیون کو فن تصوف سے کیا نسبت ہے
وقد قیل ؎ فن التصوف ما ادق بیانه ٭ متحیر فیه الامام الرازی ٭

دوسرے دعوے پر یہ بحث ہے کہ ظاہر کا اطلاق آنحضرتؐ پر اس معنی کر کہ
آپ کے نور نے تمام عالم کو منور کر دیا محل نظر ہے۔ یہ جب صحیح ہو کہ آپ اولا
حدیث اول ما خلق الله نوری کو ثابت کر دکھائیں۔ اور نیز یہ امر بھی ثابت ہونا
چاہیئے کہ آنحضرتؐ کا نور باعث خلق تمام مخلوقات ہے حدیث لولاك لما خلقت
الا فلاك موضوع ہے جیسا کہ ملا علی قاری نے المصنوع فی الاحادیث
الموضوع۔ اور علامہ شوکانی نے الفوائد المجموعہ فی الاحادیث الموضوعہ
میں صغانی سے نقل کیا ہے۔ مواہب لدنیہ میں حاکم کی روایت حضرت عمرؓ
سے یوں منقول ہے ان ادم علیه الصلوٰة والسلام رای اسم محمد مکتوبا
علی العرش وان الله تعالیٰ قال لادم لولا محمد ما خلقتك زرقانی نے اسکی شرح میں

ایک دوسری روایت حاکم اور ابوالشیخ کی حضرت ابن عباسؓ سے یون نقل کی ہے اوحی
اللہ الی عیسی امن بمحمد وامر امتک ان یومنوا بہ فلولا محمد ما خلقت آدم و
لا الجنۃ ولا النار الحدیث زرقانی نے بیان کیا کہ حاکم نے اسکو صحیح کہا ہے اور اسکی
اور بلقینی نے اسکا اقرار کیا ہے اور ذہبی نے کہا کہ اسکی سند مین عمر بن اوس ہے
یہ نہین معلوم ہوتا ہے کہ یہ کون ہے - ناظرین رسالہ ہذا پر مخفی نہ رہے کہ ثبوت
ان دونون امر کا چیز خفا مین ہے پس ظاہر کے معنے جو مولف رسالہ نے بیان کی ہے
بلا ثبوت کیونکر صحیح ہوسکتی ہین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ظاہر کا اطلاق اس
معنی کر ہوگا کہ آپ واضح اور غالب ہین تیسرے دعوے پر یہ بحث ہے کہ
باطن کر یہ معنی بھی کیونکر صحیح ہونگے کیونکہ حقیقت ذات خدا ہی کی نہین معلوم ہے و نہ
معلوم ہوسکتی ہے ورنہ حقیقت رسولؐ کی معلومیت کے استحالہ پر کون دلیل
قائم ہے حقیقت ذات باریتعالی کی معلومیت کا استحالہ تو اسوجہ سے ہے کہ
وہ واجب الوجود ہے اور بہ تقدیر معلومیت انقلاب مستحیل یعنی انقلاب وجوب
سے امکان کی طرف لازم آتا ہے اور حقیقت رسولؐ کی معلومیت مین کونسا استحالہ
لازم آتا ہے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم پر اطلاق باطن کا شاید اس
معنی کر کے ہو کہ آپ بواطن امور کو بواسطہ وحی خدا یتعالی جانتے ہین +
چوتھے دعوے پر یہ بحث ہے کہ اولا تو مجلس مولد کا ثبوت ہی نہین ہے چہ
جائے کہ سجدہ گاہ ملک ہو اس مجلس کا پتہ قرون مشہود لہا بالخیر مین نہین پایا جاتا ہے
اسکو شاہ ابن المظفر ابوسعید بن زین الدین بن علی نے احداث کیا ہے جیسا کہ
حافظ جلال الدین سیوطی نے حسن المقصد فی عمل المولد مین بیان کیا ہے اس

سلطان کی نسبت سبط ابن جوزی نے مرآۃ الجنان مین بیان کیا ہے کہ صوفیون
کے واسطے ظہر سے فجر تک راگ کرتا تھا اور خود ناچتا تھا جیسا کہ سیوطی نے رسالہ مذکورہ
مین بیان کیا ہے سیوطی نے گو اسکی تعریف بھی لکھی ہے مگر اسمین شک نہین کہ
یہ معلن بالفسق تھا اور نیز اسکا فعل حجت نہین ہے مولف رسالہ پر لازم ہے کہ
اولا تعریف بدعت کرے بعد ازان اس مجلس کذائی کو اسپر تفریع کرے - یہ امر تو
ظاہر ہے کہ اس مجلس کذائی کا اثر زمانہ خیر القرون مین نہ تھا پھر یہ کسوجہ سے بدعت
نہین ہے باقی دلائل اس مجلس کے ثبوت مین جو مولف رسالہ نے مختلف محلون
مین بیان کیے ہین اونکا جواب اپنے اپنے محل پر آویگا اور مجلس مولد کو سجدہ گاہ ملائک
کہنا سخت گناہ ہے سجدہ گاہ ملک وانس اوسی باریتعالی کی درگاہ ہے ایسی تعریف
تو آنحضرتؐ کی درگاہ رسالت کی بھی نہین چاہیئے چہ جاے کہ اس مجلس کی جب
رسول کی درگاہ کی ایسی تعریف کیجائیگی تو خدا یتعالی کے لیے کونسا لفظ رہگیا ہے
باوجود ایسے عقائد باطلہ کے منکرین مولد پر زبان درازی کرنا تعصب نہین ہے
تو کیا ہے **پانچوین** دعوے پر یہ بحث ہے کہ شاہنشاہ وہی خدا یتعالی ہے
کسی بشر کو شاہنشاہ کہنا نہین درست ہے اس قسم کی تعریف اوسی باری عزاسمہ
کی چاہیئے خالق اور مخلوق کی تعریف مین فرق ضرور چاہیئے گو تغائر حیثیات
سے فرق ہوسکتا ہے مگر اسمین منطنہ شرک اور غلو پایا جاتا ہے اور شارع
نے منطنہ شرک اور تعریف غلو سے منع فرمایا ہے اسکا بیان اوپر گذر چکا ہے
حدیث شریف مین ملک الاملاک کسی مخلوق کے حق مین کہنا صریحا منع آچکا ہے صحیح
مسلم مین ابوہریرہ سے مرفوعا مروی ہے اغیظ رجل علی اللہ یوم القیمۃ

واخبث رجل کان یسمی ملک الاملاک یعنی جو شخص اپنے کو شاہنشاہ کہلواتا تھا
وہ قیامت کے دن بڑا خبیث ہوگا اور خدا تعالیٰ کا غصہ اوسپر زیادہ ہوگا پس
شاہنشاہ کہنے والا بھی بڑا خبیث ہوگا - اسلئے کہ یہ صفت خاص جناب
باریتعالیٰ کو زیبا اور لائق ہے پھر جو صفت کہ خدا تعالیٰ کو مخصوص ہو اوسکو کسی
مخلوق مین ثابت کرنا باعث غیظ خدا کیونکر نہوگا - ابن حجر مکی شرح منہاج مین فرماتے
ہین ویحرم ملک الاملاک لان ذلک لیس لغیر اللہ وکذا عبد النبی وعبد الکعبۃ
او الدار او علی او الحسن لایہام التشریک انتہی یہان سے یہ بھی ثابت ہوا کہ اضافت
عبد کی غیر خدا کی طرف بوجہ ایہام تشریک نہین درست ہے گو یقیناً شرک بوجہ احتمال
اسکے کہ مراد عبد سے خادم ہو نہو مگر چونکہ اسمین مظنہ شرک پایا جاتا ہے لہذا
علماء اہل سنت وجماعت نے اس اضافت کو منع کر دیا ہے - ملا علی قاری شرح
فقہ اکبر مین فرماتے ہین اما ما اشتہر من التسمیۃ بعبد النبی فظاہرہ کفر الا
ان اراد بالعبد المملوک اور نیز شرح مشکوۃ مین فرماتے ہین ولا یجوز نحو عبد
الحارث ولا عبد النبی ولا غیرہ مما شاع بین الناس انتہی یہ سب عبارتین
بتقریب ممانعت مظنہ شرک منقول ہوئین ورنہ یہان ان نامون کے جواز و
عدم جواز سے بحث نہین ہے چھٹوین دعوے پر یہ بحث ہے کہ اسمین
شک نہین کہ مسئلہ حیوۃ الانبیاء صحیح ہے مگر یہ قول کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی
آلہ وسلم زندہ ہین جیسے کہ تھے محل نظر ہے اور آپ کے زندہ ہونے پر یہ تفریع
کہ اس مجلس مین حاضر ہونا چاہیے غلط ہے - آپ کے زندہ ہونے اور مجلس
مولد مین حاضر ہونے مین کوئی تلازم نہین ہے - اور اگر مولف رسالہ نے یہ مراد لیا

ہو کہ اس مجلس مولد میں آپ کی روح پر فتوح آتی ہے تو اولاً یہاں بھی اسمیں
اور زندہ ہونے میں کوئی تلازم نہیں ہے ثانیاً یہ اعتقاد باطل بلکہ شرک ہے
قاضی شہاب الدین دولت آبادی تحفۃ القضاۃ میں لکھتے ہیں ما یفعلہ الجہال
علی راس کل حول فی شہر ربیع الاول لیس بشیء ویقومون عند ذکر مولدہ صلی
اللہ علیہ وسلم ویزعمون ان روحہ صلی اللہ علیہ وسلم تحضر وحاضر فزعمہم
باطل بل ھذا الاعتقاد شرک وقد منع الائمۃ الاربعۃ عن مثل ھذا انتہی ؛
عجب نہیں کہ مؤلف رسالہ نے یہی تلازم مراد لیا ہو کیونکہ اس مجلس ہوا میں حاضر ہونیکا
حکم ویسا ہی دیا ہے جیسا کہ آپ کی بارگاہ رسالت میں حاضر ہونا پاتے ؛

دعاوی ۵

پہلا دعوی یہ ہے کہ جب عموماً ذکر صالحین سے رحمت نازل ہوتی ہے
تو خاص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر سے بدرجہ اولی رحمت نازل
ہوگی ۔ دوسرا دعوی یہ ہے کہ اس محفل میں نہایت جی لگا کر آپکا ذکر سننے اور
نہایت ادب اور تعظیم سے اس مجلس عالی میں بیٹھے ۔ تیسرا دعوی یہ ہے کہ جناب
شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے لکھا ہے کہ میں مکہ معظمہ میں مجلس
مولد خیر الانام میں حاضر ہوا تو میں نے اس مجلس میں انوار دیکھے اور ان انوار
میں تامل کیا تو مجھ پر انوار ملائکہ منکشف ہوئے جو ایسی محفل میں حاضر ہوتے ہیں ۔
چوتھا دعوی یہ ہے کہ صحابہ رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین جب بیٹھتے تھے
تو آپ کے فضائل کا ذکر کرتے تھے ۔ پانچواں دعوی یہ ہے کہ جس نے
بنظر محبت اور ایمان کے آنحضرت کو دیکھا تو گویا خدا کو دیکھا چھٹواں دعوی

یہ ہے کہ آپ خدا کے نور سے پیدا ہین اور کل چیز آپ کے نور سے پیدا ہے اس دعوے کا ثبوت اوس عبارت سے ظاہر ہے جو پانچوین دعوے کے بعد لکھا ہے وہ عبارت یہ ہے من رانی فقد رای الحق وانا من نور اللہ وکل شئ من نوری

ان دعاوی پر بحث

پہلے دعوے پر یہ بحث ہے کہ نزول رحمت بوقت ذکر صالحین جو مشہور ہے اسکی اصل نہین ہے علامہ شوکانی فوائد مجموعہ مین فرماتے ہین حدیث انما تنزل الرحمۃ عند ذکر الصالحین قال العراقی وابن حجر لا اصل لہ انتہی ہان آنحضرتؐ کا ذکر بیشک باعث نزول رحمت الٰہی ہے لیکن اس سے مجلس مولد کذائی کا ثبوت کیونکر ہوتا ہے اور آپ کے مطابق ذکر فضائل اور شمائل سے بدون قیود محدثہ کسکو انکار ہے ۔ دوسرے دعوے پر یہ بحث ہے کہ تعظیم اور ادب کسی شئ کی فرع ہے اوس شئے کے ثبوت پر ابھی تو اس مجلس مولد ہی کے جواز مین کلام ہے تعظیم اور ادب کو کون پوچھتا ہے اولاً آپ اسکے ثبوت پر کوئی بینہ نیرہ قائم کرین بعدہ اوسکے فروعات مین سعی فرماوین ثبت العرش ثم نقش تیسرے دعوے پر یہ بحث ہے کہ یہ قول شاہ ولی اللہ صاحب کا اونکی کس کتاب مین ہے امید کہ اوس عبارت کا پتہ بحوالہ کتاب تحریر فرمائے ۔ اور بصورت تصحیح نقل کے بھی یہ قول کوئی دلیل شرعی نہین ہے اسکے مقابلہ مین اور علما کے قول موجود ہین جن سے بدعت ہونا اس احتفال کا ثابت ہے مجدد الف ثانی نے اپنے مکتوب مین اسکو بدعت لکھا ہے اور شاہ ولی اللہ رح بھی مجدد ہی تھے ۔ چوتھے دعوے پر یہ بحث ہے کہ صحابہ کرام کا بیان

آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کے بابت اسطرح پر نہتھا جیساکہ مولودیون مین
ہے یہ احتفال اور اجتماع کذائی صحابہ مین نتھا۔ صحابہ کے بیان فضائل مین اور
ان مولودیون کے بیان مین بعد المشرقین ہے۔ آپ کے مطلق بیان فضائل کو
کس نے منع کیا ہے کلام منکرین کو اس احتفال اور اجتماع مین ہے پانچوین
دعوے پر یہ بحث ہے کہ یہ قول کہ جس نے رسول کو محبت کی نظر سے دیکھا گویا
خدا کو دیکھا اس سے کیا مطلب ہے اگر یہ مطلب ہے کہ رسول کی ذات ذات
خدا سے پیدا ہے پس آپکا دیکھنا گویا خدا کا دیکھنا ہے تو یہ اعتقاد سراسر ضلالت
اور غوایت ہے۔ مولف کی تحریر سے مسئلہ وحدت وجود کا مترشح ہے اور یہ مسئلہ
کفر ہے۔ صہ مین یہ شعر ہے ؎ چہ وسعت دادہ یارب بہ ظرف آن عظیم الشان
کہ الی عبدہ گوید بجاے قول سبحانی ✦ اور صہ ۱۱ مین یہ شعر ہے ؎ جلوہ نوراے
نمود و نور احمد نام ساخت ✦ پس بود احمد از روے این گفتار ما ✦ اور
صہ ۱۳ مین یہ شعر ہے ؎ تقدیر بیک ناقہ نشانید و محمل ✦ سلماے حدوث
نو لیلاے قدم را ✦ اور نیز اوسی صفحہ مین یہ شعر ہے ؎ مرا سریست اندرون
اگر گویم زبان سوزد ✦ کہ سر ہی احمدی داند ولکن قیل را شاید ✦ اور صہ ۱۴ مین
مولانا روم کا یہ شعر لکھا ہے ؎ بالبداہون بود کہ می آمد و میرفت - ہر قرن کہ
دیدہی ✦ عاقبت آن شکل عرب دار برآمد - دارائے جہان شد ✦ اور صہ ۲۶ مین
یہ شعر ہے ؎ مرحبا صل علی نور محمد مصطفی ✦ کنت کنزا مین نہان تھا آشکارا
ہوگیا ✦ اور صہ ۲۹ مین یہ شعر ہے ؎ من تو شدم تو من شدی من تن شدم
تو جان شدی ✦ تا کس نگوید بعد ازین من دیگرم تو دیگری ✦ ان اشعار منقولہ

سے ثبوت مسئلہ وحدۃ وجود کا اور نیز آنحضرت ؐ کا عین خدا ہونا ثابت ہوتا ہے۔
نعوذ باللہ من ھذہ العقائد الباطلۃ الموقعۃ فی حب الغوایۃ والضلالۃ نصاریٰ
نے تو حضرت عیسیٰ کو خدا کا بیٹا ہی ٹھہرایا ان مولودیون اور صوفیون نے تمامی
چیز کو خدا ٹھیرا دیا۔ پھر جب سبھی شئی خدا ٹھیری تو کیون مسلمانی کا دعوی ہے
اب حاجت خدا اور رسول کے ماننے کی کیا رہی اور کیون آنحضرت ؐ کی شان مین
رسالہ لکھا گیا اپنے ہی شان مین لکھنا مناسب تھا اور جب اتحاد ہی کا دعوی ہے
تو اگر اپنے ہی شان مین لکھا ہو تو کیا عجب ہے مولف رسالہ کہہ سکتا ہے کہ یہان
صرف لحاظ صوفیانہ اختیار کیا گیا ہے یعنی صرف اجرا سے لفظ مقصود ہے معنون کا
لحاظ نہین ہے مین نہین سمجھتا کہ اس قسم کے کلمات کفریہ کا بولنا اور معنون کا لحاظ نکرنا
کس نے درست کہا ہے۔ کیا رسول کی رسالت کا اقرار جب ہی پورا ہوگا کہ آپکو
خدا سمجھے اور آپکا مولود کرے۔ غالباً مولف رسالہ حنفی صاحب ہونگے۔ لہذا گذارش
ہے کہ اس قسم کے کلمات کا تلفظ امام ابو حنیفہ رح کے قول سے ثابت کرین۔ علی
التنزل کتب فقہ مثل قنیہ منیہ ہی سے ثابت کر دکھائین۔ مولانا شہید پر تو وہ
اعتراض لایعنی اور اپنے اوپر ایسی نسیانی ؎ چون خدا خواہد کہ پردہ کس درد
میلش اندر طعنۂ پاکان برد + واضح ہو کہ مسئلہ وحدۃ وجود ظاہر البطلان
من الاحادیث والقرآن ہے جو شخص کہ خدا و رسول پر ایمان لا چکا اوسکو شطحیات صوفیہ
کے درپے ہونا کیا ضرور ہے اگر شطحیات صوفیہ ہی پر عمل کرنا منظور ہے تو اللہ و رسول
اور قرآن حدیث کا نام لینا کیا ضرور بآواز علی صوت انا الحق کہیے اس سرکار انگلشیہ مین
ہر شخص کو پورے طور پر آزادی حاصل ہے پھانسی اور سولی دیے جانیکا خوف

نہین ہے پس شوق سے انا الحق اور انی انا اللہ لا الہ الا انا فاعبدون کا دعوی کرے
آمدم برسر مطلب اب چند عبارتین بابت بطلان مسئلہ وحدۃ وجود منقول ہوتی ہین
جامی علیہ الرحمہ درہ فاخرہ مین فرماتے ہین شعر ان مستند الصوفیۃ فیما ذھبوا
الیہ ھو الکشف والعیان لا النظر والبرھان ملا علی قاری قصیدہ امالی کی شرح مین
فرماتے ہین واما التوحید الصرف الذی یقول بہ الوجودیۃ والحلولیۃ والاتحادیۃ
من ان الحق ھو الوجود المطلق فشر من کفر الثنویۃ انتھی اور شرح مقاصد مین ہے
فالقول بکون الواجب ھو الوجود المطلق مبنی علی اصول فاسدۃ اور بھی اوسمین ہے
ومنھم بعض المتصوفۃ القائلون بان السالک اذا امعن فی السلوک وخاض لجۃ
الوصول فربما یحل اللہ تعالی عما یقولہ الظلمون علوا کبیرا فیہ کالنار فی الخمیر بحیث لا
یتمایزان ویتحد بہ بحیث لا اثنینیۃ ولا تغائر وصح ان یقول ھو انا او انا ھو وح
یرتفع الامر والنھی ویظھر من الغرائب والعجائب ما لا یتصور من البشر وفساد
الرائین غنی عن البیان انتھی۔ اور شرح مواقف مین ہے وما یقال ان الکل ذات
واحدۃ تتعدد بحسب الاوصاف لا غیر فا لمقیدون لبطوا العقل یعد ونسبۃ
لا یلتفت الیھا اور بھی اوسمین ہے ورایت من الصوفیۃ الوجودیۃ من ینکر
ویقول بالحلول والاتحاد اذ کل ذلک یشعر بالغیریۃ ونحن لا نقول بھا بل نقول لیس فی
دار الوجود غیر دیار ربھذا العذر اشد قبحا وبطلانا من ذلک الجزم اذ تلزم تلک
المخالفۃ التی لا یجترأ علی القول بھا عاقل ولا مسلم ادنی تمیز انتھی جو شخص مسلمانی کا دعوی
کرے اور ساتھ اسکے وحدۃ وجود کے مسئلے پر بھی عقیدہ رکھے تو وہ آیۃ کریمہ وما
یومن اکثرھم باللہ الا وھم مشرکون کا مصداق ہے چھٹوین دعوے پر یہ بحث ہے

کہ آنحضرتؐ کا یہ قول کہ خدا نے مجھے اپنے نور سے پیدا کیا ہے اور میرے نور سے کل چیزیں پیدا ہین یہ حدیث جھوٹی ہے احمد بن یوسف نے اسکو وضع کیا ہے حافظ ذہبی میزان الاعتدال فی نقد الرجال مین فرماتے ہین احمد بن یوسف المسبحی لا یعرف واتی بخبر کذب قال ابو نعیم فی امالیہ ثنا محمد بن محمد بن عمرو بن زید املاء ثنا احمد بن یوسف ثنا ابو شعیب صالح بن زیاد السوسی ثنا الہیثم بن جمیل ثنا ابو معشر عن المقبری عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلقنی اللہ من نورہ وخلق ابا بکر من نوری وخلق عمر من نور ابی بکر وخلق امتی من نور عمر وعمر سراج اھل الجنۃ قال ابو نعیم ھذا باطل مخالف لکتاب اللہ ثم اخذ ابو نعیم یتکلم علی رجالہ بکلام غیر مفید فقال ابو معشر ترک ولم یخرج عنہ شیئ فی الصحیحین قلت ما حدث بہ واحد من ثلثۃ وانما الافۃ عندی فیہ من المسیحی انتھی - اگر مولف صاحب یہ عذر کرین کہ یہ طریقہ ہمارے طریق کے سوا ہے تو کہا جاویگا کہ جس طریقہ کو آپنے بیان کیا ہے اوسکو مع اسناد وہ حوالہ کتاب نقل فرمائے تاکہ دیکھا جاوے کہ آپ کا دعوی صحیح ہے یا غلط ہے اس روایت سے تو آپکا نور خدا سے پیدا ہونا باطل ہے اگر آپ کوئی صحیح حدیث پیش کرین تو ہمین اوسکے قبول سے انکار نہین ہے مگر اسقدر ضرور کہا جاویگا کہ آپکا نور خدا سے پیدا ہونیکا یہ مطلب نہین ہے کہ معاذ اللہ خدا تعالی نے اپنے نور سے نکالکر آپ کے نور کو پیدا کیا فان ذاتہ تبارک وتعالی منزھۃ عن الزیادۃ والنقصان ومن ادعی خلافہ فعلیہ البرھان من الاحادیث والقرآن - بلکہ اسکا مطلب یہ ہوگا کہ خدا تعالی نے بلا واسطہ غیر اپنی تجلی سے پیدا کیا +

ایقاظ

ماشاء اللہ باوجود عقائد شرکیہ واعمال الحادیہ دعوی اتباع اور محبت رسولؐ ہے
کیا رسول نے یہی حکم کیا ہے کہ مجھے خدا کہو اور میری تعریف خدا کی سی کرو کیا محبت
رسولؐ اسی مین ہے کہ آپکا مولود کرے اور آپ کے جملہ امور فرمودہ سے اعراض
کرے کیا رسولؐ نے یہی حکم کیا ہے کہ میری ولادت کی ایک مجلس کرو اور اوس مین
بوقت ذکر ولادت دست بستہ کھڑے ہو جاؤ کیا محبت آنحضرتؐ صرف مولود ہی مین
ہے جو ناحق منکرین پر وار چلایا جاتا ہے کیا مولود کی دلیل یہی ہے کہ علماے حرمین
اور علماے فرنگی محل کا عمل ہے کیا مکفر و منسب زنا یہی مولود ہی ہے جو رنڈیان تک مولود
کرتی ہین کیا آپ کی اتباع اسی مین ہے کہ شاہ مینا کی مزار پر رقص طوائف مین شامل ہو
کیا رسولؐ نے یہی حکم دیا ہے کہ محرم مین حسین باڑہ کی روشنیان دیکھتا پھرے
کیا محبت رسولؐ اسیمین ہے کہ کاکوری کے عرس مین شامل ہو کر زردے اور پلاؤ
کی قابین اوڑاوے کیا محبت آنحضرت اسیمین ہے کہ آپکے مناقب اور فضائل مین
رسالہ لکھے اور آپ ہی کی آل پر تہمتین لگاے اور اونکو مورد لعنت ٹھیراے کیا مجلس
مولد کذائی بدعت نہین ہے جو منکرین مورد طعن ٹھیراے جاتے ہین کیا حدیث
ان اللہ جمیل یحب الجمال نظر سے نہین گذری جو ناحق آنحضرتؐ کے ایک متبع خالص پر
حسد اور حقد ظاہر کیا جاتا ہے کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خدام نہین تھے
جو اعتراض لایعنی اور کلام بے معنی کیا جاتا ہے باوجود ارتکاب معائب بشتی و منہیات
لاتحصی ناحق ایک متبع سنت اور ماحی بدعت پر اعتراضات بیہودہ اور خدشات
مردودہ کئے جاتے ہین ایسے محب رسول کو برا کہنا گویا رسولؐ کو برا کہنا ہے

ان کل حسد اور بغض اور عناد کا یہی سبب ہے کہ آنجناب سلالہ خاندان مصطفوی نے اپنی قوت علمی اور مالی کے زور سے ان مبتدعین کی پوری پوری خبر لی یہ لوگ جب دلائل واضحات اور حجج ساطعات کے مقابلہ سے عاجز آگئے تو گالیان دینی شروع کردین اذا یئس الانسان طال لسانہ ۵ کوئی مضمون لکھ علمی اگر دعوی لیاقت ہے + مغلظ گالیان دینی بھلا کوئی شرافت ہے +

دعاوی ۱۱

پہلا دعوی یہ ہے کہ آیۃ اللہ نور السموات والارض مثل نورہ کمشکوۃ فیہا مصباح کی یہ تفسیر ہے کہ مراد چراغ سے نور محمدی ہے اور مراد قندیل سے آپکا وجود شریف ہے دوسرا دعوی یہ ہے کہ نور محمدی اصل نور خداوندی ہے۔ تیسرا دعوی یہ ہے کہ اللہ تعالی نے اپنے نور کو آنحضرتؐ کے جسم المہر مین روشن کیا یہ دونون دعوے اوسی تفسیر سے ثابت کئے ہین اسکے بعد یہ عبارت ہے۔

نظم جلوہ نوری نمود و نور احمد نام ساخت + پس بود احمد حدا زروے این گفتار ما + انا من نور اللہ وکل شیء من نوری وقد جاءکم من اللہ نور چوتھا دعوی یہ ہے کہ نبوت آنحضرتؐ کی درمیان ملائکہ اور ارواح انبیاء کے معلوم تھی بلکہ آپ کی روح مبارک ملائکہ اور انبیاء کو فیض پہونچاتی تھی اور نیز آپ کی روح تمام بنی آدم پر مبعوث تھی اور آپ اوس عالم مین علانیہ مرسل تھے اور ہوسکتا ہے کہ السابقون الاخرون سے یہی اشارہ ہو پانچوان دعوی یہ ہے کہ خبر مین آیا ہے کہ جب آنحضرتؐ کا نور پیدا کیا گیا نکلے اوس سے انوار انبیاء کے پس خدا تعالی نے حکم کیا آپ کو کہ ان انوار کی طرف نظر کرو جب آپنے اون انوار کی طرف نظر کی

تو آپ کے نور نے انوار انبیا کو چھپا لیا پس عرض کیا اونھون نے کہ خداوندا یہ کون ہے جس نے ہمارے انوار کو چھپا لیا تو خدا نے فرمایا کہ یہ نور محمد کا ہے اگر اسپر ایمان لاؤ تو مین تمکو نبی کرون سب نے کہا کہ ہم محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے پس خدا نے فرمایا کہ ہم گواہ ہوے تمہارے اوپر یہی معنی اس آیت کریمہ کے ہین واذ اخذ اللہ میثاق النبیین لما اتیتکم من کتب و حکمۃ ثم جاءکم رسول مصدق

ان دعاوی پر بحث

پہلے دعوے پر یہ بحث ہے کہ نور سے نور خدا نہین مراد ہے بلکہ مراد اس سے ہدایت ہے بدلیل قولہ تعالی فی آخر تلک الآیۃ یھدی اللہ لنورہ من یشاء قرآن شریف مین بہت جگہہ نور سے مراد ہدایت ہے۔ منہا قولہ تعالی اللہ ولی الذین آمنوا یخرجھم من الظلمات الی النور۔ ومنہا افمن کان میتا فاحییناہ وجعلنا لہ نورا ومنہا ولکن جعلناہ نورا نھدی بہ من نشاء من عبادنا۔ یا مراد اس سے قرآن شریف ہے بدلیل قولہ تعالی قد جاءکم من اللہ نور علی احد التفاسیر وعلی التقدیرین تفسیر مولف رسالہ غلط ٹھیری کیونکہ وہ تفسیر اسی امر پر مبنی ہے کہ مراد نور سے نور خدا ہے فصار ھذا التفسیر من قبیل بناء الفاسد علی الفاسد اور نیز مولف رسالہ کی تفسیر کی تمثیل نہین صحیح ہے کیونکہ نور خدا اور نور محمدی دونون غیر محسوس ہین اور تمثیل غیر محسوس کی غیر محسوس کے ساتھہ نہین درست ہے ماشاء اللہ کیا تعریف مجہول بالمجہول ہے یہان خدا تعالی کو ہدایت کی شفافیت بالحسنی کو نور ظاہری سے تمثیل دیکر سمجھانا مقصود ہے اور لفظ مشکوۃ اور مصباح اور زجاجہ وغیرہ صرف بلحاظ کمال صور اختیار فرمایا ہے اگر نورہ سے نور خدا مراد لیا جاوے جیسا کہ

زعم امام غزالی علیہ الرحمہ کا ہے تو بھی تفسیر مولف نہین صحیح ہوگی کیونکہ اس تقدیر پر
بھی وہی تمثیل غیر محسوس کی غیر محسوس کے ساتھ لازم آتی ہے وھذا کما تری
سر دست اسیقدر پر اکتفا کیا گیا جسوقت مولف صاحب اسکے جواب سے یاد فرمائینگے
اوسوقت پوری تقریر جو اس آیت کے متعلق ہے لکھی جائیگی۔ دوسرے دعوے
پر یہ بحث ہے کہ ابتک نور محمدی کا ثبوت چیز خفا مین ہے بالفرض اگر ثابت بھی ہو تو
اوسکو اصل نور خداوندی کہنا الحاد اور کفر ہے اسکا بطلان اوپر مفصلا گذر چکا ہے
شم ارجع البصر کرتین ینقلب الیک البصر خاسئا وھو حسیر تیسرے دعوے پر
یہ بحث ہے کہ اسکا بطلان تقریر ماسبق سے ظاہر ہے انا من نور اللہ کا بھی بیان
بہ تفصیل گذر چکا ہے۔ چوتھے دعوے مین چار امر مذکور ہین اون سب کو
بدلائل شرعیہ ثابت فرماوین دوسرے امر کا خلاف ہونا امام رازی کی تقریر سے ثابت
ہوتا ہے تفسیر کبیر مین فرماتے ہین ثبت بالشواھد العقلیۃ والنقلیۃ ان الانوار
الحاصلۃ فی ارواح الانبیاء مقتبسۃ من الانوار الحاصلۃ فی ارواح الملائکۃ
قال تعالی ینزل الملائکۃ بالروح من امرہ علی من یشاء من عبادہ وقال نزل بہ الروح
الامین علی قلبک وقال نزلہ روح القدس من ربک بالحق۔ وقال تعالی ان ھو
الا وحی یوحی علمہ شدید القوی والوحی لا یکون الا بواسطۃ الملائکۃ فاذا جعلنا
ارواح الانبیاء اعظم استنارۃ من الشمس فارواح الملائکۃ التی ھی کالمعادن
لانوار عقول الانبیاء لابد وان تکون اعظم من انوار ارواح الانبیاء لان
السبب لابد ان یکون اقوی من المسبب انتھی۔ پانچوین دعوے پر یہ بحث
ہے کہ جس خبر کو آپنے نقل فرمایا ہے اوسکی اسناد لکھئے تا دیکھی جاوے کہ قابل

حجت ہے یا نہین تا وقتیکہ اسناد صحیح نہو لے گی آیۃ مذکورہ کی تفسیر صحیح ہو گی موضح القرآن
مین ہے کہ اللہ تعالی نے اقرار لیا نبیونکا یعنی نبیون کے مقدمہ مین بنی اسرائیل
سے اقرار لیا انتہی ویؤیدہ قولہ تعالی یا بنی اسرائیل اذکروا نعمتی التی انعمت علیکم
واوفوا بعهدی اوف بعهدکم وقولہ واذ اخذ اللہ میثاق الذین اوتوا الکتاب
لتبیننہ للناس ولا تکتمونہ والتفصیل فی التفسیر الکبیر للامام فخر الدین الرازی

دعاوی ص۱۹ مع حاشیہ

پہلا دعوے یہ ہے کہ سلف صالحین اور علماے حرمین شریفین بارہوین ربیع الاول
کو قصہ مولد شریف پڑہتے ہین۔ دوسرا دعوی یہ ہے کہ منکرین محفل مولد شریف
اہالیان حرمین شریفین اور سلف صالحین اور صحابہ کرام اور خاتم النبیین کے قول
و فعل پر اعتراض کرتے ہین اور بیدھڑک اس محفل مولد کو کنہیا کے جنم سے مشابہت
دیتے ہین یہ لوگ آیۃ ختم اللہ علی قلوبہم کے مصداق ہین تیسرا دعوی یہ ہے
کہ مجلس مولد بدعت حسنہ بھی نہین ہے چہ جاے کہ بدعت سیئہ ہووے
کیونکہ اسکا ثبوت آیۃ لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم سے ثابت ہے چوتھا
دعوی یہ ہے کہ مولوی اسمعیل صاحب نے کل انبیاء علیہم السلام کو ہمارے
بدتر ٹھیرایا پانچوان دعوے یہ ہے کہ مولوی اسمعیل صاحب نے رسولؐ کو
اپنا بڑا بھائی قرار دے لیا ہے ٭

ان دعاوی پر بحث

پہلی یہ دعوے پر یہ بحث ہے کہ عمل سلف صالحین اور علماے حرمین شریفین
حجج شرعیہ سے نہین ہے آن وہ عمل ان حضرات کا البتہ مانا جاویگا جو مؤید

بالبرہان ہوگا اور عمل اہل مدینہ اور اہل مکہ کا جو زمانہ خلفاء راشدین یا کسی اور صحابہ کے
زمانہ میں ثابت ہوگا مانا جاویگا بعد انقضاء عصر صحابہ اونکا قول و فعل حجت نہیں ہے
حافظ ابن القیم زاد المعاد میں فرماتے ہیں عمل اھل المدینۃ الذین یحتج بہ ما کان
فی زمن الخلفاء الراشدین اما عملھم بعد موتھم وبعد انقضاء عصر
من بھا من الصحابۃ فلا فرق بینہ وبین عمل غیرھم والسنۃ تحکم بین الناس
لا عمل احد بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و خلفائہ انتھی علامہ عینی
حنفی عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں ان الایمان لیارز الی المدینۃ
کما تارز الحیۃ الی جحرھا قال الداؤدی ھذا فی حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم
والقرون الذی کان فیھم والذین یلونھم خاصۃ لانہ کان الامر مستقیما
وقال القرطبی وفیہ تنبیہ علی صحۃ مذھبھم وسلامتھم من البدع
وان عملھم حجۃ کما رواہ مالک قلت ھذا انما کان فی زمن النبی صلی اللہ علیہ
وسلم والخلفاء الراشدین الی انقضاء القرون الثلثۃ وھی تسعون سنۃ
واما بعد فقد تغیرت الاحوال وکثرت البدع خصوصا فی زماننا ھذا
علی ما لا یخفی انتھی اور ملا علی قاری ہروی حنفی مرقاۃ میں فرماتے ہیں۔
لو ادرک الاولون ما انتھی الیہ الاخرون کما علیہ اھل زماننا الغافلون لحکموا
بحرمۃ المجاورۃ فی الحرمین الشریفین من شیوع الظلم وکثرۃ الجھل و
قلۃ العلم وظھور المسکرات وفشو البدع والسیئات واکل الحرام والشبھات
انتھی اور ظاہر ہے کہ محفل مولد بعد انقضاء عصر صحابہ بہت پیچھے نکلی ہے پس اسکا
ثبوت بعمل علماء حرمین شریفین نہیں ہوسکتا ہے۔ دوسرے دعوے پر

یہ بحث ہے کہ منکرین محفل مولد شریف کا اعتراض کرنا اہالیان حرمین شریفین کے
عمل پر علی الاطلاق غلط ہے ہان جو عمل کہ بعد انقضاے عصر صحابہ ثابت ہے
اوسپر البتہ اعتراض ہے اور یہ کوئی جاے اعتراض نہین ہے کیونکہ یہ عمل حجت
نہین ہے جیسا کہ اوپر مذکور ہوا رہا یہ قول کہ منکرین مولد معاذ اللہ صحابہ اور
آنحضرتؐ کے قول و فعل پر اعتراض کرتے ہین محض اتہام بیجا ہے یہ خصلت آجکل
کے مولودیون اور حنفیون مین البتہ پائی جاتی ہے دیکھو آپ کی صحیح صحیح
حدیثون پر اعتراض اور اونپر انکار کیا جاتا ہے اور اونکے عاملین کو طرح طرح
کی تکلیفین پہنچائی جاتی ہین اور جدید جدید خطابون سے پکارے جاتے ہین اور
خدا کی مسجدون سے نکالے جاتے ہین آیۃ ومن اظلم ممن منع مساجد
اللہ ان یذکر فیہا اسمہ وسعی فی خرابہا سے ان حضرات کو کچھ ڈر نہین ہے
آپ انصاف کی نظر سے فرمائے کہ معترض اور منکر آپ کے فعل اور آپ کے صحابہ
کے فعل پر کون ہین اہل الحدیث یا اہل مولید - جب محفل مولد کا ثبوت نہین ہے بلکہ بمذہب
حق بدعت ہے تو کنہیا کے جنم سے مشابہت دینے مین کیا گناہ ہے یہ رسم مولد
انہین ہنود اور نصارا کی موافقت سے نکلی ہے نصاری بھی حضرت عیسی علیہ السلام کا
مولود کرتے ہین علی ہذا القیاس - اہل فارس بھی نوروز عامہ مین حضرت آدم علیہ السلام
مولود کرتے ہین اسوجہ سے کہ آپ کی پیدایش اسی دن مین ہے یہ رسم مولد
اکثر فرقہ باطلہ مین ہے اس رسم کو دیکھا دیکھی ان مولودیون نے بھی اختیار کر لی
قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من تشبہ بقوم فہو منہم اخرجہ ابوداؤد
وصححہ ابن حبان وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انکم لتتبعن سنن

قبلکم شبرا بشبر اذراعا بذراع اخرجہ البخاری فی صحیحہ تیسرے دعوے پر
یہ بحث ہے کہ آیۃ لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم سے مولود کو کیا علاقہ
اور نسبت ہے اس آیت مین تو مطلق خلقت انسان کی احسنیت کا بیان ہے
اور یہ یقینی امر ہے کہ آنحضرتؐ کی خلقت جمیع انسان سے احسن ہے پر یہ
احسنیت مستلزم مولود کو نہین ہے فما البرہان المدعی وما اعسر المعنی۔
چوتھے دعوے پر یہ بحث ہے کہ مولانا شہید کی عبارت ہذا (خدا کی شان
کے سامنے ساری مخلوق چھوٹی ہو یا بڑی چمار سے زیادہ ذلیل وخوار ہے)
سے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کی حقارت نہین سمجھی جاتی ہے
تین وجہ سے ایک تو یہ کہ اصول فقہ مین یہ قاعدہ مرقوم ہے کہ لازم المذہب
لیس بمذھب یعنی لازم مذہب مذہب نہین ہے۔ نظیر اسکی مسئلہ استواء علی العرش
ہے مذہب استواء پر خدا کا ذو جسم وذو جہۃ ہونا لازم آتا ہے پس قائلین استواء
پر یہ لازم اونکا مذہب نہین کہا جاویگا ورنہ لازم آویگا کہ آئمہ اربعہ وغیرہ سلف صالحین
جو استواء کے قائل ہین اونکو مجسمہ کہا جاوے وہو اللازم باطل فالملزوم
مثلہ فتدبر حق التدبر دوسرے یہ کہ مولانا شہید نے تقویۃ الایمان مین جابجا آنحضرت صلعم کی
تعریف بعبارت شتی بیان کی ہے کہین پر آپ نے یہ لکھا ہے کہ آپ سارے جہان کے سردار ہین اور
خدا کی نزدیک اونکا مرتبہ سب سے بڑا ہے اور کہین پر یہ لکھا ہے کہ آپ تمام آدمیون سے افضل ہین مصنف
رسالہ نے بھی ص۲۵ مین اس عبارت کو نقل کیا ہے اور نیز خطبہ مین آپ کی بڑی تعریف لکھی ہے
کما لا یخفی علی ناظر فی تقویۃ الایمان علاوہ اسکے معاذ اللہ مولانا شہید منکر رسالت
نہ تھے بلکہ آپ ہی کی اتباع پر جان نثار تھے تقویۃ الایمان اسپر شاہد عدل ہے

پھر کہان سے معلوم ہوا کہ مولانا شہید نے آنحضرتؐ کو چمار سے بدتر ٹھیرایا۔
ان عبارات منقولہ سے چمار سے بدتر ہونا ثابت ہوتا ہے یا افضل المخلوق
ہونا انصاف کو راہ دینا چاہیئے نہ اعتساف کو تیسرے یہ کہ یہ حقارت مفہومہ
بمقابلہ شان باری عز اسمہ ہے اور اسمین کچھ شک نہین کہ شان خدا کے مقابل
تمامی مخلوق محض لاشئے ہے اگر مولانا نے چمار سے زیادہ ذلیل کہا تو کیا گناہ کیا
خدا کی عظمت اور جلالت ذاتی ہے۔ اور رسولؐ کی عرضی۔ پھر عرضی کو ذاتی سے
کیا نسبت ہے رسولؐ کی شان مین بالمومنین رؤف رحیم وغیرہ صفت آئی ہین
تو اوسکے ساتھ خدا نے آپکو یہ بھی سنا دیا ہے لئن اشرکت لیحبطن عملك ولتكونن
ولو تقول علینا بعض الاقاویل لاخذنا منه بالیمین ثم لقطعنا منه الوتین
مولانا شہید نے تو بزعم آپ کے چمار ہی سے ذلیل بتایا صاحب عوارف المعارف
اور صاحب فوائد الفواد نے تو یہ لکھا ہے کہ آدمی کا ایمان کامل نہین ہوتا جب تک
تمام آدمی اور تمام خلق اوسکے نزدیک اونٹ کی مینگنیون کی مانند نہون امام غزالی نے
کیمیا سعادت مین لکھا ہے کہ علم انبیا کا مختص ہے بمقابلہ علم فرشتون کے اور علم
ان سبکا اگر ساتھ علم خدا کے نسبت کیا جاوے تو لائق نہو اوسکو علم کہا جاوے
پس مولف رسالہ پر لازم کہ ان حضرات صوفیہ پر بھی اعتراض جمائین حضرات اول پر
یہ اعتراض کرین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو اونٹ کی مینگنی کے مانند
کہا اور دوسرے حضرت پر یہ اعتراض کرین کہ آنحضرت کو جاہل قرار دیا الحاصل آپکی
حقارت و ذلت مقابل شان باریتعالی منافی آپکی عزت و منقبت کو نہین ہے
پس حقارت مقیدہ کو مطلق سمجھنا نہایت بے انصافی ہے ✤ پانچوین دعوے پر

یہ بحث ہے کہ بیشک مولانا شہید نے جملہ انبیاء کو اپنا بڑا بھائی قرار دیا ہے چنانچہ
تقویۃ الایمان مین آپ فرماتے ہین کہ انسان آپسمین سب بھائی ہین جو بڑا بزرگ ہو
وہ بڑا بھائی ہے سو اوسکی بڑے بھائی کیسی تعظیم کیجئے اور مالک سب کا اللہ ہے
بندگی اوسکو چاہیئے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اولیا و انبیاء امام امام زادہ
پیر و شہید یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہین وہ سب انسان ہی ہین اور
بندے عاجز اور ہمارے بھائی مگر اونکو اللہ نے بڑائی دی وہ بڑے بھائی ہوئے
انتہی بقدر الحاجۃ ۔ اس عبارت کو بعد ایک حدیث کے لکھا ہے وہ حدیث
یہ ہے کہ امام احمد نے ذکر کیا کہ بی بی عائشہ رضؓ نے نقل کیا کہ پیغمبر خدا مہاجرین
اور انصار مین بیٹھے تھے کہ آیا ایک اونٹ پھر اوس نے سجدہ کیا پیغمبر خدا کو
سو اونکے اصحاب کہنے لگے کہ اے پیغمبر خدا تمکو سجدہ کرتے ہین جانور اور
درخت سو ہمکو تو ضرور چاہیئے کہ تمکو سجدہ کرین سو فرمایا کہ بندگی کرو اپنے رب کی
اور تعظیم کرو اپنے بھائی کی انتہی ۔ اور لفظ اس حدیث کا اسکے پہلے یہ ہے
اخرج احمد عن عائشۃ رضؓ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان فی نفر
من المہاجرین والانصار فجاء بعیر فسجد لہ فقال اصحابہ یا رسول اللہ
یسجد لک البہائم والشجر فنحن احق ان نسجد لک فقال اعبدوا ربکم
واکرموا اخاکم اب ناظرین خیال فرماوین کہ آنحضرتؐ کو بڑے بھائی کہنے مین
کیا آپ کی حقارت ہے ۔ جب آنحضرتؐ تمام لوگون سے افضل ہین تو آپ کل بھائی
مسلمان مین بڑے بھائی ہوئے ۔ یہ مضمون مولانا شہید نے کچھ اپنی طرف سے
نہین لکھا ہے بلکہ خود یہ حدیث اکرموا اخاکم اسپر دال ہے ۔ اور خدا تعالیٰ

خود قرآن شریف مین فرماتا ہے انما المومنون اخوۃ یعنی مسلمان سب آپسمین بھائی
ہین اور ظاہر ہے کہ اس آیت مین کل مومن خواہ انبیا ہون خواہ اولیا یا اور کوئی سب
داخل ہین پس آنحضرتؐ کو بڑے بھائی کہنے مین کیا عیب اور گناہ ہے دیکھو
خدا تعالی نے کافرون کو انبیاء کا بھائی ٹھیرایا ہے قال والی عاد اخاھم ھودا
وقال الی ثمود اخاھم صالحا وقال الی مدین اخاھم شعیبا تعجب ہے کہ کفار
انبیاء کے بھائی ٹھیرین اور مسلمان لوگ اخوت انبیا سے انکار کرین یہ کمبختی نہین
تو کیا ہے۔ مولانا شہید کے بڑے بھائی کہنے پر انکار ہے تو یہ انکار خدا اور رسول پر
جاتا ہے مولودیون کو اگر اخوت انبیاء سے انکار ہے تو کیا اخوت و جاجلہ و شیاطین کا
اقرار ہے چوپکے موحد ہونگے وہ بیشک رسولؐ کے ساتھ یہ اعتقاد رکھین گے
کہ وہ ہمارے بڑے بھائی ہین اور وہ تمام لوگون سے افضل ہین انکی پیروی
ہمپر فرض اور واجب ہے اور آپ کی تعظیم اوسیقدر کرینگے جسقدر خدا تعالی
نے اور خود اوسکے رسول نے اجازت دی ہے۔ اور جو توحید مین کچے ہین وہ آپکو
خدا کہین یا جو چاہین کہین باوجودیکہ آنحضرتؐ اپنی حد سے زیادہ تعریف کرنے سے
بہت منع فرما گئے۔ اور فرما گئے کہ مجھکو حد سے نہ بڑہاؤ جیسا کہ نصاری نے
عیسی کو حد سے بڑہا دیا۔ مگر ان دغابازون نے آپکو ایسا بڑہایا کہ عین خدا
کہنے لگے بعض ملحدون نے تو یہ حدیث آپ کی طرف نسبت کر دی ہے کہ آپنے
فرمایا کہ انا احمد بلا میم یعنی مین احمد بلا میم ہون یعنی مین بھی احد یعنی خدا ہون
قال اللہ تعالی لا تغلوا فی دینکم نصارا اسی غلو کے سبب سے مورد غضب الہی
ہوئے۔ پر ان مولودیون کو ذرا بھی حیا و شرم نہین اور اولٹے موحدین پر

اعتراض کرتے ہین اب ایک مختصر اعتراض ہمارا مولف رسالہ پر یہ ہے کہ آیۃ انما المومنون اخوۃ مین آنحضرتؐ داخل ہین یا نہین بشق اول فکیف الاعتراض وبشق ثانی وجہ عدم دخول بیان فرمائے۔ اور یہ بھی یاد رہے کہ درمیان ایمان اور کفر کے کوئی مرتبہ نہین ہے اور بعض جو مرتبہ متوسط کے قائل ہین وہ فسق ہی کو مرتبہ متوسط قرار دیتے ہین

مطاعن حاشیہ ص۱۹

پہلا طعن یہ ہے کہ غنیمت ہے جو کنھیا کے جنم سے تشبیہ دی اگر تقبیل حجر اسود کو ہندوان کی پوجا کہدین تو کون زبان پکڑتا ہے دوسرا طعن یہ ہے کہ نصارا نے حضرت عیسیٰؑ کو خدا کا بیٹا ٹھیرایا انھون نے اونکے رسول کو اپنا بھائی بنا لیا۔ تیسرا طعن یہ ہے کہ جب آنحضرتؐ بڑے بھائی ٹھیرے تو گویا نصف نبوت مین شریک ہوے اور نیز نصف جائداد کا دعوی کرنا چاہیے چوتھا طعن یہ ہے کہ ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین سے ابوت کی نفی نکلتی ہے اور ابوت کا درجہ اخوت سے اعلی ہے پس جب قرآن مین نفی ابوت کی ہے تو آنحضرتؐ کسی کے بڑے بھائی کیون ہونے لگے یہ قرآن کو بغل مین داب کر بھال بن بیٹھے ؛

ان مطاعن پر بحث

پہلے طعن پر یہ بحث ہے کہ یہ طعن جب صحیح ہوتا کہ مولد شریف کا ثبوت مثل ثبوت تقبیل حجر اسود ہوتا اور ظاہر ہے کہ ثبوت اس مجلس مولد کا ادلہ شرعیہ سے نہین ہے بلکہ کلیہ کل بدعۃ ضلالۃ مین داخل ہے غنیمت ہے کہ ابھی تک حضرت ہی کا مولود کرتے ہین اگر نصارا کی طرح سے حضرت عیسی علیہ السلام کا بھی مولود کرنے لگین تو کون منع کرسکتا ہے غنیمت ہے کہ آنحضرتؐ کی رسالت کو تسلیم کرکے عین خدا کہتے ہین اگر

رسالت سے انکار کرکے مجسم خدا کہین تو کون اونکے منہہ پر ہاتھہ رکھتا ہے دوسرے
طعن پر یہ بحث ہے کہ یہ طعن محض لوچ و لچر ہے حضرت عیسیٰ کو خدا کے بیٹا ٹھیرانے
مین اور آنحضرتؐ کے بھائی کہنے مین کیا علاقہ ہے ہان آنحضرتؐ کو خدا کا بھائی
کہا جاتا تو البتہ قول نصاریٰ سے علاقہ پایا جاتا۔ کیا آنحضرتؐ کو بھائی کہنا شرک ہے
جو نصارا کے ساتھہ تشبیہ دیجاتی ہے اگر آنحضرتؐ کو بھائی کہنے مین شرک لازم آتا
ہے تو کیا آپکو خدا کہنے مین شرک جاتا رہیگا۔ تو آنحضرتؐ کو خدا کہنا اور مُردون
سے حاجتین طلب کرنا اور قبرون پر سجدہ کرنا تو شرک نہوا اور آنحضرتؐ کو بھائی کہنا
شرک ہو یہ عجب اندہیر اور عقل کا پھیر ہے۔ تیسرے طعن پر یہ بحث ہے
کہ اخوت دینی موجب ارث نہین ہے بلکہ اخوت نسبی باعث ارث ہے آنحضرت
صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم مین اخوت دینی ثابت کی جاتی ہے پس طعن باعث لعن نہین
ہے تو کیا ہے اور للیسی وراثت مال مین ہوتی ہے نہ نبوۃ اور علم اور فضل مین اسمین
اخوت نسبی بھی غیر معتبر ہے چہ جاے کہ اخوت دینی غنیمت ہے کہ اخوت دینی کو
باعث ارث قرار دیا ہے اگر حدیث لا یرث المسلم الکافر و لا الکافر المسلم کا انکار
کرکے اخوت غیر دینی کو بھی باعث ارث ٹھہرادے تو کون مزاحمت کرسکتا ہے۔
چوتھے طعن پر یہ بحث ہے کہ آیۃ وما کان محمد ابا احد من رجالکم مین مطلق ابوت
کی نفی نہین ہے بلکہ وہ نفی مقید برجال ہے نفی علی الاطلاق کی تقدیر پر لازم آویگا
کہ معاذ اللہ حضرت فاطمہ زہرا رضہ و صاحبزادہ حضرت ابراہیم رضہ وغیرہما من الاولاد
الامجاد آپ کے اولاد نہ تھے اور آپ انکے باپ نتھے واللازم باطل فالملزوم
مثلہ اور نیز نفی ابوت مستلزم نفی اخوت کو نہین ہے دیکھو نفی ابوت زید

مستلزم نفی اخوت کو نہین ہے اگر کوئی کہنے والا یہ کہے کہ یہ سب اعتراضات اوسوقت
عائد ہوتے ہین کہ جب ابوت حقیقی کی نفی مراد لی جاوے۔ اور جسوقت مطلق ابوت کی
نفی مراد لی جاوے اگرچہ مجازاً ہو اوسوقت یہ اعتراضات نہون گے اور اس تقدیر
پر نفی علی الاطلاق صحیح ہوگی تو کہا جاویگا کہ اصول کا یہ مسئلہ ہے کہ متی امکن العمل
بالحقیقۃ سقط المجاز یعنی جب لفظ کی معنی حقیقی بن سکتی ہون معنی مجازی مراد لینا
جائز نہین اور یہان معنی حقیقی کے مراد لینے سے کون مانع ہے اور بر تقدیر تسلیم
جواز کہا جاویگا کہ غایت مافی الباب اس آیت سے یہی ثابت ہوا کہ آنحضرتؐ کو مجازاً
بھی اب نہ کہنا چاہیئے مگر نفی اس ابوت مجازی سے نفی اخوت دینی کی کیونکر ہوسکتی
ہے اسلیئے کہ اخوت دینی بآیۃ انما المومنون اخوۃ ثابت ہے اور نیز آنحضرتؐ نے
زید بن حارثہ کو اخونا ومولانا فرمایا ہے جیساکہ صحیح بخاری مین مذکور ہے چونکہ یہ مین
ہونے مین نسبت اخوت کی ہوتی ہے نہ نسبت ابوت کی لہذا خدا تعالی نے ابوت کی
نفی کی پس نفی ابوت ہذا سے بھی نفی اخوت مانحن بصددہ کی نہین ثابت ہوئی
اور حدیث مین آیا ہے فلیتامل حق التامل فانک لاتجد من غیرنا ھذا انشاء اللہ تعالی

دعاوی ص۲۰

پہلا دعوی یہ ہے کہ آیۃ لقد جاءکم من اللہ نور اور آیۃ یا ایھا الناس قد
جاءکم برھان من ربکم وانزلنا الیکم نورا مبینا اور آیۃ لقد جاءکم رسول
اور آیۃ وتعزروہ وتوقروہ اور آیۃ قل بفضل اللہ وبرحمتہ فبذلک فلیفرحوا
سے مولود کرنا ثابت ہے دوسرا دعوی یہ ہے کہ قیام مولد مین آنحضرتؐ پر درود
وسلام بھیجا جاتا ہے اور آنحضرتؐ پر درود وسلام بھیجنا منجملہ عبادات ہی اور عبادت

کھڑے ہو کر فاذکر اللہ قیاما وقعودا سے ثابت ہے **تیسرا** دعوی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوشنبہ کو اپنی ولادت کے شکریہ کا روزہ رکھتے تھے اور حضرت بلالؓ کو بھی اس روزہ کا حکم دیا ہے پس مولد بھی درست ہوا کیونکہ مولد سے آپ کی ولادت کی خوشی منظور ہوتی ہے **چوتھا** دعوی یہ ہے کہ حضرت موسی علیہ السلام عاشورہ کو روزہ رکھتے تھے کیونکہ حضرت موسیٰ کی نجات اور غرق فرعون کا یہی روز ہے آنحضرت بھی اس دن کو روزہ رکھتے تھے پس اس قصہ سے مولود بھی درست ہوا

ان دعاوی پر بحث

پہلے دعوے پر یہ بحث ہے کہ استدلال مولد کا ان آیات خمسہ سے غیر صحیح ہے لیکن پہلی دو آیتوں سے پس اسلئے کہ مراد نور سے ہدایت اور قرآن ہے بالفرض اگر نور سے آنحضرت ہی مراد ہوں تو بھی دلیل مولد نہیں ہو سکتی ہے کیونکہ مطلب اس تقدیر پر یہی ہوا کہ تمہارے پاس رسول آئے اور مجرد رسول کا آنا دلیل مولد کیونکر ہوئی وقس علیھما الایۃ الثالثۃ۔ لیکن آیت تعزروہ وتوقروہ سے پس اسلئے کہ اس آیت سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرتؐ کی مدد اور ادب کیجاوے آپ کی مدد یہی ہے کہ احیائے سنت اور اماتت بدعت کرے اور آپ کے ادب سے یہ مطلب ہے کہ آپ کی حدیث کو کسی احبار اور رہبان کے قول سے رد نہ کرے قال اللہ تعالی لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی نہ یہ معنے ہیں کہ آپ کو عین خدا ٹھہراوے اور آپ کی حدیثوں سے انکار کرے اور آپکا مولود کرے۔ بھلا اس آیت کو مولود سے کیا علاقہ اور نسبت ہے۔ علی ہذا القیاس آیۃ قل بفضل اللہ وبرحمتہ فبذلک فلیفرحوا سے بھی مولود نہیں ثابت ہوتا ہے اور بیشک

کہ آنحضرتؐ رحمۃ للعالمین ہین مگر آپ کے ساتھہ خوشی کرنے سے یہ مطلب نہین
ہے کہ آپکا مولود کرے - اگر اس آیت اور آیات سابقہ سے یہی طریقہ خوشی کا مراد
ہوتا تو صحابہ کرام اول آپکا مولود کرتے اور نیز آنحضرتؐ لوگونکو اسکا حکم فرماتے
اور نیز مجرد یہ خیال کہ آپ رحمۃ للعالمین ہین اور آپکا مرتبہ بہت بزرگ ہے
تو آپ کی ولادت باسعادت کا دن بھی بزرگ ہوگا - ان مقدمات سے آپکا مولود کرنا
نہین ثابت ہوتا ہے خدا تعالی کا فضیلت دینا آنحضرتؐ کو کسی امر کے ساتھہ کسی
زمان اور مکان مین اس امر کی دلیل نہین ہوسکتی ہے کہ ہم ہر سال اوسکو مثل
عید کے بناکر خوشی کرین تا وقتیکہ شارع سے اس خوشی کا حکم ارشاد نہو -
خدا تعالی نے آنحضرتؐ کو مختلف وقتونمین بہت سی فضیلتین عنایت کی ہین -
مگر ساتھہ اسکے آنحضرتؐ نے اون وقتون مین ہر سال خوشی کرنے کا حکم نہین دیا ہے
اور نہ کسی صحابی سے اون وقتون مین خوشی کرنا مروی ہے - دیکھو بخاری
مین یہ قصہ مروی ہے کہ ایک یہودی نے حضرت عمرؓ سے کہا کہ تم لوگ اپنی کتاب
مین ایک آیت پڑہتے ہو - اگر ہم گروہ یہود پر وہ آیت نازل ہوتی اور روز نزول کو
جانتے ہوتے تو ہم لوگ اوسکے لئے ایک عید کا روز مقرر کرتے حضرت عمرؓ
نے پوچھا کہ وہ کون آیت ہے اوس نے کہا کہ الیوم اکملت لکم دینکم باوجود
اسکے حضرت عمرؓ نے اور نہ کسی صحابہ نے اوس دن کو سال بسال عید کا دن مقرر کیا
اور حضرت عمر جانتے تھے کہ یہ آیت فلان دن اور فلان جگہہ نازل ہوئی تھی چنانچہ
آپنے فرمایا کہ یہ آیت نازل ہوئی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر عرفہ مین دن جمعہ کو
اور ہملوگ آپ کے ساتھہ واقف تھے یہ عادت یعنی پیغمبرون کے ایام مفضلہ کو

عید ٹھیرانا عادت اہل کتاب کی ہے ویؤید ھذا ما افادہ الحافظ ابن القیم فی
زاد المعاد فی بحث فضیلۃ لیلۃ الاسراء قال ولیس اذا اعطی اللہ نبیہ صلی
اللہ علیہ وسلم فضیلۃ فی مکان او زمان یجب ان یکون ذلک الزمان والمکان
افضل من جمیع الامکنۃ والازمنۃ ھذا ما قدرانہ قام دلیل علی ان انعام
اللہ تعالی علی نبیہ لیلۃ الاسراء کان اعظم من انعامہ علیہ بانزال القرآن
لیلۃ القدر وغیر ذلک من النعم التی انعم علیہ والکلام فی مثل ھذا یحتاج
الی علم بحقائق الامور ومقادیر النعم لا تعرف الا بوحی ولا یجوز لاحد ان
یتکلم فیھا بلا علم ولا یعرف عن احد من المسلمین انہ نقل للیلۃ الاسراء
فضیلۃ علی غیرھا لا سیما علی لیلۃ القدر ولا کان الصحابۃ والتابعون
باحسان یقصدون تخصیص لیلۃ الاسراء بامر من الامور ولا یذکرونھا
ولھذا لا یعرف ای لیلۃ کانت وانکان الاسراء من اعظم فضائلہ صلی اللہ
علیہ وسلم ومع ھذا فلم یشرع تخصیص ذلک الزمان ولا ذلک المکان
بعبادۃ شرعیۃ بل غار حراء الذی ابتدی فیہ بنزول الوحی وکان یتحراہ قبل
النبوۃ لم یقصدہ ھو ولا احد من اصحابہ بعد النبوۃ مدۃ مقامہ بمکۃ
ولا خص الیوم الذی انزل فیہ الوحی بعبادۃ ولا غیرھا ولا خص المکان الذی
ابتدی فیہ بالوحی ولا الزمان بشیء ومن خص الامکنۃ والازمنۃ من
عندہ بعبادات لاجل ھذا وامثالہ کان من جنس اھل الکتاب الذی جعلوا
زمان احوال المسیح مراسم وعبادات کیوم المیلاد ویوم التعمید وغیر
ذلک من احوالہ وقد رای عمر بن الخطاب جماعۃ یتبادرون مکانا یصلون فیہ

فقال ما هذا قالوا مکان صلی فیه رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال
اتریدون ان تتخذوا آثار انبیائکم مساجد انما هلك من کان قبلکم بهذا
فمن ادرکته فیه الصلاة فلیصل والا فلیمض انتهی - اس عبارت سے
مجلس مولد کی بیخکنی بخوبی ہوگئی امید ہے کہ اب مولودئے شراوٹھائینگے اور رحمۃ
آیۃ مین مطلق مذکور ہے تو مولودیون کو چاہیئے کہ اپنی اولاد کا بھی مولود کیا کرین
کیونکہ اولاد بھی خدا کی رحمت ہین علی ہذا القیاس ہزارون چیزین خدا کی رحمت ہین
پس چاہیئے کہ ہر رحمت کے مقابل ایک طریقہ خوشی کا نکالین - مولف رسالہ نے
مولود کو ان آیات سے نصی کہا ہے کیا مسئلہ نصی کی یہی تعریف ہے کہ وہ
مسئلہ نصوص متعددہ سے ثابت ہو اور کسی صحابہ و تابعین اور تبع تابعین
اور ائمہ مجتہدین سے اوسپر عمل نہ پایا گیا ہو اور ساتھ اسکے آنحضرتؐ نے
بھی کسیکو حکم نہ دیا ہو - واہ رے مسئلہ نصی اور واہ رے نص کے جاننے والے
ع بریں عقل و دانش بباید گریست ✤ غنیمت ہے کہ چند ہی آیت سے استدلال
مولود کیا گیا اگر سارے قران پاک کو دلیل مولود کہدیون تو کون روک سکتا ہے
دوسرے دعوے پر یہ بحث ہے کہ آیۃ فاذکر الله[1] قیاما وقعودا سے یہ
قیام کذائی نہین ثابت ہوتا ہے اس آیت سے اسیقدر ثابت ہوگا کہ آپکے
فضائل کا بیان قیاما وقعودا اور لیٹون طرح پر درست ہے جیسے طریقہ وعظ
و نصیحت کا ہے تخصیص قیام عین وقت بیان ولادت کیسے ثابت ہوئی اس
قیام مین یہ وجہ نہین ملحوظ ہے کہ عبادت قیاما بھی درست ہے اگر یہ وجہ
ملحوظ ہوتی تو مجلس مولد مین ابتدا سے آخر تک قیام کیا جاتا بلکہ ہر ایک عبادت مین

[1] قرآن مین فاذکروا الله ہے بلفظ الذین نہین ہے بلفظ یذکرون الله ہے

برابر قیام کیا جاتا اور اگر صرف اباحت قیام پر قناعت ہوتی تو احیانا اسکا تخلف بھی
وقت ذکر ولادت پایا جاتا مولف رسالہ کی یہ تقریر من قبیل یقولون بافواھھم
مالیس فی قلوبھم اہل موالید کے نزدیک اس قیام مین دو امر ملحوظ ہین بعضونکا
یہ خیال ہے کہ آپ کی روح پاک تشریف لاتی ہے اور بعضونکا یہ خیال نہین ہے
بلکہ وہ صرف بموافقۃ اخوان اوٹھ کھڑے ہوتے ہین یہ دونون امر ممنوع ہین اول کا
ممنوع ہونا تو ظاہر ہے کہ یہ اعتقاد باطل اور شرک ہے دوسرا امر بھی ممنوع ہے
کیونکہ یہ امر لغو ہوا اور السیا فعل افعال مجانین سے شمار کیا جاتا ہے اگر بعض اہل
موالید کا یہ بھی خیال ہے کہ یہ قیام بنظر تعظیم آنحضرتؐ کیا جاتا ہے تو اسمے یہ
گذارش ہے کہ اولاً تو قیام تعظیمی مین اختلاف ہی ہے - اور راجح یہی ہے کہ
بنص حدیث منہی عنہ اور رسم عجم ہے - بالفرض درست بھی ہو تو قیام تعظیمی کا
محل یہ ہے کہ وہ شخص جسکی تعظیم منظور ہے حاضر بھی ہو اور ظاہر ہے کہ محفل مولد مین
نہ آپ حاضر رہتے ہین اور نہ آپ کی روح پاک پھر تعظیم کس چیز کی کیجاتی ہے خاک
و پتھر کی اور اگر یہ خیال اہل موالید کا صحیح ہے تو اونکو اوس مجلس مین من اولہ الی آخرہ
قیام کرنا چاہیئے کیونکہ بالخصوص وقت ذکر ولادت باسعادت کے سرور عالمؐ کے
حاضر ہونے کی کوئی معنی نہین اور اگر اہل موالید کا یہ خیال ہے کہ آنحضرتؐ بالخصوص
وقت ذکر ولادت اوس مجلس مین حاضر ہوتے ہین اور جسطرح آپ ایکبار دنیا
مین وقت ولادت تشریف لاے تھے اوسیطرح پھر اوسوقت تشریف لاتے ہین جیساکہ
اون اشعار سے جو اہل موالید وقت ذکر ولادت باسعادت پڑہا کرتے ہین اور کچھہ
مولف نے بھی اونمین سے ص۱۱ مین نقل کیے ہین مثل آمد آمد سرور عالم کی ہے

عقبہ بن عامر نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے خبردار جو تم پاس اجنبی عورتونکے گئے ایک مرد انصاری نے کہا بھلا دیور کا کیا حکم ہے فرمایا موت ہے اسکو شیخین و ترمذی نے روایت کیا ہے ترمذی نے کہا اسکا مطلب دوسری حدیث مین یون آیا ہے کہ جب کوئی مرد اکیلا پاس کسی عورت کے بیٹھتا ہے تو تیسرا اونمین شیطان ہوتا ہے لفظ حدیث کا حمو ہے بفتح حا و تخفیف میم منذری نے کہا حمو کہتے ہین شوہر کے باپ بھائی چچا چچا کے بیٹے کو لیث بن سعد نے کہا یہان یہی مراد ہے بی بی کے باپ یا شوہر کے رشتہ دار کو بھی حمو کہتے ہین جب عورت کو اپنے سسر کے پاس اکیلا بیٹھنا درست نہین ہے تو پھر کسی اور اجنبی قریب کا کیا ذکر ہے عمر بن خطاب نے رسول خدا سے روایت کیا ہے لَا یَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَۃٍ اِلَّا کَانَ ثَالِثَھُمَا الشَّیْطَانُ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ جابر کی حدیث مین مرفوعاً آیا ہے متجا پاس اون عورتونکے جنکے شوہر غائب ہین شیطان خون کیطرح ہر ایک مین دوڑتا پھرتا ہے صحابہ نے کہا کیا آپکے اندر بھی اسیطرح چلتا پھرتا ہے فرمایا ہان لکن اللہ تعالے نے میری مدد کی ہے اوسپر سو وہ مسلمان ہوگیا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ دعاء نبوی مین آیا ہے کہ رسول خدا صلعم نے پناہ مانگی ہے شر سے منی کی **فائدہ** آسودہ عورتین ہرگز اس مسئلے پر عمل نہین کرتین اپنے یا شوہر کے قریب کیسے جتنے چیلے چاپڑ نوکر چاکر دھوبی بھنگی بہشتی نائی بہوئی حشم خدم ہین انسے کسی طرح کا پردہ نہین ہوتا اکیلے دوکیلے سبطرح یکجا اوٹھنا بیٹھنا رہتا ہے حالانکہ یہہ کام مرنے سے بدتر ہے مرجاوے تو بہتر مگر یہہ کام نکرے اسطرح کا آنا جانا گناہ کبیرہ ہے مگر کون مانتا ہے نہ مانو لکن پھر دعوی مسلمانی کا بھی نکرو اپنا وہ دین بتاؤ جس دین مین پردہ نہین ہے جیسے ہندو عیسائی یہودی پارسی

ع نہین ہے کوئی مرد اجنبی جسکا نہ ہو ساتھ
عورت کے کہ ان دونون کا
شیطان نہ ہو ہمراہ
اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے ۱۲

ع اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے ۱۲

وغیرہم حدیث مین عورتون کو مشابہت مرد سے منع کیا ہے ایسی عورتونکو ملعون ٹھہرایا ہے
پردہ نکرنا عورت کا مشابہت ہے مرد سے حدیث ابن عباس مین مرفوعاً صریح نہی آئی ہے
اِس بات سے کہ کوئی آدمی کسی عورت کے پاس بیٹھے مگر ہمراہ اوسکے محرم کے اسکو
بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے مراد اوسکا بیٹھنا ہے جس سے پردہ نہین جس سے پردہ ہے
اوسکے پاس کسیطرح پر بھی بیٹھنا درست نہین ہے اِسی لئے اُنکی حدیث مین جو نزدیک طبرانی
کے ہے یہہ لفظ آیا ہے کہ جسکو خدا پر ایمان روز آخرت پر یقین ہے وہ کسی عورت سے
اسطرح پر تخلیہ نکرے کہ اسکے اور اوسکے بیچ مین کوئی محرم موجود نہو معقل بن یسار کہتے
ہین رسول خدا نے فرمایا ہے کسی کے سر مین لوہے کی سوئی چبھونا اس سے بہتر ہے کہ وہ
غیر حلال عورت کو چھوئے رواہ الطبرانی والبیہقی طبرانی کے رجال سند مثل رجال
صحیح کے ہین ابی امامہ کی حدیث مرفوع مین یون آیا ہے خبردار جو تو اکیلا پاس کسی عورت
کے بیٹھا قسم ہے خدا کی جب کوئی مرد کسی عورت سے تخلیہ کرتا ہے تو شیطان درمیان اون
دونون کے گھس آتا ہے کیچڑ بھرے سور سے بدن کا لگ جانا بہتر ہے اِس سے کہ اسکا
کندھا کسی ایسی عورت کے کندھے سے لگ جاوے جو کہ اسپر حلال نہین ہے رواہ الطبرانی
یہہ حدیث غریب ہے گویا غیر عورت برابر کیچڑ بھرے سور کے ہے **فائدہ** رسول خدا
صلعم مسجد مین بیٹھے تھے ایک عورت مزینہ کی اچھی بنی سنوری آئی فرمایا ای
لوگو اپنی عورتون کو منع کرو کہ زینت و ناز سے مسجد مین نہ آیا کرین بنی اسرائیل پر جب ہی
لعنت ہوئی کہ اونکی عورتین اچھا لباس پہنکر اتراتی ہوئی مسجد و نمین آئین رواہ ابن
ماجۃ یہہ اِس لئے ہوا کہ اِنھون نے اونکو منع نہ کیا چپ ہو رہے خدا نے اُنپر لعنت کی
اسامہ بن زید نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے نہین چھوڑا مینے کوئی فتنہ زیادہ مضر
مردونپر عورتون سے متفق علیہ یہہ حدیث گویا معجزہ ہے جناب رسالت کا امراء و رؤسا
و ملوک و سلاطین کے حال سے جو کوئی واقف ہے وہ یہہ بات خوب جانتا ہے کہ جہان بھر سے

۵۱ اس حدیث کو طبرانی اور بیہقی نے روایت کیا ہے ۱۲

۵۲ اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا ہے

۵۳ اس حدیث کو ابن ماجہ نے روایت کیا ہے

۵۴ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے

زیادہ یہہ فتنہ انہیں کے گھر مین رہا کرتا ہے مرد اسمین کچھ دخل نہین کہ محل مکانات مین

دیوانگی و مستی از بوے تو خیزد	ہر فتنہ کہ می خیزد از کوے تو می خیزد

اسکو جانے دو کہ جو عورت پسند آوے اسکو اوسکے ماں باپ سے بے نکاح گھر مین ڈال لیا چاہئے جنانچہ یا سرے سے نکاح کرنے کی رسم ہی نہین ہی یہہ تو غضب ہے خدا دیکھو کہ جو محرمات ہین جیسے سوتیلی ماں یا بہو یا بہن یا سالی اونمین بھی تصرف و دخل کرنے لگتے ہین عورت کے پیچھے نوبت کشت و خون کی آتی ہے جان بھی گئی ایمان بھی گیا جسکے پاس صدہا عورتین ہین وہان ہنگامہ فسق و فجور کا سبب زیادہ گرم رہتا ہے گھر کے پیچھے چار دن سے کام نکل جاتا ہے یہہ حضرت دیوث بنے بیٹھے رہتے ہین یا تو خبر ہی نہین ہوتی یا معلوم ہی نہین ہونے دیتے یا بی بی صاحبہ نے اتنا اکھوڑ بار کہا ہے کہ کسی بات پر دم نہین مار سکتے تمہین کہو کہ اس سے زیادہ اور کیا فتنہ ہوگا جہنم مین جانے کیواسطے ایک ہی عورت بد کا گھر مین ہونا کافی ہے ثابت کسی اور گناہ کی نہین تب جب یہہ مرد بسبب عورت کے لائق جہنم ٹھہرے تو سمجھو کہ وہ عورت تو ضرور ہی ہمنشین جہنم ہوگی اسی لئے حدیث ابی سعید خدری مین مرفوعاً آیا ہے کہ دنیا سے پہلا فتنہ بنی اسرائیل کا انہین عورتون سے ہوا ہے رواہ مسلمؒ بنی اسرائیل مین ایک مرد تھا اوسکے چچیرے بھائی نے کہا کہ تو اپنی بیٹی مجھکو دے اوسنے نہ مانا اس نے اوس شخص کو مار ڈالا تاکہ اوسکی بیٹی یا اوسکی جورو سے نکاح کرے سورۂ مائدہ کا قصہ اسی مقدمہ مین اوترا ہے رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جو اوسنون نے کیا ہے وہی کام تم بھی کروگے سو یہہ کام ہر زمانہ مین آج کل کہلم کہلا بڑی دھوم دھام سے گھر گھر خانہ بخانہ ہوتا ہے نامحرم عورتون کے بیٹونکی ہر گھر مین آمد و شد ہے ناچ رنگ کے سوا یہ ہی آشنائی بھی ایک بڑے ثواب کا کام ٹھہرا ہے عاقبت درست نہ ہو تو اور کیا ہو ؎

فصل بیان مین عورت نیک و عورت بد کے

اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے

حدیث سعد بن وقاص مین آیا ہے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے تین چیزین ہین سعادت
بنی آدم کی اور تین اوسکی بدبختی کی سعادت تو یہہ ہے کہ عورت گہر سواری بہتر و نیک ملے بدبختی
یہہ ہے کہ عورت و گہر و مرکب بد ہو اسکو امام احمد نے باسناد صحیح اور طبرانی و بزار و حاکم نے
بسند صحیح اور ابن حبان نے اپنی صحیح مین کچہہ زیادہ کرکے روایت کیا ہے دوسری حدیث
مین سعد سے مرفوعاً یون آیا ہے کہ تین باتین نیک بختی کی ہین ایک عورت جسکو تو دیکہکر خوش
ہو جب تو باہر جاوے تو اوسکی طرف سے امن مین ہو اور تین باتین بدبختی کی ہین ایک عورت
جسکو تو دیکہکر ناخوش ہو وہ تجہہ سے زبان درازی کرے جب تو غائب ہو تو تجہکو اور سپھر دے
نہو سکے[۱] اور تو اسکا کہ معلوم ہوا کہ عورت کا باعصمت و عفت ہونا مرد کی سعادتمندی ہے بی بی کا
بدزبان بدکار ہونا مرد کی بدبختی ہے ابن عمر نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے نحوست تین
چیز مین ہے عورت مین گہر مین گہوڑے مین[۲] متفق علیہ عورت کی نحوست یہہ ہے کہ پانچ
زیادہ مہر مین آئے بدخلق بدزبان پھوہڑ ہو شوہر کو ستائے اوسکی اطاعت خدمت نکرے
بے وقار رہے جسکے پاس ایسی عورت ہے سمجہو اوسکا گہر ابھی سے دوزخ ہے آسودہ عورتون
مین غالباً یہہ سب وصف یکجا جمع ہوتے ہین یہہ تو بچارا بدبخت ہوا سو ہوا مگر وہ نیکبخت بھی
یہان یا وہان انجام اس کام کا دیکھہ ہی لیتی ہے یہہ کب ہو سکتا ہے کہ اسکا صبر اوسکا جبر
بے جزا سزا رہیگا ومن[۳] یعمل مثقال ذرۃ شراً یرہ یعنی ذرہ برابر بدی بھی آنکھون کے
سامنے آویگی **فائدہ** ابن عمرو کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے دنیا برتاو ہے
اچھی متاع دنیا کی نیک عورت ہے اسکو مسلم نسائی نے روایت کیا ہے ابن ماجہ کا لفظ
یون ہے دنیا متاع ہے دنیا کی متاع مین کوئی شئے بہتر نیک عورت سے نہین ہے دوسری روایت
مین تفسیر اس نیکی کی یہہ آئی ہے کہ وہ عورت اپنے شوہر کو آخرت کے کام مین مدد دیتی ہے
ذکر کا مذکور[۴] اب تو اس مدد کی جگہہ یہہ ٹھہری ہے کہ جو رسم فسق و بدعت ہم کرین اوسمین
تم بھی شریک ہو تم ان رسوم شادی و لہو و لعب مین ہمارے مددگار شریک دربار و بازار

---

۱ اس حدیث کو حاکم نے روایت کیا ہے ۱۲

۲ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲ سورہ زلزال رکوع ۱۶ پارہ ۳۰ ۳

۴ اس حدیث کو دارقطنی نے روایت کیا ہے ۱۲

رہا کرو ورنہ تم کوڑی کام کے نہین ہو پڑے ہوے تو کیا ہوا پھر شوہر نے اگر یہہ کام کیا تو خیر
ورنہ ساری خوبیان اوسکی برباد و بے بنیاد ہو جاتی ہین ابی امامہ نے رسول خدا صلعم سے
روایت کیا ہے کہ بعد خدا سے ڈرنے کے کوئی چیز مومن کے ہاتھ بہتر زوجہ صالحہ سے نہین
لگتی اگر اوس عورت کو یہہ کوئی حکم دیتا ہے تو وہ اوسکی اطاعت کرتی ہے اگر اوسکی طرف
دیکھتا ہے تو اوسکو خوش کرتی ہے اگر اوسکو قسم دیتا ہے تو اوسکو سچا بناتی ہے اگر کہین چلا جاتا
ہے تو اپنی جان کو نگاہ رکھتی ہے اوسکی چیز مین اوسکی خیر خواہ رہتی ہے رواہ ابن ماجۃ
عن علی حبس بی بی مین یہہ چارون باتین ہین وہ بی بی صالحہ ہے ورنہ بدبختی تو پہلے ہی سے
شوہر کے نصیب مین لکھہ گئی ہے تم کیا کروہم کیا کرین اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بی بی کو
اطاعت شوہر کی واجب ہے شوہر کو خوش رکھنا اوس کے پیچھے پاکدامن رہنا لازم ہے جب
تو یہہ نیکبخت ٹھہرگی ورنہ بدبخت ہے حدیث ابن عباس مین منجملہ خیر دارین کے ایک ایسی بی بی
کو بھی گنا ہے جو اپنے نفس مین گناہ نہین کرتی یعنی ارادہ بدکاری سے باز رہتی ہے
اسکو طبرانی نے بسند جید کبیر و اوسط مین مرفوعاً روایت کیا ہے حدیث ثوبان مین مرفوعاً
زوجہ مومنہ کو جو ایمان کے کام مین مددگار شوہر ہو بہتر مال فرمایا ہے رواہ ابن ماجۃ
ترمذی نے کہا یہہ حدیث حسن ہے یہہ بہتر مال اکثر غریب مسلمانون ہی کے ہاتھ لگتا ہے
نہ مالدار عورتون کے شوہرونکو آسودہ عورتین تو فسق و کفر پر مدد کرتی ہین انکو ایمان
سے کیا کام یہہ ایمان کو کیا جانین انکا ایمان انکی شرمگاہ ہے جب تک عمل سفلی چلتا ہے خوش
ہین ورنہ شوہر کی صورت سے بیزار ہین ہر بات پر اوس بیچارے سے خواہی نخواہی حجت
و تکرار ہے نعوذ باللہ من غضب اللہ انس کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جسکو
خدا نے نیک بی بی دی اوسکو آدھے دین پر مدد کی اب اوسکو چاہیئے کہ آدھے دین باقی
مین خدا سے ڈرتا رہے اسکو طبرانی نے اوسط مین روایت کیا ہے حاکم نے کہا صحیح الاسناد ہے
بیہقی کا لفظ یہہ ہے جب آدمی نے بیاہ کر لیا آدھا دین پورا کیا اب باقی آدھے مین خدا سے

ع اس حدیث کو ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے

ع اس حدیث کو ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے

ع ابن ماجہ نے بھی اسکے ساتھ ایسا ہی روایت کیا ہے

ڈرسے یہہ آدہا دین بیاہ کرنے سے جب ہی پورا ہوتا ہے کہ نیک عورت ہاتھ لگے ورنہ آدہا کیا
وہ تو سارا ایمان چھین لیتی ہے شیطان کیطرح اکیلا آگ مین جانا اپنا پسند نہین کرتی اسکو
بھی طوعاً وکرہاً کندۂ دوزخ بنانا چاہتی ہے حدیث ابی ہریرہ مین آیا ہے کہ جو شخص عفت
کے لئے نکاح کرتا ہے اللہ پر اوسکا مدد کرنا لازم ہے اسکو ترمذی نے مرفوعاً روایت کیا ہے
حسن صحیح کہا ہے ۴ وَرَوَاہُ ابْنُ حِبَّانَ فِیْ صَحِیْحِہٖ وَالْحَاکِمُ وَقَالَ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ **فائدہ** ۲
ابی نجیح نے کہا رسول خدا نے فرمایا ہے جو شخص نکاح کرسکتا ہو پھر وہ نکاح نکرے تو ہم مین سے
نہین ۵ وَرَوَاہُ الطَّبْرَانِیُّ بِاِسْنَادٍ حَسَنٍ وَالْبَیْہَقِیُّ مُرْسَلًا حدیث انس بن مالک مین بذیل
ایک قصے کے یون آیا ہے کہ مین نکاح کرتا ہون جو میری سنت سے بیزار ہو وہ مجھ سے نہین ہے
۶ وَرَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَاللَّفْظُ لَہٗ وَمُسْلِمٌ وَغَیْرُھُمَا نکاح کی تاکید تحسین اسلئے ہے کہ جب نکاح نکریگا
تو حرام کرتا پھریگا جب حرام کیا لائق تازیانہ ہوا مرتکب کبیرہ ٹھہرا اس سے یہی بہتر ہے کہ نکاح
کرلے کہین گناہ سے تو بچے یہان تو رسول خدا صلعم یون فرماتے ہین بے غیرت بیحیا لوگ
نکاح کے بعد بھی حرام سے نہین بچتے ہزارون بار مستحق رجم ٹھہرتے ہین حکومت اسلام باقی نہین ہے
کہ رجم کیا جاوے دیکھو دین سے کسقدر دوری ہوگئی ہے عثمان بن مظعون نے جب
ترک نکاح کیا تو رسول خدا صلعم نے انکار فرمایا یہہ مضمون حدیث متفق علیہ مین آیا ہے یہان
جو کوئی طاقت نکاح کی نرکھتا ہو تو وہ روزہ رکھے کیونکہ حدیث متفق علیہ ابن مسعود مین
مرفوعاً وارد ہوا ہے کہ اے گروہ جوانون کے جسکو تم مین طاقت جماع یا گھرداری کی ہو وہ
بیاہ کرلے کہ اسمین آنکھ کا بڑا بچاؤ ستر کی بڑی چوکسی ہے ورنہ روزہ رکھو کہ یہہ خصی ہونا ہے
۷ وَرَوَاہُ ابُوْدَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ اَیْضًا پھر فرمایا جو کوئی یہہ چاہے کہ اللہ تعالے
سے پاک صاف ہوکر ملے تو وہ آزاد عورتون سے بیاہ کرے ۸ وَرَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ عَنْ اَنَسٍ
یعنی لونڈی باندی سے بچے حدیث ابی ایوب مین نکاح کرنیکو سنت مرسلین سے گنا ہی
۹ وَرَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ پھر فرمایا بڑی برکت کا نکاح وہ ہے جسکا بوجھ کم ہے

۱ اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی صحیح مین روایت کیا ہے اور حاکم نے بھی اور کہا کہ حدیث صحیح ہے مسلم کی شرط پر
۲ اس حدیث کو طبرانی نے حسن اسناد سے روایت کیا ہے اور بیہقی نے مرسل
۳ اور اس حدیث کو ابوداؤد اور ترمذی و نسائی نے بھی روایت کیا ہے
۴ اس حدیث کو ابن ماجہ نے انس سے روایت کیا ہے
۵ اس حدیث کو ترمذی نے غریب کہا ہے اور کہا کہ حدیث ضعیف ہے ۱۲

رواہ البیہقی عن عائشۃ فی شعب الایمان ۔

فصل اس بیان مین کہ بہتر عورت کون ہوتی ہے

ابو ہریرہ کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے اون عورتون مین جو اونٹ پر سوار ہوتی ہین بہتر نیک عورتین قریش کی ہین بڑی شفیق ہین بچہ پر اوسکے بچپن مین بڑی نگاہبان ہین شوہر کے مال کی یہہ حدیث متفق علیہ ہے اسمین مستورات قریش کی تعریف ہے کہ یہہ حق مین شوہر اور اولاد دونون کے بہتر ہین اونٹ کی سواری کا ذکر اسلئے فرمایا ہے کہ عرب مین یہی ایک سواری سب مرد وزن کے لئے تھی حدیث سالم بن عقبہ مین مرفوعاً آیا ہے تم بیاہ کیا کرو کنواریون سے کیونکہ انکے مونہہ بہت میٹھے انکے رحم بہت صاف ہین یہہ تھوڑی سی چیز پر زیادہ راضی ہوجاتی ہین رواہ ابن ماجۃ مرسلاً اس حدیث مین تعریف ہے کواری بی بی کی اسکے مونہہ و رحم کو اچھا بتایا اسکو کم طمع ظاہر کیا جابر سے پوچھا تونے کواری سے نکاح کیا ہے یا بیاہی سے انہون نے کہا بیاہی سے فرمایا بہلا کواری سے کیون نکاح نکیا وہ تجھہ سے کھیلتی تو اوس سے کھیلتا متفق علیہ کھیلنے سے یہہ مراد ہے کہ آپسمین جائز ہنسی دل لگی ہو نہ یہہ کہ کھیل تماشے میلے ٹھیلے کی سیر باغون کا گشت بازارون کا چکر بگھیون شکرمون وغیرہ کی سواری رہا کرے سب طرف تاک جھانک ہو آنحضرت صلعم کی بی بیون مین سواے عائشہ رضی اللہ عنہا کے کوئی بی بی کواری نتھی قرآن شریف مین ذکر بیاہیون کا اول کواریون کا بعد مین کیا ہے ابو ہریرہ کہتے ہین رسول خدا صلعم سے پوچھا کون سی عورتین اچھی ہین فرمایا وہ عورت جب شوہر اوسکی طرف دیکھے تو وہ اوسکو خوش کرے جب اوسے کچھہ حکم دے تو وہ اوسکا حکم اوٹھاوے شوہر کی مخالفت اپنی جان مال مین نکرے جس سے وہ ناخوش ہو رواہ النسائی والبیہقی فی شعب الایمان یعنی ایسی بی بی اچھی ہے جو شوہر سے کشادہ پیشانی رہے ہنسی خوشی

۱ اس حدیث کو بیہقی نے شعب الایمان مین روایت کیا ہے

۲ اس حدیث کو ابن ماجہ نے مرسلاً روایت کیا ہے

۳ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے

۴ اس حدیث کو بیہقی نے بھی اپنی شعب الایمان مین روایت کیا ہے

بشاشت خندہ روئی سے سامنے آوے نہ وہ جو خاوند کو دیکھکر ناک بھون چڑھالے سلام
نہ لے بات کا جواب نہ دے بشاشت سے نہ بولے نافرمان ہووہ تو کچھ سکھے یہہ کچھ اور ہی سکھے
سنے وہ بلاوے تو اوسکے پاس نجاوے اپنی جان کو اوس سے بچاوے ملنے سے انکار
کرے پاس بیٹھنے سے اختلاط کرنے سے بھاگے یا محتاج شوہر کو اپنا مال نہ دے بخل کرے کہ
ایسی عورتین بری ہوتی ہین اس زمانے مین اکثر عورتین اسی قسم کی ہین کہو اوس شوہر
کا جی کیا خاک خوش رہیگا جسکی بی بی پاس نہ بیٹھے اختلاط سے بھاگے ۵

اس نزاکت کا برا ہو کہ بھلے ہین تو کیا	ہاتھ آئین تو اوہین ہاتھ لگائی نہ بنے

فائدہ معقل بن یسار نے کہا رسول خدا صللعم کے پاس ایک آدمی آیا اوس نے کہا
مجھے ایک عورت ملی ہے حسب منصب جمال والی مگر صنتی نہین ہے مین اوس سے نکاح کرلون
آپ نے منع کیا پھر دوبارہ آیا پھر وہی فرمایا پھر سہ بارہ آیا کہا نکاح کرو وہ بہت رکھنے والی
جننے والی ہے مین بڑھا چاہتا ہون تمہاری سات اور اُمتون پر اسکو ابوداود و نسائی
نے روایت کیا ہے یہہ لفظ حاکم کا ہے حاکم نے اسکو صحیح الاسناد کہا ہے معلوم ہوا کہ مجرد
حسب جمال ومال کے اوپر کرنا کچھہ نہین ہے غرض نکاح سے عفت و اولاد ہے جب یہہ بات
حاصل نہوئی تو نزاخط نفس باقی رہا یہہ خلاف مقصود اسلام ہے ابو سعید خدری کہتے
ہین رسول خدا صللعم نے فرمایا ہے عورت سے کسی ایک خصلت کے لئے نکاح کیا جاتا ہے
جمال مال خلق و دین تجھکو لازم ہے کہ دین و خلق والی عورت سے نکاح کر خاک میں داہنا
ہاتھہ تیرا اسکو احمد نے باسناد صحیح و بزار و ابو یعلی و ابن حبان نے اپنی صحیح مین روایت
کیا ہے یعنی لوگ عورت مین یہی دو چار باتین دیکھتے ہین سو ان چارون باتون مین
دیندار خوش اخلاق ہونا عورت کا اچھا ہے اگر اسکا خیال نکیا تو خاک پڑے کچھہ نہوا ابو ہریرہ
نکاح کے لئے مال دیکھتے تھے انصاری جمال دیکھتے ہین اسلام مین اعتبار دین کا ہی ابو ہریرہ
کی حدیث مین مرفوعاً یون آیا ہے نکاح کیجاتی ہے عورت چار سبب سے مال کیلئے حسب کیلئے

جمال کے لئے دین کے لئے سو تو دین والی سے نکاح کر مٹی پڑے تیرے دونون ہاتھون
یعنی اگر تو نے دیندار کو چھوڑا یہہ حدیث متفق علیہ ہے اسکو شیخین و ابوداؤد و نسائی و ابن
ماجہ نے روایت کیا ہے یہہ لفظ کہ تیرے ہاتھ خاک آلودہ ہون اسکے معنی یہہ ہین رغبت
دلانا دیندار عورت پر یا بددعا ہے کہ تو فقیر محتاج ہو جاوے یا تیرا فقیر ہونا اس تونگری سے
بہتر ہے یا تو ذلیل و ہلاک ہو جاوے یا انکار و تعجب ہے کہ باوجود مسلمان ہونے کے تو کیون
عورت دیندار کو چھوڑ کر مال جمال و حسب پر گرتا ہے حسب اسکو کہتے ہین کہ عورت بڑے گھر کی
ہو جیسے مثلاً کسی امیر رئیس بادشاہ امام عالم کی بیٹی ہو جمال کہتے ہین خوبصورتی کو مال سے
مراد یہہ ہے کہ عورت آسودہ مالدار ہو تحفۃ الاخیار ترجمہ مشارق الانوار مین لکھا ہے
دستور ہے کہ عورت کے نکاح کی رغبت انہین چار چیزونکے سبب سے ہوتی ہے سو فرمایا
کہ تو دیندار نیکبخت عورت کو سب پر مقدم رکھ زندگی آرام سے بسر ہوگی مال حسب نسب خوبصورتی
پر نظر نکر کہ اکثر وہ کا ہوتا ہے اوسکی بدخوئی کے سبب سے زندگی تلخ ہو جاتی ہے اور اگر
دینداری کے ساتھ مال نسب جمال بھی ہو تو سبحان اللہ نور علی نور ہے انتہی غرضکہ جو کوئی
مرد عورت کی دینداری نہین دیکھتا فقط مال کا لالچ حسن صورت کی طمع حسب کا خیال کرتا
ہے تو وہ آخر کو ذلیل و خوار ہوتا ہے ایسے نکاح مین برکت نہین ہوتی بلکہ اوسکے دین مین
بگاڑ پڑ جاتا ہے اسلئے حدیث انس مین آیا ہے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جس نے
بیاہ کیا کسی عورت سے اوسکی عزت دیکھکر اللہ تعالے اوسکی ذلت بڑہاویگا جس نے مال
دیکھکر کیا اوسکو محتاج کر دیگا جسنے حسب دیکھکر کیا اوسکا کمینہ پن زیادہ ہوگا ہان جس نے
اس لئے کیا کہ آنکھہ کو بچاوے ستر کو روکے صلۂ رحم کرے تو اللہ اوس مرد و عورت مین برکت
دیگا رواہ الطبرانی فی الاوسط یہہ بات اور ہے کہ کوئی حسب یا مال یا جمال والی کسی
مرد سے خود نکاح کر لے کہ اسمین مرد بے قصور ہے مرد کو نہ چاہیے کہ وہ آپ سے ایسی جگہہ پھسل
پڑے اسلئے حدیث مین آیا ہے کہ اون سات شخصون مین جنکو قیامت کے دن عرش کے

نیچے سایہ ملیگا ایک وہ آدمی ہے جسکو کسی منصب وجمال والی عورت نے اپنی طرف بلایا وہ
اللہ کے ڈر سے اوس سے خلا ابن عمر نے کہا رسول خدا صللعم فرماتے ہین بیاہ نہ کرو
عورتون سے اونکے حسن کے لئے قریب ہے کہ یہہ حسن اونکو ہلاک کردیگا اور نہ مال کے لئے
نزدیک ہے کہ یہہ مال اونکو بہکا دیگا ہان بیاہ کرو دین پر کالی نکٹی یا کان کٹی لونڈی دیندار
بہتر ہے یعنی حسین مالدار آزاد سے اسکو ابن ماجہ نے روایت کیا ہے ہلاکی حسن مین
یہہ ہے کہ حسین عورت کے گاہک بہت ہوتے ہین کوئی اپنا عشق ظاہر کرتا ہے کوئی کسی اور
طرح سے لگا لگاتا ہے کوئی مال یا قوت باہ کا لالچ دیتا ہے وہ بھی اپنے حسن کی قدر دانی
کراتی ہے اسکا انجام ہلاک ہے پھر اگر دو چار رقیب ہین تو تلوار بھی چل جاتی ہے کبھی یہہ
خود کبھی اسکے آشنا مارے جاتے ہین دین دنیا دونون برباد بڑی بربادی دین کی اس
امت مین اسی مال وجمال کے ہاتھ سے ہوئی ہے یہہ فتنہ سب فتنون سے زیادہ ہے
فائدہ ۱ جس طرح عورت مین تین امر کا لحاظ ہے ایک یہہ کہ کواری بہتر ہے بیاہی سے
دوسرے یہہ کہ جننے والی ہو تیسرے یہہ کہ دیندار ہو اسیطرح مرد مین بھی اسی دین وخلق کا
اعتبار کیا گیا ہے حسن ومال کا اعتبار نہین رکھا گیا ہے اگر مرد مالدار بدخلق ہو تو کس
کام کا ہے کچھہ اسکا مال سارا عورت کو نہین مل سکتا بدخلق ہے تو عورت عذاب مین
رہیگی دیندار ہوگا تو ساری حقوق شرعی ادا کریگا بی بی چین سے بسر کریگی مراد دینداری
مرد وزن سے یہہ ہے کہ موحد متبع نمازی خدا ترس ہو کبائر سے محفوظ ہو قرآن پڑہا ہو
مسئلہ مسائل سے حرام حلال سے آگاہ ہو رسوم شرک وبدعت اوسکے گھر مین نہوتے ہون
احکام دین پر حتی الامکان قائم ہو ابوہریرہ نے کہا رسول خدا صللعم نے فرمایا ہے جب
بیٹی مانگے تم سے ایسا شخص جسکے دین وخلق کو تم پسند کرتے ہو تو اوس سے بیاہ کردو
تم اگر یہہ کام نکروگے تو زمین مین فتنہ ہوگا لنبا چوڑا فساد اوٹھیگا رواہ الترمذی
یعنی جب دیندار کو بیٹی ندی حسب مال جمال ڈہونڈہا تو اکثر لڑکیان بے شوہر اکثر مرد

۱ اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے ۱۲

بے عورت رہ جاوینگے زنا پھیلے گا فتنہ اوٹھیگا فساد پڑیگا چنانچہ ایسا ہی ہوا اور ہوتا ہے
یہہ حدیث گویا معجزہ ہے رسول خدا صللعم کا اس حدیث مین رسول خدا صللعم نے اعتبار نسب
کا نہین کیا ہے دین و خلق کا اعتبار فرمایا ہے کفاءت کے لئے فقط اسلام کافی ہے حسب
کے لئے خلق یعنی علم و فضل وافی شافی ہے نسب ہوا دین نہوا تو دین دنیا دونون خراب ہے
اہل قصبات مین فقط نسب دیکہا جاتا ہے سید سوا سید کے شیخ سوا شیخ کے پٹہان
سوا پٹہان کے مغل سوا مغل کے دوسرے سے کیسا ہی افضل کیون نہو تا رشتہ نہین لگتا
حالانکہ اگر کفو کا اعتبار بھی کیا جاوے تو یہہ اعتبار اوس جگہہ ہے کہ اپنے نسب سے نسب شوہر
یا بی بی کا کم نہو اگر بہتر ہو تو پھر کون مانع ہے ✦

فصل بیان مین عورتونکی مذمت کے

جابر نے کہا رسول خدا صللعم نے فرمایا ہے عورت کا آنا جانا شیطان کی صورت مین ہوتا
ہے تمکو جب کوئی عورت اچہی بہلی معلوم ہو دلکو بہاوے تو تم اپنی عورت کے پاس جاکر صحبت
کرو اس سے وہ وسوسہ جو دل مین تھا جاتا رہیگا رواہ مسلم یعنی شیطان کا سامنے آنا
اور عورت کا روبرو ہونا دونون برابر ہین پھر وسوسۂ شیطانی کا کیا عمدہ علاج بتایا کہ اپنی
بی بی سے صحبت کرلے اس سے وہ خیال فاسد جو اوس عورت کیطرف ہوا تہا
دور ہو جاویگا اسلئے کہ اسکے پاس بھی تو وہی چیز ہے جو اوسکے پاس ہے یہہ واقعہ خود
رسول خدا صللعم پر بھی گزر چکا ہے ابن مسعود نے کہا حضرت صللعم نے ایک عورت کو دیکہا
وہانکو اچہی معلوم ہوئی سودہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے یہہ کچہہ خوشبو بنا رہی تھین
اسکے پاس اور بی بیان بھی بیٹہی تھین حضرت نے انکو اکیلا کرکے صحبت کی پھر فرمایا جو کوئی
مرد کسی عورت کو دیکہے پھر وہ عورت اوسکو پسند آوے تو اپنی بی بی کے پاس جاوے فان معہا
مثل الذی معہا اسکو دارمی نے روایت کیا ہے یعنی عورت حسین ہو یا بدصورت

(۱) اس حدیث کو مسلم نے بھی روایت کیا ہے ۱۲
(۲) اس حدیث کو ترمذی نے بھی روایت کیا ہے ۱۲

دونون کے پاس ایک ہی سی چیز ایک ہی لذت ہے اس حدیث مین اگرچہ ذکر مرد کا ہے مگر عورت کے لئے بھی یہی حکم ہے کہ جب کوئی مرد اجنبی اوسکو اچھا معلوم ہو تو وہ اپنے شوہر کے پاس آکر صحبت کرے وسوسہ مذکور جاتا رہیگا اس لئے کہ جو چیز پاس اوس مرد کے ہے وہی چیز پاس اوسکے شوہر کے ہے پھر گناہ مین کرنے کی کیا ضرورت اوس سے اور کیا زیادہ مزا حاصل ہوگا جو شوہر سے نہین حاصل ہو سکتا ہے مگر مردون کی نسبت عورتین ایسے گناہون مین اپنی آنکھ سے یا دوسرون کے بہکانے سے زیادہ تر پھنس جاتی ہین ابن مسعود کہتے ہین آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے عورت ستر ہے جب باہر نکلتی ہے شیطان اوسکی طرف دیکھتا ہے رواہ الترمذی مطلب یہہ کہ عورت کے دیکھنے تاکنے جھانکنے والے حکم شیطان کا رکھتے ہین اسیطرح جو عورت طرف مرد کے بری نگاہ کرے وہ شیطانی ہے عورتون کو مردون کے سامنے آنے سے اسلئے منع کیا ہے کہ مبادا یہہ کسی مرد کو پسند کرین ہلاکت مین پڑین ام سلمہ نے کہا مین نزدیک رسول خدا صلعم کے بیٹھی تھی وہان میمونہ بھی تھین اتنے مین ابن ام مکتوم آئے آپ نے فرمایا چھپ جاؤ مین نے کہا کیا یہہ اندھے نہین ہین انکو کچھہ سوجھتا ہے فرمایا تم دونون تو اندھی نہین ہو تمہین تو سوجھتا ہے رواہ احمد والترمذی وابوداود معلوم ہوا کہ عورت کو اجنبی مرد کے سامنے آنا کسیطرح درست نہین ہے گو وہ مرد اندھا ہی کیون نہو اب تو آسودہ عورتین بلکہ جاہل غریب عورتین بھی اکثر غیر محرم کے سامنے آتی ہین جو انہین بھی نہین ہین سو درحقیقت یہہ انکا پردہ نہین ہے انکا حکم اوسی بے پردہ عورتون کا حکم یکسان ہے گناہ مین دونون برابر ہین مرد اجنبی کیسا عورت اجنبی کے سامنے بھی عورت کو آنا جانا درست نہین ہے مخنث کا بھی یہی حکم ہے کہ وہ گھر مین نزدیک مستورات کے نشست و برخاست نکرے اوس سے بھی عورت کو پردہ کرنا ضرور ہے حدیث ام سلمہ مین آیا ہے کہ رسول خدا صلعم انکے پاس بیٹھے تھے گھر مین ایک مخنث عبداللہ بن امیہ برادر ام سلمہ سے کہہ رہا تھا اگر کل اللہ نے طائف کو تمہارے لئے فتح کر دیا تو تمہین دختر غیلان کو بتاؤنگا وہ جب

۱ اس حدیث کو ترمذی مطلق روایت کیا ہے ۱۲

۲ اس حدیث کو احمد ترمذی وابوداود مطلق روایت کیا ہے ۱۲

سامنے آتی ہے چار بل پڑتے ہین جب جاتی ہے تو آٹھ بل پڑتے ہین یعنی بہت موٹی اچھی بھاری بھرکم عورت ہے رسول خدا نے فرمایا یہہ لوگ یعنی مخنث تمہارے گھر مین نہ آیا کرین یہہ حدیث متفق علیہ ہے مخنث اوس شخص کو کہتے ہین جو عورت کی شکل بنا دے بات چیت چال ڈھال حرکات سکنات مین بالکل عورتون کی طرح ہو اگر یہہ بات کسی مین بیدائشی ہے تو وہ بے قصور ہے اور جو خود اوسنے یہہ عادت اختیار کی ہے تو ملعون ہے اس حدیث سے اہل علم نے مخنث وخصی ومجبوب کا آنا جانا گھر مین منع سمجھا ہے اس حدیث سے یہہ بھی ثابت ہوا کہ مرد کو غیر عورت کا حال سننا عورت کو غیر مرد کا حال سننا منع ہے آدمی کو غیر عورت کا حال مرد سے مرد کا حال غیر عورت سے کہنا بھی حرام ہے اسیطرح جو عورت مردانہ صورت رکھتی ہے لباس مردانہ پہنتی ہے اوسکو گھر مین نہ آنے دے ایسے مرد وعورت دونون ملعون ہوتی ہین جب گھر مین رات دن لعنت برستی رہے تو پھر کہو نجات کی کیا صورت ہے ۔

فصل اس بیان مین کہ دیکھنا طرح خطبہ کے درست ہے

یعنی جس سے منگنی ٹھہری ہے بیاہ سے پہلے اوسکو دیکھہ لینا کچھہ منع نہین ہے بلکہ اچھا ہے ابوہریرہؓ نے کہا ایک آدمی پاس رسول خدا صلعم کے آیا کہا مین نے ایک عورت انصار کی سے بیاہ کیا ہے یعنی ارادہ نکاح کا فرمایا تو اوسکو دیکھہ لے انصار کی آنکھون مین کچھہ ہے رواہ مسلم آنکھین کرنجی چھوٹی ہوتی ہین اسلئے اوسکو اجازت دیکھنے کی دی معلوم ہوا جس عورت سے نکاح کا ارادہ کرے اوسکو دیکھہ لے تاکہ آخر کو افسوس نہ کرنا پڑے اور طلاق کی نوبت نہ آئے اسی سبب سے عورت کا نقصان بیان کر دینا بھی درست ہے اب یہہ ہوتا ہے کہ دولہا کیطرف کی بعض عورتین دولہن کو دیکھہ لیتی ہین کہ وہ کیسی ہے مغیرہ بن شعبہ کہتے ہین مین نے ایک عورت سے منگنی کی حضرت نے پوچھا تو نے اوسکو دیکھہ بھی لیا ہے یا نہین مین نے کہا نہین فرمایا اوسکو دیکھہ لے یہہ دیکھنا سبب دوام محبت کا ہوتا ہے رواہ احمد والترمذی والنسائی وابن ماجہ والدارمی

دیکھنے مین دو فائدے ہین ایک یہہ کہ اگر کوئی عیب ہے تو معلوم ہوجاویگا دوسرے جب پسند کرکے بیاہ کریگا تو باہم ان دونون کے محبت رہیگی اسی لئے حدیث انس مین مرفوعاً آیا ہے لَمْ تُرَ لِلْمُتَحَابَّيْنِ مِثْلُ النِّكَاحِ یعنی نکاح کیطرح کسی دو دوستون مین محبت نہین ہوتی میان بی بی کی محبت سب محبتون سے زیادہ ہوتی ہے بشرطیکہ جسنے پسند خاطر کیدیگر میسر آجاوین جابر نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جب منگنی کرے تم مین سے کوئی کسی عورت سے تو اگر ہوسکے کہ دیکھے اوسکی وہ چیز جو اوسکو طرف نکاح کے بلاوے تو دیکھ لے رواہ ابو داؤد اس حدیث مین صاف حکم ہے اسبات کا کہ دیکھنا مخطوبہ کا منع نہین ہے بلکہ جہان تک بن سکے دیکھ ہی لے دیکھا بھالا کام اچھا ہوتا ہے مجبوری کی اور بات ہے **فائدہ** ابن مسعود کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا خلط ملط نکرے ایک عورت دوسری عورت سے پھر اوسکا حال اپنے شوہر سے کہے گویا وہ اوسکو دیکھ رہا ہے متفق علیہ جب بی بی اپنی میان سے کسی عورت کا حال کہیگی اوسکا رنگ روپ بیان کریگی ضرور ہے کہ کوئی فتنہ کھڑا ہوگا اسی طرح جب کسی کی بی بی سے کوئی عورت حال کسی مرد کا بیان کریگی تو خوف فتنہ کا رہے گا حدیث ابی سعید مین آیا ہے رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے نہ دیکھے مرد ستر مرد کا نہ عورت ستر عورت کا نہ گھسے مرد کپڑے مین کسی مرد کے نہ عورت کسی عورت کے کپڑے مین اسکو مسلم نے روایت کیا یعنی مرد کا مرد کے پاس عورت کا عورت کے پاس ایک اوڑھنے بچھونے ایک کپڑے مین سونا نہ چاہیے شاید مرد اغلام کر بیٹھے عورت چپٹی کہیلنے لگے یہہ بھی فرمایا ہے کہ مرد اتکو کسی بیاہی یا بے شوہر عورت کے گھر نرہے مگر جبکہ کوئی محرم یا شوہر اوسکا موجود ہو رواہ مسلم **فائدہ** عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کی حدیث مرفوع مین آیا ہے کہ جب تم مین کوئی اپنی لونڈی غلام کا بیاہ کردے تو پھر طرف اوسکے ستر کی نہ دیکھے دوسری روایت مین یون ہے ناف سے نیچے گھٹنے سے اوپر نہ دیکھے رواہ ابو داؤد جبرہد نے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ تو اپنے نہ جانا کر ران ستر ہے رواہ الترمذی

۵۱ اس حدیث کو ابو داؤد نے روایت کیا ہے ۱۲

۵۲ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

۵۳ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

۵۴ اس حدیث کو ابو داؤد نے روایت کیا ہے ۱۲

۵۵ اس حدیث کو ترمذی و ابو داؤد نے روایت کیا ہے ۱۲

وابوداؤد علی مرتضےٰ سے فرمایا تو اپنی ران نہ کھول نہ دوسرے کی ران کو دیکھ زندہ ہو
یا مردہ رواہ ابوداؤد وابن ماجۃ اس سے معلوم ہوا کہ مرد یکو نہلاتے وقت ننگا نکرے
کپڑا ڈالکر نہلاوے تاکہ ستر دیکھنے سے بچ جاوے حمام غسل خانے مین کسی کے سامنے ران
نہ کھولے بدن ملوانا ہو تو کپڑا پہنے ہوئے ستر چھپائے ہوئے ملواوے محمد بن جحش کہتے
ہین رسول خدا صللعم میرے پاس گزرے اونکی دونون رانین کھلی ہوئی تھین فرمایا انکو چھپا
یہہ دونون ستر ہین اسکو بغوی نے شرح السنہ مین روایت کیا ہے حدیث ابن عمر مین
یون آیا ہے دو ورکہو تم آپکو ننگے ہونے سے تمہارے ہمراہ وہ ہے جو سوا وقت قضاے
حاجت اور وقت صحبت کے الگ نہین ہوتا تم اوس سے شرماؤ اوسکا اکرام کرو رواہ
الترمذی مراد فرشتے ہین جو آدمی کے ہمراہ رہتے ہین سوا ان دو حالت کے کسی وقت اوس
سے جدا نہین ہوتے اِن سے شرم کرنا چاہیے عوام عرب وعجم مرد ہون یا عورت دریاندی نالے
حوض باولی کنوین پر دو دو چار چار بلکہ زیادہ برہنہ ہوکر نہایا کرتے ہین یہہ بالکل بے شرمی
کی بات ہے ہرگز جائز نہین اسکی حرمت شرع سے ثابت ہوچکی ہے معاویہ بن حیدہ نے
کہا رسول خدا صللعم نے فرمایا ہے چھپا اپنے ستر کو مگر اپنی بی بی لونڈی سے پوچھا اگر آدمی
اکیلا ہو فرمایا اللہ تعالیٰ زیادہ تر مستحق ہے اسبات کا کہ اوس سے شرم کیجاوے رواہ
الترمذی وابوداؤد وابن ماجۃ معلوم ہوا کہ اکیلا ننگے ہوکر نہانا بھی اچھا نہین ہے
بلکہ حدیث عائشہ مین تو یہہ بھی آیا ہے کہ مین نے کبھی رسول خدا صللعم کے ستر کو نہین دیکھا
رواہ ابن ماجۃ حسن سے مرسلاً آیا ہے لعنت کرے اللہ دیکھنے والے کو اور اوسکو
جسکی طرف دیکھا گیا ہے رواہ البیہقی فی شعب الایمان یعنی جو قصداً کسی کے ستر کو
دیکھتا ہے اور دوسرا بلا عذر واضطرار اوسکو دیکھنے دیتا ہے تو یہہ دونون ملعون ہین
حمام مین جانا اسپر جو مرد وعورت بے ستر ہوکر نہاتے ہین اونکے دیکھنے کو اکثر متقی شہدی
بن ہوجاتے ہین اسپر یہہ حدیث صادق ہے ۔

فصل بیان مین کہ اور عشرت کے ہمراہ عورت کے

میمون نے اپنے باپ سے اوسنے رسول خدا صللم سے روایت کیا ہے جس کسی مرد نے بیاہ کیا کسی عورت سے تہوڑے یا بہت مہر پر اور اوسکے جی مین یہہ ہے کہ مہر ندون گا تو یہہ فریب ہے پھر مر گیا اوسکا حق ندیا تو ملیگا وہ خدا سے دن قیامت کے اور وہ زانی ہے رواہ الطبرانی فی الصغیر والاوسط ورواتہ ثقات اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جسکی نیت وقت نکاح کے یہہ ہو کہ ہم مہر ندینگے وہ زانی ہے امراء و آسودہ لوگ ہزارون لاکھون کا مہر باندہ لیتے ہین اسی خیال پر کہ کچھہ دینا تو ہی نہین یہہ لوگ گویا زانی ہین اسیطرح اکثر غربا کا بھی یہی حال ہے حالانکہ یہہ قرض سب قرضون سے زیادہ ہے مہر کا زبردستی معاف کرانا بھی خلاف شرع ہے جب تک بی بی اپنی خوشی سے معاف نکرے معاف نہین ہوتا بلکہ اگر جوش محبت مین معاف کردیا ہے پھر اوسکا مطالبہ کر بیٹھے تو بھی حق اوسکا ضائع نہین ہوسکتا ہے یہہ جگہہ نہایت خوف کی ہے لوگ اسمین سخت کوتاہی کرتے ہین ابی ہریرہ نے کہا رسول خدا صللم نے فرمایا ہے اہل ایمان مین بڑا کامل ایماندار وہ ہے جسکا خلق بہت اچھا ہو تم مین وہ بہت اچھا ہے جو اپنی عورتون سے اچھا برتاو کرے اسکو ترمذی نے روایت کیا ہے حسن صحیح کہا ہے رواہ ابن حبان فی صحیحہ عائشہ کا لفظ یہہ ہے ان من اکمل المومنین ایمانا احسنہم خلقا والطفہم باھلہ رواہ الترمذی والحاکم وقال صحیح علی شرطہما ترمذی نے کہا یہہ حدیث حسن ہے یعنی جو زیادہ مہربان ہے بی بی پر وہی بڑا ایماندار ہے دوسری روایت مین ان سے یون آیا ہے بہتر تم مین وہ ہے جو بہتر ہے اپنی بی بی سے مین بہتر ہون اپنی بی بی کے لئے رواہ ابن حبان فی صحیحہ اسی مضمون کو ابن عباس نے بھی رسول خدا صللم سے بعینہ روایت کیا ہے یہہ روایت نزدیک ابن ماجہ کے ہے حاکم کا لفظ یہہ ہے خیرکم خیرکم

---

۱ اس حدیث کو طبرانی نے صغیر اور اوسط مین روایت کیا ہے اور سارے راوی اوسکے ثقہ ہین ۲ اسکو ابن حبان نے اپنی صحیح مین روایت کیا ہے ۳ موسنون سے بڑا کامل ایمان مین وہ ہے جو اپنی بی بی کے ساتھہ بڑی نرمی اور خوش اخلاقی سے پیش آئے اس حدیث کو ترمذی اور حاکم نے روایت کیا ہے اور حاکم نے کہا کہ یہہ حدیث صحیح ہے بخاری و مسلم کے شرط پر ۴ اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی صحیح مین روایت کیا ہے ۵ تمہارا نیک وہ ہے جو اپنی بی بی کے ساتھہ نیک ہے

للنساء پھر اسکو صحیح الاسناد کہا ہے بہتر ہونا مرد کا واسطے بی بی کے یہہ ہے کہ اوسکو روا
کپڑا اچھی طرح فراغت سے بقدر مقدور دے ہر وقت اوسپر بلا سبب غصہ نکرے محبت و الفت
سے ملے اوسکی ہجو نکیا کرے اوسکا مہر ادا کرے اچھے کام مین اوسکا مددگار رہے اوسپر
تہمت نہ لگائے بدگمانی نکرے **فائدہ** سمرہ بن جندب نے کہا رسول خدا صلعم نے
فرمایا ہے عورت بائین پسلی سے پیدا ہوئی ہے تو چاہے کہ اوسکو سیدہا کرے تو تو اوسکو توڑ
ڈالیگا اسلئے اوسکے ساتھ مدارات کر جسمین سے بسر ہوگی رواہ ابن حبان فی صحیحہ
ابوہریرہ کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے قبول کرو میری وصیت کو حق مین عورتون
کے عورت پسلی سے پیدا ہوئی ہے پسلی مین سب سے زیادہ ٹیڑھی چیز اوپر کا رخ اوسکا ہے
اگر تو اوسکو سیدہا کرنا چاہیگا تو تو اوسکو توڑ ڈالیگا اور جو اوسکو چھوڑ دیگا تو وہ ہمیشہ
کج ہی رہیگی فاستوصوا بالنساء رواہ البخاری ومسلم وغیرہ ایک روایت مسلم
مین یون آیا ہے عورت پسلی سے پیدا ہوئی ہے وہ تیرے لئے سیدہی ڈھنگ پر نہ رہے گی
تجھے اوس سے فائدہ اوٹھانا ہے تو اوٹھا اوسکو کج رہنے دے اور جو تو چاہے کہ اوسکو
سیدہا کرے تو پہر اوسکو توڑنا پڑیگا توڑنا کیا ہے یہی طلاق ہے یعنی ممکن نہین ہے
کہ عورت بالکل سیدہی چال پر چلے اوسکی اصل پیدائش کجی پر ہے جس سے اوسکی کجی پر صبر
نہو تو اوسکو چھوڑ دے تحفۃ الاخیار مین پہلے اگلی حدیث کے لکہا ہے حضرت حوا حضرت آدم
کی پسلی سے پیدا ہوئی ہین تو عورت کی اصل پسلی ٹھہری پسلی کا بالکل سیدہا ہونا ممکن
نہین ہے تو عورت کا بھی بالکل آراستہ ہونا اور اوسکی سب عادتین بدلنا محال ہے
اِس لئے حضرت صلعم نے اونکے حق مین اپنی امت کو وصیت کی کہ مرد عاقل کو لازم ہے کہ
عورت سے اپنا مطلب نکالے اوسکی بدمزاجی پر صبر کرے ٹال جایا کرے حکمت کی چال چلے
نہ اوس سے بالکل غافل ہو جاوے کہ ناہموار بنی رہے نہ ہر بات مین مؤاخذہ کرے کہ
زندگی تلخ ہو اور آخر کو طلاق دینا پڑے خلاصہ یہہ ہے کہ مقدمات خانہ داری مین

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ...

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ...

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ...

عورت کی رعایت رکھو لیکن شرک کفر ترک فرائض گناہ کبیرہ مین ہرگز اوسکی رعایت نہ کرنا چاہئے
انتہی ابی ہریرہ کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے دشمن نہ رکھے کوئی مومن کسی مومن
کو اگر ایک عادت اوسکی ناپسند ہے تو دوسری عادت پسند ہوگی رواہ مسلم یعنی یہ نہیں ہوسکتا
کہ اسمین اگر فلان خلق برا ہے تو آخر دوسرا خلق اچھا بھی تو ہے آدمی خلق کیوجہ سے گزران
کرے اپنا کام نکالے ۵

۵ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

بلا سے کوئی ادا اونکی بدنما ہو جاے	کسیطرح سے تو مٹ جائے ولولہ دلکا

۶ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

فائدہ حدیث ابوہریرہ مین مرفوعاً آیا ہے اگر حوا نہ ہوتین تو کوئی عورت کبھی
اپنے شوہر کی خیانت نکرتی یہہ حدیث متفق علیہ ہے یعنی حوا نے حرص و رغبت دلاکر
آدم کو درخت ممنوع کا میوہ کہلوا دیا جس سے یہہ آفت آئی کہ وہ بہشت سے نکالے گئے
اسیطرح اور عورتین بھی شوہرونکو بری صلاح دیکر بلا مین مبتلا کرتی ہین یہہ نقصان
انکی عقل کا اسلیئے ایک حدیث مین یہہ آیا ہے کہ ان سے مشورہ لے مگر خلاف انکی مشورہ
کرے عبداللہ بن زمعہ نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے نہ مارے کوئی تم مین اپنی
عورت کو جیسے غلام کو مارتے ہین پھر پچھلے دن اوس سے صحبت کرے دوسری روایت
مین یون آیا ہے کوئی تم مین اپنی عورت کو ایسا مارتا ہے جیسے غلام کو مارتے ہین پھر
شاید آخر دن مین اوس سے صحبت کریگا یہہ حدیث متفق علیہ ہے یعنی بہت نکمی بات ہے
کہ دن کو تو اوسے ٹھونکے پیٹے پھر رات کو اوس سے ملے اکثر کمینے نالائق اسیطرح کیا کرتے
ہین یہہ بات اچھی نہین ہے رسول خدا صلعم کے خلق کو دیکھو عائشہ گڑیون سے کھیلتین
انکے پاس اور لڑکیان ہم عمر بھی موجود ہوتین جب حضرت گھر مین آتے وہ چھپ جاتین
حضرت اونکو انکے پاس بھیجدیتے کہ جاؤ کھیلو متفق علیہ یہہ گرمیان بے تصویر کی تھین
گھر کے دروازے پر کھڑے ہوکر عائشہ کو حبشیون کی نیزہ بازی کا تماشا دکھلاتے
انکو اپنی چادر سے چھپا لیتے یہہ کان اور کندھے کے بیچ مین سے تماشا دیکھتین جب تک

دیکھا کہ تین گھڑی رہتے جب تھک کر پھرتین تب حضرت بھی پھرتے یہہ کم عمر تھین کھیل تماشے کو
آنکا جی چاہتا تھا متفق علیہ معلوم ہوا کہ جائز لہو و لعب سے کم عمر بی بی کو نہ روکے حضرت
نے اِن سے فرمایا جب تو مجھسے خوش ہوتی ہے یا خفا مین پہچان لیتا ہون انہون نے
کہا کس طرح فرمایا خوشی مین رب محمد کی قسم کہاتی ہے غصے مین رب ابراہیم کہتی ہے کہا سچ ہے
مین غصے مین آپکا نام نہین لیتی اگرچہ میرے دلمین محبت ہوتی ہے متفق علیہ *

فصل بیان مین حق زوجہ کے

معاویہ بن حیدہ نے کہا اے رسول اللہ حق بی بی کا ہمپر کیا ہے فرمایا کہلاو اوسکو
جب تو کہاوے پھنا اوسکو جب تو پہنے اوسکے مونہہ پر مت مارا اوسکو بدنہ کہا اوسکو
الگ نکر مگر اندر گھر کے اسکو ابوداؤد و ابن حبان نے اپنی صحیح مین روایت کیا ہے
مگر اسطرح کہ ایک مرد نے پوچھا حق بی بی کا میان پر کیا ہے اوسکے جواب مین یہہ فرمایا
مونہہ کی تخصیص سے یہہ معلوم ہوا کہ سوا مونہہ کے اور جگہہ مارنا درست ہے یہہ مارنا اوسکی
بدزبانی پر یا ترک نماز روزہ پر یا فاحشہ پر یا کسی مصلحت تادیب پر ہوتا ہے حدیث
شریف مین آیا ہے جب شوہر بی بی کو مارے تو دوسرا آدمی نہ پوچھے کہ کس لئے
مارا اسلئے کہ اسمین عیب جوئی ہے شاید ایسی بات پر مارا ہو جسکے ظاہر کرنے مین کوئی
عیب اوسکا ظاہر ہوتا ہے کبھی ترک صحبت پر بھی مار پڑتی ہے یا کسی برے کام کرنے پر
عمر نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے لا یُسْئَلُ الرَّجُلُ فِیْمَا ضَرَبَ امْرَأَتَہٗ عَلَیْہِ رَوَاہُ
اَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ اِس سے معلوم ہوا کہ شوہر کے مارنے مین عورت کو کچھہ
حرج و گناہ نہین ہے نشوز پر مارنا عورت کا منصوص قرآن کریم ہے قال تعالے
اَللّٰتِیْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَہُنَّ اِلٰی قَوْلِہٖ فَاضْرِبُوْہُنَّ لفظ حدیث کا روایت اول مین
لا تقبح تھا یعنی عورت کو ایسی بات نہ سناوے جو اوسے بری لگے اوسکو گالی نہ دے

تعالیٰ اللہ نہ کہے حدیث عمرو بن احوص جشمی مین آیا ہے کہ حجۃ الوداع مین فرمایا وصیت بالنسا
حق مین عورتون کے یہہ قیدی مین پاس تمہارے تمہارا اونپر کچھہ زور نہین سوا اسکے کہ یہہ کھلا
ہوا فحش کرین سو اگر ایسی بات ہو تو انکو اپنے پاس نہ سلاؤ ایسی مار مارو جس سے ہڈی ٹوٹ
گوشت نہ پہٹے اگر کہنا مانین تو پھر کچھہ نہ بتاؤ سنلو تمہارا حق اونپر ہے انکا حق تمپر ہے تمہارا
حق یہہ ہے کہ تمہارے بستر پر اوسکو جس سے تم ناخوش ہو نہ آنے دین جسکا آنا تمہین برا لگتا ہو
اوسکو گھر مین گھسنے نہ دین اونکا حق تمپر یہہ ہے کہ تم اونکو روٹی کپڑا اچھی طرح سے دیا کرو یعنی
ننگی بھوکی نہ رہین رواہ ابن ماجۃ والترمذی وقال حدیث حسن صحیح اوس حدیث سے معلوم
ہوا کہ بی بی کا حق شوہر پر اسیقدر ہے کہ اوسکے طعام ولباس مین تنگی نکرے جو آپ کھاوے
پہنے اوسی طرح کا اوسکو کھلاوے پہناوے یہہ نہو کہ آپ اچھا کھاوے اچھا پہنے اوسکو دال
روٹی کھلاوے موٹا جھوٹا پہناوے جو لوگ بی بیون کو چاہتے ہین خدا سے ڈرتے ہین آپ کو تنگی کرین
مگر بی بی کو آرام سے رکھتے ہین اسیکا نام حسن خلق ہے لقیط بن صبرہ نے کہا اے رسول خدا
میری عورت کی زبان مین کچھہ ہے یعنی زبان دراز سخت گو دشنام باز ہے فرمایا طلاق دیدے
کہا اوس سے میری اولاد بہرہ پر ہے فرمایا اوسکو نصیحت کر اگر اوسمین کوئی بہتری ہوگی
تو مان لیگی اوسکو ایسا مت مار جیسے کسی لونڈی کو مارتے ہین رواہ ابو داؤد معلوم
ہوا بدزبانی گالی گلوچ کی عادت پر طلاق ہوسکتی ہے یہہ بھی معلوم ہوا کہ جو عورت نصیحت شوہر
کی قبول کرلے اوسمین کچھہ بہتری ہے ورنہ وہ خیر سے محروم ہے آیاس بن عبداللہ نے کہا
جب رسول خدا صلعم نے یہہ فرمایا کہ تم خدا کی لونڈیون کو مارا نکرو تو عمر رضی اللہ عنہ پاس
رسول خدا صلعم کے آئے کہا ابتو انکو بڑی جرات ہوگئی ہے اپنے شوہرون پر زبردست بنگئی ہین فرمایا مارو بہت
سی عورتین جمع ہوکر پاس آنحضرت صلعم کے آئین اپنے شوہرونکا شکوہ لائین فرمایا یہہ عورتین اپنے شوہرونکی ناشی

۵ اس حدیث کو ابن ماجہ و ترمذی نے روایت کیا ہے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے ۱۲

۶ اس حدیث کو ابو داؤد نے روایت کیا ہے ۱۲

۷ اس حدیث کو ابو داؤد و ابن ماجہ و دارمی نے روایت کیا ہے ۱۲

جب تک زبان و بیان سے کام نکلے تب تک ذرا ذرا سی بات پر مارنا ٹھونکنا اچھا نہین ہے گو مجبوری سے جائز کیون نہو ۔

فصل بیان مین جنتی ہونے عورت کے

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ عورت کو اپنے شوہر کی اطاعت کرنی چاہیے

ام سلمہ نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا جو عورت مر گئی اوسکا شوہر اوس سے راضی تھا وہ بہشت مین داخل ہوئی اسکو ابن ماجہ ترمذی نے روایت کیا ہے ترمذی نے حسن کہا ہے حاکم نے صحیح الاسناد بتایا ہے اسی طرح اگر شوہر مر گیا اور اس سے راضی مرا تو بھی یہی حکم ہے مراد رضامندی سے یہہ ہے کہ بات اپنے حقوق کے راضی تھا ورنہ بیجا ناراضی سے عورت کا کچھہ نقصان نہین ہے ابو ہریرہ کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے عورت نے جب پنجگانہ نماز پڑھی ستر کو بچایا شوہر کی اطاعت کی جس دروازہ بہشت سے چاہے داخل ہو سر واہ ابن حبان فی صحیحہ یہہ اسلیے ہے کہ اکثر عورتین نماز نہین پڑھتی ہین یا بے وقت پڑھتی ہین یا کبھی پڑھی کبھی اڑائی یا ایک دو پڑھین دو ایک غائب کین تو ایسی عورت لائق جنت کے نہین ہے کیونکہ ایک نماز کے عمداً ترک کرنے سے کفر آجاتا ہے کافر بہشت مین نجاویگا ستر کی حفاظت اس لیے ضرور ہے کہ منجملہ اسباب جہنم کے ایک زنا ہے شوہر والی عورت نے جب زنا کیا ایک بار ہو یا کئی بار ایک یار سے ہو یا چند آشنا سے تو اب وہ لایق رجم ہو گئی رجم ہوتا تو پاک ہو جاتی مگر جبکہ نہوا تو لائق عذاب ٹھہری عذاب دوزخ مین جاویگا بہشت سے اوسکو کیا واسطہ ہے ہان جسنے توبہ کر لی پھر زنا نہ کیا دنیا مین اوسکا یہہ عیب چھپا رہا ظاہر نہوا تو کیا عجب ہے کہ وہان بھی معاف کر دیا جاوے سرے سے عذاب ہی نہو یا ہو مگر پھر بسبب ایمان کے نجات ملے یہہ حکم اوس عورت کا ہے جسے حالت اسلام مین یہہ کام کیا مگر جو عورت آج مسلمان ہوئی ہے اوسکے سارے گناہ اگلے زنا ہو یا چوری سب معاف ہو جاتے ہین اسلام و ہجرت و حج ہادم گناہ ہے ایسی عورت تائبہ کو چاہیے کہ حج یا ہجرت کر لے شاید اللہ تعالیٰ گناہ اوسکے معاف کرے اطاعت شوہر کی ہر کام مین سوا شرک و کفر کے عورت پر فرض ہے جب اطاعت بجا لائی لائق جنت ہو گئی بی بیان اگر اس حدیث مین غور

کرین اسکے بموجب نماز و حفظ ستر و اطاعت شوہر بجا لائین تو جنت انکے لئے نقد وقت ہے
مگر یہہ تینون کام دیکھنے مین آسان کرنے مین نہایت مشکل ہین عبد الرحمن بن عوف نے کہا
رسول خدا صللعم نے فرمایا ہے جب عورت نے پانچون نماز ین پڑہین رمضان کا روزہ رکہا
ستر کو بچایا شوہر کی فرمانبرداری کی تو اوس سے کہین گے کہ بہشت مین جا جس دروازے
سے تیرا جی چاہے رواہ احمد و الطبرانی و رواہ احمد کذا و رواۃ الصحیح خلا ابن لہیعۃ وحدیثہ
حسن فی المتابعات اللہ تعالی کے احسان کو تو دیکھو کہ عورتون پر اکثر وہ عبادات شاقہ
واجب نہین کیے ہین جو مردون پر واجب کیے ہین جیسے جہاد وغیرہ ان سے فقط
یہی دو تین امر مطلوب ہین ایک نماز روزہ دوسرے عفت عصمت تیسرے اطاعت شوہر
اتنی ہی بات پر انکو وعدہ مغفرت کا دخول جنت کا دیا ہے اتنے سے یہہ بھی نہو سکے تو سمجھو کہ بڑی
بدنصیبی ہے افسوس ہے کہ اکثر عورتین اس حالت سے بھی محروم رہتی ہین حصین بن
محصن نے کہا میری پہوپی پاس رسول خدا صللعم کے آئین آپ نے فرمایا تو شوہر والی ہی کہا ہان
کہا تیرا برتاؤ اوس سے کیسا ہے کہا مین کوتاہی نہین کرتی مگر جس بات سے کہ عاجز ہوون
فرمایا پھر کس طرح تو اوسکی ہوئی وہ تو تیری جنت و نار ہے رواہ احمد و النسائی باسناد
جید بن و الحاکم و قال صحیح الاسناد اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شوہر کا بہت بڑا حق
ہے عورت پر اسکی خوشی سے اوسکو جنت اسکی ناخوشی سے دوزخ ملتی ہے اکثر بی بیان
شوہرونکو بلا وجہ ستایا کرتی ہین کوئی رانڈون طعن تشنیع کرتی ہے کوئی کوستی ہے کوئی تہمت
لگاتی ہے کوئی حق سے زیادہ مال مانگتی ہے یہہ سب کام جہنم مین جانے کے پچہین ہین حدیث
عائشہ مین آیا ہے کہ مین نے رسول خدا صللعم سے پوچہا لوگون مین سب سے بڑا حق عورت پر
کسکا ہے فرمایا شوہر کا مین نے کہا مرد پر سب سے زیادہ کسکا حق ہے فرمایا ماں کا رواہ البزار
و الحاکم و اسناد البزار حسن جب شوہر کا حق بی بی پر سب سے زیادہ ٹہیرا تو جسقدر بی بی
اوسکی اطاعت کرے اوسکو خوش رکہے اوستنے ہی درجے اوسکے بہشت مین زیادہ ہونگے خدیجہ

۱ اس حدیث کو احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے اور راوی صحیح احمد کے سب معتبر ہین سوائے ابن لہیعہ کے اور حدیث اوسکی متابعات مین حسن ہے ۱۲

۲ اس حدیث کو احمد و نسائی نے دو اسناد جید سے روایت کیا ہے اور حاکم نے کہا کہ یہہ حدیث صحیح الاسناد ہے ۱۲

۳ اس حدیث کو بزار اور حاکم نے روایت کیا ہے اور بزار کی سند حسن ہے ۱۲

علیہا السلام نے رسول خدا صلعم کو پسند کرکے نکاح کیا تھا مگر اطاعت مین تھین سارا مال
اپنا حوالہ کردیا تھا کہ راہ خدا مین جہان آپکا جی چاہے اوٹھا دو انکا یہہ رتبہ ہوا کہ جبرئیل
علیہ السلام خدا کا سلام انکو لائے جنت مین ایک موتی کی گھر کی بشارت دی فرعون کی بی بی
نے کافر شوہر کی اطاعت کی تھی خدا نے دنیا ہی مین اونکو گہرا اونکا بہشت مین کہلا دیا یوسف علیہ السلام
کی بی بی نے ساتھ اپنے شوہر بیمار کا دیا سب نے اونکو چھوڑ دیا تھا سو انکے اللہ نے انکو بخشدیا
لوط علیہ السلام کی بی بی نے مخالفت اپنے شوہر کی کی تھی جب عذاب آیا یہہ بھی ہلاک
ہوگئی ایسا ہی حال نوح علیہ السلام کی بی بی کا ہوا غرضکہ شوہر کافر کی اطاعت نے جنت
پہنچایا شوہر پیغمبر کی نافرمانی نے جہنم کا رستہ دکہایا میان کی پیغمبری بی بی کے کچھہ کام نہ آئی
نافرمانی کے کرنے بی بی کو کچھہ نقصان نہ پہونچایا ابن عباس کہتے ہین ایک عورت نے آکر
رسول خدا صلعم سے کہا مین سب عورتون کی طرف سے آئی ہون اللہ نے مردون پر جہاد
فرض کیا ہے اگر مال پایا تو اجر ملا مارے گئے تو اللہ کے نزدیک زندہ ہین رزق پاتے ہین ہم
عورتین جو انکی خدمت کرتی ہین ہمین کیا ملیگا فرمایا تم جس عورت سے ملو کہدو کہ اطاعت شوہر
کی کرنا شوہر کے حق کا اقرار کرنا برابر جہاد کے ہے مگر تم مین ایسی عورتین تھوڑی ہین جو
یہہ اطاعت و اقرار کرین اسکو بزار نے روایت کیا ہے طبرانی نے بہی اخراج کیا ہے مگر
اس لفظ سے طَاعَةُ اَزْوَاجِهِنَّ وَاِقْرَارُهُنَّ بِحُقُوْقِهِمْ وَقَلِيْلٌ مِّنْكُنَّ مَنْ يَّفْعَلُهُ حدیث
طویل انس بن مالک مین مرفوعاً یون آیا ہے کسی بشر کو درست نہین ہے کہ دوسرے بشر کو
سجدہ کرے اگر یہہ بات درست ہوتی تو مین عورت کو کہتا کہ اپنے شوہر کو سجدہ کیا کرے
اس لیے کہ شوہر کا بہت بڑا حق ہے عورت پر اگر پاؤن سے سر تک شوہر کے پہوڑا ہو پیپ و
خون پانی بہتا ہو یہہ اگر اوسکو چاٹے تو بہی حق اوسکا ادا نہو اسکو امام احمد نے بروایت
بسند جسکے سارے راوی مشہور ثقہ ہین روایت کیا ہے وَرَوَاهُ الْبَزَّارُ بِنَحْوِهٖ وَرَوَاهُ
ابْنُ حِبَّانَ فِيْ صَحِيْحِهٖ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ بِنَحْوِهٖ بِاخْتِصَارٍ

اس حدیث کو ابن حبان نے بہی اپنی صحیح مین ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے

اس حدیث کو طبرانی نے بہی اپنی معجم اوسط مین ابن عباس سے روایت کیا ہے

قیس بن سعد نے حیرہ میں دیکھا کہ وہان کے لوگ اپنے زمیندار کو سجدہ کرتے ہین آنحضرت صلعم سے کہا آپ زیادہ تر مستحق اس سجدہ کے ہین فرمایا اگر تو میری قبر پر گزریگا تو کیا تو مجھکو سجدہ کریگا کہا نہین فرمایا تو پھر اب بھی سجدہ نکرو مین اگر کسی کو حکم سجدہ کرنے کا واسطے کسی کے دیتا تو عورتون کو حکم کرتا کہ وہ اپنے شوہرونکو سجدہ کیا کرین اس لیے کہ اللہ تعالی نے انپر انکا حق فرض کیا ہے رواہ ابو داود فی اسناد لا شبہ فیہ وقد اخرج الحاکم فی المتابعات وقد روی ایضا احمد عن معاذ بن جبل اس سے معلوم ہوا کہ رعیت و ملازم اپنے والی و رئیس و امام و بادشاہ و پیغمبر و عالم و ولی کو سجدہ نکرین یہہ سجدہ اونکے لیے موت و حیات دونون مین حرام بلکہ کفر ہے اس سجدہ کرنے سے خواہ کسی قبر پر کرے یا سامنے کسی زندہ پیر کے سجدہ کرنیوالا کافر ہو جاتا ہے یہہ بات کہ سجدہ تحیت ملوک کیلئے درست ہے بالکل بے اصل بات ہے خلاف قرآن و حدیث کے ہے ہرگز نہ چاہیے اگر کسی مخلوق کو سجدہ درست ہوتا تو پھر شوہر ہی اسکا مستحق تھا اس سے معلوم ہوا کہ بعد اطاعت خدا و رسول کے کسی کا حق کسی پر اتنا بڑا نہین ہے جتنا حق شوہر کا بی بی پر ہے جہانتک بن سکے بی بی سکے شوہر کو خوش رکھے ایسی ناخوشی شوہر کی جو خلاف شرع ہو وہ بھی لایق اعتبار کے نہین ہے مثلاً بعض نالایق بیچارے مال بی بی کا اڑانا چاہتے ہین اگر نہین دیتی ناراض ہوتے ہین اس ناراضی سے بی بی کا کچھ بھی نہین بگڑتا ہے خصوصاً اوس صورت مین کہ شوہر مال بی بی کا خلاف شرع کامون مین خرچ کرنا چاہے پہلوان رکھی جیتے پالے رشوت مین خرچ کرے آپنے یارونکو کھلا دے پلا دے گھوڑے بگھی خریدے یہہ وہ کامون مین صرف کرے یہہ کام وہی شوہر کیا کرتے ہین جنکو کوئی امیر اسودہ عورت ملجاتی ہے یا فقیر سے امیر بن جاتے ہین خیرات کے ٹکڑے بازار مین ڈھونڈتے ہے غربا انمین بھی بعضے ایسے ملتے ہین ترس ہوتی ہین کہ بی بی کا زر و زیور گرو رکھکر کھا جاتے ہین یا عیاشی مین صرف کرتے ہین حالانکہ مہر و نان نفقہ بی بی کا شوہر پر واجب ہے نہ شوہر کا مال بی بی پر وہ آپنے مال سے

لہ اس حدیث کو ابو داود نے روایت کیا ہے اور اوسکا اسناد مین شریک (راوی) ہے اور شریک سے بخاری و مسلم نے بھی روایت لیا ہے اور شریک کا لا ثبت اور شریک حکمی معتبری بتلایا ہے اور اس حدیث کو احمد نے معاذ بن جبل سے روایت کیا ہے ۱۲

و دولت کی مالک ہے یہہ کون ہے جو اوسکے مال مین بلا مرضی اوسکے یا اپنی زبردستی تصرف کرتا ہے مرضی بھی ہو تو بھی اوسکی خیر خواہی کو نہ چھوڑے بلکہ اوسکی جان و مال و مہر و نان و نفقہ کو بموجب شرع کے محفوظ رکھے اوسکا حق ادا کرے ورنہ بے شبہہ بابت اوسکے حقوق کے سخت پکڑ ہوگی حدیث ابن ابی اوفی مین آیا ہے معاذ بن جبل شام سے آئے رسول خدا کو سجدہ کیا فرمایا یہہ کیا ہے کہا مین ملک شام کو گیا تھا مینے دیکھا کہ وہ اپنے مولیون و درویشون کو سجدہ کرتے ہین مین نے چاہا کہ مین آپکو سجدہ کرون فرمایا پھر ایسا نکرنا اگر کہ کسیکو کسی کے سجدے کا مین حکم کرتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کیا کرے قسم ہے اوسکی جسکے ہاتھ مین میری جان ہے نہین ادا کرتی عورت حق اپنے رب کا یہانتک کہ ادا کرے حق اپنی شوہر کا

رواہ ابن حبان فی صحیحہ ابن ماجہ کا لفظ یون ہے والذی نفس محمد بیدہ لا تؤدی المرأۃ حق ربہا حتی تؤدی حق زوجہا ولو سألہا نفسہا وہی علی قتب لم تمنعہ

اسکو حاکم نے بھی حدیث معاذ سے مرفوعاً باین لفظ روایت کیا ہے اگر مین کسیکو حکم کرتا کہ کسیکو سجدہ کرے تو عورت کو حکم کرتا کہ اپنے شوہر کو سجدہ کیا کرے اسلئے کہ شوہر کا اوسپر بہت بڑا حق ہے کوئی عورت لذت ایمان کی نپاویگی جب تک کہ حق شوہر کا ادا نکریگی اگرچہ بلاوے اوسکو شوہر اوسکا اس حال مین کہ وہ پشت پالان پر ہو یعنی عورت کیسے ہی دھندے کام مین پھنسی ہو مگر جب شوہر اوسکو واسطے صحبت کے بلاوے تو چلی آوے انکار نکرے اوپر کی حدیثون مین گزر چکا ہے کہ حق شوہر کا یہہ ہے کہ غیر کو اوسکے بستر پر نہ بٹھاوے جس سے وہ کراہت کرتا ہے اوسکو گھر مین آنے ندے یعنی خواہ مرد ہو یا عورت اس حدیث مین اتنا اور زیادہ کیا ہے کہ صحبت سے انکار نکرے ورنہ خدا کی گنہگار ہوگی تارک حق شوہر ٹھہریگی اکثر عورتین ان حقوق کو ادا نہین کرتین یہہ تو کم ہوتا ہے کہ غیر کو اوسکے بستر پر جگہہ دین مگر یہہ ہرگز نہین ہو سکتا کہ اوسکی خوشی کے آدمی گھر مین آوین جاوین اکثر بی بیون کے پاس ایسی عورتین آتی جاتی ہین جو بازاری فاسق فاجر بدنگاہ ہین لہو و لعب سکھاتی

اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی صحیح مین روایت کیا ہے

اور اگر کسی عورت حق ادا کرے اپنے شوہر کا اور اوسکی جگہ کے ہاتھ مین میری جان ہے نہین ادا کرتی عورت حق اپنے رب کا یہانتک کہ ادا کرے حق اپنی شوہر کا

عورت کو حکم ہے کہ اپنے شوہر کو سجدہ نکرے

یہہ حدیث شوہر کی اطاعت کے بیان مین ہے

یارون کا شوق دلاتی ہین ادہر ادہر کی خبرین فساد انگیز لاتی ہین آپسمین میان بی بی
کے فساد کرواتی ہین قصے کہانی سناتی ہین شوہر ایسی صحبت سے ناخوش رہتا ہے یہہ اوسکا
کہا نہین مانتین حالانکہ یہہ بات اوسکے حقوق واجبہ مین داخل ہے بلکہ آسودہ عورتین
میان کے پاس اپنی خوشی کے لوگ رکھتی ہین اوسکی مرضی کا آدمی بہی رہنے نہین دیتین
آپ شوہر بنتی ہین اوسکو جورو کا غلام ٹھہراتی ہین یہہ سراسر ظلم ہے جہنم نہ ملے تو کیا ہو
رسول خدا صلعم نے مکرر سہ کرر بار بار یہی فرمایا ہے لَوْ کُنْتُ آمِرًا اَحَدًا اَنْ یَسْجُدَ لِاَحَدٍ
لَاَمَرْتُ الْمَرْاَۃَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِہَا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ وَقَالَ حَدِیْثٌ
حَسَنٌ صَحِیْحٌ اِس سے بڑھکر حدیث عائشہ مین یہہ آیا ہے کہ اگر کوئی آدمی اپنی جورو سے
کہے کہ تو لال پہاڑ کے پتھر کالے پہاڑ پر یا کالے پہاڑ کے پتھر لال پہاڑ پر لیجا تو اوسکو لیجا
ہی کرنا چاہیے رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ مِنْ رِوَایَۃِ حُمَیْدِ بْنِ زَنْجُوَیْہِ عَنْ جُدْعَانَ وَبَقِیَّۃُ رِوَاتِہٖ
عُمْدَۃٌ بِہِمْ فِی الصَّحِیْحِ یہہ ایک مثال ہے اس بات کی کہ مشکل سے مشکل کام کو اگر شوہر کہے تو بہی
انکار نکرے فائدہ انس بن مالک کہتے ہین رسول خدا نے فرمایا مردون مین سے جنت
مین وہ جاویگا جو شہید ہے صدیق ہے کسی اپنے بہائی مسلمان سے کنارہ شہر مین جاکر خدا
کے لئے ملتا ہے عورتون مین سے وہ جنت مین جاویگی جو شوہر کو دوست رکہتی ہے
بچے جنتی ہے شوہر جب خفا ہوتا ہے تو کہتی ہے یہہ میرا ہاتھہ ہے تیرے ہاتھہ مین مین
ہرگز نہ سوؤنگی یہانتک کہ تو راضی ہو یعنی میرا خواب وخور حرام ہے رَوَاہُ الطَّبَرَانِیُّ وَ
رُوَاتُہٗ مُحْتَجٌّ بِہِمْ فِی الصَّحِیْحِ یعنی عورت کو چاہیے کہ شوہر کو منالے اوسکی ناخوشی کو دور
کرے رضائے شوہر کا یہانتک تو دخل ہے کہ جس عورت کا شوہر موجود ہو وہ بے اذن
اوسکے روزہ نرکہے بے اوسکی اجازت کے کسیکو گہر مین آنے ندے یہہ مضمون حدیث
ابی ہریرہ مین نزدیک بخاری ومسلم وغیرہما کے آیا ہے یہہ لفظ حدیث کا بخاری کا لفظ
ہے سوا فرائض اسلام کے جتنی عبادت نفل واسطے خدا کے ہے وہ سب حق مین عورت کے

۱۰ ۷

۱ اگر مین کسیکو کسی کے سجدہ کرنیکا حکم کرتا تو البتہ عورت کو حکم کرتا اپنے شوہر کے سجدہ کرے اس حدیث کو ترمذی نے ابوہریرہ سے روایت کیا اور کہا کہ حدیث حسن صحیح ہے ۱۲

۲ اس حدیث کو ابن ماجہ نے حمید بن زنجویہ جدعان کی روایت سے روایت کیا ہے اور باقی سب راوی صحیح مین مجتج بہم ہین ۱۲

۳ اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا ہے اور سب راوی اسکے صحیح مین مجتج بہم ہین ۱۲

موقوف ہے اذن شوہر پر خاوند کی اطاعت اس طرح عبادت خدا پر مقدم شمار کی گئی ہے
اس سے زیادہ اور کیا حق شوہر کا عورت پر ہوگا معاذ بن جبل نے کہا رسول خدا صلعم
نے فرمایا ہے کسی عورت کو بھی جو اللہ پر ایمان رکھتی ہے یہہ بات حلال نہیں ہے کہ شوہر کے
گھر میں کسیکو اذن آنے کا دے اور وہ ناخوش ہو یہہ بات کہ گھر سے باہر جاوے اور
وہ ناخوش ہو کسی دوسرے کا کیسا حق ہے شوہر کے آنے پر اپنے بستر سے اوسکو علیحدہ
سلاوے نہ اوسکو مارے اگر شوہر ہی اوسکا ظالم ہے تو اوسکے پاس آکر اوسکو راضی کر
منالے اگر شوہر نے اوسکا عذر قبول کر لیا تو اچھا ہوا اللہ بھی اوسکا عذر قبول فرمالیگا
اوسکی محبت غالب رکھیگا عورت پر یہہ الزام نہیں ہے اور جو شوہر راضی نہوا تو عورت
کا عذر تو نزدیک اللہ تعالے کے پہونچ چکا رواہ الحاکم وقال صحیح الاسناد اس حدیث
سے معلوم ہوا کہ بڑا حق مرد کا عورت پر یہی ہے کہ جس کسی کے آنے جانے سے گھر میں وہ خوش
نہو مطمئن نہو عورت اوسکو گھر میں آنے دے بے پوچھے شوہر کے گھر سے باہر نجاوے لوگوں
کے لگانے بجھانے پر شوہر سے بیگانہ نکرے اپنے بھروسے سے اوسکو الگ نہ بھیجے اوسکو
نہ مارے بلکہ عذر کرے منالے اگر وہ ظالم ہی کیوں نہو اگر اسپر بھی وہ نمانیگا تو خدا کا
گنہگار رہوگا عورت معذور ہے مگر اس زمانے میں کوئی ایک عورت بھی یہہ حقوق
ادا نہیں کرتی نہ غریب نہ آسودہ بلکہ آسودہ عورت کے نزدیک تو قدر و عزت شوہر
کی برابر ایک لونڈی غلام کے بھی نہیں ہوتی میاں سو بار خفا ہوں نکل جاویں روٹھکر
بیٹھ رہیں برا مانیں دل میں رنجیدہ رہیں رہو مگر یہہ ہرگز نہوگا کہ گھر کی لونڈی یا غلام
یا مصاحب یا ملازم علیحدہ کیا جاوے میاں اگر زیادہ ٹر پھس کرینگے تو بی بی طلاق لے
لینگی دوسرا شوہر بلجاویگا کیا پروا ہے یہہ تو سچ ہے کہ تم کیسے ہی اچھے یا برے ہو دولت کے
سبب سے جھوٹے طالب عاشق بہت ملجاوینگے مگر یہہ بھی معلوم ہے کہ ہو مرد عورت اسطرح

صحیح

اس روایت کو بیہقی نے بھی روایت کیا ہے صحیح الاسناد ہے

شرعی طالب طلاق ہوتی ہے اور سپر جنت کی ہوا تک حرام ہے تو مبارک ہو میان جہنم کندہ
دوزخ ہوئین ایسی عورت کے شوہر کو بھی یہی چاہیے کہ بمجرد درخواست طلاق کے اوسکو
جہنم رسید کردے اسکا کیا نقصان ہے کیا اسکو کوئی غریب مسلمانی نہین ملتی یا کچھ اپنے جہنم
مین جانے کا ڈر ہے کہ جو ایسی بی بی کو نہین چھوڑتا ہماری تو رائے ہے کہ جب عورت سے کسی طرح
نہ بنے عورت شوہر سے ناخوش رہے تو ایسی عورت کو ہرگز اپنے پاس نرکھے چھوڑ دی ورنہ دنیا
و آخرت کی رسوائی و خرابی نقد وقت ہے بے غیرت بے حیا بے شرم کمینہ وضع نالائق سب کچھ
سہتے ہین روٹی کے لالچ یا حکومت کی خوشامد یا رسم جاہلیت کے سبب سے علیحدہ نہین کرتے
حدیث ابن عمر مین آیا ہے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے نہین دیکھتا اللہ طرف اوس عورت
کے جو شکر اپنے شوہر کا نہین کرتی حالانکہ بے اوسکے نہین رہ سکتی رواہ النسائی[۵۱]
والبزار باسنادین رواہ احدھما رواہ الضیاء والحاکم وقال صحیح الاسناد معاذ
بن جبل کہتے ہین حضرت نے فرمایا ہے کوئی عورت اپنے شوہر کو دنیا مین نہین ستاتی مگر اسکی
بی بی حور عین کہتی ہے تو اوسکو مت ستا ایذا دے خدا تجھکو مارے غارت کرے وہ تو تیرے
پاس مہمان و مسافر ہے یعنی مہمان و مسافر کے طور پر تیرے گھر آرہا ہے قریب ہے کہ وہ تجھکو
چھوڑ کر ہماری طرف آجاویگا رواہ ابن ماجۃ[۵۲] والترمذی وقال حدیث حسن
ابن عمر کہتے ہین مینے سنا رسول خدا صلعم کو فرماتے تھے عورت جب اپنے گھر سے باہر
نکلتی ہے اور شوہر اوسکا ناخوش و ناراض ہوتا ہے تو ہر فرشتہ جو آسمان مین ہے ہر چیز جسپر اوسکا
گزر ہوتا ہے سوا جن و انس کے وہ سب اوسپر لعنت کرتے ہین جب تک کہ پھر نہ آوے
رواہ الطبرانی[۵۳] فی الاوسط ورواتہ ثقات الا سوید بن عبد العزیز آجکل شوہرون
کا کیا مقدور ہے کہ وہ بی بی کو سیر تماشے باغ بازار محلات بہائی بندون کے گھر جانے
سے منع کرسکین اگر منع کرین تو ابھی بی بی اون سے علیحدہ ہونے پر طیار ہوتی ہین گو
انجام جہنم ہی کیون نہو یا خدا کی لعنت پڑے یا محرومی جنت سے ہو خاوند بھی بھلا کوئی ایسی

[۵۱] اس حدیث کو نسائی نے اور
بزار نے دو اسنادون سے
روایت کیا ہے دو اسنادون سے
سے ایک کے راوی صحیح حدیث
کے راوی ہین اور حاکم نے
بھی روایت کیا ہے اور کہا
کہ صحیح الاسناد ہے ۱۲

[۵۲] اس حدیث کو ابن ماجہ و
ترمذی نے روایت کیا ہے
اور کہا کہ حدیث حسن ہے

[۵۳] اس حدیث کو طبرانی نے
اوسط مین روایت کیا ہے
اور راوی اوسکے سوا سوید
کے سب ثقہ ہین تہذیب التہذیب

اردو

چیز ہے کہ جسکی خوشی ناخوشی کو کسی کے ملنے یا کسی کے گھر جانے یا کسی کے سامنے آنے
یا کسی کو اپنے گھر مین بلانے یا کسی رشتہ دار مرد و عورت سے راہ و رسم رکھنے
مین کچھ دخل پہونچ سکتا ہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ خاوند کیا ہے ایک بم پلس کا داروغہ
ہے کہین ہو سکتا ہے کہ اوسکی کوئی بات کیسی ہی سچی اچھی کیون نہو حق مین کسی بہائی
بند رشتہ دار نزدیک و دور کی سُنی جا سکتی ہے گو رسول خدا صللعم فرمایا کرین کہ سب سے
زیادہ حق شوہر کا ہے یا عورت کی بہشت و دوزخ رضاے شوہر پر موقوف ہے آسودہ عورتون
کے نزدیک مالدار بی بیون کے سامنے متقی شوہر فاسق فاجر رشتہ دار سے بھی بدتر ہوتا ہے
جو اوسکی قدر ہے وہ اسکی نہین مگر اسکا انجام دن قیامت کے معلوم ہوگا ✦

فصل اس بیان مین کہ عورت کو وقت طلب شوہر کی صحبت سے انکار کرنا منع ہے

طلق بن علی نے کہا رسول خدا صللعم نے فرمایا ہے مرد نے جب بی بی کو اپنی حاجت کے لیے بلایا
تو اوسکو آنا چاہیے گو تنور ہی پر کیون نہ بیٹھی ہو رواہ الترمذی وقال حدیث حسن
والنسائی وابن حبان فی صحیحہ معلوم ہوا کہ اگرچہ عورت کیسی ہی شغل و کام مین ہو مگر انکار
نکرے گو وہ کام ضائع ہو یا ایسی جگہہ ہو جہان اس بات کا موقع نہین ہے تو بہی انکار نکرے
اس جگہہ کوئی عذر اوسکا شرع شریف مین مسموع نہین ہے ہان یہہ اور بات ہے کہ بیمار ہو طاقت
صحبت کی نرکہتی ہو ورنہ حدیث ابی ہریرہ مین مرفوعاً آیا ہے کہ جب مرد نے عورت کو اپنی بستر
بلایا وہ نہ آئی وہ غصے مین سو رہا تو صبح تک فرشتے اوس عورت پر لعنت کرتے رہتے ہین
یہہ حدیث بخاری و مسلم و ابو داؤد و نسائی نے روایت کی ہے ایک روایت بخاری مین یون
آیا ہے قسم ہے اوسکی جسکے ہاتھہ مین میری جان ہے کوئی مرد نہین ہے جو اپنی بی بی کو بستر پر
بلاوے وہ انکار کرے نمانے مگر وہ شخص جو آسمان پر ہے اوس عورت پر خفا رہتا ہے یہانتک
کہ شوہر اوس سے راضی ہو دوسری روایت شیخین مین یون آیا ہے جب کوئی عورت بستر

شوہر کو چھوڑ کر علیحدہ سوتی ہے صبح تک اوسپر فرشتے لعنت کیا کرتے ہین حدیث مرفوع ابن عباس کی یہہ لفظ ہی جو عورت سو رہی اور اوسکا خاوند اوسپر غصے ہے اوسکی نماز اوسکے سر سے بالشت بھر بھی اونچی نہین ہوتی رواہ ابن حبان فی صحیحہ واللفظ لابن ماجۃ وروی الترمذی نحوہ من حدیث ابی امامۃ وحسنہ جابر نے کہا رسول خدا نے فرمایا ہے نہین قبول ہوتی نماز اور نہ چڑھتی ہے کوئی نیکی اوس عورت کی جسپر شوہر اوسکا غصہ ناک ہے یہانتک کہ وہ اوسکو راضی کرے رواہ الطبرانی فی الاوسط وابن خزیمۃ وابن حبان واللفظ لہ حدیث ابن عمر مین مرفوعا یون آیا ہے تجاوز نہین کرتی نماز اوس عورت کی جو نافرمان ہے اپنے شوہر کی یہانتک کہ رجوع کرے رواہ الطبرانی باسناد جید والحاکم ان حدیثون سے معلوم ہوا کہ جماع حق شوہر ہے گو کسیقدر عورت کا بھی حق ہو مگر زیادہ حق اسمین مرد ہی کا ہے حق بہی کیسا کہ عورت کیسے ہی کام کاج مین پھنسی ہو وقت طلب شوہر کے ہرگز انکار نکرے خواہ جی چاہے یا نہ چاہے اگر انکار کریگی علیحدہ رہیگی یا جدا سوویگی تو نہ نماز فرض قبول ہے نہ نفل ساری رات ہے اور خدا کا غصہ اور فرشتونکی لعنت ہے نعوذ باللہ منہ اکثر عورتین اس امر مین شوہرونکو نہایت درجہ تنگ رکھتی ہین کسیطرح موافق مرضی کے اون سے نہین ملتین علیحدہ پلنگ پر آرام فرماتی ہین اگر شوہر یہہ کہتا ہے کہ تہوڑی دیر گہڑی دو گہڑی ہی ہمارے پاس پڑ کر چلی جاؤ تو بھی نہین سنتین بلکہ ایک دو صلواتین سنا دیتی ہین کہو یہہ حق ادا ہوا یا بالکل لعنت کا طوق پہنا نہ خدا کی ہوئین نہ خاوند کی غریب بی بی پر تو کیقدر زور بھی چل جاتا ہے آسودہ پر بالکل قدرت خلوت کی میسر نہین آتی شوہر کی کیا ہستی ہے کہ وہ اپنی امنگ کے وقت پر اوس سے ملے بلکہ جب اوسکی مرضی ہو یا خواہش یا حاجت ہو خاوند کو بلا لیوے خواہ طبیعت شوہر کی اوسوقت حاضر ہو یا نہو ایسی عورتون کے ساتھ مرد ہار جاتا ہے ۵

تیری ہر ایک گرہ اور ہماری ساری رات	توبہ بھی نکرا سے زلف یار ہاری رات

۵۱ اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی صحیح مین روایت کیا ہے اور لفظ ابن ماجہ کا ہے اور ترمذی نے بھی ایسا ہی ابو امامہ سے روایت کیا ہے اور حسن کہا ہے

۵۲ اس حدیث کو طبرانی نے اوسط مین روایت کیا ہے اور ابن خزیمہ اور ابن حبان نے بھی روایت کیا ہے اور لفظ ابن حبان کا ہے ۱۲

۵۳ اس حدیث کو طبرانی نے عمدہ اسناد سے روایت کیا ہے اور حاکم نے بھی

۵۴ مین اللہ کے ساتھ پناہ مانگتا ہون اوس سے

جگر کو تھام کے دلکو دیا جو صبر تو کیا	تڑپ تڑپ کے گزاری تو کیا گزاری رات

یہی سبب ہے کہ رسول خدا صلعم نے دیندار عورت سے نکاح کرنیکو فرمایا ہے مالدار خوبصورت سے فرمایا ہے بہلا کسی دیندار عورت سے یہہ کب ہوگا کہ وہ شوہر کو اپنا غلام بنا کر رکھے اوسکو ناراض کرکے خود ملعون بنے نماز پڑھکر برباد کرے خدا کا غصہ اوٹھاوے یہہ بہادری جرأت دلیری اونھین بی بیون کو نصیب ہوتی ہے جنکو نفس اپنی حکومت یا دولت کا ہوتا ہے ایک پر قناعت کرنا پسند نہین آتا ہے کبھی یار ہین تو کبھی اغیار کبھی اگلی عاشق زار ہین تو کبھی پچھلے تبہ کار حرام خوار اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن یہہ حدیثین بھی ویسی ہی ہین جیسے فرضیت نماز روزہ حج وزکوٰۃ کی یا حرمت زناکاری شراب خواری چوری کی دونون قسم کی حدیثین ایک ہی رسول نے ارشاد فرمائی ہین کسی شوہر نے اپنے جی سے نہین بنائین ان عورتون کی مثال ایسی ہی ہے جیسے کافر لوگ کہ بعض قرآن پر ایمان لاتے تھے بعض قرآن کا انکار کرتے تھے حالانکہ قاعدہ شرع کا یہہ ہے کہ گناہ سے بچنا بہت عبادت کرنے پر مقدم ہے جو عمل زیادہ ہوگا وہی اپنا اثر دکھلائیگا خدا نکرے کہ کسیکے گناہ اوسکی نیکیون سے زیادہ ہون خلاصہ یہہ ہے کہ عورت کی نجات شوہر کی رضا مین رکھی گئی ہے اوسکی راضی رہنے سے جنت مین جانے کی امید ہوتی ہے اوسکی ناراضی سے نہ عبادت قبول ہے نہ کوئی کام مقبول ہزار نیکیان کرو کیا ہوتا ہے شوہر اگر راضی ہے تو تھوڑی عبادت بھی قبول ہے ورنہ نہیں

فائدہ ابی سعید خدری نے کہا رسول خدا صلعم عید الفطر یا عید الضحیٰ مین طرف عیدگاہ کے جاتے تھے کچھہ عورتون پر گزر ہوا فرمایا مین نے دیکھا کہ سب سے زیادہ دوزخ مین تمہین ہو اونھون نے عرض کیا اسکا کیا سبب ہے فرمایا تم لعنت بہت کیا کرتی ہو شوہر کی ناشکر رہتی ہو مین نے کسی کم عقل دین کو نہین دیکھا کہ وہ عقلمند مرد کی عقل کھو دی جسطرح عورت کھو دیتی ہے انھون نے کہا ہمارے دین و عقل مین کیا نقصان ہے فرمایا کیا گواہی ایک عورت کی برابر آدھی گواہی مرد کے نہین ہے کہا ہان فرمایا یہی تو نقصان انکی عقل کا ہے پھر فرمایا جب حیض آتا ہے تو نہ

نماز پڑھے نہ روزہ رکھے کہا ہان فرمایا یہی نقصان دین کا ہے یہہ حدیث متفق علیہ ہے اس
حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت بڑے عقلمند مرد کو بھی دھوکا دیدیتی ہے بے وقوف سیدھے سادے
مرد کا تو کیا ذکر ہے انکے چلتر کچھہ بہار دانش مین لکھے ہین مرد انکو دیکھ نہین سکتا جب اپنا
مطلب نکلا آشنا ہین جب مطلب فوت ہوا یا فوت ہوا اوسکا کسی نے انکو سمجھا دیا فی الفور
شوہر کے چھوڑ دینے پر مستعد ہوجاتی ہین گو انجام کو ندامت یا نقصان مال یا آبرو یا جان ہی
ہی کیون نہو جہنم مین سب سے زیادہ ہونے کی وجہ یہی ہے کہ عورتین لعن طعن بہت کیا کرتی ہین
شوہر کی ناشکر ہوتی ہین رسول خدا صلعم نے بھی یہی علت انکے دوزخ مین زیادہ ہونے کی ارشاد
فرمائی ہے کوئی عورت آجتک ایسی نہین دیکھی جسکی زبان قابو مین ہو ساری دنیا ہے اور انکو
لعن طعن کرنا برا بھلا کہنا رات دن تیرے میرے ذکر مین رہنا تمام گھرون کی خبر رکھنا خبر سننا
ہر دم وظیفہ غیبت وعیب جوئی کا پڑھنا اپکو اچھا سبکو برا سمجھنا شوہر کی برائی کرنا اوسکی برائی
سننا اوسکی کسی نیکی کا شکر ادا نکرنا عورت کی ہزار خیر خواہی کرو اوسکے لئے جان مارو محبت رکھو
حسن خلق سے پیش آؤ کسی طرح کی طمع لالچ نکرو حاضر غائب دل سے دوست ہے نہ ہو مال جان
کی حفاظت کرو خوشی یا ناخوشی سے راہ و رسم خانگی مین شریک رہو جب ذرا سی خفا ہوگی
یہی کہیگی تم نے کیا کیا ہے تم کسی کام کے نہین ہو ادنی بات خانگی پر ساری امور مہم و خیر
خواہی کو ایک دم مین ملیا میٹ کر دیتی ہے اسیکو حدیث مین ناشکری شوہر کی فرمایا ہے
غرضکہ عورت کی ذات عجب بے وفا بے مروت کافر نعمت ہوتی ہے امیر عورتونکا کیا ذکر ہے
وہ تو نور علی نور ہین غریب بی بیان بھی اکثر اسی رنگ ڈہنگ سے برتاؤ کیا کرتی ہین الا ماشاء
اللہ بہتر ہے جو جی چاہے سو کرو انجام اسکا جہنم ہے اسمین کچھہ شک نہین حدیث شریف
مین آچکا ہے حُجِبَتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ دوزخ چھپائی گئی ہے شہوتون نفس کی خواہشون سے
یعنی جو کوئی مرد عورت دلکی خواہشون پر چلتا ہے رات دن عیش عشرت کھیل تماشے مین رہکر
خوشیان کیا کرتا ہے حکم خدا و رسول بجا نہین لاتا اوسکا انجام دوزخ ہے **فائدہ**

ابی سعید نے کہا ایک عورت نزدیک رسول خدا صلعم کے آئی ہم پاس آنحضرت صلعم کے تھے کہا
میرا شوہر صفوان بن معطل مجھکو مارتا ہے جب مین نماز پڑہتی ہون روزہ افطار کرا دیتا ہے
جب روزہ رکہتی ہون نماز فجر نہین پڑہتا مگر جب سورج نکل آتا ہے صفوان بھی وہان موجود
تھے اون سے پوچھا یہہ کیا کہتی ہے کہا اے رسول خدا مارنے کی یہہ صورت ہے کہ جب یہہ نماز
پڑہتی ہے تو دو سو رتین پڑہتی ہے آپنے اس طرح کی قرأت سے منع فرمایا ہے آنحضرت صلعم
نے کہا ایک سورت تو سب لوگون کو کفایت کرتی ہے پھر افطار صوم کی یہہ بات ہے کہ جب دیکھو
تب ہی یہہ روزہ رکہتی ہے مین جوان آدمی ہون مجھہ سے صبر نہین ہو سکتا ہے فرمایا کوئی عورت
بدون اذن شوہر کے روزہ نرکہا کرے پھر کہا کہ یہہ بات کہ مین نماز نہین پڑہتا مگر بعد نکلنے سورج
کے اسکی صورت یہہ ہے کہ ہم ایسے گہر والے ہین کہ ہماری عادت سبکو معلوم ہے ہماری نیند
نہین کہلتی مگر سورج نکلے فرمایا اے صفوان جب تو جگے تو نماز پڑہ رواہ ابوداؤد وابن
ماجۃ مطلب یہہ ہے کہ اوس عورت نے شکایت اپنے شوہر کی کی مگر سب شکایت بیجا ٹہہری
وہ دو لنبی سورتین ایک یا دو رکعت نماز مین پڑہتی تھی یہہ بات ٹھیک نہ تھی صحبت سے بچنے
کے لئے روزہ زیادہ رکہتی یہہ بھی کچہہ بات نہ ہوئی اسمین حق شوہر کا ضائع کرنا اوسکا ناخوش
رکہنا اوسکو ایذا دینا تہا صفوان کی قوم کی یہہ عادت تھی کہ رات کو پانی بہرتی دیر مین سوتی
آنکہہ نہ کہلتی یہہ بات نہ تھی کہ دیدہ و دانستہ وقت پر نماز نہ پڑہتی اسلئے رسول خدا صلعم نے
اونکا عذر قبول کیا باوجود تقصیر کے کیونکہ جسے کسی عذر سے نماز وقت پر نہ پڑہی پھر آنکہہ کہلنے
ہی پڑہ لی تو یہہ نماز ادسکی ادا ہو گئی نہ قضا اگر آنکہہ کہلنے پر دیر کی تو گویا عمداً قضا کی اسکا سخت
گناہ ہے بلکہ اہل حدیث کے نزدیک ایسے شخص کا وہی حکم ہے جو تارک عمد نماز کا ہے اکثر بی بیان
صبح کو دیر کر کے اوٹہتی ہین اگر اسیوقت نماز پڑہ لیا کرین تو گناہ سے بچ جایا کرین لیکن جیدہ و
دانستہ دیر کر کے یا وقت ظہر کے پڑہتی ہین یہہ نماز عمداً قضا ہوتی ہے اسیطرح ظہر کی نماز وقت
عصر کی نماز چار بجے پڑہتی ہین یہہ بھی سخت معصیت ہے خدا ہمانے یہہ نماز انکی ادا بھی

ہوئی یا نہین کیونکہ آخر وقت پر نماز پڑہنا علامت نفاق کی ہے جب پڑہنے ہی کی ٹھہری
تو بڑی نادانی ہے کہ بے وقت پڑہکر محنت بھی برباد کی گناہ بھی مول لیا اگر وقت پر یہہ نماز
ہوجاتی تو دیکھو کیسی برکت ہوتی ہے بہرحال رسول خدا صلعم نے اس شکایت حکایت مین
مرد کو مقدم رکھا باوجود کسیقدر تقصیر کے عورت کے عذر کو قبول نہ فرمایا باوجود عدم
تقصیر کے تاکہ یہہ بات معلوم ہوجاوے کہ مردون کا حق عورتون پر زیادہ ہی قالہ الطیبی
لکن اسمین بحث ہے کہ عورت کی کچھہ تقصیر نہ تھی مرد ہی کا قصور تھا اب اگر کوئی معاملہ مرد
عورت کا عدالت یا محکمۂ قضا مین پیش ہوتا ہے تو مرد ہی کو ہر طرح الزام دیا جاتا ہے عورت
کچھہ ہی کیون نکرے معذور رکھی جاتی ہے ساری حکم اسلام کے بدل گئے ہین نام کی مسلمانی
باقی رہگئی ہے اگرچہ یہہ بات بہی کسیقدر درست ہے کہ آجکل کے مرد بھی نہایت ہی نالائق
فاسق فاجر ہوتے ہین انکو بھی کچھہ پروا حقوق زوجہ کی نہین ہوتی اپنا حق تو پورا پورا لینا
چاہتے ہین بی بی کا حق بالکل نہین سمجھتے سو ایسے مرد درحقیقت گناہ و معصیت مین مثل
عورتون ہی کے ہین دونون کے لئے جہنم طیار کر رکھے گئے ہین خاطر جمع رکھین ٭

فصل اس بیان مین کہ جو عورت حق شوہر بجا لاسکی وہ اول ہی سے نکاح کرے

ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہین ایک آدمی اپنی بیٹی لیکر پاس رسول خدا صلعم کے
آیا کہا یہہ میری بیٹی بیاہ کرنے سے انکار کرتی ہے رسول خدا نے اوس لڑکی سے کہا اپنے
باپ کی اطاعت کر یعنی نکاح منظور کر اوسنے کہا قسم ہے اوسکی جسنے آپکو سچ مچ بھیجا ہے
مین نکاح نکرونگی جب تک کہ آپ مجھکو یہہ نہ بتا دین کہ حق زوج کا زوجہ پر کیا ہی فرمایا حق
شوہر کا بی بی پر یہہ ہے کہ اگر شوہر کے پیر سے لہو نکلا ہو یہہ اوسکو زبان سے چاٹے یا اوسکی
ناک سے زرد پانی و خون بہتا ہو یہہ اوسکو نگل جاوے تو بھی اسنے اوسکا کچھہ حق
ادا نکیا اوس لڑکی نے کہا وَالَّذِی بَعَثَکَ بِالْحَقِّ لَا اَتَزَوَّجُ اَبَدًا قسم ہے خدا کی مین ہرگز

نکاح نہین کرینگی رسول خدا صلعم نے فرمایا لا تنکح الایم حتی تستامر ولا تنکح البکر حتی تستاذن قالوا یا رسول اللہ کیف اذنہا قال ان تسکت یعنی بیوہ عورت کا نکاح اوسکی اجازت سے اور کنواری کا نکاح اوسکی اجازت سے کیا جاویگا صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کنواری کی اجازت کیونکر ہوگی فرمایا اوسکا چپ رہنا اجازت ہے اسکو بزار نے باسناد جید روایت کیا ہے سارے راوی اس حدیث کے ثقات ہین ابن حبان نے بھی اپنی صحیح مین اس حدیث کا اخراج کیا ہے معلوم ہوا کہ کسی عورت کا نکاح کسی سے زبردستی بدون اوسکی خوشی کے نکرے باپ ہو یا بھائی یہہ بھی معلوم ہوا کہ جو عورت بخوف خدا یا اندیشہ تلف حقوق زوج نکاح کرنے سے باز رہے تو جائز ہی اوسپر سختی تشدد کرنا نہین پہونچتا ابی ہریرہ نے کہا ایک عورت پاس رسول خدا صلعم کے آئی کہا مین فلان دختر فلان ہون فرمایا مین نے تجھکو پہچانا تیرا کیا کام ہے کس لئے آئی ہے کہا میرا کام میرے چچازاد بھائی فلان عابد سے ہے فرمایا مین اوسکو پہچانتا ہون کہا اوس نے مجھے نکاح کا پیغام بھیجا ہے مجھہ سے منگنی کرنا چاہتا ہے آپ بتائین حق شوہر کا بی بی پر کیا ہے اگر کوئی ایسی چیز ہے جسکو مین کرسکتی ہون تو مین اوس سے نکاح کرونگی فرمایا حق زوج کا یہہ ہے کہ اگر اوسکے دونون نتھنون سے لہو پیپ بہے یہہ اوسکو اپنی زبان سے چاٹی تب بھی اسنے کچھہ اوسکا حق ادا نہین کیا اگر کسی بشر کو یہہ پہنچتا کہ دوسرے بشر کو سجدہ کرے تو مین عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کیا کرے جبکہ باہر سے شوہر اوسکا اوسپر داخل ہو اس لئے کہ اللہ تعالے نے اوسکو بی بی پر فضیلت دی ہے اوس عورت نے کہا والذی بعثک بالحق لا اتزوج ما بقیت الدنیا رواہ البزار وانکحہ وقال صحیح الاسناد خدا کی قسم ہے جب تک دنیا باقی ہے مگر مین ہرگز نکاح نہین کرینگی مگر ایک راوی اس حدیث کا ضعیف ہے یہہ دوسرا قصہ ہے حدیث ابی سعید مین جو قصہ گزرا وہ اور تھا انس بن مالک کی حدیث پہلے گزر چکی ہے اوسکا لفظ یہہ ہے لو کان من قدمیہ الی مفرق راسہ قرحۃ تنبجس بالقیح والصدید ثم استقبلتہ فلحستہ ما ادت حقہ اسکو احمد نے بروایت جید مسند کیا ہے اسکی روات ثقات مشہورین مین وہو عند البزار بنحوہ معلوم ہوا کہ بخوف خدا و تلف حقوق شوہر ترک کرنا نکاح کا

درست ہے یہہ کام دیندار عورتون کا ہے مگر جو عورت کہ نکاح نہین کرتی لیکن یاری آشنائی
مین رہتی ہے وہ اوس سے بھی بدتر ہے جو بعد نکاح کے کسیقدر کوتاہی کرتی ہے نکاح کرنے
کا جب ہی لطف ہے کہ پوری پارسا پردہ دار گناہون سے برکنار رہو ورنہ دونون دین سے
گئے پانڈے حلوا مانڈے ماناکہ نکاح نہین کیا زنا بھی نہین کیا مگر آپکو دیکھا یا ہنسی
ٹھٹھے مین عمر بسر کی دور سے دیکھ بھال رہی یہہ کیا گناہ کم ہے گناہ بے لذت اسیکا نام ہے
ورنہ شہوت پرستون کا تو یہہ قول ہے ؎

بشکند دستے کہ خم در گردن یارے نشد	کور بہ چشمے کہ لذت گیر دیدارے نشد

ابن عباس سے مروی ہے کہ ایک عورت قبیلہ خثعم کی نزدیک رسول خدا صلعم کے آئی کہا اے
رسول اللہ مجھکو بتاؤ حق زوج کا زوجہ پر کیا ہے مین ایک رانڈ عورت ہون اگر مجھ سے
ہوسکے گا تو مین نکاح کرونگی نہین تو بیٹھہ رہونگی فرمایا حق شوہر کا جو رو پر یہہ ہے کہ اگر
وہ اوسکو بلاوے یعنی واسطے صحبت کے اور وہ پشت پالان پر ہو تو اپنی جان کو اوس سے
نروکے دوسرا حق یہہ ہے کہ روزہ نفل نرکھے مگر اوسکے اذن سے اگر اسنے روزہ رکھا
تو بھوکی پیاسی رہی یہہ روزہ اوسکا قبول نہوگا آپنے گھر سے نہ نکلے مگر اوسکی اجازت سے
اگر نکلے گی تو سارے فرشتے آسمان کے سارے فرشتے رحمت کے سارے فرشتے عذاب کے
اوسپر لعنت کرینگے یہانتک کہ پھر کر گھر مین آوے اوس نے کہا لا جرم لا اتزوج ابدا آپ
ضرور ہے کہ مین ہرگز نکاح نکرون رواہ الطبرانی اگلی حدیثون مین کواری عورت کو نکاح
کرنیکا ذکر تھا اس حدیث مین بیاہی کا ذکر ہے معلوم ہوا کہ کواری ہو یا بیاہی جب اوس نے
خوف خدا عذاب آخرت کے ڈر سے نکاح نہ کیا تو کچھہ مضائقہ نہین ہے ؎

اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا ہے

ما را ہوائے گلشن و باغے نمانده است	اے بوئے گل برو کہ دماغے نمانده است

برا تو یہہ ہے کہ آشنائی یاری کے مزے آزادگی کے عیش چاہے نکاح کو قید سمجھے خلل انداز
عیش جانے تدبیر جدائی مین رہے ظاہر مین میل رکھے مگر ایسی باتین نہ شوہر پر مخفی رہ سکتی

ہین نہ کسی اور پر یہہ وصف عورت مین غالباً بدعورتونکی صحبت سے پیدا ہوتا ہے اسی لئے
بعض روایت مین آیا ہے کہ بجز تہمت کی جگہہ سے آدمی گو گناہ نکرے مگر بری صحبت سے بدنام
ہوجاتا ہے بدنامی کا انجام بھی دوزخ ہے اس لئے کہ حدیث مین آیا ہے کہ تم گواہ ہو خدا کی زمین
مین یعنی جسکو اکثر مسلمان اچہا کہتے ہین وہ اللہ کے نزدیک بھی اچہا ہوتا ہے جسکو یہہ برا
کہتی ہین وہ اللہ کے نزدیک بھی برا ہوتا ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دو جنازے
گزرے تہے ایک کو لوگون نے اچہا دوسرے کو برا کہا آپ نے دونون کے حق مین فرمایا کہ
بہشت و دوزخ واجب ہوگئے یعنی جسکے لئے یہہ گواہی دی کہ یہہ اچہا آدمی تہا وہ بہشتی ہوا
جسکو کہا کہ یہہ برا آدمی تہا وہ دوزخی ٹہہرا دنیا کا دستور ہے کہ جب کوئی آدمی مرد ہو
یا عورت مرجاتا ہے تو اچہے کی تعریف کرتے ہین فاسق فاجر کو برا کہتے ہین انکا اچہا برا
کہنا اوسکے حق مین گواہی ٹہہرتا ہے اسیواسطے قرآن مین آیا ہے کہ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ
بَعْدَ الْاِیمَانِ یعنی نیکنامی کے بعد بدنامی بہت برا نام ہے اللہ تعالیٰ ہر مرد عورت کو بدنامی
فسق و فجور سے بچاوے خصوصاً آخر عمر کی بدنامی سے کیونکہ جب خاتمہ اس بدنامی پر ہوا تو
بالخیر نہوا حالانکہ اعتبار اسی وقت کا تہا نہ اگلے حال کا رب لیسر وتمم بالخیر **فائدہ**
ان عورتون نے جب نکاح کرنے سے انکار کیا تو رسول خدا صلعم نے کچہہ نفرمایا اس سے
معلوم ہوا کہ جو عورت نکاح نکرے تلف حقوق شوہر سے ڈرے تو اوسپر کچہہ ملامت نہین ہے
مگر اسکے ساتہہ یہی ضرور ہے کہ پھر کسی گناہ ظاہر یا مخفی مین مبتلا نہو ورنہ نکاح نکرنے سے بھی بدتر
یہہ حالت ہوگی ان احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ شوہر کی اطاعت فرض ہے یعنی امور
خانگی مین جو بیان نزدیک شوہر کے نہین جاتین پوری اطاعت شوہر کی نہین کرتین
اونکی آخرت بالکل تباہ ہوتی ہے شوہر مجبور ہوکر زنا مین مبتلا ہوتے ہین یا سوت لاتے ہین
اگر سوت لائے تو عورت کے لئے عذاب ہے اگر زنا کیا تو اس گناہ مین جو رد بھی شریک ہے
اس لئے کہ یہہ زنا خواہ آنکہہ زبان کان ہاتہہ پاؤن کا تہا یا شرمگاہ کا سبب اوسکا یہی

عورت ہوئی ہے ایسی بی بیان جو مطیع شوہر ہون زوج کو راضی خاوند کو خوش کہین شاید لاکھون مین ہزار ہزار مین سیکڑون سیکڑون مین دو چار ہون تو ہون ورنہ سب سے شوہر کو ایذا پہونچتی ہے جنکے خاوند غریب ہین مگر وہ خود امیر ہین تو وہان شوہر کو خواہی نخواہی اظہار رضامندی کرنا پڑتا ہے بی بی نے سمجھ لیا کہ ہم نے میان کو راضی کر لیا خوش رکھا مگر جب کہ دل مین وہ خوش نہین ہے تو گناہ اوسکی ناخوشی کا ذمہ بی بی کے باقی ہے اس لئے کہ اعتبار سارے اعمال کا نیت سے ہے خدا ہر شخص کی نیت دیکھتا ہے ظاہر نہین دیکھتا ۵

ہلاک شیوۂ نازک مزاجہائی صیادم	تبسم میکنم ہرگاہ دل خواہد بفریادم

ہان جب شوہر دل سے راضی ہوتا ہے تو اوسکی رضامندی بھی پوشیدہ نہین رہ سکتی ہے بسطرح عورت کی ملاوٹ ظاہری باوجود ناخوشی خاطر مخفی نہین رہ سکتی آنکھہ دل کا آئینہ ہے جو دل مین گزرتا ہے وہ آنکھہ سے ثابت ہو جاتا ہے جن عورتون کا کوئی امیر رئیس حمایتی ہوتا ہے اونکا حال اور بھی بدتر ہے شوہر کی سچی شکایت پر بھی اولٹی لتاڑ اوس بیچارے کو ہو جاتی ہے جورو سچی خصم جھوٹا ٹھہر جاتا ہے اکثر لوگ ایسی جگہہ پھنس کر دیوث ہو گئے ہین دنیا کے پیچھے عاقبت خراب کر بیٹھتے ہین اللہ تعالیٰ اس بے عزتی سے بچاوے فاقہ اچھا مگر ایسی دولت بری ایک وہ لوگ بھی ہین جو محض واسطے فسق و فجور کے متقی بنکر ڈاڑھی بڑھا کر کسی آسودہ گھر مین یا کسی امیر کی برادری مین عشقہ لگاتے ہین اونکا ارادہ اول ہی سے یہہ ہوتا ہے کہ اوس جگہہ شادی ہو جاوے تو ہم عیش آرام کرین پھر جب نکاح ہو گیا تو ڈاڑھی صفاچٹ کر دی شراب پینے لگے بازار کا قرض کر لیا جورو کو ذریعہ ادائے قرض کا وسیلہ حصول اضافہ تنخواہ وغیرہ کا ٹھہرایا اگر کوئی جرم بھی ہوتا ہے تو بوجہ قرابت کے اوس شخص آسودہ سے یہہ مرد سزا سے بچ جاتا ہے یہہ سب اسباب لعنت و قہر خدا کے ہین جس طرح وہ عورتین ملعون ہین اوسیطرح ایسے مرد بھی مردود ہین دونونکا انجام ایکہی ہے **فائدہ** ابی ہریرہ نے کہا رسول خدا صللم نے فرمایا ہے

جسکے پاس دو عورتین ہین پھر وہ اون دونون مین برابری نہین کرتا ہے وہ دن قیامت
کے یون آویگا کہ آدہا دہڑا اوسکا گرا ہوا ہوگا رواہ الترمذی و حکم بنیر دانحاکم و قال
علی شرطہما ابوداؤد کا لفظ یہہ ہے جسکے پاس دو عورتین ہین وہ ایک کیطرف جھکتا ہے
وہ آویگا دن قیامت کے اور نصف جسم اوسکا مائل ہوگا نسائی کا لفظ اس طرح ہے جسکے
نزدیک دو عورتین ہین وہ ایک کے لئے دوسری پر جھکتا ہے دن قیامت کے یون آویگا کہ
آدہا دہڑا اوسکا ڈہنے کو ہوگا رواہ ابن ماجۃ و ابن حبان فی صحیحہ بنحوہ و رایۃ
النسائی ھذہ الا انہما قال جاء یوم القیامۃ و احد شقیہ ساقط جس طرح اون عورتون
کی وہ سزا تھی جو مذکور ہوئی اسیطرح ان مردونکی یہہ سزا ہے اس بلا مین بھی ایک
خلق گرفتار ہے اچھے برے سب کے سب پھنسے ہوئے ہین الا ماشاء اللہ اس آفت سے نجات
پانے کو اس سے بہتر کوئی تدبیر نہین کہ ایک ہی عورت پر قناعت کرے جب وہ مرجاوے
یا اوسکو طلاق ہوجاوے یا اوس سے خلع کرلے تو دوسرا نکاح کرلے یہہ گناہ بھی اوسوقت
ثابت ہوتا ہے کہ مرد اپنے ارادہ سے ترک عدل کرے اور جو یہہ ترک کسیکے ظلم و جبر سے
ہوا ہے تو امید ہے کہ نزدیک خدا کے معذور ہوگا اسکا گناہ بھی اوسی کی طرف جائیگا
جسنے اسکو اس امر پر مقہور مجبور کر رکھا ہے مراد اس عدل سے یہہ ہے کہ دونون کو مان
نفقہ بقدر ضرورت دے ایک شب اسکے گہر مین دوسری شب اوسکے گہر مین رہے گہر
مین رہنا شرط ہے صحبت مین برابری کرنا شرط نہین اس لئے کہ زیادہ حق جماع کا مرد کیلیے
ہے اسکو اپنے حق کے پورا کرنے نہ کرنیکا اختیار ہے حدیث ابن عمر مین مرفوعا آیا ہے
جو لوگ عدل کرتے ہین وہ پاس اللہ کے نور کے منبرون پر داہنی طرف رحمن کے ہونگے
یعنی دن قیامت کو خدا کے دونون ہاتھ داہنے ہین یہہ وہ لوگ ہین جو اپنے حکم مین
اپنے گہر والون کے حق مین اور جس چیز کے یہہ والی ہین اوسمین انصاف کرتے ہین رواہ
مسلم و غیرہ اگلی حدیث مین جس طرح خرابی اون شوہرون کی مذکور تھی جو دو عورتون

ف ۲ اس حدیث کو ترمذی نے غریب کہا ہے اور ابن حبان نے صحیح کہا ہے اور حاکم نے اور
بھی روایت کیا ہے اور بخاری نے بھی کہا ہے

ف ۳ اس حدیث کو ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اور ابن حبان نے بھی اپنی صحیح مین
جسکا لفظ بھی اس روایت کے مثل ہے اور نسائی نے بھی اس روایت کو اسی طرح
روایت کیا ہے اور ابن حبان کی روایت مین یہہ لفظ ہین کہ وہ مرد قیامت کے دن
ایک دہڑ گرا ہوا ہوگا اور اسکا ایک شق ساقط ہوگا

ف ۴ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے

مین عدل و برابری نہین کرتے ہین اوسیطرح اس حدیث مین بشارت ہے اون شوہرون کو
جو حق مین اہل خانہ کے عدل کرتے ہین یہہ عدل اونھین شوہرون سے ہوسکتا ہے
جو انبیاء علماء صلحاء اتقیاء تھے انکی بی بیان ان سے ڈرتی تھین خدا کا خوف رکھتی تھین
اپنی نجات چاہتی تھین برابر کی قوم یا رشتے ناتے سے آتی تھین جو شوہر زیر دست
جور وہین یا محکوم کسی زبردست کے ہین اُن سے یہہ عدل ہرگز نہین ہوسکتا گو وہ
سو بار عدل کرنا چاہین انکی نجات اس عذاب سے کہ آدھا دھڑ ندارد ہوگا نہین ہوسکتی
مگر اوسی صورت مین کہ اللہ تعالےٰ انکی نیت قلبی پر نظر فرماکر درگزر کرے مظلوم سمجھکر
انکو چھوڑ دے ورنہ بی بی نے تو انکو اپنے ساتھ پہلے ہی سے چھین رکھا ہے ہان یہہ بات
اور ہے کہ دلی محبت ایک بی بی سے زیادہ ایک سے کم ہو اسپر ہرگز پکڑ نہین ہے یہہ
عذر خدا سے خود رسول خدا صلعم نے اپنے واسطے بھی کیا ہے دوسرے کا کیا ذکر
عائشہ کہتی ہین رسول خدا صلعم تقسیم و عدل کرتے تھے پھر یہہ کہتے اَللّٰھُمَّ ھٰذَا قَسْمِیْ
فِیْمَا اَمْلِکُ فَلَا تَلُمْنِیْ فِیْمَا تَمْلِکُ وَلَا اَمْلِکُ یَعْنِی الْقَلْبَ [۱] رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ
وَابْنُ مَاجَۃَ وَابْنُ حِبَّانَ فِیْ صَحِیْحِہٖ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ رُوِیَ مُرْسَلًا وَھُوَ اَصَحُّ
یعنی یہہ تقسیم و برابری اوس بات مین ہے جو میرے بس مین ہے سو تو مجھکو ملامت
نکر اوس بات مین جو تیرے اختیار کی ہے نہ میرے بس کی یعنی دلکی محبت حاصل یہہ
کہ مواخذہ خدا کا ظاہری برتاؤ پر ہے نہ باطنی امر پر یہہ اس لئے فرمایا کہ آپ عائشہ رضی اللہ
عنہا کو سب سے زیادہ چاہتے تھے اس سے معلوم ہوا کہ بابت اس محبت کے دوسرون سے
بھی کچھہ مواخذہ نہوگا انشاء اللہ تعالیٰ اسلئے کہ کبھی اگلی بی بی سے پچھلی اچھی ہوتی ہے
جسطرح عائشہ اور بی بیون سے زیادہ اچھی ٹھہرین واللہ اعلم ۵

محبت ست کہ دل را نمی دہد آرام		وگرنہ کیست کہ آسودگی نمی خواہد

فصل اس بیان مین کہ نفقہ اہل و عیال کا شوہر پر واجب ہے

[۱] اس حدیث کو ابوداؤد و نسائی و ابن ماجہ و ابن حبان نے اپنی صحیح مین روایت کیا ہے اور ترمذی نے کہا کہ یہہ حدیث مرسل کرکے روایت کی گئی ہے اور وہی صحیح ہے ۱۲

عائشہ کہتی ہین ہند دختر عتبہ نے کہا اے رسول خدا ابوسفیان ایک مرد بخیل ہی مجھے
اتنا نہین دیتا کہ مجھکو تیرے بچون کو کفایت کرے مگر جو کچھہ مین اوسکے مال سے لیلون
اور اوسکو معلوم نہو فرمایا جتنا تجھکو تیرے بچون کو کفایت کرے اوتنا تو لے لیا کر دستور
کے موافق متفق علیہ یہہ حدیث صحیح اصل ہے اسبات مین کہ عورت کو اپنا اپنے بچون
کا نان نفقہ گو چھپ کر کیون نہو شوہر کے مال سے لینا درست ہے مطابق رواج و
دستور کے اس سے زیادہ لینا چورانا جائز نہین حدیث جابر بن سمرہ مین آیا ہے کہ
رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جب خدا تم مین سے کسیکو مال دے تو وہ پہلے اپنی جان
پر پھر اپنے گھر والون پر صرف کرے رواہ مسلم مراد گھر والون سے بی بی بچے ہین ابو
ہریرہ نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے ایک دینار وہ ہے جو تو نے راہ خدا مین صرف کیا
ایک وہ ہے جو گردن چھوڑانے مین دیا ایک وہ ہے جو کسی مسکین پر صدقہ کیا ایک
وہ ہے جو بی بی بچون پر صرف کیا سب مین زیادہ اجر اوسی دینار کا ہے جو اہل پر صرف
کیا رواہ مسلم یعنی اہل کو دینا غیرون پر صرف کرنا گو اچھی ہی جگہہ کیون نہ صرف
کرے اچھا نہین ہے بلکہ اول خویش بعدہ درویش جو لوگ اہل و عیال پر فراغت سے صرف نہین
کرتے ہین نامور ی کے لئے یا اجر کے لئے انکو حاجتمند چھوڑ کر دوسری جگہہ بذل کرتے
ہین وہ اس نعمت و بشارت سے جو اس حدیث مین آئی ہے بالکل محروم رہتے ہین امیرون
مین یہہ بھی بہت دیکھا ہے گیا ہے کہ اولاد کو تو تھوڑا دیتے ہین اپنی عیاشی مین زیادہ
صرف کرتے ہین یہہ بالکل گنہگار تنبہ کار ہین ثوبان مولی رسول خدا صلعم نے کہا حضرت
نے فرمایا ہی بہتر دینار وہ ہے جسکو آدمی اپنے عیال پر صرف کرتا ہے پھر وہ دینار جو راہ خدا
مین دیتا ہے پھر وہ دینار جو اپنے یارون پر راہ خدا مین اوٹھاتا ہے ابو قلابہ نے
کہا شروع صرف کا عیال ہی سے بتایا ہے بھلا کون آدمی اس شخص سے زیادہ اجر
مین ہوگا جو اپنے چھوٹے بچون پر صرف کرتا ہے یہہ عفیف رہتے ہین انکو نفع ہوتا ہے

آسودگی ملتی ہے رواہ مسلم والترمذی جب غیر کو دیا یا اپنی جان پر صرف کیا اہل وعیال کو دیا تو یہہ ندیدے ہونگے ہر کسی سے مانگتے پھرینگے اس سے انہین کو کیون نہ دے کہ یہہ آسودہ حال رہین ۵

ہمین آن بہ کہ حمیت را کہ ہرگز	نخواہد دید روے نیکبختی
تن آسانی گزیند خویشتن را	زن و فرزند بگزارد بہ سختی

۵ اس حدیث کو مسلم و ترمذی نے روایت کیا ہے ۱۲

حدیث سعد بن ابی وقاص مین مرفوعاً آیا ہے کہ رسول خدا صلعم نے اِن سے ارشاد فرمایا تو کوئی نفقہ نہ کرے گا جس سے مقصود ذات خدا ہو مگر تجھکو اوسپر اجر ملیگا یہانتک کہ اوس چیز کا اجر بھی جو تو نے منہہ مین اپنی بی بی کے دی ہے یعنی بی بی کو اپنے ہاتھ سے لقمہ بناکر کہلانا یہہ بھی ایک اجر کی بات ہے اسکو شیخین نے بذیل حدیث طویل روایت کیا ہے اکثر لوگ جو اپنی بی بیون کو چاہتے ہین اون سے محبت رکھتے ہین شفقت و لطف و عنایت و توجہ سے پیش آتے ہین یہہ کام درحقیقت بڑے اجر و ثواب کا ہے مگر جبکہ یہہ خاطرداری محض ہوائے نفس کے لیے ہوتی ہے نہ اسلیئے کہ یہہ حسن معاشرت منجملہ حقوق زوجہ کے ہے اور اللہ اس سے راضی ہوگا تو کچھہ بھی اجر اسکا نہین ملتا ہے یہی حکم ہے سارے اعمال صالحہ افعال حسنہ اخلاق حمیدہ کا کہ اگر نیت رضائے خدا کی ہمراہ ہے اوس کام کو حکم شرعی سمجھہ کر کیا جاتا ہے تو تو ثواب ملیگا ورنہ خیر سلّما بخیر ثما بسلامت مثلاً اگر کوئی شخص اپنی کسی آشنا عورت کو لقمے بناکر کہلاوے بہت کچھہ نان نفقہ دیوے تو یہہ کچھہ ثواب کا کام نہین ہے بلکہ حرام ہے نیکی برباد گناہ لازم اسکیو کہنا چاہیئے ابی مسعود بدری کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جب خرچ کیا آدمی نے اپنی اہل پر اور وہ امید اجر کی رکھتا ہے تو یہہ صرف کرنا صدقہ ہوا رواہ البخاری و مسلم والترمذی والنسائی یعنی اپنے گھر کے خرچ مین اگر نیت یون کی کہ خدا نے مجھپر یہہ فرض کیا ہے اوسی کے حکم سے مین خرچ کرتا ہون تو اوسمین بھی خیرات کی برابر ثواب ملیگا اور

۵ اس حدیث کو بخاری و مسلم و ترمذی و نسائی نے روایت کیا ہے ۱۲

اگر بے نیت خرچ کیا تو نہ ثواب نہ عذاب یہہ اس لئے ہے کہ دار مدار ہر عمل کے اجر و ثواب کا
نیت پر ہے اگر نیت نہیں ہے تو عمل اکارت ہوا گو کیسا ہی اچھا کام کیون نہو حدیث مقدام
بن معدیکرب مین آیا ہے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جو کچھہ تو نے اپنی جان کو کھلایا وہ
تیرے لئے صدقہ ہے جو کچھہ بچون کو کھلایا وہ بھی صدقہ ہے جو کچھہ بی بی کو کھلایا وہ بھی
صدقہ ہے جو کچھہ خادم کو کھلایا وہ بھی صدقہ ہے [۱] رواہ احمد باسناد جید اپنی
جان پر صرف کرنا اس لئے موجب اجر ہوا کہ جان کا رکھنا فرض ہے یہہ جان خدا کی مملوک
ہے اوسکی رضامندی کیواسطے اسکی حفاظت کی گئی ہے اسلیئے خودکشی گناہ کبیرہ ٹھہرا ہے
قاتل نفس پر نماز جنازہ پڑہنے کی ممانعت آئی ہے کہ دوسرے کے ملک مین بلا حق
شرعی کے اسنے کیون یہہ بیجا تصرف کیا ابن مسعود کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا
ہے اونچا ہاتھہ بہتر ہے نیچے ہاتھہ سے یعنی دینا لینے سے بہتر ہے تو شروع کر عیال سے
یعنی پہلے اونہین کو دے عیال کون ہین تیری مان تیرا باپ تیری بہن تیرا بھائی پھر
جو زیادہ تر قریب ہو پھر جو بعد اوسکے قریب تر ہو [۲] رواہ الطبرانی باسناد حسن وھو
فی الصحیحین وغیرھما بنحوہ من حدیث حکیم بن حزام اس حدیث مین ترتیب صلہ
رحم کی فرمادی کہ پہلے مان باپ ہین پھر بھائی بہن پھر دوسرے رشتہ داراون مین
وہ مقدم ہین جو رشتہ مین نزدیک تر ہین ابی امامہ نے کہا رسول خدا صلعم نے
فرمایا ہے جسنے اپنی جان پر نفقہ کیا اسلئے کہ پار سا رہے یہہ صدقہ ہے جسنے نفقہ کیا
اپنی بی بی بچون گھر والون پر یہہ بھی صدقہ ہے [۳] رواہ الطبرانی باسناد حسن احدھما
حسن ابی ہریرہ کہتے ہین ایک دن رسول خدا نے اپنے اصحاب سے فرمایا صدقہ دو
ایک آدمی نے کہا میرے پاس ایک دینار ہے فرمایا اپنی جان پر خرچ کر کہا ایک اور بھی ہے
فرمایا اپنی بی بی پر خرچ کر کہا میرے پاس ایک اور دینار بھی ہے کہا اپنے بچون پر
اوٹھا کہا ایک اور بھی ہے فرمایا خادم پر صرف کر کہا ایک اور ہے فرمایا اب تو زیادہ تر

[۱] اس حدیث کو احمد نے روایت کیا ہے اور اسناد سے سند ہے
[۲] اس حدیث کو طبرانی نے باسناد حسن روایت کیا ہے اور صحیحین کی حدیث حکیم بن حزام سے بھی اسکی مثل روایت ہے
[۳] اس حدیث کو طبرانی نے دو اسناد سے روایت کیا ہے دونون اسناد مین سے ایک اسناد حسن ہے

دانا بینا ہے رواہ ابن حبان فی صحیحہ یعنی مقدم تو یہ لوگ ہین پھر جہان تو مناسب سمجھے وہان خرچ کر کعب بن عجرہ کی حدیث مین آیا ہے ایک آدمی کا گذر رسول خدا صلعم پر ہوا صحابہ نے اوسکی تیزی و نشاط کو دیکھکر کہا اے رسول خدا کیا اچھا کام ہوتا جو یہ تندرستی و نشاط اسکی راہ خدا مین صرف ہوتی فرمایا اگر یہ اسلیے نکلا ہے کہ اپنے چھوٹے بچون کے لیے سعی کرے کچھہ کمائے تو یہ بھی راہ خدا مین ہے اور جو بوڑھے ماں باپ کے لیے سعی کرنیکو نکلا ہے تو یہ بھی راہ خدا ہین ہے اور جو اپنی جان کے لیے نکلا ہے تو یہ بھی راہ خدا ہی مین ہے اور جو دکھانے بڑائی مارنے کو نکلا ہے تو یہ راہ شیطان مین ہے رواہ الطبرانی و رجالہ رجال الصحیح معلوم ہوا کمائی کرنا اپنے لیے اپنے بچون ماں باپ وغیرہم کے لیے داخل سبیل اللہ ہے اسکا اجر ساعی کو ملتا ہے اور جو اکڑ کر تن کر پہلوانی بہادری جوانی دکھلانے کو نکلا ہے تو یہ راہ شیطان ہے اجر کی جگہہ اسکو زجر ہوگا ثواب کے بدلے عذاب گلے پڑیگا جابر کی حدیث مین آیا ہے رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جو خرچ کیا مرد نے اپنے اوپر اپنے ولد و اہل و ذی رحم و قرابت پر وہ سب اسکے لیے صدقہ ہے رواہ الطبرانی فی الاوسط و سنداھد کثیرۃ دوسری روایت مین یون آیا ہے سب سے پہلے جو ترازو مین رکھا جاویگا وہ نفقہ ہے بندے کا اوسکی اہل پر رواہ الطبرانی فی الاوسط عرباض بن ساریہ کہتے ہین مین نے سنا رسول خدا صلعم کو فرماتے تھے آدمی جب اپنی بی بی کو پانی پلاتا ہے تو اسکا اجر بھی اسکو ملتا ہے یہ سنکر مین آیا مین نے اپنی بی بی کو پانی پلایا اوسکو یہ حدیث سنائی رواہ احمد و الطبرانی فی الکبیر و الاوسط غرضکہ شوہر کوئی سا کام بھی بی بی کا کریگا تو اجر پاویگا اسیطرح بی بی کو بھی خدمت شوہر کا اجر ملتا ہے اس مقدمے مین اکثر لوگ سخت کوتاہی کرتے ہین خصوصاً وہ لوگ جنکی بی بیان آسودہ ہین وہ تو ہرگز اونکا نان نفقہ اپنے اوپر واجب ہی نہین جانتے ناوکی اولاد کا بلکہ خود اونکا مال سامان لے مرتے ہین یہ نہایت بڑا کام ہے بی بی محتاج ہو یا آسودہ نفقہ اوسکا اوسکے بچونکا شوہر پر واجب ہے یہانتک کہ اگر بہ سبب نہ ملنے نفقہ کے واجب کے

۱ اس حدیث کو ابن حبان نے روایت کیا ہے

۲ اس حدیث کو ابن حبان نے روایت کیا ہے اور راوی اسکے راوی صحیح کے ہین ۱۲

۳ اس حدیث کو طبرانی نے اوسط مین روایت کیا ہے اور راوی اسکے موافق صحیح کے ہین ۱۲

۴ اس حدیث کو طبرانی نے اوسط مین ذکر کیا ہے ۱۲

۵ اس حدیث کو احمد نے روایت کیا ہے اور طبرانی نے بھی کبیر و اوسط مین ۱۲ ۱۲

وہ پاس شوہر کے نجاوے تو شوہر کو کچھہ زور اوسپر نہین پہونچتا ہے جب اپنا نفقہ اور مہر لیلے
تب جاوے خدا سے ڈرنے والے نفقہ و مہر نہین رکھتے **فائدہ** حد نفقہ کی کسی آیت و
حدیث مین نہین آئی ہے فقط قید معروف کی ارشاد فرمائی ہے معروف کے یہہ معنی ہین کہ جو
برتاؤ نان نفقہ کا اوسکے شہر محلہ قوم قبیلہ مین مشہور و معمول و مروج و دستور ہے اوسکے
موافق دیوے اوسمین کمی نکرے باوجود قدرت کے مقدار معروف مین کوتاہی کرنا منظور نرکھے
یہہ مطلب نہین ہے کہ جتنا بی بی مانگے اوتنا ہی اوسکو دے اسلئے کہ اگر بی بی کسی جگہہ کی
رئیسہ ہے یا آسودہ گھر کی بیٹی ہے یا کسی میر والی رئیس حاکم بادشاہ کی لڑکی ہے اور یہہ
اوسکی برابر دولت و آسودگی مین نہین ہے یا بافراغت ہے مگر اولاد و اقارب رکھتا ہی جنکا
نفقہ اسپر واجب ہے تو یہہ کسی طرح بھی ایسی بی بی کی سربراہ نہین کر سکتا اعتبار اس جگہہ
حالت شوہر کا ہے نہ حالت الملخانہ کا اسیطرح اگر کوئی بی بی مسرف ہے سو پچاس روپیہ کا
جوڑہ بیڑہ اوسکو چاہیے تو بھی شوہر پر ایسے قیمتی کپڑے پہنانا واجب نہین ہے متوسط
طعام و لباس اپنے مقدور کے موافق دینا حق نفقہ سے بری الذمہ کر دیتا ہی یا بی بی
نے بہت سے خدم حشم بہر لئے سب کے لئے نفقہ طلب کیا تو بھی خاوند پر اون سبکا کھلانا
پلانا پہنانا واجب نہین ہے ایک دو خادم کافی ہین زیادہ ہون تو بی جانین اور وہ
خرچ شوہر کو کیا مطلب بلکہ دینا شوہر کا مال کو ہاتھہ مین بی بی کے اوڑانی لٹانے کھیل
تماشا کرنے کے لئے سخت گناہ ہے قرآن شریف مین عموماً اس سے منع فرمایا ہے وَلَا تُؤْتُوا
السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمْ مت دو تم ان بیوقوفون کو مال اپنا اس آیت مین سوا بی بی کے
کے جو نص شرع بیوقوف ٹھہر چکے ہین وہ احمق بھی داخل ہین جنکو سلیقہ صرف کرنے لینے دینے
کا نہین ہے گو جوان پہلوان یا پیر نابالغ کیون نہون امرار روساء اپنی اولاد کو نہ
ہون یا مادہ بیحساب مال دیتے ہین اونکے ہاتھہ سے خرید و فروخت کھیل تماشے گوٹ
وغیرہ لہو و لعب مین صرف کرواتے ہین یہہ بات خلاف حکم خدا و رسول ہے اسل اسراف

ہین اونکے ساتھ آپ بھی اون سے زیادہ گنہگار ہوتے ہین بچون کی پسند کی چیز ایک پیسے کی ہو تو دو پیسے بلکہ ایک روپیہ مین اونکو خرید کرکے دیتے ہین بلکہ خلاف شرع اشیاء جیسے تصویر کے کھلونے وغیرہ مول لیدیتے ہین تاکہ کہین ایسا نہو کہ بچے کا دل کملا جاوے یہہ سب داخل سراف ہے قرآن شریف مین اہل سراف کو شیطانون کا بھائی فرمایا ہے آج تو بچے کی یہہ خاطر رکھ لیگئی مگر کل اوسکی خاطر سے انکے والد پر آگ دوزخ بھڑکے گی اوسوقت قدر انکے ناز و نعمت کی کھل جاویگی اہل دولت سب سے زیادہ اس بلا مین مبتلا رہتے ہین انکی اولاد جب تک حد بلوغ کو پہونچے کسی قسم کا تمیز حاصل کرے یا نکرے ہزارون لاکھون روپیہ انکا اونکے رسوم و عیش مین صرف ہوجاتا ہے یہہ سب سرف ہے اس سرف کا مجمع خرچ جب حشر مین سمجھانا پڑیگا تب آنکھین کھلین گی اوسوقت آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہوگا وہ تو نابالغ ہونے تک گناہ سے بچگئے یہہ مفت مین دام عذاب مین پھنس گئے ۔

فصل اس بیان مین کہ جسکا نفقہ جسپر واجب ہے اسکا ضائع کرنا بڑا گناہ ہے

ابن عمر نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے آدمی کو اتنا ہی گناہ کافی ہے کہ جسکو قوت دیتا ہی اوسکو ضائع کردے رواہ ابوداؤد والنسائی و الحاکم الا انہ قال من یعول فقال صحیح الاسناد حدیث حسن مین یون آیا ہے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے اللہ ہر راعی سے سوال کریگا کہ رعیت سے کیا معاملہ کیا نگاہ رکھا یا ضائع کیا یہانتک کہ آدمی سے بابت اوسکے گھر والون کے سوال کریگا رواہ ابن حبان فی صحیحہ یعنی فرماویگا یہہ جورو بچے بمنزلہ تیری رعیت کے تھے تونے انکو کھلایا پلایا یا برباد کردیا لفظ انس بن مالک کا یون ہے ان اللہ سائل کل راع عما استرعاہ احفظ ام ضیع و فی روایۃ حتی یسئال الرجل عن اھل بیتہ رواہ ابن حبان ایضا فی صحیحہ حدیث ابن عمر مین اتنا اور زیادہ کیا ہے الرجل راع فی اھلہ و مسئول عن رعیتہ و المراۃ راعیۃ فی بیت زوجھا و مسئولۃ

---

۱ اس حدیث کو ابوداؤد و نسائی نے حاکم نے روایت کیا ہے کہا حاکم نے صحیح ہے کہا ذہبی نے اور کہا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے ۱۲

۲ اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی صحیح مین روایت کیا ہے ۱۲

۳ بیشک السرقۃ سے سوال کریگا ہم انکہان اوجکی نگہبانی کرتا ہے حفاظت کیا یا ضائع کی اور ایک روایت مین ہے یہانتک کہ کیا جائیگا اس بابت سے سوال نے بھی اپنی صحیح مین روایت کیا ہے ۱۲

رَعِيَّتِهَا الْحَدِيْثَ رَوَاهُ الشَّيْخَانِ وَغَيْرُهُمَا یعنی مرد راعی ہے اپنی بی بی کا بی بی راعی ہے گھر
مین میان کو انسے رعیت کا سوال کیا جاویگا میان کی رعیت بی بی ہوتی ہے بی بی کی رعیت
لونڈی غلام بال بچے ہوتے ہین انسے اچھی طرح برتاؤ ہوا تو خیر ورنہ باز پرس ہوگی حدیث
ابی ہریرہ مین مرفوعاً آیا ہے کہ مملوک کے لیے ہے کھانا کپڑا انسے اوتنا ہی کام لیا جاوے
جو یہ کرسکتے ہین رَوَاهُ مُسْلِمٌ یعنی طاقت سے زیادہ تکلیف نہ دین ابوذر نے کہا رسول خدا
صلعم نے فرمایا ہے یہ تمہارے بھائی ہین اللہ تعالی نے انکو تمہارا زیر دست کیا ہے
سو جسکے بھائی کو اللہ نے نیچے اوسکے ہاتھ کے کیا ہے اوسکو چاہیے کہ جو آپ کھاوے
وہ اوسکو کھلاوے جو آپ پہنے وہ اوسکو پہناوے ایسا کام اوس سے نہ لے جسمین
وہ تھک جاوے اگر لیوے تو اوسکی مدد کرے مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ حدیث ابن عمر مین مرفوعاً آیا ہے
آدمی کو اتنا گناہ کافی ہے کہ جسکا یہ مالک ہے اوسکی قوت کو روک رکھے رَوَاهُ مُسْلِمٌ
بلکہ یہانتک فرمایا ہے کہ جب کسی کا خادم کھانا پکا کر لاوے گرمی دھوان اُٹھاوے تو
اوسکو اپنے ساتھ بٹھا کر کھلاوے اگر تھوڑا کھانا ہو تو اوسکے ہاتھ پر ایک دو لقمے رکھدے
اسکو مسلم نے ابی ہریرہ سے روایت کیا ہے حدیث عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ مین
مرفوعاً آیا ہے ایک آدمی پاس رسول خدا صلعم کے آیا کہا میرے پاس مال ہے میرے مان باپ
اوسکے محتاج ہین فرمایا اَنْتَ وَمَالُكَ لِوَالِدَيْكَ یعنی تو اور تیرا مال دونون تیرے والدین کے
ہین تمہاری اولاد اچھی کمائی ہے تمہاری تم اپنی اولاد کی کمائی سے کھاؤ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ
وَابْنُ مَاجَةَ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نفقہ مان باپ محتاج کا اولاد پر واجب ہے
ام سلمہ کہتی ہین رسول خدا صلعم مرض موت مین فرماتے تھے اَلصَّلٰوةَ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ
یعنی نگاہ رکھو نماز کو اور لونڈی غلامونکو ایسا نہو کہ تم ان دونون کو ضائع کردو
نماز کا ضائع کرنا یہی ہے کہ نماز نہ پڑہے یا کبھی پڑہے کبھی اوڑائے یا قضا کرکے پڑہے یا
آخر وقت مین ادا کی یا ارکان و فرائض و سنن بجا نہ لایا ملک یمین کا ضائع کرنا یہی ہے

کہ انکو روئی کپڑا نہ دے یا اچھی طرح سے نہ دے بلکہ یہ بھی ارشاد کیا ہے کہ جب کسی غلام کو بدون کسی حد کے مارے یا طمانچہ لگائے تو اسکا کفارہ یہ ہے کہ اوسکو آزاد کردے مسلم نے اسکو مرفوعاً ابن عمر سے روایت کیا ہے ابن مسعود اپنے غلام کو مارتے تھے پیچھے سے ایک آواز سنی کہ اے ابن مسعود اللہ تعالیٰ زیادہ تر قادر ہے تجھپر تیری قدرت سے اسپر دیکھا تو رسول خدا صلعم تھے انھوں نے کہا اے رسول خدا یہ آزاد ہے واسطے اللہ کے فرمایا اگر تو اسکو آزاد نکرتا تو تجھکو آگ جلادیتی رواہ مسلم حدیث ابی مسعود میں مرفوعاً آیا ہے کہ جب کوئی تم میں اپنے خادم کو مارے وہ اللہ کی دہائی دیوے تو تم اپنا ہاتھ اوٹھا لو یعنی پھر اوسکو نہ مارو رواہ الترمذی والبیہقی فی شعب الایمان لیکن لفظ بیہقی کا یوں ہے کہ پھر تو اپنے ہاتھ کو روک لے جابر نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے تین چیزیں ہیں جس شخص میں وہ چیزیں ہونگی اللہ اوسکی موت کو آسان کردیگا نرمی ضعیف کے ساتھ شفقت ماں باپ پر احسان طرف مملوک کے رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب اسیطرح حدیث ابی امامہ میں نمازی غلام کی مار پیٹ سے منع کیا ہے ذکرہ فی المصابیح ابن عمر کہتے ہیں ایک آدمی آیا اوس نے کہا اے رسول خدا کہانتک خادم سے اوسکے قصور کو معاف کیا جاوے پھر دوبارہ یہی بات کہی رسول خدا صلعم خاموش رہے جب تیسری بار کہا تو فرمایا ہر دن ستر بار معاف کر رواہ ابوداؤد والترمذی عن ابن عمر ؓ

فصل بیان میں پرورش کرنیکے لڑکیوں کو

عائشہ ؓ کہتی ہیں رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جو کوئی مبتلا ہو ان لڑکیوں میں پھر احسان کرے اونکے ساتھ وہ اوسکے لئے اوٹ ہونگی جہنم کی آگ سے رواہ البخاری ومسلم والترمذی ایک لفظ میں یوں ہے جو مبتلا ہوا ان بیٹیوں میں پھر صبر کیا اوس نے اونپر وہ حجاب

۱ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

۲ اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور بیہقی نے بھی شعب الایمان میں

۳ اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے ۱۲

۴ اس حدیث کو بھی ترمذی نے مصابیح میں ذکر کیا ہے ۱۲

۵ اس حدیث کو ابوداؤد و ترمذی نے ابن عمر سے روایت کیا ہے ۱۲

۶ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے اور ترمذی نے روایت کیا ہے ۱۲

ہوئی اوسکی آنکھ دوزخ سے ایک عورت آئی اوسکے ساتھ دو بیٹیان تھین مین نے اوسکو
تین کھجورین دین اوسنے ایک ایک کھجور اونکو دیدی ایک آپ کھانا چاہا وہ کھجور بھی
بیٹیون نے مانگی اوس نے دو ٹکڑے کرکے وہ بھی اون دونون کو دیدی مجھے تعجب ہوا مین
نے یہہ ذکر رسول خدا صللعم سے کیا فرمایا اِنَّ اللّٰہَ قَدْ اَوْجَبَ لَھَا بِھَا الْجَنَّۃَ
اَوْ اَعْتَقَھَا بِھَا مِنَ النَّارِ رَوَاہُ مُسْلِمٌ یعنی خدا نے اوسکے لیے جنت واجب کردی
اس کام پر یا اوسکو جہنم سے آزاد کردیا حدیث انس مین مرفوعاً آیا ہے جسنے عیال داری
کی دو لڑکیون کی اونکے بالغ ہونے تک وہ آویگا دن قیامت کے میرے ہمراہ یہہ
اپنی انگلیان ملائین رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَاللَّفْظُ لَہٗ وَالتِّرْمِذِیُّ وَلَفْظُہٗ مَنْ عَالَ جَارِیَتَیْنِ
دَخَلْتُ اَنَا وَھُوَ الْجَنَّۃَ کَھَاتَیْنِ وَاَشَارَ بِاَصْبَعَیْہِ اِبن حبان کا لفظ یہہ ہے جسنے
پالا دو تین بیٹیون کو یا دو تین بہنون کو یہانتک کہ وہ علحدہ ہون یا مرجاوین تو مین
اور وہ دونون جنت مین اس طرح ہونگے پھر سبابہ و وسطی کو ملایا ابن عباس
نے کہا رسول خدا صللعم نے فرمایا ہے کوئی مسلمان نہین جسکے دو بیٹیان ہون
وہ اون سے احسان کرے جب تک کہ وہ اوسکے پاس ہین مگر وہ دونون اوسکو بہشت
مین لیجاوینگی رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ بِاِسْنَادٍ صَحِیْحٍ وَابْنُ حِبَّانَ فِیْ صَحِیْحِہٖ وَالْحَاکِمُ وَقَالَ
صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ اسیطرح یہہ بھی فرمایا ہے جسنے کفالت کی کسی یتیم قرابت دار یا بے قرابت
والے کی مین اور وہ دونون جنت مین یون ہونگے پھر دو اونگلیان ملائین جسنے
تین بیٹیون کو پالا وہ جنت مین ہوگا اوسکو اجر مجاہد صائم قائم کا راہ خدا مین ملیگا
رَوَاہُ الْبَزَّارُ طبرانی نے عوف بن مالک سے مرفوعاً روایت کیا ہے جس مسلمان کی تین
بیٹیان ہین وہ اونپر خرچ کرتا ہے یہانتک کہ اوس سے علحدہ ہون یا مرجاوین تو وہ
اوسکی اوٹ ہونگی دوزخ کی آگ سے ایک عورت نے کہا بھلا اگر دو ہی دختر ہون فرمایا دو
ہی سہی اس حدیث کے شواہد بہت ہین حدیث ابی سعید خدری مین مرفوعاً ذکر تین بیٹیون

۱۲ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

۱۲ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے اور لفظ اوسی کے ہین اور ترمذی کی روایت بھی ایسی ہے اور لفظ ابن ماجہ کے ہین جسنے دو لڑکیون کو بالغ ہونے تک پالا وہ اور میں قیامت کے دن ایسے ساتھ ہونگے جیسے یہ دو انگلیان ساتھ ہین اور اشارہ کیا اپنی دو انگلیون سے ۱۲

۱۲ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

۱۲ اس حدیث کو بزار نے روایت کیا ہے ۱۲

یا تین بہنون یا دو بیٹی یا دو بہنون کا آیا ہے کہ جسنے ان سے اچھا برتاؤ کیا انکے حق مین خدا سے ڈرا اوسکے لئے جنت ہے ترمذی[۱] واللفظ لہ ابو داؤد کا لفظ یہہ ہے فَاَدَّبَهُنَّ وَاَحْسَنَ اِلَيْهِنَّ وَزَوَّجَهُنَّ فَلَهُ الْجَنَّةُ وَرَوَاهُ[۲] ابن حبان ایضاً فی صحیحہ یعنی اونکی تعلیم کی اون سے احسان کیا اونکو بیاہ دیا اب یہہ جنت مین جاوے گا ترمذی کا لفظ اس طرح پر ہے لَا يَكُونُ لِاَحَدِكُمْ ثَلَاثُ بَنَاتٍ[۳] اَوْ ثَلَاثُ اَخَوَاتٍ فَيُحْسِنُ اِلَيْهِنَّ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ ابن عباس کی حدیث مین مرفوعاً یون آیا ہے کہ جسکے پاس کوئی انثی ہے اسنے اوسکو زندہ درگور نہ کیا نہ اوسکو حقیر کہا نہ بیٹے کو اوسپر اختیار کیا تو اللہ تعالے اوسکو بہشت مین داخل کریگا[۴] رواہ ابو داؤد[۵] وَاَحْكَمُ وَقَالَ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ لوگ ذکور کو اناث سے زیادہ عزیز رکھتے ہین بیٹیون سے بیٹے زیادہ تر محبوب ہوتے ہین اونکی پرورش کا اہتمام انکی پرورش سے زیادہ ہوتا ہے اسلئے جو کوئی اس باب مین بیٹی کو بیٹے پر مقدم کریگا تو اوسکے لئے وعدہ جنت کا دیا ہے ام سلمہ کہتی ہین رسول خدا صللعم نے فرمایا ہے جسنے خرچ کیا دو دختر یا دو خواہر یا دو رشتہ دار پر پھر اس نفقہ مین امید اجر کی رکہتا ہے یہانتک کہ اللہ تعالی اون دونون کو اپنے فضل سے آسودہ کردے یا کافی ہو تو وہ دونون اوسکے لئے پردہ ہونگے دوزخ کی آگ سے[۶] رواہ الطبرانی حدیث جابر کا لفظ یہہ ہے جسکی تین لڑکیان ہین یہہ اونکو ادب سکہاتا ہے اونپر رحم کرتا ہے اونکا کفیل ہے اوسکے لئے جنت واجب ہوگئی کسی نے کہا بہلا اگر دو ہی لڑکیان ہون فرمایا گو دو ہی ہون بعض لوگون نے سمجہا کہ اگر ایک لڑکی کا سوال کیا جاتا تو ایک کو بھی فرمادیتے[۷] رواہ احمد باسناد جید والبزار والطبرانی فی الاوسط وزاد ویرزقهن[۸] ابو ہریرہ کہتے ہین رسول خدا صللعم نے فرمایا ہے جسکی تین بیٹیان ہون وہ اونکی محنت مشقت خوشی ناخوشی پر صبر کرے تو اللہ اوسکو بہشت مین داخل کریگا بسبب اسکے رحم کرنیکے اونپر ایک

[۱] اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور لفظ اوسیکا ہے ۱۲

[۲] اور اس حدیث کو ابن حبان نے بھی اپنی صحیح مین روایت کیا ہے ۱۲

[۳] یہہ تین ہو یا تین سے کسی کو تین بیٹیان یا تین بہن اور اونکا ساتھ رہے گا داخل ہوگا جنت مین ۱۲

[۴] اس حدیث کو ابو داؤد اور حاکم نے روایت کیا ہے اور حاکم نے کہا کہ صحیح الاسناد ہے ۱۲

[۵] اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا ہے

[۶] اس حدیث کو احمد نے باسناد جید اور بزار نے بھی اور طبرانی نے بھی اپنی کتاب اوسط مین روایت کیا ہے اور زیادہ کیا ہے کہ اور اونکا کفیل ہے ۱۲

مرد نے کہا بھلا گر دو ہی ہون فرمایا دو ہی سہی دوسرے آدمی نے کہا اگر ایک ہی ہو فرمایا ایک ہی سہی رَوَاہُ الْحَاکِمُ وَقَالَ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ الحمد للہ تعالیٰ کہ اس حدیث مین ایک کا بھی ذکر آگیا اللہ تعالےٰ کے احسان کو تو دیکھو کہ ایک دختر کی پرورش پر وعدہ جنت کا فرمایا ہے جس نے دو یا تین یا چار یا زیادہ کو یا لاخصوصًا بہن کو یا یتیم کو تو اوسکے اجر کا کیا ٹھکانا ہوگا ؛

اس حدیث کو حاکم نے روایت کیا ہے اور یہ حدیث صحیح الاسناد ہے

فصل اس بیان مین کہ نام اولاد کا اچھا رکھے برا ہو تو بدل دے

ابو الدرداء کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے تم پکارے جاؤگے دن قیامت کے تمہارے اور تمہارے باپون کے نام سے سو اچھے نام رکھو رَوَاہُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَابْنُ حِبَّانَ فِیْ صَحِیْحِہٖ حدیث ابن عمر مین مرفوعًا آیا ہے بہت پیارے نام خدا کو عبد اللہ عبد الرحمن ہین رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَۃَ ابو وہب جشمی کی حدیث مین یہ ارشاد کیا ہے کہ پیغمبرون کے نام پر نام رکھو بہت سچا نام حارث و ہمام ہے بہت برا نام حرب و مرہ ہے اسکو ابو داؤد نے روایت کیا ہے حارث کے معنی کمائی کرنیوالا ہمام کے معنے ارادے والا سب سے بدتر نام ملک الاملاک ہے یعنی شاہنشاہ اسکو شیخین نے ابی ہریرہ سے مرفوعًا روایت کیا ہے متلم کا لفظ یہ ہے کہ سب سے زیادہ اغیظ و اخبث آدمی دن قیامت کے وہ ہوگا جسکو شاہ شاہان کہتے ہین کوئی شاہ نہین مگر اللہ ان حدیثون سے معلوم ہوا کہ جس نام مین غلامی بندگی مملوکی خدا کی نکلے وہ نام اچھا ہوتا ہے یا جو نام سید ہا سچا ہے وہ بھی اچھا ہے جس نام مین بڑائی شخصیت تعریف فخر دعوی نکلے وہ نہایت ہی ناپاک نکما نام ہے پیغمبرون رسولون سے بڑھ کر کون ہوگا انمین کسی ایک کا نام بھی ایسا نہین ہے جس سے اونکی تعریف توصیف ثابت ہو پھر امت کو یہ منصب کہان سے ملا کہ وہ اپنا یا اپنی

اس حدیث کو ابو داؤد و ابن حبان نے روایت کیا ہے اور یہ حدیث صحیح ہے

اس حدیث کو ترمذی و ابو داؤد و ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اور یہ حدیث صحیح ہے

اولاد یا اپنی قرابت کا نام ایسا رکھین جس سے بڑائی ثابت ہو یہہ بلا بھی امراض روساء مین سب سے زیادہ ہے انکے نام لقب زندگی مین تو دعوی خدائی کا کرتے ہین مرنے کے بعد گویا قطعی جنتی ہونیکا یقین ہو جاتا ہے کوئی خلد نشین کوئی فردوس منزل کوئی جنت نشین لکھا جاتا ہے ساری امت سے بہتر صحابہ رسول خدا صللم تھے اونکے مرنے کے بعد بجز رضی اللہ عنہ کے کچھ نہین کہا جاتا یہ دعا ہے کوئی دعوی نہین ہے یعنی اللہ اون سے راضی ہو علمار امت کے حق مین رحمہ اللہ کہا جاتا ہے یعنی اللہ اونپر رحم کرے اونکے قصور معاف فرماوے یہہ دنیا کے کتنے بڑائی کے بندے کہان سے ایسے آئے کہ زندگی مین محی الدین نور الدین شاہنشاہ مالک الملک حاکم الحکام ہوئے مرنے کے بعد جنت مین پہنچ گئے ہر مسلمان پر واجب ہے کہ ایسے نام کو بدل ڈالے عائشہ کہتی ہین رسول خدا صللم برے نام کو بدل دیا کرتے تھے احمد ابو داؤد الترمذی عاصیہ کا نام جمیلہ برّہ کا نام زینب عاصی کا نام ہشام مضطجع کا نام منبعث رکھا بلکہ آدمی کا کیا ذکر ہے بری جگہہ کا نام بھی بدل دیتے تھے زمین عفرہ کا نام خضرہ شعب ضلالت کا نام شعب ہدی رکھا بنی الزنیہ کا نام بنی الرشدہ مقرر فرمایا بنی مغویہ کا نام بنی رشدہ رکھا غرضکہ جس نام مین کوئی بڑائی یا برائی یا فال بد نکلتی ہو اوسکو متغیر فرما دیتے اب خلاف اس سنت صحیحہ کے اچھے اچھے تعریف و فخر کے نام تلاش کرکے رکھے جاتے ہین ملوک و سلاطین کے نام اپنے لئے تجویز ہوتے ہین گو نہ وہ لیاقت حاصل ہے نہ وہ دولت و حکومت پیغمبرون و بزرگون کے نام لونڈی غلامون خدم حشم کے لئے مقرر کئے جاتے ہین انا للہ ٭

فصل بیان مین تادیب و تعلیم اولاد کے

جابر بن سمرہ نے کہا رسول خدا صللم نے فرمایا ہے آدمی اپنے بچے کو ادب سکھاوے یہہ اس سے بہتر ہے کہ ایک پیمانہ اناج صدقہ کرے احمد ابو داؤد الترمذی و قال حدیث حسن غریب ایوب بن موسی نے اپنے باپ سے مرفوعا یون روایت کیا ہے کہ نہین دیا کسی

(۱) اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے ۱۲

(۲) اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے ۱۲

باپنے کسی بیٹے کو بہتر اس دینے سے کہ اوسکو اچھا ادب سکھایا رواہ الترمذی وقال
غریب و منذری نے کہا یہہ حدیث میرے نزدیک مرسل ہے ابن عباس مرفوعاً لکھتے ہین لکہ رہو اپنی
اولاد سے اچھا ادب دو انکو واہ الترمذی یعنی تعلیم اولاد کی واجب ہے اس تعلیم کا اجر
صدقہ دینے سے اولاد کو دادو دہش کرنے سے افضل تر ہے جو تادیب و تعلیم اہل غربت کرتے ہین وہ
امرا نہین کرتے امرا کی اولاد سے اوستاد ڈرتے ہین کسی طرح کی تنبیہ تاکید نہین کر سکتے
اسلئے اونکو علم بھی نہین آتا کسی نے نہ سنا ہوگا کہ گروہ سلاطین و ملوک و امرا و رؤسا
مین کوئی شخص بڑا عالم ہوا سارا علم اللہ تعالیٰ نے غربا و رعایا ہی مین رکہا ہے اور جو
اتفاقاً کسی امیر کو علم آگیا ہے تو پھر اوسنے دولت کو دہتا ہی بتائی ہے یہہ اللہ کا فضل ہے
کہ دولت فانی تو امرا کو دی علم باقی غربا کو بخشا پھر قرآن مین فرمادیا ھل یستوی الذین
یعلمون والذین لا یعلمون یعنی عالم و جاہل برابر نہین ہو سکتے علما نے کہا اگر اللہ شناسون
کو لذت علم کی خبر ہوتی تو یہہ اوسکے چہین نے کے لئے بھی ویسی ہی فوج کشی کرتے جسطرح
کسی کا ملک لینے کے لئے کرتے ہین مگر یہہ اس لذت سے محروم رکھے گئے ہین یہی وجہ ہے کہ جو نفرت
انکو اہل علم سے ہے وہ کسی سے نہین مال میراث فرعون و قارون ہے علم میراث انبیاء علیہم السلام
ہے دولت خدا کے دشمنون کو ملتی ہے علم خدا کے دوستون کو دیا جاتا ہے ریاست کو حاکم
بالادست چہین لیتا ہے علم کو کوئی چہین نہین سکتا دولت خرچ کرنے سے کم ہوجاتی ہے علم
خرچ کرنے سے زیادہ ہوجاتا ہے مال کی حفاظت کرنا پڑتی ہے علم خود عالم کا حافظ ہے مال
کو چور خائن ڈاکو رہزن لیجاتے ہین علم کو کوئی نہین لیجا سکتا مال سبب فسق و فجور و شہوت
کا ہوتا ہے علم باعث تقوی و طہارت کا ہوتا ہے اوسکا انجام غالباً جہنم ہے اسکا انجام غالباً
بہشت ہے یہانتک تو ثابت ہوچکی ہے کہ اگر کوئی آسودہ بسبب عمل نیک و ترک گناہ کے بخشا جاویگا
گو وہ پیغمبر ہی کیون نہو تب بھی فقرا سے پانسو برس پیچھے بہشت مین جاویگا مگر ہم لوگون
کی کم نصیبی ہے کہ ہم علم پڑھکر دنیا کی طلب مین بیٹھے ہین حالانکہ دنیا کی بے وفائی مثل عورت

کی بیوفائی کی معلوم ہے اسلیئے دنیا کو عورت ٹھہرایا ہے ۵

غافل مشو ز عشوۂ دنیا کہ این عجوز ؛	مکارہ می نشیند و محتالہ می رود

مسلمان پر واجب ہے کہ اپنی اولاد کو علم حلال و حرام سکھاوے جہانتک ہو سکے عالم بناوے دولت تو جتنی قسمت مین لکھی ہے اوتنی مل ہی جاویگی مگر علم سے محروم رہنا بڑی بدنصیبی ہے ادب سے بے نصیب رہنا بڑی تباہی کی علامت ہے ترتب زدنی علما ۵

بادشاہے پسر بمکتب داد	لوح سیمینش در کنار نہاد
بر سر لوح او نبشتہ بزر	جور استاد بہ ز مہر پدر

فصل اس بیان مین کہ اپنا نسب غیر سے ملانا یا کسی اور کا غلام بننا گناہ عظیم ہے

سعد بن ابی وقاص کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جسنے دعوی کیا اپنے باپ کے سوا کسی اور کا اور وہ جانتا ہے کہ وہ اسکا باپ نہین ہے تو جنت اوسپر حرام ہے رواہ البخاری و مسلم و ابو داؤد و ابن ماجۃ حدیث مرفوع ابی ذر مین یون آیا ہے جو کوئی آدمی دعوی غیر باپ کا کرتا ہے اور وہ جانتا ہے تو کافر ہو جاتا ہے رواہ البخاری حدیث طویل علی مرتضی مین مرفوعاً اس لفظ سے آیا ہے من ادعی الی غیر ابیہ او انتمی الی غیر موالیہ فعلیہ لعنۃ اللہ والملائکۃ والناس اجمعین لا یقبل اللہ منہ یوم القیامۃ عدلا ولا صرفا رواہ البخاری و مسلم و ابو داؤد و الترمذی و النسائی یعنی جسنے غیر کو باپ بنایا یا غیر کا غلام بنا اوسپر خدا فرشتون سارے لوگون کی لعنت ہے اللہ تعالے دن قیامت کے نہ اوسکا فرض قبول کریگا نہ نفل عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے کفر ہے واسطے آدمی کے یہہ بات کہ انکار کرے اپنے نسب کا گو وہ نسب اوسکا باریک ہو یا دعوی کرے ایسے نسب کا جسکو پہچانتا نہین ہے رواہ احمد و الطبرانی فی الکبیر

۱ اس حدیث کو بخاری و مسلم و ابوداؤد و ابن ماجہ نے روایت کیا ہے ۱۲

۲ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

۳ اس حدیث کو بخاری و مسلم و ابوداؤد و ترمذی و نسائی نے روایت کیا ہے ۱۲

۴ اس حدیث کو احمد و طبرانی نے کبیر مین روایت کیا ہے ۱۲

حدیث ابن عمر مین مرفوعاً آیا ہے جسنے دعویٰ کیا غیر باپ کا اوسکو جنت کی ہوا بھی نہ لگیگی
اگرچہ اوسکی خوشبو ستر برس کی راہ سے آتی ہے رواہ احمد و ابن ماجۃ و بہجالھما
بہجال ام الصحیح ابن عباس نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جو مدعی ہوا غیر باپ کا
یا غلام بنا غیر آقا کا اوسپر لعنت ہے خدا و فرشتون و سارے آدمیون کی رواہ
احمد و ابن ماجۃ و ابن حبان فی صحیحہ عائشہ کا لفظ یہہ ہے جو غلام بنا غیر مولے
کا اوسنے اپنی جگہہ دوزخ مین مقرر کرلی رواہ ابن حبان فی صحیحہ انس کہتے ہین
رسول خدا صلعم نے ارشاد کیا ہے من ادعی الی غیر ابیہ او انتمی الی غیر موالیہ
فعلیہ لعنۃ اللہ المتابعۃ الی یوم القیامۃ رواہ ابو داؤد یعنی ایسے آدمی
پر قیامت تک لگاتار خدا کی پھٹکار رہتی ہے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مرفوعاً کہتے ہین
جسنے دعویٰ کیا ایسے نسب کا جسکو وہ پہچانتا ہی نہین ہے اوس نے کفر کیا ساتھہ اللہ
کے یا جسنے انکار کیا نسب کا اگرچہ باریک ہو تو بھی کافر ہوا ساتھہ اللہ کے رواہ
الطبرانی فی الاوسط ان حدیثون سے معلوم ہوا کہ بدلنا نسب کا یا دعوا کا حرام ہے
اسکی سزا یہہ ہے کہ ایسے شخص پر جنت حرام ہوجاتی ہے یہہ شخص کافر بنجاتا ہے اسپر خدا
و ملائکہ وغیرہم کی لعنت پڑتی ہے اسکا فرض و نفل قبول نہین ہوتا یہہ بلا امراء کے گہر
بہت ہے بعض دولتمند زبردستی فخر باطل کرنے کیلئے سید بنتے ہین حالانکہ غیر سید
ہین بعض اپنی سیادت یون جتاتے ہین کہ ہماری مان سید تھین یا ننہیال مین کوئی
سید گزرا ہے حالانکہ نسب باپ کا ہوتا ہے نہ مان کا مگر وہ بچہ جو زنا یا لعان کا ہو کہ اوسکا
نسب وہی اوسکی مان کا نسب ہے اور اگر وہ مان بھی مجہول النسب یا ولد الزنا ہے
تو پھر کیا پوچھنا اسیطرح غلام تو کسی کے گھر کے ہین نا مگر کسی اور ہی کا لیتے ہین ملوک و
سلاطین و رؤسا کے یہان صدہا عورتین بے نکاحی ہوتی ہین یا نکاح والی مگر بچا
اسکا جنتی ہین پھر سر پر اوس امیر و رئیس و بادشاہ کے ٹیلتی ہین وہ بچا انکا بیٹا

اس حدیث کو احمد و ابن ماجہ و ابن حبان نے روایت کیا ہے
راوی صحیح ہے
اس حدیث کو احمد و ابن ماجہ و ابن حبان نے روایت کیا ہے
حدیث صحیح ہے
اس حدیث کو ابو داؤد نے روایت کیا ہے
کیا ہے
اس حدیث کو طبرانی نے اوسط مین
روایت کیا ہے

یا انکی بیٹی ٹھہر جاتا ہے یہہ سراسر کفر ہے موجب لعنت کا ہے پھر وہ اولاد زنا بھی جوان
ہوکر آپکو اوسی فرضی باپ کیطرف منسوب کرتی ہے حالانکہ لوگون سے یا گھر والون سے
سُن لیا ہے کہ اوسکے نطفے سے نہین ہے والدہ شریفہ نے کسی اور ہی کہیت سے
یہہ زیع حاصل کیا ہے آس حرکت بے برکت سے جتنے لوگ اس کام مین شریک و ہمزبان
ہوتے ہین سب کے سب ملعون کافر جنت سے محروم ہو جاتے ہین نسب کا بدلنا غالباً
دنیا کمانے کے لئے ہوتا ہے اگر صحیح نسب ظاہر کرتے ہین تو ریاست سے محروم رہتے
ہین یا صلۂ رحم سے مردود ہوتے ہین یا امیرون رئیسون کے گھر نا رشتہ بیاہ
منگنی نہین ہوتی اس لالچ سے جھوٹا نسب کہے جاتے ہین اس سے زیادہ یہہ حماقت
ہے کہ بعض سید بھی اپنا نسب چھپاتے ہین کہ شاید اس نام سے بے قدری ہو کوئی
مغل بنتا ہے کوئی پٹھان حرام کے بچے کا نسب وہی ہے جسکا وہ نطفہ ہے کافر کا نطفہ
ہو یا مسلمان کا اگر کسی کی کسی پشت مین کچھہ نقصان نسب کا ہو چکا ہے یعنی آبا
واجداد مین یا امہات مین کوئی حرام زادہ تھا یا کسی کا غلام یا کسی کی لونڈی تھی
گو اب دو چار پانچ پشت سے وہ خرابی باقی نہین رہی تو بھی اسکو وہی اگلا نسب
بیان کرنا لازم ہے ورنہ کذب لازم آویگا ملعون ٹھہریگا یہی معنی ہین اس حدیث مذکور
کے کفر بامرء تبرء من نسب وان دق وادعاء نسب لاینعرف باریکی نسب کی یہی
ہے کہ جس کسی پشت پیڑھی مین جو نسب تھا اوسکو چھپا کر اب دوسرا نسب فی الحال کا قائم
رکھے جب کسی کا ایک باپ حرامی تھا تو اوسکا نسب وہ نرہا جسکی طرف وہ منسوب ہے اب
اوس حرامی کی اولاد بعد دو چار پشت کے بھی مجہول النسب ہی رہیگی وہ ہرگز شرعاً
اوس خاندان کا نہین ہو سکتا ہے جسکی طرف منسوب ہے اسیطرح حکم اون عورتون کا
ہے جو نطفۂ غیر کو شوہر کے خاندان مین ملا دیتی ہین حدیث مین اُنپر بھی لعنت آئی ہے
سخت درجہ کی وعید فرمائی ہے ہر مسلمان پر فرض ہے کہ جب تک نسب اپنا یقیناً معلوم

نکرلے تب تک نہ سید بنے نہ شیخ نہ اور کوئی اگر معلوم نہو تو سکوت کرے یا جو سنا سنایا ہی
کہ فلان کا نطفہ ہے وہی بیان کرے بے دریافت کئے ہوئے اپنا نسب دوسرے کے
گلے نہ باندہے پھر جبکہ یہہ بات مقرر ہوچکی ہے کہ مغفرت عمل صالح پر موقوف ہے کوئی
کیون نہو کہین ہو کسی نسب کا ہو شریف یا وضیع تو اب بیان کرنے نسب صحیح مین کیا
ڈر ہے دنیا کے لوگ اگر یہہ سمجھین گے کہ کمینہ ہے یا حرام زادہ یا دہنا جلاہا گندی
کاغذی تو سمجھا کرو اس سمجھنے سے اوسکے آخرت تو نہین بگڑتی نہ خدا کی طرف سے رزق
بند ہوتا ہے بہت ہوگا تو یہہ ہوگا کہ جو صحیح النسب شریف الحسب ہین وہ اس سے
ناتا رشتہ نکرینگے بلا سے نکرو یہہ اپنے ہمجنسون مین تو بیاہ کرسکتا ہے مگر اس کہنے مین
کہ سید سے پٹھان بنگیا یا پٹھان ہوکر سید کہلایا یا پہلے مغل تہا اب شیخ بنایا مہاجر سے
انصاری یا بالعکس اسکے ہوگیا یا نومسلم تہا آپکو بعد چند پشت کے قریش بتانے لگا یا
حرامی ہوکر حلالی کہلانے لگا بالکل ایمان سے باہر ہوجاتا ہے گو دنیا سے لوگ دہوکا
کہادین شریف سمجھہ لین جسکو اپنی نجات درکار ہے اوسکو اس سچی ذلت سے کچھہ عار
نہین ہے ایمان رہے ذات رہے یا نرہے ۵

ذلیل ہمکو سمجھہ لین زبون خیال کرین	کسیطرح سے وہ آئین ہمین نہال کرین

جب سے سلطنت اسلام خاندان قریش سے جاتی رہی اہل علم کی قدر مٹ گئی بندہ
درہم و دینار رہگئے سلطنت و ریاست و امارت دین ایمان ٹھہر گئی تب سے انتظام
حسب و نسب کا خاندان ملوک و سلاطین سے بالکل جاتا رہا بہت جگہہ تو نکاح ہی نہین
ہوتا ہے جہان کہین نکاح ہوتا ہے تو وہان اور صدہا سامان بطلان نکاح کے بھی موجود
ہوجاتے ہین باوجود نکاح مخفی یا ظاہر کے اکثر زنا ہوا کرتا ہے کبہی کسی فاسق فاجر
مسلمان سے کبہی کسی عیسائی ہندو وغیرہ سے کبہی چیلے چاپڑون سے جنکا نہ کچھہ نسب
ہے نہ حسب پھر اگر پیٹ رہگیا بچا پیدا ہوا تو گلے شوہر کے بندہ گیا اوسکو بھی چارناچار

اس قصہ عجیب وغریب کا قبول کرنا پڑا خصوصًا اوس صورت مین کہ کوئی دوسرا بیٹا
اوسکے
بھی یہہ ہو کہ اگر ہمارا نہ کرامتی نہین ہے تو نہ سہی بی بی صاحبہ کا
تو یہہ فیض ہے اونکے طفیل مین صاحب اولاد تو کہلائے مردانگی تو ظاہر ہو گئی پھر
اوسکو لیکر اپنی جگہہ قائم کر دیا پھر ایسی برکت ہوئی کہ جس پشت مین دیکھو یہی کارروائی
غالبًا ہوتی رہتی ہے اول تو خود یہہ جانشین اسطرح کے تھے پھر اونکے جانشین کسی
اور ہی کہیت کی مولی ہوئے اونکے بعد جو آئے وہ کسی اور ہی کان کے گوہر شاہوار
تھے مگر اونکی ناک نہ کٹی بلکہ کہین ایسی اولاد عطر مجموعہ بھی ہوتی ہے اگرچہ درحقیقت عطر
فتنہ ہے جب ایک عورت نے چند یارون سے خلوت کی اوس ہنگامے مین حمل رہگیا تو سوا
خدا کے کون جان سکتا ہے کہ یہہ کسکا نطفہ ہے بہت ہوا تو قیافہ سے کسیقدر استدلال
کر سکتا ہے یا عادت وخو ملاکر پہچان سکتا ہے مگر کیا حاصل اولاد تو اوسی کامی باپ کی ٹھہری تمام
خلق کا وہی ہوا جو اوسکے ماں باپ سے تہا ہان اتنا ضرور ہوتا ہے کہ یہہ نیک بختی ان نسب والونکی
قیامت کے دن کوئی دوسرا ہی رنگ لاویگی وہان جو جسکے نطفہ سے ہوگا اوسکا حال کہل
پڑیگا یہان تو چند آدمیون مین رسوائی سے بچ گئے تہے وہان ساری مخلوق کے سامنے
قلعی کہل جاویگی پانی کا ہوگا سو نہہ پر آویگا افسوس ہے کہ خواص وعوام اہل اسلام مجرد
کلمہ پڑہنے پر مطمئن ہو کر بیٹہ رہے ہین یہہ نہین جانتے کہ اگرچہ کلمہ بہشت کی کنجی ہے مگر جس
کنجی مین دندانے نہین ہوتے اوس سے کوئی قفل نہین کہلتا اس کنجی کے دانت یہی
احکام واعمال صالحات ہین سو جبات کذب وکفر وہلاک ونار سے بچنا ہے جب کفر کے کام کئے
جہوٹ بولے خدا کو مسلمانون کو دہوکا دیا حرام کاری کو حلال سے بہتر سمجہا جسکا نسب چاہا
لے لیا اچہا ہو یا برا باپ کو چہوڑ کر غیر کے پوت بنگئے دولت آسودگی ناموری حاصل کی تو اب
یہہ مسلمانی کاہے کی ہوئی دہینگا مشتی ہٹ دہرمی ٹھہری لاحول ولا قوۃ الا باللہ ٭

٭ فصل اس بیان مین کہ جسکے تین یا دو یا ایک بچہ مرین اوسکو بہشت ملیگی

انس نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جس مسلمان کے تین بچے نابالغ مرے اللہ اوسکو
داخل بہشت کریگا اپنی رحمت و فضل سے ۱ رواہ البخاری و مسلم و النسائی و ابن ماجہ
نسائی کی ایک روایت مین یون آیا ہے جسنے صبر کیا تین بچون پر جو اسکی پشت سے نکلے
ہین وہ داخل ہوا بہشت مین ایک عورت نے کہڑے ہوکر کہا بھلا اگر دو بچے ہون فرمایا
دو ہی سہی عورت نے کہا کاش مین ایکسی بچے کو بھی پوچھہ لیتی ۲ و قال ابن حبان فی
صحیحہ مختصرا بلفظ من احتسب ثلاثۃ من صلبہ دخل الجنۃ قید من صلبہ سے
معلوم ہوا کہ حرام کے بچے کا یہہ حکم نہین ہے حدیث عتبہ بن عبد السلمی کا لفظ یون ہے
جس کسی مسلمان کے تین بچے نابالغ مرجاتے ہین تو وہ آٹھون دروازی بہشت سے اگر
اوسکو لیوینگے کہ جس دروازے سے اوسکا جی چاہے داخل ہو ۳ رواہ ابن ماجہ
باسناد حسن ع در خلد زہر در کہ درائی خوب ست + اللھم ارزقنا
لفظ اس طرح پر آیا ہے کہ جس مسلمان کے تین بچے مرے پہر اوسکو آگ نہین چھوتی مگر
تسم پورا کرنے کے لیے ۴ رواہ مالک و البخاری و مسلم و الترمذی و النسائی و ابن ماجہ
مسلم کی روایت مین یون آیا ہے کہ رسول خدا صلعم نے انصار کی چند عورتون سے
فرمایا تم مین سے جس کسی کے تین بچے مرے پہر اوس نے با امید اجر صبر کیا تو وہ بہشت مین
جاویگی ایک عورت نے اون مین سے کہا بھلا اگر دو ہی مرین فرمایا ہان یا دو ہی مرین دوسری
روایت اس لفظ سے ہے کہ ایک عورت بچا لیکر آئی حضرت صلعم سے کہا اسکے لیے دعا
فرمایئے مین تین بچے دفن کر چکی ہون فرمایا تو نے تین بچے گاڑے ہین کہا ہان فرمایا
تو پناہ مین آئی دوزخ کی آگ سے ایک بڑی فصیل مضبوط کے اندر ابو ذر کہتے ہین
رسول خدا صلعم کو سنا فرماتے تھے ما من مسلمین یموت بینھما ثلاثۃ من الولد لم
یبلغوا الحنث الا ادخلھما اللہ الجنۃ بفضل رحمتہ ایاھم اسکو ابن حبان نے اپنی
صحیح مین امام احمد نے مسند مین حدیث ام انس بن مالک سے روایت کیا ہے نسائی نے

۱ اس حدیث کو بخاری و مسلم و نسائی
و ابن ماجہ نے روایت کیا ہے
۲ اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی صحیح مین
مختصر اس لفظ سے روایت کیا ہے
۳ اس حدیث کو ابن ماجہ نے روایت کیا ہے
۴ اس حدیث کو مالک و بخاری و مسلم
و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ نے روایت کیا ہے

ابوہریرہ کی حدیث مین اتنا اور بڑہایا ہے اون سے کہین گے تم جنت مین جاؤ وہ کہینگے ہم جب جاوینگے کہ ہمارے باوا جالین اوسپر اون سے کہا جاویگا کہ تم اور تمہارے باپ دونون بہشت مین داخل ہو یہہ بات وہین ٹھیک بیٹہتی ہے جہان دونون مان باپ اس اولاد کے مسلمان ہین اولاد بہی حلال کی ہے نہ حرام کی ابوحسان نے ابوہریرہ سے کہا میرے دو بچے مرچکے ہین تم مجہکو کوئی ایسی حدیث نہین سناتے جس سے میرا جی خوش ہو کہا ہان چہوٹے بچے جنت کی چڑیان ہین انمین سے ایک اپنے باپ سے آکر ملیگا یا ماں باپ دونون سے اوسکا دامن یا ہاتھ پکڑیگا پھر نہ چہوڑیگا یہانتک کہ اللہ اوسکو اور اوسکے باپ کو داخل جنت کریگا[۵] رواہ مسلم ابی سعید کہتی ہین ایک عورت آئی اوس نے رسول خدا صلعم سے کہا مرد آپکی حدیثین لیگئے ایک دن ہمارے لئے بہی ایسا مقرر فرمائیے جسمین ہمکو وہ سکہاؤ جو خدا نے تمکو سکہایا ہے فرمایا فلان فلان دن فلان فلان جگہہ مین تم جمع ہوجایا کرو پھر وہان تشریف لائے تعلیم فرمائی پھر یہہ ارشاد کیا کہ تم مین سے جس کسی عورت کے تین بچے آگے پیچہے ہین وہ اوسکے دن قیامت کے اوٹ ہونگے آگ دوزخ سے ایک بی بی نے کہا اور جو دو ہی بچے ہون فرمایا دو ہی کافی ہین[۵] رواہ البخاری ومسلم وغیرہما بلکہ حدیث عقبہ بن عامر مین مرفوعاً یون آیا ہے کہ جو عورت نکلی ہوئی تین بچون سے جو اوسکی پشت سے پیدا ہوئے ہین پھر اوسنے امید اجر رکہی خدا سے خدا کی راہ مین تو جنت اوسپر واجب ہوگئی[۵] رواہ احمد والطبرانی وتمامہ لقاۃ نکلی اوس عورت کو کہتے ہین جسکا بچا نہ جئے عبدالرحمن بن بشیر نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جسکے تین بچے نابالغ مرگئے وہ آگ مین نہ جاویگا مگر راہ چلتے یعنی فقط پلصراط پر سے گزر کر جاویگا[۵] رواہ الطبرانی باسناد لا باس بہ ولہ شواہد کثیرۃ عمرو بن عبسہ مرفوعاً کہتے ہین جسکے تین بچے ہوئے اسلام مین پہر جوان ہونے سے پہلے وہ مرگئے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اوسکو داخل بہشت کریگا جسنے دو چیزین خرچ کین راہ خدا مین سو جنت کے آٹھہ دروازے ہین جس دروازے سے یہہ چاہیگا اوسی دروازے سے

[۵] اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

[۵] اس حدیث کو بخاری و مسلم وغیرہما نے روایت کیا ہے ۱۲

[۵] اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا ہے اور راوی اسکے سب معتبر ہین ۱۲

[۵] اس حدیث کو طبرانی نے ایسی اسناد سے روایت کیا ہے کہ اوسمین کوئی قوت نہین اور اسکے شواہد صحیحہ مین ہین ۱۲

اللہ اوسکو بہشت مین لیجاویگا اسکو امام احمد نے باسناد حسن روایت کیا ہی دو چیز سے
یہہ مراد ہے کہ جیسے دو پیسے یا دو روٹی یا دو کپڑے یا دو کتابین دین کی راہ خدا مین صرف
کین تو اسکا یہہ اجر ہے جو مذکور ہوا اَللّٰھُمَّ اَشْرِفْنَا ام حبیبہ پاس عائشہ صدیقہ کے بیٹھی تھین
رسول خدا صللعم آئے فرمایا جن دو مسلمانون کے تین بچے نابالغ مرگئے اونکو دن قیامت کے
لاکر باب جنت پر کھڑا کرکے کہین گے کہ اندر جاؤ وہ کہین گے ہم جب جائین گے کہ ہمارے
باوا بھی جاوین اوسپر اون سے یہہ کہا جاویگا اچھا تم بھی جاؤ یہہ تمہارے باوا بھی جاوین
رَوَاہُ الطَّبْرَانِیُّ فِی الْکَبِیْرِ بِاِسْنَادٍ حَسَنٍ جَیِّدٍ زہیر بن علقمہ نے کہا ایک انصاری
عورت پاس رسول خدا صللعم کے آئی اوسکا ایک بیٹا مرگیا تہا قوم نے اوسکو ملامت کی تہی اوسنے
کہا اے رسول خدا جب سے مین مسلمان ہوئی ہون اسکے سوا میرے دو بیٹے اور بھی
مرچکے ہین آپنے فرمایا وَاللّٰہِ لَقَدِ احْتَظَرْتِ مِنَ النَّارِ بِحِظَارٍ شَدِیْدٍ رَوَاہُ الطَّبْرَانِیُّ
فِی الْکَبِیْرِ بِاِسْنَادٍ صَحِیْحٍ یعنی قسم ہے خدا کی تو ایک بڑے حظیرے مین ہوگئی آگ سے حارث
بن اقیش کی حدیث مرفوع مین یون آیا ہے جن دو مسلمانون کے چار بچے مرے اونکو
خدا اپنے فضل رحمت سے بہشت مین داخل کریگا ایک شخص نے کہا بہلا تین مرے ہون فرمایا
تین ہی سہی کہا دو فرمایا دو کا بہی یہی حکم ہے رَوَاہُ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْاِمَامِ اَحْمَدَ فِی
زَوَائِدِہٖ وَاَبُوْ یَعْلٰی بِاِسْنَادٍ صَحِیْحٍ وَالْحَاکِمُ وَقَالَ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ یہہ حدیث کئی
طریق کئی لفظسے مختصر مطول طور پر بروایات ثقات ابی ہریرہ سے نزدیک احمد کے ابی ثعلبہ
سے نزدیک طبرانی و احمد کے جابر سے نزدیک احمد و ابن حبان کی صحیح مین آئی ہے اسکے
سوا اور بھی بہت احادیث فضائل موت اولاد مغفرت آباء امجاد مین وارد ہوئے ہین منذری
نے سب یکجا لکہے ہین ابی موسیٰ اشعری نے کہا رسول خدا صللعم نے فرمایا ہے جب کسی بندے
کا بچا مرجاتا ہے اللہ تعالیٰ فرشتون سے کہتا ہے تمنے بچا میرے بندے کا لیا وہ
کہتے ہین ہان پہر فرماتا ہے تمنے پھل اوسکے دل کا لیلیا کہتے ہین ہان فرماتا ہے اوسنے

۴ اس حدیث کو طبرانی نے کبیر مین
۳ اس حدیث کو طبرانی نے کبیر مین
۲ اس حدیث کو عبد اللہ بن احمد نے زوائد مسند مین
۱ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے صحیح مین

کیا کہا یہہ کہتے ہین تیری حمد کی انا للہ پڑہا ارشاد ہوتا ہے اس بندے کے لئے ایک گھر بہشت مین بناؤ اوسکا نام بیت الحمد رکھو ۱۲ رواہ الترمذی وابن حبان فی صحیحہ وقال الترمذی حسن غریب ۵۱

فصل ۱۰ ایسی باتون مین کہ عورت کو اوسکے شوہر پر بھڑکانا یا غلام کو سید سے بہکانا منع ہے

بریدہ نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے وہ ہم مین سے نہین جو کسی آدمی پر اوسکی جورو یا مملوک کو بھڑکاوے آمادہ فساد کرے فریب دے ۱۲ رواہ احمد باسناد صحیح واللفظ لہ والبزار وابن حبان فی صحیحہ لفظ ابوہریرہ کا مرفوعا یون آیا ہے لیس منا من خبب امرأۃ علی زوجہا او عبدا علی سیدہ ۱۲ رواہ ابوداؤد وہذا احد الفاظہ والنسائی ابن حبان نے یون روایت کیا ہے من افسد امرأۃ علی زوجہا فلیس منا یعنی جو میان بی بی مین باہم فساد کراوے لڑائی کھڑی کرکے بھیڑ ڈالے وہ مسلمانی سے باہر ہے اسکو طبرانی نے بھی صغیر واوسط مین حدیث ابن عمر سے روایت کیا ہے ابو یعلی وطبرانی نے اوسط مین حدیث ابن عباس سے بھی اخراج کیا ہے سارے راوی اسکے ثقہ ہین حدیث جابر مین مرفوعا آیا ہے ابلیس اپنا تخت پانی پر رکھکر اپنا لشکر بھیجتا ہے بڑا مقرب انمین وہ ہوتا ہے جسکا فتنہ سب سے زیادہ ہے ایک لشکری آتا ہے کہتا ہے مینے یہہ کیا وہ کیا شیطان کہتا ہے تو نے کچھہ بھی نہین کیا پھر ایک اور آتا ہے وہ کہتا ہے مینے اوسکو نہ چھوڑا یہانتک کہ اوسکو اوسکی جورو سے جدا کرادیا ابلیس اوسکو اپنے پاس بٹہاکر کہتا ہے تو بہت اچہا کام کا شخص ہے پھر اوسکو اپنے گلے سے لگاتا ہے رواہ مسلم وغیرہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ میان بی بی مین فساد کرانا لڑائی ڈالنا شیطان کا کام ہے یہہ عورتین جو کٹنا پن کیا کرتی ہین یہہ مرد جو بہڑوا پن کیا کرتے ہین طریقہ اسلام سے باہر شیطان کے لشکری پیادے سپاہی ہین قرآن شریف مین بھی ذکر اس فتنے کا آیا ہے یفرقون بہ بین المرء وزوجہ جب تک میان بی بی مین موافقت

۵۱ اس حدیث کو ترمذی وابن حبان نے اپنی صحیح مین روایت کیا ہے اور ترمذی نے کہا حسن غریب ہے ۱۲

۵۲ اس حدیث کو احمد نے صحیح اسناد سے روایت کیا ہے لفظ بھی احمد ہی کا ہے اور بزار وابن حبان نے صحیح مین روایت کیا ہے

۵۳ وہ ہم مین سے نہین جو کسی عورت کو اوسکے میان پر اور کسی غلام کو اوسکے مالک پر بھڑکاوے اس حدیث کو ابوداؤد وغیرہ روایت کیا ہے ابوداؤد کا یہہ ایک لفظ ہے اور نسائی نے بھی روایت کیا ہے ۱۲

۵۴ جو کوئی کسی عورت کو اوسکے شوہر سے خراب کرے تو وہ ہم مین سے نہین ہے ۱۲

۵۵ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

۵۶ میان بی بی کے درمیان جدائی ڈالنے مین سورہ بقرہ رکوع ۱۱ پارہ ۱

و آشتی ہے انتظام گھر کا درست ہے جب بگاڑ ہوتا ہے سارا کام خاک مین ملجاتا ہی گھر
نرہے شوہر ہی کو تکلیف نہین ہوتی بی بی کی بھی تباہی ہوجاتی ہی آباد گھر ویرانہ ہوجاتا ہی
مگر نسبت مردون کے عورتین جلد تر فریب مین آجاتی ہین جہان دو چار ناپاک نجس عورتون
کی صحبت ہوئی لچیان لقیان شہدیان جمع ہوگئین اونھون نے کسی کا عشق انکی لئے
بیان کیا دو چار فقرے دغابازی سخن سازی کے بناکر سنانا شروع کئے بی بی صاحبہ
کی عقل جاتی رہی اب یہی داستان سننے لگین نوجوان عورتون کا تو کیا ذکر ہے جو عمر سے
ڈہل جاتی ہین مگر مالدار آسودہ حال ہین وہ بھی ایسی باتین سنکر پھسلنے لگتی ہین +
نَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنْ غَضَبِ اللّٰہِ حدیث شریف مین آیا ہے اللہ تعالی دن قیامت کے طرف اوس عورت
مرد بورہی عورت کے نظر بھی نکریگا جو زانی و زانیہ ہین اور کما قال زنا نہ سہی ایک سے طلاق
لیکر دوسرے سے ملنا یہہ کیا اچھا کام ہے آخر بدنامی دنیا رسوائی آخرت تباہی اعمال
خرابی موت ہی اسکا انجام ہے +

فصل اس بیان مین کہ بے سبب طلاق لینا عورت کا ممنوع و دخول نار ہے

ثوبان نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جس عورت نے طلاق مانگی اپنے شوہر سے بے
کسکے کے اوسپر جنت کی ہوا حرام ہے رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَحَسَّنَہٗ وَابْنُ
مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ وَابْنُ حِبَّانَ فِیْ صَحِیْحِہٖ بیہقی نے اس حدیث کے آخر مین یہہ بھی زیادہ
کیا ہے کہ خلع کرنے والیان منافقات ہین جو کوئی عورت بے سبب شوہر سے طلاق چاہتی
ہے وہ جنت کی ہوا تک نہ پاویگی یا خوشبو تک ابن عمر کی حدیث مین مرفوعاً اسطرح آیا ہے
کہ حلال کامون مین سب سے زیادہ دشمن کام طرف اللہ کے یہی طلاق ہے اسکو ابو داؤد وغیرہ
نے روایت کیا ہے حدیث مین یہی آیا ہے اَلْمُتَزَعِّمَاتُ وَالْمُخْتَلِعَاتُ ھُنَّ الْمُنَافِقَاتُ
رَوَاہُ النَّسَائِیُّ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ مَرْفُوْعًا یعنی جو عورتین شوہرون سے اپنی جان کو علحدہ

پناہ اللہ کی غضب سے

یا جیسا کہ کیا

اس حدیث کو احمد ابو داؤد ترمذی
و ابن ماجہ و دارمی و ابن حبان نے
اپنی صحیح مین روایت کیا ہے اور ترمذی
نے حسن کہا ہے ۱۲

اس حدیث کو نسائی نے ابو ہریرہ
سے مرفوعاً روایت کیا ہے

رکھتی ہین اون سے کہتی ہین اور وہ عورتین جو خاوندون سے خلع کرتی ہین یہہ سب
منافقات ہین معلوم ہوا جو عورت یہہ کہے کہ مجھکو فقط دور سے بات چیت کرنا اپنا دکہانا
دیکہنا ہنسی دل لگی کرنا اچہا معلوم ہوتا ہے پاس لیٹنا بیٹھنا اوٹھنا سونا اختلاط کرنا پسند نہین
آتا صحبت کا کیا ذکر ہے تو اوسمین ایک شعبہ نفاق کا ہے اوسکے دلمین اور کچہہ ہے زبان
پر اور کچہہ ہے حدیث مرفوع معاذ بن جبل مین آیا ہے نہین پیدا کیا اللہ نے کسی
چیز کو روے زمین پر دشمن تر طلاق سے ۔ ۱۲ ۔ غرضکہ شرع شریف مین تو
یہہ کچہہ لے دے خلع وطلاق پر آئی ہے یہان اب یہہ کام ہنسی دل لگی رہگیا ہے شوہر
سب طرح اچہا ہے مگر بی بی کو اوس سے خلع کرنا یا طلاق لینا بہت ضرور ہے اس لئے کہ
آنکہہ کسی دوسرے مرد سے لگی ہے یا کسی کا پیغام آیا ہے یا کسی نے اپنا عشق ان بی بی
صاحبہ سے ظاہر کیا ہے یا خط غلامی لکہدینے کا اقرار ہوگیا ہے یا مالدار گہر کا ہے یا قوت
حیوانی زیادہ رکہتا ہے یا اوسکی ماتحتی مین آزادگی تمام حاصل ہوگی شوہر حال بُرا ہے
اسلئے کہ خلاف شرع باتون سے منع کرتا ہے یا خود اسکے جلسون مین شریک نہین ہوتا یا
ہوتا ہے مگر دل سے راضی نہین ہے یا ہر وقت ٹھٹہے دل لگی نہین کرتا ہے مسخرا پن اور
لغو و باطل حرکات وسکنات سے بچتا ہے یا بُری صحبت سے روکتا ہے یا اسراف سے بچاتا
ہی علی ہذا القیاس اس قسم کے صدہا اغراض نفسانی ہین جنکے سبب سے حاجت خلع وطلاق
کی ہوتی ہے مگر یہہ ساری اسباب موجب ہلاکت عورت کے ہین پہر کبہی یہانتک نوبت
پہونچتی ہے کہ اگر خوشی سے وہ خلع نہین کرتا ہے یا طلاق نہین دیتا ہے تو بزور حکومت
یا بخوف حاکم بالا کارروائی کرائی جاتی ہے اور جو خود ہی حکومت حاصل ہے تو پہر بیچارے
شوہر کو بجز اطاعت کے کیا چارہ ہوسکتا ہے پس جس طرح یہہ سب عورتین منافق ہین
جنت سے محروم رہین گی اسیطرح بعضے جاہل مرد بیحیا بے غیرت آدمی بہی اپنی ضد پر اڑ
جاتے ہین کہ ہم کچہہ ہی ہو ہرگز خلع نکرینگے نہ طلاق دینگے دیکہین ہم سے کون طلاق

۱۲ اس حدیث کو دار قطنی نے روایت کیا ہے ۱۲

لیتا ہے کون دلواتا ہے حالانکہ جسکی عورت اسطرح کے مزاج کی ہو اور اوسکے سبب سے
اسکے دین وایمان و وضعداری و شرافت مین بٹا لگتا ہو تو ایسی بی بی کو معلق رکھنا ایک
دوسرا گناہ مول لینا ہے ایسی عورت کو کبھی دم بھر بھی اپنے پاس نہ رکھے اگر ذرا بھی حفاظت
ایمان کی درکار ہے ورنہ جیسی یہہ بی بی ویسے یہہ میان حرمین شریفین مین عموماً اقوام
رذیل مین ہر جگہہ خصوصاً عادات خلع وطلاق کی بہت ہے اسکو فارغ خطی کہتے ہین ایک سے
مہر لیا اوسکو دھتا بتائی دوسرے سے آنکھہ لڑائی اوس سے نکاح کیا جب مال نرہا یا طاقت
نرہی اوسکو چھوڑ دیا تیسرے پر نظر ڈالی غرضکہ نکاح کیا ہے ایک کھلونا ہے نہ شرم سے
غرض نہ شرافت سے مطلب مستی نکالدا کمائی کرنا یاری آشنائی کا مزہ اس پردہ نکاح
مین اوٹھانا منظور ہے اسکی سزا اگر محرومی جنت سے نہو تو پھر کیا ہو حدیث ابی موسی
مین مرفوعاً یون آیا ہے ہر آنکھہ زانی ہے عورت جب عطر ملکر مجلس مین آئی تو وہ زانیہ
ہے رواہ ابو داؤد والترمذی وقال حدیث حسن صحیح اسکو نسائی ابن
خزیمہ ابن حبان نے بھی روایت کیا ہے مگر اس لفظ سے کہ جو کوئی عورت عطر لگاکر کسی قوم
پر گزری کہ وہ اسکی خوشبو پاوین تو وہ زانیہ ہے ہر آنکھہ زنا کرتی ہے رواہ
الحاکم ایضاً وقال صحیح الاسناد مجلس مین عطر لگاکر آنے کا کیا ذکر ہے عورت اگر
خوشبو ملکر مسجد مین جاوے تو بھی درست نہین ہے حدیث ابی ہریرہ مین آیا ہے رسول خدا
صلعم نے فرمایا ہے نہین قبول کرتا اللہ نماز اوس عورت کی جو نکلی طرف مسجد کے
اور خوشبو اوسکی آرہی ہے یہانتک کہ پھر کر نہاوے یعنی نہادہو کر اوس خوشبو کو
دور کردے اسکو ابن خزیمہ نے اپنی صحیح مین روایت کیا ہے اسکی سند متصل ہے سب
راوی ثقہ ہین اسکو ابی داؤد و ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے دوسری حدیث ابی ہریرہ
مین مرفوعاً یون آیا ہے جس عورت نے بخور ملا ہو وہ ہماری ساتھہ نماز عشا مین حاضر نہو
رواہ ابو داؤد والنسائی سو جب مسجد و مجلس مین عورت کا عطر ملکر آنا جائز نہوا تو

۱ اس حدیث کو ابو داؤد و ترمذی نے روایت کیا ہے اور ترمذی نے اسکو حدیث حسن صحیح کہا ہے ۱۲

۲ اس حدیث کو حاکم نے بھی روایت کیا ہے اور صحیح الاسناد کہا ہے ۱۲

۳ اس حدیث کو ابو داؤد و نسائی نے روایت کیا ہے ۱۲

دربار بازار عام محفلون مین اسطرح معطر ہوکر آنا اور زیادہ تر معصیت ہوگا اس کام کو ایمان سے بہت بعد ہے ۔

فصل اس بیان مین کہ ظاہر کرنا اپنی راز کا میان بی بی دونون کو نہین درست ہے

ابوسعید کہتے ہین رسول خدا صللعم نے فرمایا ہے بہت برا آدمی نزدیک خدا کے درجہ مین قیامت کے وہ شخص ہے کہ جو اپنی عورت کے پاس پہنچا یا اوسکی عورت اسکے نزدیک آئی پھر ایک دوسرے کے بھید کہنے لگا رواہ مسلم وابوداؤد وغیرھما اسماء بنت یزید نے کہا مین پاس رسول خدا صللعم کے تھی کچھہ مرد عورت بھی وہان بیٹھے تھے فرمایا شاید کوئی آدمی ذکر کرتا ہے اوس کام کا جو اوس نے اپنی جورو سے کیا ہے یا عورت بیان کرتی ہے وہ بات جو اوسنے اپنے شوہر سے کی ہے لوگ چپ ہوگئے مینے کہا ہان رسول خدا یہہ مرد عورت ایسا کیا کرتے ہین فرمایا تم ایسا نکرو اسکی مثال یہہ ہے کہ جیسے ایک شیطان ایک شیطانی سے ملا اوسکو داب بیٹھا اور لوگ دیکھہ رہے ہین رواہ احمد من روایۃ شہر بن حوشب ایسے مرد عورت کو جو حال جماع و وقاع مباشرت صحبت کا غیرون سے بیان کرے شیطان و شیطانی فرمایا ہے جاہل لوگ یہہ کام بہت کرتے ہین بلکہ بعض بیحیا بے غیرت اپنی قوت باہ پر فخر کرتے ہین عورت عورت سے حال شوہر کی صحبت کا بیان کرتی ہے کہ وہ اس طرح ملتا ہے فلان فلان حرکت کرتا ہے ایک مرد کی دو عورتین ہوتی ہین تو وہ ایک جورو کا حال دوسری جورو سے کہتا ہے کہ تم مین یہہ بات ہے اوسمین یہہ بات ہے اوسکی ادا عشوہ و ناز نخرے کا حال ظاہر کرتا ہے اوسکے محاسن معائب زبان پر لاتا ہے سو یہہ حرکت شیطانی ہے نہایت بے حیائی کا کام ہے اسلام سے اسکو کچھہ بھی علاقہ نہین عیاش مرد جو مبتلای دلبران بازاری ہوتے ہین وہ بھی اپنے یارون سے حال کسبیون کا کہا کرتے ہین کہ فلان کسبی طریقہ صحبت مین اچھی ہے فلان بری ہے لاحول ولاقوۃ الا باللہ ابی سعید خدری نے رسول خدا

۱۱ اس حدیث کو مسلم و ابوداؤد وغیرہما نے روایت کیا ہے ۱۲

۱۲ اس حدیث کو احمد نے شہر بن حوشب کی روایت سے روایت کیا ہے ۱۲

۱۳ یعنی ہے (گناہون سے) بچنا اور نہین ہے ہے (عبادت پر) قوت مگر اللہ کی مدد سے ۱۲

صلعم سے روایت کیا ہے کہ آپنے فرمایا لگتا ہے کہ کوئی تم مین اپنی بی بی سے خلوت کرکے دروازہ
بند کرکے پردہ چھوڑے پھر اپنا کام پورا کرے پھر باہر نکلکر اپنے یارون سے سارا حال کہے
اسیطرح شاید کوئی عورت بھی تم مین سے دروازہ بند کرکے پردہ چھوڑکر اپنی حاجت
پوری کرتی ہے پھر اپنی گیتون سے نکلکر سب ذکر کرتی ہے ایک عورت نے کہا قسم ہے خدا
کی اے رسول خدا یہہ عورتین یہہ مرد اسطرح کیا کرتی ہین فرمایا ہرگز نہ کیا کرو یہہ تو ایسا
ہے جیسے کوئی شیطان کسی شیطانی سے برسرراہ قضاے حاجت کرکے واپس پھرے
اور اوسکو وہین چھوڑ جاوے رواہ البزار منذری نے کہا اس حدیث کی شواہد ہین
جو اسکی تقویت کرتے ہین یہہ حدیث نزدیک ابی داؤد کے بھی مطولاً آئی ہے دوسری
روایت ابی سعید مین یون آیا ہے کہ سباع حرام ہے ابن لہیعہ نے کہا مراد سباع سے
وہ شخص ہے جو جماع پر فخر کرتا ہے رواہ احمد و ابو یعلی و البیہقی اس لفظ کو شین
دونون طرح پر نقل کیا ہے یہہ فخر اسلیے کیا جاتا ہے کہ عورتین حال قوت باہ کا سنکر
اسکی طرف جھکین + زن نہ بخت میخواہد نہ تخت سخت می خواہد + آس دہوکے مین بھی
بہت عورتین پھسکر آخر کو پشیمان ہوتی ہین آسواسطے رسول خدا صلعم نے اس طرح کی
شخصیت و فخر سے منع کیا ہے کیونکہ اسکا انجام فحش و زنا ہوتا ہے جابر بن عبداللہ کہتے ہین
رسولخدا صلعم نے فرمایا ہی مجلسین امانت ہوتی ہین یعنی جو بات کسی محفل مجلس مین سنے اوسکو
امانت رکھے کسی سے ذکر اوسکا نکرے مگر تین مجلسین ایک مجلس خونریزی کی دوسری مجلس
فرج حرام کی تیسری مجلس کسی کے مال کو ناحق لینے کی رواہ ابو داؤد یعنی اگر کسی مجلس مین
کسی کے قتل کرنے یا کسی سے حرام و زنا کرنے کی یا کسی کے مال چھین لینے کی گفتگو ہو تو داخل
امانت نہین ہے اسکو ذکر کردے تاکہ اس فتنے سے نجات ملے آس سے معلوم ہوا کہ اگر
کسی کی بی بی ارادۂ فاسد رکھتی ہو یا کوئی اوسکو بہکاتا ہو مرد ہو خواہ عورت تو جسکو
یہہ بات معلوم ہو یا اپنے کان سے سنے تو اوسکے شوہر کو خبر کردے شاید وہ عورت اس

افشاء راز کے سبب سے اوس گناہ سے بچ جاوے ہان اگر یہہ ذکر بطور تہمت کیا ہے تو عاصی ہوگا لائق حد قذف ٹھہریگا ؛

فصل اس بیان مین کہ ولی کا نکاح مین اعتبار ہے

ابو ہریرہ کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے کہ ایم یعنی بیوہ بیاہی عورت سے زبانی گفتگو کر لین تب نکاح کیا جاوے کواری سے اجازت لے لین اوسکی اجازت یہی خاموشی ہی متفق علیہ ابن عباس کا لفظ یہہ ہے کہ ایم اپنے نفس کی زیادہ تر مستحق ہے ولی سے یعنی اگر ولی کسی سے زبردستی نکاح کرنا چاہے تو اوسکو اختیار ہے چاہے کرے یا نکرے خنسا رنبت خذام نے کہا کہ اوسکو اوسکے باپ نے بیاہ دیا اور وہ ثیب تھی یہہ ناخوش ہوکر نزدیک رسول خدا صلعم کے آئی آپنے اوسکا نکاح رد کر دیا رواہ البخاری و مسلم ۱۲ روایت ابن ماجہ کا لفظ یون ہے کہ نکاح اوسکے باپ کا پھیر دیا **فائدہ** حدیث ابی موسیٰ مین مرفوعاً آیا ہے نہین ہوتا نکاح مگر ولی سے اسکو احمد و ترمذی و ابی داؤد و ابن ماجہ و دارمی نے روایت کیا ہے عائشہ نے اتنا اور زیادہ کیا کہ جس کسی عورت نے نکاح اپنا بغیر اذن ولی کے کیا اوسکا نکاح باطل ہے یہہ لفظ تین بار فرمایا اگر شوہر اوسپر بعد اس نکاح کے داخل ہوا ہے تو اوسکو مہر ملیگا عوض حلال ہونے شرمگاہ کے اگر جھگڑا ہوگا تو بادشاہ ولی ہے اوسکا جسکا کوئی ولی نہین ہے اسکو بھی احمد و ترمذی و ابو داؤد و ابن ماجہ و دارمی نے روایت کیا ہے ابن عباس نے کہا ایک کواری لڑکی نزدیک رسول خدا صلعم کے آئی کہا اوسکے باپ نے اوسکا بیاہ کر دیا ہے اور وہ اوس بیاہ سے ناخوش ہے رسول خدا نے اوس لڑکی کو اختیار دیدیا یعنی چاہے اوس نکاح کو قائم رکھے یا نہ رکھے رواہ ابو داؤد حدیث ابی ہریرہ مین مرفوعاً یہہ بھی آیا ہے کہ ایک عورت دوسری عورت کا نکاح نکرادے یعنی اپنی ولایت سے نہ اپنا نکاح آپ کرے زانیہ وہی

۱ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

۲ اس حدیث کو بخاری نے روایت کیا ہے ۱۲

۳ اس حدیث کو ابو داؤد نے روایت کیا ہے ۱۲

عورت ہے جو اپنا نکاح آپ کرتی ہے رواہ ابن ماجۃ ابو سعید و ابن عباس کہتے ہین
رسول خدا صللم نے فرمایا ہے جسکے بچا پیدا ہوا وسکا اچھا نام رکھے جب بالغ ہو اوسکو بیاہ دے
اگر وہ بالغ ہو گیا اور اوسکا بیاہ نہ کیا پھر اوس سے کوئی گناہ ہوا یہہ گناہ اوسکا اسکے
باپ پر ہے رواہ البیہقی فی شعب الایمان حدیث عمر بن خطاب و انس بن مالک کا لفظ یہہ
ہے کہ توریت مین لکھا ہے جسکی بیٹی بارہ برس کی ہو گئی اسنے اوسکا بیاہ نہ کیا اوس سے
کوئی گناہ ہوا تو یہہ گناہ اسکے سر پر ہے اسکو بھی بیہقی نے ذکر کیا ہے معلوم ہوا کہ جو
گناہ لڑکا لڑکی سے بعد بلوغ کے ہوتا ہے اوسکا وبال باپ پر پڑتا ہے وہ معذور ہے
گناہ سے مراد جماع ہے کواری مرد عورت کی سزا زنا پر اسّی درّے ہین بیاہی کی سزا رجم
ہے **فائدہ** عقبہ بن عامر نے کہا رسول خدا صللم نے فرمایا ہے احق شروط جسکو تم
وفا کرو وہ شرط ہے جس سے تمنے فرج کو حلال کیا ہے متفق علیہ مراد اس شرط سے یا
تو مہر ہے یا ساری وہ شرطین ہین جنکی ترغیب دیکر بیاہ کیا ہے یا ساری وہ باتین ہین جن
باتون کی عورت بمقتضاے زوجیت مستحق ہے گویا یہہ باتین مثل شرط کے ہین ہان وہ شرط جو خلاف
شرع ہے اوسکا وفا کرنا لازم نہین ہے جسطرح مثلاً یہہ شرط کہ دوسرا نکاح نکرونگا پھر اگر
ضرورت ہو تو نکاح کر سکتا ہے یہہ حدیث کہ نکاح کا اعلان کرو نکاح مسجدون مین پڑھا و دف
بجاؤ ضعیف ہے اسکو ترمذی نے غریب کہا ہے عائشہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے مسجد مین
نکاح کرنا درست ہے اسلئے کہ نکاح عبادت ہے عبادت کے لئے خانہ خدا بہتر ہے مگر گھر مین
بھی نکاح صحیح ہوتا ہے دف کا بجانا واسطے اعلان کے ہے نہ واسطے رونق و لہو و لعب
کے اسلیئے حدیث محمد بن حاطب مین مرفوعاً آیا ہے کہ فصل درمیان حلال و حرام کے آواز
دف ہے نکاح مین رواہ احمد و الترمذی و النسائی و ابن ماجۃ مگر جب اعلان
کسی دوسری طرح سے ہو سکے تو پھر کچھ ضرورت دف وغیرہ کی نہین ہے نکاح مین ناچ گانا
بجانا بالکل حرام ہے رسوم کفر بدعت کا ادا کرنا اور بھی بدتر ہے سرے سے نکاح ہی نہین

۱ اس حدیث کو ابن ماجہ نے روایت کیا ہے ۱۲
۲ اس حدیث کو بیہقی نے شعب الایمان مین روایت کیا ہے ۱۲
۳ اس حدیث کو احمد و ترمذی و ابن ماجہ نے روایت کیا ہے ۱۲

ہوتا فساق فجار سے رشتہ کرنا بھی برا ہے عورت کی پھوپھی خالہ سے نکاح کرنا منع ہے جو رشتہ نسب سے حرام ہے وہی بعینہ رضاع سے بھی حرام ہوتا ہے اسکو بخاری نے عائشہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے **فائدہ** براء بن عازب نے کہا میرے ماموں ابوبردہ بن نیار نشان لئے ہوئے جاتے تھے میں نے کہا کہاں جاتے ہو کہا مجھکو رسول خدا صلعم نے طرف ایک آدمی کے بھیجا ہے جسنے اپنے باپ کی بی بی سے نکاح کیا ہے کہ مین اوسکا سر کاٹ لاؤن رواہ الترمذی وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ و دارمی کا لفظ یہہ ہے مجھکو حکم دیا ہے کہ مین اوسکی گردن ماروں مال چھین لوں مگر اس روایت مین بجاے ماموں کے چچا آیا ہے معلوم ہوا کہ جو عورت جس مرد پر حرام ہے جیسے سوتیلی ماں حقیقی بہن بیٹے کی بی بی جو کوئی ایسی عورت سے نکاح کرے وہ واجب القتل ہے پھر بھلا جو کوئی انسے زنا کرے کہو اوسکا کیا حال ہوگا صورت حلال پر تو یہہ تشدد ہے حرام کا خدا حافظ امراء و رؤساء اس بلا مین زیادہ تر مبتلا رہتے ہین اللھم احفظنا **فائدہ** رضاعت کا حق حدیث حجاج اسلمی مین مرفوعاً اسیقدر آیا ہے کہ ایک غلام یا ایک لونڈی مرضعہ کو دیدے رواہ الترمذی وابوداؤد والنسائی والدارمی امراء جو اپنے مرضعہ کا اوسکی اولاد کا حق سب سے زیادہ سمجھ کر بہت کچھ لیتے دیتے رہتے ہین یہہ محض فضول ہے لونڈی غلام نہ دے سکے تو اوسکی قیمت دیدے حق رضاعت ادا ہوگیا **فائدہ** ابن عمر نے کہا غیلان بن سلمہ ثقفی مسلمان ہوگئے انکے پاس دس بی بیان تھین وہ سب بھی اسلام لے آئین آنحضرت صلعم نے فرمایا چار کو رکھ لے باقیون کو چھوڑ دے اسکو احمد و ترمذی وابن ماجہ نے روایت کیا ہے دوسری حدیث نوفل بن معاویہ مین یون ہے کہ مین مسلمان ہوا میرے نیچے پانچ عورتین تھین مینے رسول خدا صلعم سے پوچھا فرمایا ایک کو چھوڑ دے چار کو روک رکھ رواہ الاثرم فی مشکل السنۃ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ چار عورتون سے زیادہ کا نکاح مین جمع کرنا درست نہین ہے گو یہہ دونون حدیثین ضعیف ہی کیون نہ ہون مگر جمہور

۱۱ اس حدیث کو ترمذی و ابوداؤد نے روایت کیا ہے ۱۲

۱۲ اس حدیث کو ترمذی و ابوداؤد و نسائی و دارمی نے روایت کیا ہے ۱۲

۱۳ اس حدیث کو شرح سنت مین روایت کیا ہے ۱۲

امت اسلامیہ نے اسپر عمل کیا ہے اسلئے احتیاط اسی بات مین ہے قرآن شریف سے کو
ممانعت چار سے زیادہ کی نہین نکلتی لکن ان حدیثون سے ممانعت نکلتی ہی **فائدہ** ۱ دیلمی
نے کہا ای رسول خدا مین مسلمان ہوا ہون میرے نیچے دو بہنین ہین فرمایا جسکو تو چاہے
اوسکو اختیار کرلے رواہ الترمذی وابوداؤد وابن ماجۃ مسلمانون مین اب
بھی ایسے احمق جاہل ہوتے ہین جو دو دو تین تین اخوات جمع کرلیتے ہین یا اپنی ہی حقیقی
بہن سے مبتلا ہوجاتے ہین قریب ہے کہ آسمان ٹوٹ پڑے زمین پھٹ جاوے عمرو بن شعیب
عن ابیہ عن جدہ نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جس مرد نے نکاح کیا ایک عورت سے
پھر داخل ہوا ساتھ اوسکے تو نہین حلال ہے اوسکو یہہ بات کہ پھر نکاح کرے اوسکی
بیٹی سے ہان اگر دخول نہین کیا ہے تو اوسکی بیٹی سے نکاح کرسکتا ہے اسی طرح جسنے
نکاح کیا ایک عورت سے تو پھر اوسکو نکاح کرنا اوسکی مان سے حلال نہین ہی خواہ دخول
کیا ہو یا نہ کیا ہو رواہ الترمذی یہہ حدیث گو ضعیف ہی مگر عمل اسپر جاری ہی کیونکہ
اسکے شواہد موجود ہین حنفیہ کا یہہ کہنا کہ مجرد خلوت و مساس سے حرمت آجاتی ہے ٹھیک
نہین ہزار پردے چھوڑ کر خلوت کیون نہو جبتک دخول نہین ہوا ہے حرمت نہین آتی
فائدہ ۲ ابن عباس نے کہا حضرت صلعم کو وحی آئی لِنِسَآئِكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ
اَنّٰى شِئْتُمْ عورتین تمہاری کھیتی ہین تم آؤ پاس انکے جسطرح سے چاہو آگے پیچھے سے مگر
دبر و حیض سے بچو رواہ الترمذی یعنی اوٹھا کر بیٹھا کر لٹا کر اوندھے سیدھے سامنے
سے پشت کیطرف سے جسطرح چاہے صحبت کرے مہاجرین اسیطرح کیا کرتے تھے سخت لتاڑ
بتاتے تھے انصار فقط ایک ہی کروٹ سے ملتے تھے رسول خدا صلعم نے مہاجرین کے فعل
پر کچھہ انکار نفرمایا مگر دبر سے حیض نفاس سے بچنے کو فرمایا جو شخص عورت کے دبر مین صحبت کرتا
ہے اوسکو ملعون کہا ہے رواہ احمد وابوداؤد عن ابی ہریرۃ **فائدہ** ۳ ابن عباس
نے کہا بریرہ کا خاوند ایک کالا غلام تھا اوسکو مغیث کہتے تھے مین گویا دیکھتا ہون کہ وہ

۱ ۱۲ ۱۲

اس حدیث کو ترمذی ابوداؤد
۲ دارقطنی ابویعلی نے روایت کیا ہے ۱۲
اس حدیث کو ترمذی نے روایت
کیا ہے ۱۲
سورہ نور رکوع ۴ پارہ ۱۸
اس حدیث کو ترمذی نے روایت
۵ کیا ہے ۱۲
ابوہریرہ سے ابوداؤد نے روایت کیا ہے ۱۲

اوسکے پیچھے گلی کوچون مین پڑا پھرتا ہے روتا ہے آنسو ڈاڑہی پر بہتے ہین رسول خدا نے فرمایا
ای عباس تمکو تعجب نہین آتا مغیث کی محبت بریرہ کے بغض سے پھر بریرہ سے کہا کاش تو اس سے
رجعت کرلے اوس نے کہا اگر آپ حکم کرتے ہین تو خیر فرمایا مین فقط سفارش کرتا ہون کہا مجھکو
اسکی حاجت نہین ہے سمرہ ابوداؤد بخاری اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کبھی کوئی شوہر کسی عورت
کو ناپسند آتا ہے گو وہ عورت اوس شوہر کو ناپسند نہو بلکہ یہہ اوسکو چاہتا ہو پھر جبکہ کسی عورت
عورت کا ایسا شوہر ہو کہ وہ اسکو چاہے بھی نہین بلکہ اولٹا اوس بی بی کو ستاوے تو اوسکو
وہ عورت اوسکی جدائی مین بے شبہہ معذور رہو سکتی ہے ٭

اس حدیث کو بخاری نے روایت کیا ہے ۱۲

فصل بیان مین مہر کے

مسلم نے ابوہریرہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ ایک آدمی نے ایک انصاری عورت سے
نکاح کیا تھا رسول خدا صلعم نے پوچھا کتنے مہر پر بیاہ کیا اوس نے کہا چار اوقیہ پر فرمایا
چار اوقیہ پر تم لوگ تو گویا اس پہاڑ سے چاندی کھود لیتے ہو یہہ بطریق انکار فرمایا چار
اوقیہ مہر کو گران سمجھا چار اوقیہ کے ایک سو ساٹھ درہم ہوتے ہین معلوم ہوا کہ آدمی
اپنے مقدور سے زیادہ مہر نہ باندہے اسلیئے حضرت نے اوس پر عتاب کیا مضمون
احادیث مہر سے ثابت ہوتا ہے کہ کم سے کم مہر یہہ ہے کہ ایک لوہے کی انگوٹھی پر یا قرآن
شریف کے سکھانے پر نکاح ہو سکتا ہے یہہ مضمون حدیث متفق علیہ مین بروایت سہل بن
سعد مرفوعاً آیا ہے حضرت صلعم کی بی بیون کا مہر ساڑہے بارہ اوقیہ تہا ایک اوقیہ چالیس
درہم کا ہوتا ہے یہہ سب پانسو درہم ہوئے اسکو مسلم نے عائشہ سے روایت کیا ہے بلکہ
حدیث عمر بن خطاب مین یہہ بھی آیا ہے کہ آپکی بی بیونیون کا مہر بارہ اوقیہ سے زیادہ
نتہا اسکو احمد و دارمی و اہل سنن نے روایت کیا ہے یا تو عمر نے کسر کو اس جگہہ چھوڑ دیا ہے
یا موافق اپنے علم کے کہا ہے جابر کی حدیث مین یون فرمایا ہے جسنے اپنی بی بی کے مہر مین

دولپ بھر کر ستو دے یا کھجور دی اوسنے بی بی کو اپنے اوپر حلال کر لیا اسکو ابو داؤد نے
روایت کیا ہے ایک عورت بنی فزارہ کی تھی اوسکا نکاح دو نعلین پر کر دیا تھا ۱۲ منہ اور الترمذی
ام حبیبہ کا بیاہ نجاشی نے کر کے اپنے پاس سے چار ہزار درہم دیکر پاس رسول خدا صلعم
کے بھیجدیا تھا اسکو ابو داؤد و نسائی نے خود ام حبیبہ سے روایت کیا ہے یہہ مہر کچھ
رسول خدا صلعم نے مقرر نہین فرمایا تھا اتنا ضرور ہے کہ اس مہر کو بہت قرار کہا اور بیشمار
نہین فرمایا اس سے جواز زیادت مہر کا ازواج و بنات نبوی سے معلوم ہوا مگر نہ اتنا گران
مہر جو مقدرت و حیثیت زوج سے کہین بڑھ کر ہو یا سارا مال شوہر کا مستغرق مہر ہو کر وہ مفلس
قلانچ تہیدست فاقہ مست رہ جاوے بلکہ زیادہ سے زیادہ چار ہزار درہم کافی ہین امرا
و روسا جو لاکھون کروڑون ہزارون کا مہر باندھتے ہین گو بکراہت جائز ہو مگر خالی
مخالفت سنت و بے برکتی سے نہین ہے ایسے مہر کا منظور کرنیوالا کسی طرح مواخذہ دنیا
و عذاب آخرت سے نجات نہین پا سکتا کیونکہ دینے کا تو مقدور ہوتا ہی نہین ہے معافی
اختیار مین نہین ہے معاف نہوا اور مر گیا تو سر پر قرض رہا قرض وہ بلا ہے جسکا مواخذہ
شہید سے بھی ہوتا ہے پھر میان سے عوض بی بی کے کیون نہوگا حالانکہ یہہ قرض سب
قرضون پر مقدم ہے ترکہ سے پہلے یہی قرض ادا کرنا چاہیے اسلیئے اور حدیثون مین
گرانی مہر سے منع فرمایا ہے کیونکہ اسمین مسلمان کی ہلاکت ہے ٭

فصل بیان مین ولیمہ کے

زیادہ ولیمہ نکرے تو ایک بکری ہی سہی رسول خدا صلعم نے عبدالرحمن بن عوف سے فرمایا تھا
اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ یہہ حدیث متفق علیہ ہے خود بھی ولیمہ زینب مین ایک ہی بکری کی تھی
ایسا ولیمہ کسی بی بی کا نہین کیا لوگون کو گوشت روٹی کھلایا یہہ حدیث بھی متفق علیہ
ہے صفیہ کے ولیمہ مین فقط حیس یعنی مالیدہ کھلا دیا اسکو بخاری نے روایت کیا ہے

۱۲ یعنی جو فقط یا پوشاک ہو

۱۲ اس حدیث سے کہ کم مہر مسنون ہے

۱۲ یعنی اسکا نکاح کر دینا ایک جوتی پر

بعض بی بیون کے ولیمہ مین فقط دو سیر جو صرف کئے سید صاحب نے کہا یہہ شاید ام سلمہ تھین
غرضکہ سنت صحیحہ سے دو ہی کہانے ثابت ہین ایک ولیمہ دوسرے طعام عقیقہ اسکے سوا
کسی تقریب مین کوئی طعام ثابت نہین ہے گو دعوت ضیافت کرنے سے منع نہین کیا ہے
مگر اکثر دعوت زمانہ ہذا مین یون ہوتی ہے کہ غربا و اہل اسلام جنکو طعام نہ ملتا صحابہ اونکو
دعوت کرکے گھر لیجاتے جو میسر ہوتا وہ کھلا دیتے یا کوئی مہمان آتا اوسکو کہانا کھلاتے یہہ
دھونگ کہانے پینے کا کہ ذرا ذرا سی بات پر سیکڑون ہزارون آسودہ لوگون کو اپنی
اولاد کی تقریب مین مہینون تک کہانا کھلایا جاتا ہے کہانے کے ساتھ برتن بھی عنایت
ہوتے ہین بالکل خلاف سنت ہے نری ریا ہے اسراف ہے بلکہ کہانے والے برتن لینے
والے اچھے رہتے ہین گو آسودہ حال ہی کیون نہون اسلئے کہ یہہ طعام یہہ مال اونکو
بے سوال و طلب ملتا ہے خرابی اوسکی ہے جسنے اتنا مال صرف کیا امرا و رؤسا کے
ولیمہ مین ساری شہر کے ہندو مسلمان عیسائی شریک ہوتے ہین کہو ہندو وغیرہ کو طعام
ولیمہ کھلانا کیونکر درست ہوا حدیث ابن عباس مین آیا ہے کہ رسول خدا صللم نے منع فرمایا ہے
کہانے سے طعام مفتخرین کے رواہ ابو داؤد یہہ حدیث مرسل ہے اس سے یہہ معلوم
ہوا کہ جو شخص بڑائی مارنے کیلئے کہانا کھلاوے ناموری چاہے شہرت سخاوت کا قصد
کرے اوسکا کہانا نہ کھاوے امرا و رؤسا کا طعام اطعام غالبًا ایسے خیالات سے ہرگز
خالی نہین ہوتا گو اپنے مونہہ سے سو بار کیون نہ کہین کہ ہم ثواب کے لئے یہہ کام کرتے
ہین تم اگر ثواب کیواسطے کرتے ہو تو جو شکل ثواب کی خدا یا رسول نے فرمائی ہے اوسی
طرح کرو کیا رسول خدا صللم اس طرح کی دھوم دھام کر سکتے تھے یا اونکو اور صحابہ کو
مقدور اس خرچ کرنے کا نہ تھا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی تونگری تو مشہور ہے مگر
اونہون نے اپنے زمانہ خلافت مین بھی ایسے کام نہین کئے نہ کسی اور خلیفہ نے تا کہ
انکا روپیہ راہ خدا مین اوس جگہہ صرف ہوتا تھا جہان حکم خدا اور رسول ہے اوسطرح

لہ اس حدیث کو ابو داؤد نے نسوان کیا ہے ۱۲

پر صرف ہوتا تھا جسطرح کا ارشاد ہوا ہے نہ موافق جی کی خواہش کے بلکہ اکثر امراء کا
مقصود قطع نظر ناموری و شہرت و تعریف کے یہہ ہوتا ہے کہ جس بچہ یا عزیز یا قریب ہم یہہ صرف
کرتے ہین اوسکو کسی کی نظر نہ لگے اوسکو سب دعا دیا کرین یہہ تندرست رہی سو یہہ خیال
اور بھی زیادہ باطل ہے وہ روپیہ سارے مسلمانون کا حق تہا وہ تو محروم رہے چند
ملازم آسودہ لوگ اوسکو لیگئے بے محل صرف ہوا ہم یہہ نہین کہتے کہ تم کوڑی صرف نکرو
کسیکو ندو ہان یہہ کرو کہ جس جگہہ جسطرح خرچ کرنا چاہیے وہان صرف کرو بھوکے بھوکون
کو کہلاؤ ننگے پہناؤ جسکا رزق بیت المال مین جتنا واجب ہے اوسکو بقدر کفاف دو دیکھو
کیسی برکت دنیا مین کیسی نجات آخرت مین ہوتی ہے **فائدہ** دعوت ولیمہ کا قبول
کرنا واجب ہے مگر کھانا کہانا شرط نہین انکار نکرے حاضر ہوکر دعا دیجاوے بے بلائے
کسی کی دعوت مین جانا حرام ہے ابن عمر نے کہا رسول خدا صللعم نے فرمایا ہی جو شخص بے بلائے
دعوت مین آیا وہ چور ہوکر آیا لٹیرا بنکر باہر نکلا (۱) اسی طرح مجلس ضیافت
سے کہانا اوٹہا لیجانا بعد تناول طعام کے حرام ہے مگر رضائے داعی سے جب دو آدمی
دعوت کرین تو جسکا دروازہ اسکے گہر سے قریب ہو اوسکی دعوت قبول کرے پہلے دن ولیمہ
کرنا حق ہے دوسرے دن سنت ہے تیسرے دن سنانا ہے اسکو ترمذی نے روایت
کیا ہے مگر بعض اہل علم نے ترجیح اسیکو دی ہے کہ تیسرے چوتھے دن بھی ولیمہ کرنا درست
ہے اس حدیث کو ضعیف بتایا ہے ولیمہ کو حکم مطلق ضیافت مین رکھا ہے واللہ اعلم
ابو ہریرہ نے کہا رسول خدا صللعم نے فرمایا ہے دو فخر کرنے والون کا کہانا نہ کہاوے
اونکی دعوت قبول نکرے امام احمد نے کہا مراد وہ دو آدمی ہین جو ضیافت مین ایک
دوسرے کا تعارض فخر و ریا سے کرتے ہین اسیطرح حدیث عمران بن حصین مین
طعام فاسقین کے قبول کرنے سے منع فرمایا ہے اسکو بیہقی نے شعب الایمان مین روایت
کیا ہے جس شخص کا فسق و فجور ظاہر ہو امیر ہو یا فقیر اپنا ہو یا بیگانہ پھر وہ اسکی

(۱) اس حدیث کو ابو داؤد نے روایت کیا ہے ۱۲

دعوت کرے خواہ یہ دعوت ولیمہ کی ہو یا عقیقہ کی یا کسی اور رسم و تقریب کی تو جو کوئی
اوسکا کھانا نہ کھاویگا وہ گنہگار نہوگا بلکہ متبع سنت ہے اسلیئے دوسری حدیث مین
آیا ہے کہ تو کھانا نہ کھا مگر متقی کا تیرا کھانا نہ کھاوے مگر متقی مراد متقی سے وہ شخص ہے
جو موجد متبع سنت ہے کبائر سے بچتا ہے گو صغائر اوس سے ہوجاتے ہون مگر جو شخص
مبتلاے کبائر ہے وہ بھی کھلم کھلا مثلاً داڑھی منڈواتا ہے یا کترواتا ہے یا ٹخنے سے نیچے
پاجامہ رکھتا ہے یا شراب پیتا ہے یا زنا کرتا ہے یا ناچ رنگ دیکھتا ہے یا گانے بجانے
مین رہتا ہے یا مرے سے نماز ہی نہین پڑہتا یا گاہ گاہ پڑہتا ہے تو ایسا آدمی فاسق
کافر کہلاتا ہے ایسے شخص کا مال بھی غالباً وجہ حرام کا ہوتا ہے سود کا یا سوال کا یا آمدنی
حرام کا سو ایسے شخص کا ہم تو ارہم پیالہ ہونا کسیطرح درست نہین ہے لوگ اس مسئلہ
سے بالکل غافل ہوگئے ہین کسی کے گھر کا کھانا ہو کسی تقریب جائز ناجائز کا ہو کیسا ہی
مال ہو بے تکلف کھانے اوڑانے کو موجود ہین نہ حلال سے غرض نہ حرام سے واسطہ
خصوصاً فاسق بھائی بند بے نمازی رشتہ دارون سے تو بالکل کچھ عار ہی نہین ہے کیون
عار واسکا رہو یہ خدا و رسول سے بھی زیادہ تر انکو عزیز ہین انکا خوش رہنا چاہیئے
خدا و رسول ناراض ہون تو ہو جاوین سو جب مذاق اسلام یہ ٹھیرا تو اب دعوی
مسلمانی ناحق ہے جو تم کرتے ہو یہی سارے ہنود یہود ترسا مجوس وغیرہم بھی کرتے
ہین جیسے شادی اُنکے گھر ہوتی ہے اوسی بین باجہ ڈہول تماشے سے تمہارے گھر
بھی ہوتی ہے یہ محض تمہاری ناانصافی ہے کہ تم اونسے اچھے ہو وہ بددین ہین تم
مسلمان ہو نرے کلمہ گو ہونے سے یہان کام نہین چلتا ہے نہ لولے لنگڑے ٹوٹی پھوٹی
نماز سے یہان تو تقوی درکار ہے کبائر سے بچنے کا اعتبار ہے مگر کس سے ہوسکتا ہے
نفس امارہ ہر وقت بغل مین موجود ہے شیطان ہر دم رگون مین خون کی طرح
دوڑتا پھرتا ہے **مسئلہ** سنت یہ ہے کہ جب کواری کو بیاہی پہلاوے تو اوسکے

پاس سات دن رہے اور جو بیاہی کو لاوے تو اوسکے پاس تین دن رہے پھر تقسیم
کرے یہہ حدیث انس کی متفق علیہ ہے ابو قلابہ نے کہا مین کہہ سکتا ہون کہ انس نے
اسکو مرفوع کیا ہے مسلم کی روایت مین صاف آیا ہے کہ رسول خدا نے ام سلمہ سے فرمایا
ہے لِلْبِكْرِ سَبْعٌ وَلِلثَّيِّبِ ثَلٰثٌ حضرت کا جب انتقال ہوا آپکی نو بی بیان تھین اونمین آٹھ
کو قسمت کرتے مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عائشہ نے کہا سودہ کی عمر جب زیادہ ہوئی
تو اونھون نے کہا اے رسول خدا مین نے اپنی نوبت کا دن عائشہ کو دیا جب سے رسولخدا
دو دن نزدیک عائشہ کے بسر کرتے یہہ حدیث بھی متفق علیہ ہے سودہ کی ہمت
کو دیکھو نوبت چھوڑی نیک خاوند کو نہ چھوڑا طلاق نہ لی خلع نہ کیا آخرت والی بی بیان
ایسی ہی ہوتی ہین جس شخص کی کئی بی بیان ہون وہ جب سفر کرے تو قرعہ ڈالے جسکا نام
نکلے اوسکو اپنے ساتھ لیجاوے رسول خدا صلعم اسی طرح کیا کرتے تھے مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ معلوم
ہوا حالت سفر مین تقسیم نہین ہے تقسیم سے مراد یہہ ہے کہ اوسکے گھر اوسکے
پاس سووے جماع کرنا داخل قسمت نہین ہے نہ زیادت محبت داخل تقسیم ہے

فصل بیان مین وقوع طلاق کے

ابو ہریرہ کہتے ہین رسولخدا صلعم نے فرمایا ہے تین چیزین ہین جو ہنسی مین واقع
ہو جاتی ہین نکاح طلاق رجعت رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ حَسَنٌ غَرِيبٌ وَاَبُوْدَاوُدَ یعنی
جب کہ اس دل لگی مین ارادہ ان کامون کا ہو حدیث عائشہ مین آیا ہے اغلاق مین
طلاق وعتاق نہین ہے رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ یعنی زبردستی سے طلاق
دلوانا یا غلام کا آزاد کرانا درست نہین ہے ایسی طلاق واقع نہین ہوتی ہے حدیث ابی ہریرہ
کا لفظ یہہ ہے کہ ہر طلاق جائز ہے مگر دیوانے اور مغلوب العقل کی اس حدیث کو
ترمذی نے غریب کہا ہے لونڈی کے لئے دو ہی طلاق کافی ہین اوسکی عدت بھی دو

---

۱۲ کواری کے واسطے سات دن اور بیاہی کے واسطے تین دن ۱۲

۱۲ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

۱۲ ابن عباس سے اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

۱۲ اس حدیث کو ترمذی و ابوداود نے روایت کیا ہے ۱۲

۱۲ اس حدیث کو ترمذی و ابوداود نے حسن غریب کہا ہے ۱۲

۱۲ اس حدیث کو ابوداود و ابن ماجہ نے روایت کیا ہے ۱۲

حیض تک ہے ۵۱ رواہ الترمذی وابوداؤد وابن ماجۃ والدارمی وعن رکانہ بن عبد
یزید نے اپنی بی بی سہیمہ کو طلاق البتہ دی تھی جب قسم کہا کر یہہ کہا کہ میرا مطلب ایک
ہی طلاق کا تھا تو رسولخدا صلعم نے اوس بی بی کو شوہر پر پھیر فرمادیا ۵۲ رواہ ابوداؤد
والترمذی وابن ماجۃ والدارمی وعن محمود بن لبیدہ نے کہا رسول خدا
صلعم کو خبر دی گئی کہ ایک آدمی نے اپنی بی بی کو تینون طلاقین ایک ساتھ دیدی
ہین حضرت نہایت غصہ ہوئے کھڑے ہوکر فرمایا خدا کی کتاب سے کھیل ہوتا ہے
اور مین تمہارے درمیان ہین موجود ہون الحدیث ۵۳ رواہ النسائی یعنی ہر طلاق
علحدہ دینا چاہیے نہ ایک بار مگر جو کوئی ایسا کرتا ہے تو یہہ ایک ہی طلاق ہوتی ہے
رجعت کرسکتا ہے بعض حنفیہ بھی اس طرف گئے ہین اگرچہ عامہ انکے برخلاف اسکے
ہین رفاعہ قرظی کی جورو نے بعد طلاق کے عبدالرحمن بن زبیر سے نکاح کیا وہ ایسے
نکلے جیسے کپڑے کا پلّو یعنی اوسسے کچھہ نہ بنتا اسنے چاہا پھر رفاعہ سے رجعت کرلے
حضرت صلعم نے فرمایا یہہ نہین ہوسکتا جب تک کہ تو اوسکا شہد وہ تیرا شہد نہ چکہے ۔
متفق علیہ یعنی بدون صحبت کے علحدگی مشکل ہے حدیث ابن مسعود مین محلل محلل لہ
پر لعنت آئی ہے ۵۴ رواہ الدارمی وابن ماجۃ یعنی حلالہ کرنیوالا اور وہ شخص
جسکے لئے یہہ حیلۂ حلالہ کیا گیا ہے دونون ملعون ہین اکثر نام کے مسلمان
جب طلاق بائن دے چکتے ہین تو پھر پچتا کر جورو کے واپس لینے کو شخص مرد
یا نامرد سے نکاح اوسکا کرا کر پھر اوس سے طلاق دلوا کر بعد عدت یا قبل عدت
اوسکو اپنے نکاح مین پھیر لیتے ہین اس طرح کی اپیرا پھیری موجب لعنت ہی لعنت نہو
تو بھلا کیا ہو اس بیحیائی بیغیرتی کا بھی کچھہ ٹھکانا ہے کہ اپنی بی بی کو خود دوسرے کے
پاس اس وہم و دام سے بھیجکر صحبت کرادے پھر پہٹے مونہہ اوسکو اپنے پاس
پھیر لے گو وہ پھیرنا بحیلۂ نکاح ہی کیون نہو ع این کار از تو آید و مردان چنین کنند

۵۱ اس حدیث کو ترمذی وابوداؤد وابن ماجہ ودارمی نے روایت کیا ہے ۱۲

۵۲ اس حدیث کو ابوداؤد وترمذی وابن ماجہ ودارمی نے روایت کیا ہے

۵۳ اس حدیث کو نسائی نے روایت کیا ہے ۱۲

۵۴ اس حدیث کو دارمی وابن ماجہ نے روایت کیا ہے ۱۲

باقی رہے مسائل ظہار ولعان وایلاء وعدت واستبراء وغیرہ کے سو بسبب مسئلے
فتح المغیث مین موجود ہین اس جگہہ ذکر کرنا اونکا کچہہ ضرور نہین کیونکہ انکی حاجت کم
پڑتی ہے بڑا بکھیڑا راتدن کا تو یہی حقوق زوجین کے ہین ان حقوق کا معلوم کرنا
شوہر بی بی دونون کا اونپر عامل ہونا ضرور ہے جو کوئی ان مسائل کو معلوم کرکے انپر
عمل کریگا اوسکو غالبًا نہ حاجت ظہار کی ہوگی نہ لعان کی نہ طلاق کی نہ خلع کی نہ حلالہ
کی ایسکام انہین کمینون رذیلون سے زیادہ ہوتے ہین اہل دین وشرافت کو خدا تعالےٰ
غالبًا ایسے حرکات وسکنات سے بفضل ورحمت خود محفوظ رکھتا ہے اور
جو کوئی شریف مرد وعورت محفوظ نرہے تو سمجھو کہ وہ درحقیقت شریف ہی نہین
ہے رذیل ہے شرافت نام ہے مسلمان ہونے مکارم اخلاق پر چلنے کا جب اچھی عادت
چھوڑکر بُری عادت اختیار کی تو کمینے ٹھیرینگے گو شیخ یا سید ہی کیون نہون ؛

فصل بیان مین جواز نکاح کے

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ہمنے بھیجے کتنے رسول تجھسے پہلے اور کیے ہمنے اونکے لئے بی بیان
اور اولاد معلوم ہوا کہ پیغمبر علیہم السلام بھی اہل وعیال رکھتے تھے ایک فقط
یحییٰ وعیسیٰ علیہما السلام بے جورون بچون کے تھے سو یحییٰ تو مرگئے عیسیٰ علیہ السلام
آخر زمانے مین بعہد مہدی آوینگے اوسوقت وہ بھی بیاہ کرینگے اولاد ہوگی سلیمان
علیہ السلام کے ستو بی بیان ہزار لونڈیان تھین ہمارے حضرت صلعم کے کبھی گیارہ محل رہے
کبھی نو محل آپ ایک مرد کے لئے چار بی بیان اور بے گنتی لونڈیان جمع کرنا درست
ہے اگر چار مین کسیکو طلاق دے یا کوئی مرجاوے تو اور بی بی بھی عوض اوسکے
بیاہ سکتا ہے امام حسن رضی اللہ عنہ نے ستّر سو نکاح کئے آخر علی مرتضیٰ رضہ نے فرمایا
تم اسکو ندیا کرو یہ بڑا طلاق دینے والا ہے مگر لوگ باز نہ آتے جسکو یہ چھوڑ دیتے

وہ عورت اُنکو دوست رکھتی اس حکایت کو منادی نے کوا کب دُرّیہ مین لکھا ہے لیکن جو کوئی بی بیون مین برابری نہ کرسکے اوسکو چاہئے کہ ایک ہی پر قناعت کرے قرآن شریف مین فرمایا ہے فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ذٰلِكَ اَدْنٰى اَلَّا تَعُوْلُوْا پھر یہ بھی سنادیا لَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ تمسے یہ ہرگز نہوسکیگا کہ تم عدل کرو بی بیون مین غرضکہ نکاح کرنا سنت ہے پیغمبرون کی مگر اجر اس سنت کا جب ہی ملتا ہے کہ سب مین برابری رکھے اگر نہ رکھ سکے تو ایک ہی نکاح پر قناعت کرے اگر اوس ایک سے بھی نہ بنے دین دنیا مین خلل آوے تو زمانۂ آخر مین بے جورو رہنے کی بھی اجازت آئی ہے غریبون مین تو بن بھی جاتی ہے مگر امیرون مین ایک سے بھی نباہ نہین ہوتا یہ بچارا سب کچھ نباہ کرنا چاہتا ہے مگر وہ نباہ نہین کرتی بلکہ دشمنی پر کمر باندھتی ہے قرآن شریف مین آیا ہے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ اے ایمانوالو بعض تمھاری جورو ئین اور اولاد دشمن ہین تمھاری سو تم اونسے بچتے رہو۔ نکاح سے ایک غرض یہ ہے کہ اولاد ہو امت اسلام بڑھے چنانچہ قرآن شریف مین فرمایا ہے وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ دوسرا مطلب یہ ہے کہ سنت انبیاء پر عمل ہو تیسرا مطلب یہ ہے کہ زنا سے بچے چوتھی بات یہ ہے کہ اولاد صالح بعد اسکی موت کے اسکے لئے دعاء خیر کرے پانچوین غرض یہ ہے کہ شکر نعمت بجالاوے کیونکہ صحبت کرنا ایک نعمت ہے چھٹے جو مرض ہیجان منی سے پیدا ہوتے ہین اونسے حفاظت رہے ساتوین بندوبست خانہ داری کا ہو کہ بے عورت کے گرستی نہین ہوسکتی ہے آٹھوین عورت کی بد خلقی اولاد کی پرورش مین جو کچھ تکلیف وصبر کرنا پڑتا ہے وہ اسکے گناہ کا کفارہ ہوتا ہے ایک روایت مین یون آیا ہے کہ بعضا گناہ ایسا ہے جسکا کفارہ یہی رنج عیالداری اوٹھانا ہے بعض اہل علم نے کہا ہے هٰذِهِ الْمُجَاهِدَةُ اَفْضَلُ الْعِبَادَاتِ فائدہ

۵۱ پس اگر تم ڈرو کہ نہ عدل کرو گے پس ایک سے یا جو تمھارا مالک ہون واسطے ہاتھ تمھارے یہ بہت نزدیک ہے کہ نہ بے انصافی کرو۔ سورہ نساء رکوع ۱۲۔ پارہ ۴۔

۵۲ سورہ نساء رکوع ۱۹۔ پارہ ۵۔

۵۳ سورہ تغابن رکوع ۲۔ پارہ ۲۸۔

۵۴ اور ڈھونڈو وہ جو لکھا اللہ نے تمھارے واسطے سورہ بقر رکوع ۲۲۔ پارہ ۲

۵۵ یہ محنت مشقت سب عبادتون سے افضل ہے ۱۲ ۱۲

نکاح مین جس طرح یہہ خوبیان ہین اسی طرح آفات بھی ہین ایک آفت یہہ ہے کہ آدمی
کو رزق حلال نہ ملے وہ جورو بچون کے لئے مضطر ہوکر کسب حرام مین مبتلا ہو اسمین
اسکی اور اونکی دونون کی ہلاکت ہے ایک روایت مین آیا ہے کہ قیامت کو ندا کریگے
کہ یہہ وہ شخص ہے جسکی نیکیان اوسکے گھر والے کہا گئے بلکہ خود اولاد کہیگی اے
اللہ ہمارا انصاف کر اسنے ہمکو حرام کہلایا ہم ناواقف تھے دوسری آفت یہہ ہے
کہ جو کوئی حقوق اہل و عیال کے ادا نکرے گا وہ اوسکے مواخذہ مین پکڑا جاویگا
اسکا دین دوسرونکی دنیا کے لئے برباد ہوا تیسری آفت یہہ ہے کہ جورو کی محبت
مین ایسا غرقاب ہو جاوے کہ اللہ کا ذکر نہ کرے شرع کے احکام بجا نہ لائے اس
بلا مین اکثر لوگ پھنس گئے ہین جب تک نکاح نہوا تھا بڑے نیکبخت عابد زاہد متقی تھے
دین پر مستعد رہتے تھے نکاح ہوتے ہوتے بی بی کے عاشق بنگئے اب نماز ہے نہ
روزہ اگر ہے تو پہر اور کچھہ علم و عمل نہین بی بی تو یہی چاہتی ہے کہ میان میری غلام
ہون مین اونکی معبود ٹھیرون وہ عاشق ہون مین معشوق کہلاؤن سب کام دین
دنیا کے بالائے طاق رکھکر مجھی کو دیکھا کرین میرے ہی ناز نخرے اوٹھانے مین
رہا کرین مین اونسے بھاگون وہ میری خوشامد کیا کرین یہی عبادت ہو یہی عادت
خواہ جہنم نصیب ہو یا جنت حالانکہ قرآن مین مرد کو عورت پر فضیلت بخشی ہے اور یہہ
فرمایا ہے قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا بچاؤ تم اپنی جان اور اپنے گھر والون کو دوزخ
سے مگر اسوقت مین گھر والون کا بچانا کیسا اگر خود ہی ہاتھہ سے بی بی کے بچکر ایمان
پر مرجاوے تو غنیمت ہے ورنہ بی بی تو یہی چاہا کرتی ہے کہ مین اسکو دنیا و آخرت
دونون مین جہنم رسید کرون فائدہ عشقبازی کا دھندا کچھہ ٹھٹھا نہین ہے
اسکا سیدھا راستہ جہنم کو گیا ہے قرآن شریف مین قصہ عشق کا کافر عورت سے نقل کیا ہے
نہ مسلمان عورت سے اہل علم نے عشق کو شرک کہا ہے ابن القیم و شیخ محمد حیات مدنی نے

بھی اسیطرح لکھا ہے یہہ شرک عشق وہ بُری بلا ہے کہ دنیا مین تو بدنام بیچارہ سوا
بد دین کرتا ہے آخرت مین مغفرت سے محروم رکھکر مونھہ کالا کرتا ہے یہان دیوانون
کیطرح بسر ہوتی ہے وہان پاگلخانۂ دوزخ مین جگہہ ملتی ہے ۵

پیشۂ عشق کا حاصل تو بتاؤ توفیق ۔ کوئی مجنون کوئی فرہاد ہے یا اللہ اعوذ

آسودہ عورتین رات دن اسی مشغلہ مین رہا کرتی ہین کوئی مرد اپنا جھوٹا عشق انسے
ظاہر کرتا ہے کسی کی یہہ جھوٹی عاشق بنتی ہین نہ خدا سے غرض نہ رسول سے واسطہ
نہ شوہر کی رضامندی سے کچھہ کام اپنی تعریف اپنے حسن کا دعوی اپنی آرایش کا
دیکھانا ہر دم ہنسی دل لگی مین رہنا اگلے پچھلے یارون عاشقون کا یاد کرنا یہی
انکی عمدہ عبادت ہے ۱۲ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ فائدہ خواجہ عبدالخالق غجدوانی
نے اپنے وصایا مین لکھا ہے جب تک بن سکے جورو نکرے جسکے سبب سے طالب دنیا ہیرے
دین کھو دے انتہی البشر حالی سے کسینے کہا تم نے سُنت نکاح کو کیون چھوڑ رکھا ہی کہا مین
ابھی فرض ہی مین مشغول ہون سُنت پر کسطرح چلون مالک دینار سے کہا تم نکاح نہین
کرتے کہا مجھہ سے اگر ہوسکے تو مین اپنی جان ہی کو طلاق دیدون نکاح کیسا ہی بات
کسی نے شیخ رکن الدین خوافی سے بھی کہی تھی اونہون نے جواب دیا کہ سلسلہ ولادت
کا آدم سے لیکر مجھہ ضعیف تک پہونچا ہے اب مین چاہتا ہون کہ ایک سرا اوس سلسلے کا
اونکے ہاتھہ مین ہو دوسرا میرے ہاتھہ مین ابو عبداللہ مغربی نے کہا اللہ تعالے اگر
شہوت کو مجھہ سے لیلے تو مین زیادہ تر خوش ہون اس بات سے کہ مجھے بہشت مین
داخل کرے یعنی شہوت کا انجام دوزخ ہے بہشت رہی طاق مین کہین جہنم ہی سے
نجات ملے شہوت کہتے ہین خواہش نفس پر چلنے کو نہ فقط صحبت کرنے کو دلکے موافق
جی کے مطابق سب کام کرنا داخل شہوت ہے رات دن کھیل تماشے مین رہنا اورون
کو اوسمین شریک کرنا اگر شہوت نہین ہے تو پھر کیا ہے حدیث صحیح مین آیا ہے

۵ ہم اللہ ہی کے ہین اور اوسکی طرف رجوع کرینگے ۱۲ سورہ بقر رکوع ۱۹ پارہ ۲

حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ یعنی بہشت کو ناخوش باتون سے
جہنم کو خواہشہاے نفسانی سے چھپایا ہے مطلب یہ ہے کہ یہانکی ناخوشی و رنج و غم کا
انجام بہشت ہے یہان ان کی خوشی کرنے کا انجام دوزخ ہے یہ انجام تو وہان آخرت
مین معلوم ہوگا مگر دنیا مین بھی کبھی کسیکو خدا دکھا دیتا ہے جن عورتون نے بے سبب
اپنے شوہرون کو چھوڑ کر اپنی شہوت رانی پر کمر باندہی ہے انجام مین اونکا خاتمہ
اچھا نہوا خسر الدنیا والآخرہ ہوئین رسول خدا صلعم کی ایک بی بی نے فقط اتنی بات کہی تھی
کہ مین تم سے خدا کی پناہ مانگتی ہون آپنے اوسکو طلاق دیدی تھی وہ گوہ گوبر کھجور
کی گٹھلیان چنتی پھرتی اسی حالت ذلت و خواری مین مرگئی امام حسن رضہ کی بی بی
نے امام حسن رضہ کو یزید کے کہنے پر زہر پلادیا وہ مرگئے یہ وعدہ تھا کہ بعد موت امام حسن
کے مین تجھ سے نکاح کرلونگا جب وقت آیا عورت نے درخواست کی یزید نے کہا تو نے
ایسے خاوند کی ساتھ کیا وفا کی جو مجھ سے کریگی غرضکہ وہان ناقدری شوہر نیکبخت کا
صبر طلاق لینے کا برباد نہین جاتا کبھی یہان کبھی وہان ضرور ہی سر پر پڑتا ہے خواجہ
احرار نے کیا خوب فرمایا ہے کہ نکاح یا تو انبیا و اولیا کو مناسب ہے کہ یہ باوجود جورون
بچون کے خدا کو نہین بھولتے اعمال شرع سے باز نہین رہتے ہین یا عوام الناس کو
زیبا ہے کہ یہ اپنے مرتبہ حیوانیت کو پورا کرلیتے ہین انکا حصہ یہین دنیا تک ہے آخرت
مین بے نصیب اوٹھین گے رہا بیچ کا گروہ جنکو تمنا اپنی نجات کی ہے اونکو نکاح کرنا
کسیطرح مناسب نہین ہے ایکدم خدا کا یاد کرنا ہزار فرزند سے بہتر ہی لمحہ بھر مناجات
و ذکر علم مین بسر کرنا لاکھ جورون سے افضل ہے ایک درویش سے کہا تم نکاح
نہین کرتے کہا عورت مرد کو چاہیے مین ابھی مقام مردی ہی مین نہین پہونچا ہون
عورت کسطرح کرون ایک دوسرے درویش سے کہا نکاح کرو کہا مجکو حاجت طرف طلاق
نفس کے زیادہ تر نکاح کرنے سے ہے پہلے نفس کو طلاق دون پھر کہین نکاح درست ہو

ایک حکیم سے کہا کہ تم عورت نہین کرتے کہا اپنے ہی نفس کے علاج سے عاجز ہون دوسرے کی کیا دوا کرونگا دوسرے حکیم نے کہا جب تو نے اپنی شہوت کو مغلوب نہ کیا بلکہ تجھپر شہوت غالب ہوئی تو اب تو آپکو انسان نہ سمجھ ایک حکیم نے ایک شخص کو دیکھا کہ اوسنے نکاح کیا ہے کہا راحت تھوڑی ہے محنت وتعب بہت ہے ؎

گفتمش چیست کہ خدائی گفت		ساعتے عیش وغصہ سالے چند

ملا دوپیازہ نے کہا ہے حاصل کتخدائی کا ندامت وپشیمانی ہے ایک تجربہ کار نے فرمایا ہے عورت جب تجھکو دوست رکھیگی سخت رنج دیگی خیال کرکہ جب وہ دشمن ہو جائیگی تو کیا کریگی حدیث شریف مین آیا ہے اے اللہ مین پناہ مانگتا ہون ایسی عورت سے جو مجھکو بوڑھا ہونے سے پہلے بوڑھا کردے یعنی جس کسی شوہر کو عورت کی بدزبانی وبرتاؤ سے رنج پہونچتا ہے تو وہ بوڑھا ہو جاتا ہے یہ حال تو ایک عورت والے کا ہوتا ہے جسکے کئی عورتین اسطرح کی ہون کوئی اوسکے دل سے پوچھے کہ اوسپر کیا گذرتی ہوگی ؎

شیران جہان اسیر یک زن شدہ اند		اے وائے برانکس کہ دو زن میطلبند

فصل بیان مین حقوق بی بی کے

اگرچہ ضمن ترجمہ احادیث مذکورہ مین بیان ان حقوق کا گذر چکا ہے مگر اسجگہہ کچھ اونکی لکھی جاتی ہے پہلا حق عورت کا مرد پر یہ ہے کہ اوسکا مہر ادا کرے یہ حق واجب ہے خلوت سے پہلے کچھہ دے دینا مستحب ہے قرآن شریف مین فرمایا ہے وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً یعنی عورتون کو اونکا مہر خوشی سے دو فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِیْٓـًٔا مَّرِیْٓـًٔا پھر اگر وہ چھوڑ دے تمکو کچھہ مہر اپنا تو کھاؤ رچتا پچتا اس سے یہ معلوم ہوا کہ بعض مہر کا معاف کرنا بھی درست ہے معافی عورت کی خوشی پر ہے نہ زبردستی پر کہ نیچے

؎ سورہ نساء ع ۱ پارہ ۴ ۔
؎ سورہ نساء ع ۱ پارہ ۴ ۔

پرسکے اوس سے معاف کرالے ایسی معافی ٹھیک نہین ہے دوسرا حق مان نفقہ دینا ہے
یعنی بقدر مقدور موافق حال ومعیشت کے نہ زیادہ مقدور سے نہ کم بلکہ برابر قرآن شریف
مین فرمایا ہے وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا
یعنی وہ لوگ جو نفقہ کرتے ہین نہ تو اسراف کرتے ہین نہ بخل بلکہ بیچ کی راہ چلتے ہین
فقیر محتاج اپنے موافق آسودہ حال اپنے موافق مان نفقہ دیوے نہ سارا مال حوالہ
عورت کرے نہ یہہ کہ اوسکو روٹی کپڑے کی تنگی دے تیسرا حق یہہ ہے کہ دین اسلام
کے احکام ومسائل اوسکو سکھا دے قرآن مین فرمایا ہے قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا
بچاؤ تم اپنی جان کو اور گھر والون کو آگ دوزخ سے یعنی اوسکو مسائل حلال حرام بتا دو
واجبات وفرائض وسنن سکھا دو احکام طہارت وغسل حیض نفاس استحاضہ وصرف مال
پر اطلاع دو کیونکہ ہر عورت مرد پر فرض کا سیکھنا فرض واجب کا سیکھنا واجب سنت کا
سیکھنا سنت ہے پھر عورت کو دنیا کی ناپایداری آخرت کی خوبی سمجھا دے قیامت کی
گرفتاری گناہون کی سزا جزا پر آگاہ کردے عذاب خدا سے ڈرا دے قرآن وحدیث
مین جو کچھ حق مین عورتون کے آیا ہے وہ اونکو سنا دے مرد اگر اسکے کام مین قصور
کریگا تو قیامت کے دن پکڑا جاویگا اہل علم نے کہا ہے ایک عورت کے پیچھے چار آدمی
گرفتار ہونگے باپ بھائی شوہر بیٹا اگر مرد قصور کرے تو عورت پر واجب ہے کہ وہ
خود کسی عالم سے جاکر اپنا دین سیکھے اگلی بی بیان صحاح ستہ قرآن شریف کو پورا
پڑھتی تھین پھر دوسرونکو پڑھاتین سند دتین عائشہ وغیرہ ازواج مطہرات سے صدہا
حدیثین مروی ہین بلکہ عائشہ سے تو آدھا دین اسلام کا حاصل کیا گیا ہے خصوصاً
وہ مسائل واحکام جنکا تعلق خاص عورتون سے ہے صحابہ کی بی بیان رات دن رسول
خدا صلعم سے آکر خود ہر مسئلہ پوچھ جاتی تھین انتظار شوہرون کی اجازت کا
نکرتی تھین ایسا ہی ہر عورت مسلمان کو چاہیے اس زمانہ مین ہر علم دین کے رسائل

اُردو مین تصنیف ہوگئے ہین زیادہ نہو سکے تو اونھین رسائل کو پڑھ لیا کرین مگر یہ
کون کرے قصے کہانی کی کتابین عشق کی مثنویان شعر کے دیوان کیا کم ہین یہہ اونکو
پڑہین یا تقویۃ الایمان نصیحۃ المسلمین راہ سنت فتح المغیث ضمان الفردوس وغیرہ
کو دیکھین بھلا جو مزا اونکے سننے پڑہنے مین ملتا ہے وہ ان کتابونمین کہان خیر نہی
مگر انجام بھی اسکا یہی ہوگا کہ جہنم مین فریاد کا شور ہوگا اہل علم نے کہا ہے عورت نے
جب بعد تعلیم مرد کے بھی خلاف حق کیا دین پر نہ چلی تو مرد مواخذہ آخرت سے چھوٹ
جاویگا معذور ٹھیریگا عذاب عقاب سزا جزا عورت کے سر جاویگی آجکل اول تو ایسے شوہر
کہان ہین جو عالم ہون بی بیون کو دین سکہا دین اونکی مغفرت چاہین وہ خود
ہی دین پر نہین چلتے نہ دین کو پہچانین دوسرے کو کیا سکہا دینگے ع او خویشتن
گم ست کرا رہبری کند + پہر اگر ہزارون لاکہون مین کسی عورت کو کوئی شوہر عالم
ملجاتا ہے تو وہ اونکے نزدیک سب سے زیادہ تر حقیر ٹھیرتا ہے آدمی سے وہ لطف
نہین ملتا جو ایک جاہل حیوان شوہر سے ملتا ہے آدمی سے بھلا یہہ کہان ہوسکے گا کہ وہ
رات دن مطالعۂ جمال وجلال بی بی کا کیا کرے ہر وقت اظہار عشق بازی فرمائے دل لگی
ہنسی ٹھٹہے مین چوسنے چاٹنے ساس کرنے مین رہے بدر منیر پڑہا کرے اس کام کیلئے
تو خدا نے اونہین شوہرون آشناؤن یارون کو بنایا ہے جو بد دین بد معاش
عیاش عوام صورت حیوان سیرت ہین بجز کہانے پینے جورو سے صحبت کرنے مسخرا پن
مین رہنے عیش بازی کے کچہہ نہین کرتے بدنیت بدنگاہ بے وفا بے مروت عورتین ایسے
ہی مردون سے خوش رہتی ہین انکا حشر اونکے ساتھ اونکا حشر انکے ساتھ ہوگا یہ مضمون قرآن مجید
مین آیا ہے اُحْشُرُوا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ یعنی لاؤ جمع کرو ان ظالمون کو مع انکی جورؤن
آشناؤن کے چوتہا حق یہہ ہے کہ قسمت عدل کرے یہہ نکرے کہ ایک بی بی پر جہک
پڑے دوسری جورو سے بالکل خبر نہو اوسکو للکارے کہے وہ نا ادہر کی ہو نہ اودہر کی

سورہ صافات رکوع ۲ پارہ ۲۳

محبت کی کمی بیشی اور بات ہے نان نفقہ مین رات کے رہنے مین برابری چاہیئے پانچوان
حق یہ ہے کہ خلوت خانہ اسکا الگ ہو وہان بے اجازت شوہر کے کوئی نہ آوے حضرت صلعم کی
جتنی بی بیان تھین سب کے حجرے الگ الگ تھے بعض جیسا بغیر جورو کے سامنے دوسری
جورو سے یا کنیز و حرم سے صحبت کرتے ہین خدا سے نہین ڈرتے بعضی عورتین شوہر
کے جلانے کو اوسکے سر پر حرام وزنا کرتی ہین یہ دونون کندۂ دوزخ بنتے ہین۔
چھٹا حق یہ ہے کہ مرد عورت کو اوسکی حرکت بد پر ادب دے نہ مانے تو مارے
قران شریف مین آیا ہے وَاللّٰاتِیْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِی
الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا۔ یعنی جن عورتونکی
بد خوئی سے تم ڈرو تو اونکو وعظ کرو پاس نہ سلاؤ مارو اگر اطاعت کرین تو پھر اونپر کچھ
زیادتی نکرو الزام نہ دو اس آیت سے معلوم ہوا کہ مرد حاکم ہے عورت محکوم ہے
عورت کی زبان درازی بد خوئی فساد پر اوسکو مارنا درست ہے پہلے زبان
سے سمجھاوے پھر نصیحت کرے پھر الگ سلاوے پھر مارے یہ چار درجے ہوئے دنیا
کے مقدمہ مین دس دن تک الگ رہ سکتا ہے دین کے مقدمہ مین ایک مہینے تک چھوڑ سکتا
ہے رسول خدا صلعم نے ایکبار ناخوش ہو کر ایک مہینے تک اپنی بی بیون سے جدائی
اختیار کی تھی ہان جب عورت مطیع ہو جاوے تو پھر بہت کرید نہ کرے اوسکی تقصیرونکو
جمع نہ کرے اللہ تعالی سب پر حاکم ہے اگر حد سے زیادہ اوسکو ستاویگا تو خدا اوس سے
سمجھ لیگا یہ بھی دیکھا سنا ہے کہ بعضی عورتین آشناؤنکی تو مار کھاتی ہین اون کے
سامنے ناک رگڑتی ہین مگر شوہر کی ذرا سی بد مزاجی کا تحمل نہین کرتین سبحان اللہ
کیا اچھی مسلمان ہین **فائدہ** میان بی بی مین جب کوئی جھگڑا ہو تو ایک شخص اوہر کا
ایک اودہر کا حکم ہو کر فیصلہ کر دے آپسمین صلح کراوے منصف بنکر آپس کی ضد
دور کراوے ملاپ کراوے یہ مضمون قرآن شریف مین آیا ہے اس سے معلوم

سورہ نساء رکوع ۵ پارہ ۵

۱۱ سورہ نساء رکوع ۳

ہوا کہ جہانتک ہوسکے صلح جدائی سے اچھی ہے مگر اسکا کیا علاج کہ عورت جدائی ہی چاہتی ہے
طلاق لینے پر مستعد ہے یہ بھی معلوم ہوا کہ تقریر منصف کا مرد کی تقصیر پر ہوتا ہے
عورت کو نہین پہونچتا کہ وہ مرد کو اپنی طرف سے چھوڑ دے اوس سے جدا رہے بلکہ
ابتدا صلح کی طلب عفو تقصیر کی طرف سے عورت ہی کے چاہیئے نہ طرف سے مرد کے اسلئے
کہ اکثر قصور طرف سے عورت ہی کے ہوتا ہے نہ طرف سے مرد کے اگر فرضاً مرد ہی کا قصور
ہے تو کوئی بیچ مین پڑکر باہم صلح کرادے قرآن وحدیث مین کسی جگہہ یہ نہین آیا کہ
مرد عورت کو مناوے اوسکی خوشامد کرے جہان کہین آیا ہے یہی آیا ہے کہ جب مرد
ناراض ہو تو عورت اوسکو منالے سائقوان حق یہ ہے کہ مرد حال خلوت کا اچھا ہو
یا برا دوسرے سے ظاہر نہ کرے کہ یہ سخت گناہ ہے خصوصاً اوس کے سامنے جو مرد کا
محرم ہے یہ سخت بیحیائی بے شرمی کی بات ہے ایسے شخص کو حدیث شریف مین
بدترین مردم دن قیامت کے فرمایا ہے آٹھوان حق یہ ہے کہ عورتکو بے سبب تہمت نہ لگاوے
جو مرد ایسا کریگا اللہ تعالیٰ اوسکو سارے اگلے پچھلون کے سامنے دن قیامت
کے رسوا فرماویگا یہ مضمون حدیث ابی داؤد مین مرفوعاً آیا ہے نوان حق یہ ہے
کہ بات ملائم کرے محبت وشفقت سے بولے گالی نہ دے فحش نہ بکے سخت کلامی نکرے
یہ کام رذیلون کمینونکا ہے نہ شرفاء کا پھر جب کہ یہ بات مرد کو جائز نہوئی تو بی بی کا
شوہر پر چلاکر بولنا سخت کہنا بے پروائی ظاہر کرنا وہمکانا ڈرانا خفا ہونا للکارنا
دبانا اور بھی اسکے لئے زہر قاتل ہوگا عورت ان افعال کی وجہ سے بالکل طریقۂ
اسلام سے دور ہوجاتی ہے یہ بلا اون عورتون مین سب سے زیادہ ہے جنکو
کچھ غرہ اپنی دولت وحکومت کا ہے انکے نزدیک شوہر برابر ایک ادنیٰ نفر کے
بھی نہین ہوتا غلام سے بدتر اوسکی حقیقت انکے سامنے ہوتی ہے جو غصہ
انکو شوہر پر آتا ہے وہ کسی لونڈی غلام رشتہ دار پر نہین آتا حالانکہ شوہر کا رشتہ

ساری جہان کے رشتون پر بحکم خدا و رسول فوقیت رکھتا ہے شوہر جورو کے لئے
جنت و دوزخ ہے کسی رشتہ دار کے لئے ایسی اطاعت کا حکم نہین آیا ہے جو حکم واسطے
اطاعت شوہر کے ہے نہ کسی رشتہ دار کی رضامندی ناراضی کو عورت کے جنتی دوزخی
ہونے مین کچھ دخل ہے یہہ مرتبہ اللہ تعالیٰ نے یا تو ماں باپ کو دیا ہے کہ اونکی ناخوشی
سبب دخول نار اونکی خوشی سبب حصول جنت ہے یا شوہر کو دیا ہے کہ اوسکی
راضی رہنے سے عورت کو بہشت ملتی ہے اوسکے ناخوش رہنے سے جہنم
مین جانا پڑتا ہے دیوان حق یہہ ہے کہ سسرسالے کا اکرام کرے حدیث مین
فقط نام عورت کے باپ بھائی کا آیا ہے سارے رشتہ داردن کا نہین آیا مگر
جبکہ حقوق اسلام ساتھ غیرون کے برتے جاتے ہین تو رشتہ داران بی بی زیادہ
تر مستحق اس امر کے ہین کہ انسے بھی باخلاق پیش آوے ناک موہہ نہ چڑھاوے کہ یہہ
بات خلاف ادب شریعت کے ہے انسانیت سے بالکل دور ہے یہہ اور بات ہے کہ فسق
وفجور کے سبب سے دل مین نفور ہو سو اسمین سارے فساق وفجار شریک ہین کچھہ
خصوصیت سسرال والون کی نہین ہے گیارہوان حق یہہ ہے کہ بعد وفات بی بی
کے اوسکی اولاد اور اوسکے ملنے والون سے اچھا برتاؤ رکھے حدیث شریف مین آیا ہے
ایک بوڑھی عورت پاس رسول خدا صلعم کے آئی آپ نے اوسکی نہایت عزت کی
مہربانی فرمائی عائشہ نے پوچھا یہہ کون ہے فرمایا یہہ زندگی خدیجہ مین اوسکے پاس
آیا جایا کرتی تہی مگر یہہ بات اوسیوقت ٹھیک ہوگی کہ بی بی کے ملنے والے اچھے
نیک چلن ہون اگر بی بی کی صحبت والیان بدچلن بدرویہ فاسق فاجر ہین تو اونکا
یہہ حکم نہین ہو سکتا ہے اسلئے کہ اہل فسق کی صحبت سے قرآن و حدیث دونون
مین منع فرمایا ہے جو اثر صحبت بد کا ہوتا ہے وہ سب پر ظاہر ہے خصوصاً عورتین
تو بہت ہی جلد مبتلائے فسق ہو جاتی ہین جو قابو شیطان کا انپر چلتا ہے وہ کسی پر

نہین چلتا خاص رعیت ابلیس کی یہی قوم ہے بارہوان حق یہہ ہے کہ عورت کو بدون
کسی وجہ شرعی وحجت قوی کے طلاق نہ دے مثلاً اگر عورت حرام کار ہے یا بالکل اطاعت
شوہر سے باہر یا حد سے زیادہ مسرف یا آشنا پرست یا طالب فسق یا جابر شوہر پر ہے
تو ایسی عورت کو مرد طلاق دیسکتا ہے یا اسکے ماں باپ دلواتے ہین تو بھی یہہ طلاق
دیدے دیر نکرے حضرت اسمعیل علیہ السلام نے فقط ایک اشارہ ابراہیم علیہ السلام
پر اپنی بی بی کو چھوڑ دیا تھا ابن عمر نے عمر بن خطاب کے کہنے پر حسب ارشاد رسول خدا
صلعم اپنی جورو کو طلاق دیدی تہی یہ کام سعادت مند اولاد کرتی ہے بدنصیبون
کا ذکر نہین ہے ایسی طلاق مین جو حکم والدین سے دیگئی ہے گو کوئی قصور ظاہری
اوس عورت کا نہو تب بھی کچھ گناہ مرد پر نہین ہوتا ہے قرآن شریف مین فرمایا ہے
فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا پھر جب مرد عورت کو طلاق دے تو طہر مین دے وہ طہر جماع سے
خالی ہو پھر ایک بار مین ایک ہی طلاق دے نہ دو نہ تین دو طلاق تک رجوع ہوسکتا ہے
تیسری طلاق کے بعد نہین ہوسکتا مگر حلالہ سے لکن حلالہ کرنیوالا کروانیوالا دونون
ملعون ہین گو عورت اس حیلے سے واپس مل سکتی ہے +

لہ
پس گناہ نہین اون دونون
(مرد عورت) پر
سورہ ن رکوع ۱۹ پارہ ۵

فصل بیان حقوق شوہر کے

نکاح ایک قسم کی رقیت ہے یعنی جس طرح کنیز و غلام کسی کے ہاتھ مین بے بس ہوتے
ہین اسیطرح عورتین ہاتھ مین مردون کے اسیر و بے بس ہین کہ جب تک مرد انکو نہ چھوڑ
یہہ نہین چھوٹ سکتین سو جسطرح اطاعت سید کی غلام کنیز پر واجب ہے اسیطرح اطاعت
مرد کی عورت پر فرض ہے یہہ پہلا حق ہے شوہر کا بی بی پر دوسرا حق یہہ ہے کہ بجز
عذر شرعی کے کسی حال مین عورت وقت رغبت مرد کے انکار صحبت کا نکرے اس انکار
سے عورت پر صبح تک لعنت برستی رہتی ہے حدیث طبرانی مین یہہ آیا ہے لَعَنَ اللّٰہ

المستوفات التی یدعوا زوجہا الی فراشہ فتقول سوف حتی تغلبہ عیناہ یعنی خدا
لعنت کرے اون ویرلگانیوالی عورتون پر جنکو شوہر اپنے بستر پر بلاتا ہے وہ کہتی ہین اب
آتی ہون اب آتی ہون یعنی ذرالمحہ بھر صبر کرو یہانتک کہ اوسکی آنکھ لگجاتی ہے
وہ سو جاتا ہے یہ دعا رسول خدا صلعم کی ہرگز خالی نجاویگی جب ذراسی دیر کرنیپر
یہ پھٹکار خدا کی مار ہے تو خیال کرو کہ جو عورت ملنے سے صاف انکار کردیتی ہے
جب خود ہی اوسکا جی چاہتا ہے تب ملتی ہے یا جو نساؤ اپنے نزدیک ٹھیرالیا ہے
تب پاس آتی ہے یا ذراسا حیلہ بیمار یکا ملگیا خواہ اپنی بیماری ہو یا غیر کی یا کسی
رشتہ دار کی تو ملنا جلنا اوڑادیا یا سوا ملنے کے بستر پر نہین آتی نرے اختلاط
سے بھی بھاگتی جان چراتی ہے اوسکا خدا ہی حافظ ہے کہو نرے ملنے پاس آپڑنے
مین کیا مصیبت ہے اگر ہے بھی تو جسطرح اطاعت شوہر موجب مغفرت ہے اوسیطرح
اوسکی ناخوشی بھی تو سبب دخول جہنم باعث لعنت ہے ذراسی بات پر جہنم کا خریدنا لعنت کا
مول لینا کونسی عقل ہے حالانکہ احادیث صحیحہ سے بھی ثابت ہے کہ عورت بے مرضی مرد کے
علحدہ بستر پر نہ سووے خیر شوہر کا تو کچھ نہ گیا اسیکا آخرت مین دوالا نکل جاتا ہے
بلکہ جسطرح احادیث شریفہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ عورت شبکو ہم بستر شوہر
رہے علحدہ نہ سووے اسیطرح خاص قرآن شریف سے بھی یہی بات معلوم ہوتی ہے
واہجروہن فی المضاجع مگر اکثر عورتین اسپر عمل نہین کرتین اسپر عمل کرنا اگر مشکل ہے
تو دو چار ساعت کو آپڑنا تو کچھ مشکل نہین لیکن اسمین بھی کوتاہی کرتی ہین شوہر بیچارا
ہمیشہ منتظر شب ہجر رہتا ہے ان اللہ تیسرا حق یہ ہے کہ عورت ہمیشہ آپکو پاک
صاف ستھرا آراستہ پیراستہ رکھے ہاتھ رنگین رہین سرمہ لگاوے خوشبو ملے
طہارت کرے استرے سے میلی کچیلی کھرپے ستھری نہ رہے اکثر عورتین اہتمام ان امور کا
نہین رکھتین کہو شوہر ناخوش کیون نہو یہ بات بھی حدیث مین آئی ہے کہ جو زینت ولباس شوہر کو

سورہ نساء رکوع ۵ پارہ ۵

ناپسند ہو عورت اوس سے بچے آجکل بی بیان ایسا باریک کپڑا پہنتی ہین جسسے سر سینہ
وشکم ہر دیکھنے والے کو نظر آتا ہے انکے حق مین حدیث مسلم مین بروایت ابو ہریرہ یون آیا
ہے کاسیات عاریات یعنی کپڑے پہنتی ہین مگر درحقیقت ننگی ہین ممیلات مائلات یعنی
مردون کو اپنی طرف بھکاتی ہین آپ مردون کیطرف جھکتی ہین انکو جنت کی ہوا بھی لگے گی
سلف صالح ایسی عورتون کو زانیات بکار سمجھتے تھے اسلئے کہ اظہار زینت کا کسی پر
سوا شوہر کے درست نہین ہے یہان انکے نزدیک جیسا شوہر ہے ویسے ہی سارے
اجنبی لوگ ہین کوئی دیکھو نظر کرو کچھ پروا نہین شوہر خوش ہو یا ناخوش بلکہ اکثر یہ
رہتی ہین حالانکہ یہ ہے ناخن پا تک انکو سارے بدن چھپانیکا حکم ہے یہ حکم واجب ہے
کچھ مستحب بھی نہین کہ چاہے کیا یا نہ کیا تحفۃ الاخیار ترجمہ مشارق الانوار مین بزیر
حدیث مذکور لکھا ہے یعنی اونکا ایسا لباس ہے جس سے بدن نظر آتا ہے جیسے مہین دوپٹے
جالی کی کرتیان اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ ایسا لباس پہننا حرام ہے اسواسطے
کہ لباس سے غرض یہ ہے کہ بدن چھپے پھر جب بدن ہی کھلا رہا تو لباس سے کیا فائدہ
انتہی غرضکہ جو کپڑا ایسا ہے جس سے عورت کا بدن نظر آتا ہے کوئی سا کپڑا کیون نہو
اوسکا پہننا حرام ہے ایسی عورتین جنت مین نجاوین گی حاصل یہ کہ مسلمانی اب کتاب مین
یا زبان پر باقی رہگئی ہے مسلمان گھر مین جا سوئے نہ مردونکو کچھ واسطہ اسلام سے
باقی رہا ہے نہ عورتون کو کچھ پروا دین کی جسوا نون کیطرح برتاؤ رہتا ہے خدا خیر کرے
چوتھا حق یہ ہے کہ بے اجازت شوہر کے اوسکا مال کسیکو نہ دے نہ آپ لیوے مگر بقدر
اپنی گذر اوقات یا اپنی اولاد کے ہان کھانے پینے کی چیز دیدینا بے پوچھے بھی درست
ہے اسکی رخصت و اجازت حدیث مین بھی آئی ہے پانچوان حق یہ ہے کہ کوئی
عبادت نفل نماز ہو یا روزہ یا حج بے اذن شوہر کے بجا نہ لاوے شاید اس عبادت
سے شوہر کو تکلیف ہو ملنے سے باز رہے ایذا پاوے چھٹا حق یہ ہے کہ بے اوسکے پوچھے

گھر سے باہر نجاوے اس مقدمہ مین سخت وعید آئی ہے خدا کا غصہ عورت پر ہوتا ہی پوچھنے
کے یہہ معنی ہین کہ جس جگہہ شوہر کی مرضی ہو وہان اجازت لیکر جاوے جہان نہو وہان
نہ جاوے یہہ مطلب نہین کہ جہان اپنا جی چاہے وہان جاوے مگر پوچھہ لے یا خبر کردے
پھر اگر شوہر نے منع کیا تو نہ مانے یا نا خوشی سے اجازت دی ہے تو اوسکو اذن سمجھہ لیا
ہے باپ سے زیادہ کون ہوتا ہے مگر بمقابلہ شوہر اوسکی اطاعت بھی کم ہے ایک روایت
مین آیا ہے کہ ایک شوہر وقت سفر اپنے بی بی سے کہہ گیا تھا کہ اوپر کے مکان سے نیچے
نہ اوترنا نیچے کے مکان مین باپ بیمار ہوکر مر گیا مگر وہ نہ اوتری رسول خدا صللم نے
فرمایا اِنَّ اللّٰہَ قَدْ غَفَرَ لِاَبِیْھَا لِطَاعَتِھَا زَوْجَھَا یعنی اللہ نے اُس عورت کے باپ کو
بخشدیا اتنی بات پر کہ اوسنے اپنے شوہر کی اطاعت کی اوسکا حکم اوٹھایا اس حدیث کی
سند معلوم کرنا چاہیے اُس حدیث سے تین امر دریافت ہوئے ایک یہہ کہ بے مرضی شوہر
کے ہرکسی سے ملنے کو نہ نکلے گو ماں باپ ہی کیون نہون اسلئے کہ بعد نکاح کے حق شوہر
کا سبکی اطاعت پر اپنے جی کی خوشی پر مقدم ہے دوسرے یہہ کہ جبکہ باپ عورت کا بسبب
اطاعت شوہر کے بخشا گیا تو یہہ خود ضرور ہی بخشی جاویگی اسلئے اوسکی مغفرت کا کچھہ ذکر
اسجگہہ نہ فرمایا کہ یہہ بات خود ظاہر ہے تیسرے یہہ کہ اولاد کے عمل صالح سے والدین کو
نفع پہونچتا ہے اولاد کے عمل گویا خود مان باپ کے عمل ہین اس لئے کہ اولاد والدین کی
کمائی ہوتی ہے لیکن اکثر عورتین قدر اس نعمت کی نہین پہچانتین شوہر خوش ہو یا ناخوش
انکو باہر جانا ہر گھر مین ہر قرابت مین پہنچنا ضرور ہے گو کیسا ہی حرج شوہر کا کیون نہو یا
شوہر بے حرج ہی اوس جگہہ جانے کو پسند نکرے سا تو ان حق یہہ ہے کہ بدون محرم کے
سفر نکرے ترمذی کی روایت مین ایک دن رات کے سفر سے بھی منع کیا ہے ہان عورت
ہمراہ شوہر یا پدر یا برادر حقیقی یا پسر کے سفر کرسکتی ہے آجکل بیان منزلون چلی
جاتی ہین محرم ہمراہ ہو یا نہو نہو تو اور بھی بہتر ہے کہ اسمین انکو زیادہ تجربہ حاصل

ہوتا ہے سترکرم کا امتحان اچھی طرح ہو جاتا ہے کہٹا میٹھا نیا پرانا مزا چکھہ آتی ہین
خصوصًا ریل کی بہار اسٹیشنون پر نظر بازی اغیار کچھہ اور ہی لذت بخشتی ہے اور
سفر نہ سہی تو نہ سہی مکے کے سفر کو تو ضرور ہی چلی جاوینگی بھلا اسمین اب شوہر کیا
دم مار سکتا ہی یہہ سفر تو فرض ادا کرنے کے لئے اختیار کیا ہے وہان مجمع مردون کا
زیادہ رہتا ہے رات دن فارغ خطی ہو سکتی ہے جس شخص سے یہان ملنا مشکل تھا
وہان بآسانی آسکتا ہے اگر اوسکے پاس خرچ نہین ہے تو یہہ اپنے پاس سے دیسکتی
ہین بلکہ طلاق بائن کے بعد بھی وہان نکاح ہو سکتا ہے آنکھون حق یہہ ہے کہ شوہر
سے نفقہ زیادہ از حاجت طلب نکرے جو عورت تھوڑے خرچ پر راضی رہتی ہے وہ
بہت اچھی ہے اکثر عورتین فرمایشون کے مارے بچارے شوہر کا دم ناک مین کر دیتی
ہین بلکہ یہہ جانتی ہین کہ ساری کمائی ہمارے ہی ہاتھ مین دیا کرے ہم سے خود بھیک
مانگ کر لیا کرے یہہ بالکل خلاف شرع و عقل ہے قرآن مین فرمایا ہے وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَاءَ
اَمْوَالَكُمُ تم ان بیوقوفون کو اپنا مال ندیا کرو مراد عورتین بچے ہین انکو مال دینا وبال کا
مول لینا ہے حدیث مین آیا ہے نشانی عورت کے مبارک ہونے کی یہہ ہے کہ نکاح
جلد ہو جاوے یعنی وعدہ و اقرار مین زیادہ مدت نگزرے مہر تھوڑا ہو نکاح کے بعد
اولاد جلد پیدا ہو سو اسطرح کا نکاح اسطرح کی عورت کا اس زمانہ مین ملنا محال
ہے کیمیا کا نسخہ اگر ہاتھ لگ جاوے تو آسان ہے مگر مبارک عورت کا ملنا عنقا ہے
عورت کی بڑی خوشی تو یہہ ہوتی ہے کہ مہر بہت ہو کروڑون کا اگر نہو تو بھلا لاکھون
سے کیا کم ہو بڑی خوشامد درآمد کے بعد منگنی ٹھیرتی ہے تو ان حق یہہ ہے کہ عورت
پردہ کرے کسی نامحرم کی نظر اوسپر پڑنے نہ پاوے نہ یہہ آپکو دکھاوے نہ دوسرے
کو دیکھے جو عورت آپکو غیر کی نظر سے بچاتی ہے اللہ تعالیٰ اوسکو آگ دوزخ سے
بچاتا ہے نظر سے بچنے کا حکم خاص قرآن شریف مین آیا ہے وہ پردہ جو ازواج رسول خدا

لہ سورہ نساء رکوع ۱۴ پارہ ۴

پر واجب تھا اور رہتا کہ اونکو کوئی لباس پردہ دار مین بھی نہین دیکھ سکتا تھا سو
ویسا پردہ امت کی عورتون کے لئے مستحب ہے یہ پردہ کہ کسی کی نظر انپر نہ پڑے نہ یہ
کہ سیکہ آنکھ بھر کے دیکھین انپر بھی فرض ہے بے ضرورت شرعی وعرفی گلی کوچون مین پھرین
اگر ناچاری سے خرید فروخت کے لئے باہر نکلنا ہو تو پردہ شرعی مین نکلین پردہ شرعی
واسطے عورت کے یہی ہے جو آجکل حرمین شریفین مین رائج ہے انکی پوشش ایسی ہوتی
ہے کہ سر سے پاؤن تک کچھ نظر نہین آتا اس لباس مین بضرورت باہر نکلنا جائز ہے
مگر نامحرم کیطرف دیکھنا حرام ہے جسکو کچھ ضرورت نہین ہے وہ گھر سے کیون باہر نکلے
جو عورت گھر مین رہتی ہے مگر نامحرمون کے سامنے آتی ہے خدم حشم سے نہین چھپتی وہ درحقیقت
بے پردہ ہے بعض عورتین نہاتے وقت ننگے بدن ہوکر دوسری عورتون کے
سامنے ہو جاتی ہین یا دو دو چار چار ملکر برہنہ حمام مین غسل کرتی ہین ایک کی نظر
دوسرے کے ستر پر پڑتی ہے یہ دونون ملعون ہو جاتی ہین حدیث مین اوپر گذر چکا ہے
لَعَنَ اللّٰہُ النَّاظِرَ وَالْمَنْظُوْرَ اِلَیْہِ وسوان حق یہ ہے کہ اپنی چال ڈہال وضع ولباس
مین حیا وشرم نگاہ رکھے بے باکانہ نہ چلے آواز دار زیور نہ پہنے ہر طرف جھانکتی تاکتی
نرہے نگاہ نیچی رکھے آواز پست کرے چوٹی مثل کوہان شتر کے اونچی موٹی نہ باندہے
باریک لباس جس سے بدن نظر آوے نہ پہنے حدیث مین ایسے لباس پر وعدہ
جہنم کا آیا ہے جو عورتین اسطرح کے دوپٹے اوڑہتی ہین کہ سر تو کھلا ہے کپڑا پشت پر کندہے
پڑا ہے سینہ وشکم جسکا چھپانا فرض ہے کھولنا دکھانا حرام ہے وہ سب سے زیادہ نظر آتا
ہے سو انکا حکم اونھین عورتون کا حکم ہے جنکو کاسِیَاتٌ عَارِیَاتٌ مُمِیْلَاتٌ مَائِلَاتٌ فرمایا ہے
جنت سے محروم ٹھہرایا ہے یہ نہ جنت مین جاوینگی نہ جنت کی
خوشبو پاوینگی عورت کو بدنگا گودنا دانتونکا تیز کرنا بالون کا جوڑنا
حرام ہے حدیث مین ان امور پر بھی لعنت آئی ہے شریعت مین

(۱) انتہ لعنت کیا اوس آدمی کو جو دیکھتا ہے اور اوس عورت کو جسکی طرف دیکھا جاتا ہے

(۲) (یعنی کپڑے پہنے ہوئے ہین مگر ستر کھلا ہے یا ایسے باریک کپڑے پہنے ہین جن سے بدن جھلکتا ہے یا اپنی طرف لوگون کو مائل کرتی ہین اور خود بھی بھٹکتی ہین

یہ قاعدہ مقرر ہے کہ جس کام پر نزول لعنت کا ذکر فرمایا ہے یا جہنم کا وعدہ کیا ہے
یا محرومی جنت سے خبر دی ہے وہ کام سبب اسکے ہلاک و عدم نجات کا ہوتا ہے اللھم
احفظنا گیارہوان حق یہ ہے کہ جو مال شوہر کا اسکے پاس امانت ہے اوسکو ضایع
نہ کرے شوہر سے چھپکر زنا نہ کرے بلکہ اوسکی خوشی سے خوش ہو اوسکے رنج سے رنج
کرے مگر اب عوض اس حق کے یہ ہوتا ہے کہ شوہر کا رنجیدہ صورت دیکھنا پسند آتا
ہے اوسکے رنج مین شریک ہونے کا کیا ذکر ہے اوسکا خوش رہنا برا لگتا ہے جہانتک
ہوسکتا ہے اوسکو رنج دینا چھیڑنا اچھا معلوم ہوتا ہے ابتو ذرا سی بیماری کے حیلے
اپنی بیماری ہو یا اپنے عزیز کی مدت تک شوہر سے نہ ملین گو وہ بیماری اندیشہ ناک بھی نہو
مگر شوہر کے گھر اگر کوئی مر بھی جاوے تو وہ تین دن تعزیت کے بھی پورا نہ کرے بی بی سے
ملے جلے ورنہ دعوی محبت مین جھوٹا ہے یہ اپنے دعوی مین سچی ہین بعضی بیبیان
شوہر سے چھپکر زنا تو نہین کرتین مگر زنا سے بدتر باتین اپنے ہمجنسون مین بیٹھکر کرتی ہین
کیا آنکھ کان زبان ہاتھ پاؤن کا زنا گناہ نہین ہوتا ہے بارہوان حق یہ ہے کہ شوہر
کے راز مخفی کو کسی سے نہ کہے قرآن شریف مین رسول خدا صلعم کی ایک بی بی کا قصہ آیا
ہے کہ اونھون نے افشار راز کردیا اوسپر وحی اوتری تیرہوان حق یہ ہے کہ شوہر
کے دوستون کی عزت کرے اوسکی اولاد پر شفقت رکھے چودہوان حق یہ ہے
کہ اگر شوہر محتاج فقیر ہو تو اوسکو ذلیل حقیر نہ سمجھے اسلیے کہ بزرگی کچھ اسی دنیا کے
مال و جاہ پر مقرر نہین ہے بلکہ اللہ کی محبت و تقوی پر موقوف ہے اکثر تو یہی ہوتا
ہے کہ خدا دنیا اوسیکو زیادہ دیتا ہے جسکو دشمن رکھتا ہے اپنے دوستون
کو یہان کے مال و منال سے بچاتا ہے یا کم دیتا ہے یا دیتا ہے تو توفیق خیر بخشتا ہے
بڑا بزرگ نزدیک خدا کے وہ ہے جو بڑا متقی پرہیزگار دیندار ہے مال ہو اور دین
نہو اتو کچھ بھی نہو اور دین ہو اور مال نہو اتو سب کچھ ہو اعلاوہ اسکے جو حقوق شوہر کے ذمہ

عورت کے فرض ہین وہ کچھہ شوہر کی امیری فقیری پر موقوف نہین ہے بلکہ جو حق امیر شوہر کا ہے وہی بعینہ فقیر شوہر کا ہے اسیطرح جو حقوق عورتون کے ذمہ مرد پر ہین وہ بھی کچھہ امیر فقیر بی بی پر موقوف نہین ہین عورت امیر ہو یا فقیر حق دونون کا شوہر پر برابر ہے یہہ بات غلط مشہور ہے کہ اسودہ عورت کا حق نادار عورت سے زیادہ ہے اسیطرح اگر عورت باجمال ہے میان بدصورت ہین تو عورت کو شوہر پر غرہ اپنی خوبصورتی کا نہین چاہیے اسلئے کہ حسن سے کسیکا حق زیادہ نہین ہوتا نہ بدشکلی سے کوئی حق شرعی باطل ہوجاتا ہے مگر اب وہ وقت آیا ہے کہ عورت مرد متقی کو کسیطرح پسند نہین کرتی خاوند اگر فرضاً پیغمبر ہو یا رسول یا عالم باللہ یا ولی اللہ تو بھی وہ سب سے زیادہ حقیر نظر آتا ہے اوسپر اگر کہین مفلس بھی ہوا یا بی بی کا محتاج دست نگر یا ملازم یا جاگیردار ہے تو پھر کسی کام کا نہین ٹھیرتا اگر چند روز اوسکے ساتھہ جوش محبت مین بسر ہوگئی تو پھر آخر کو اوسکے چھوڑنے کی فکر دامنگیر ہوتی ہے یا مرنے کا انتظار رہتا ہے کہ کب یہ نابکار مرے ہم کھل کھیلین بہلا پڑے ہے لیکے شوہر کو کوئی لیکر کیا کرے شوہر تو ایسا چاہیے جو راتدن عشقبازی کیا کرے بی بی کی سب مراسم و موسم مین شریک رہے غلامون کیطرح کسی بات مین کچھہ بھی دم نہ مارے جو حکم جسوقت ہو بجالاوے نگاہ دیکھتا رہے خلاف مرضی کوئی کام نکرے روٹی کپڑے پر پڑا رہے جو کہانا عورت کو پسند ہو وہی اسکو پسند ہو جو پہنا اوسکو پسند ہو وہی اسکو پسند آوے جب تو خیر ہے ورنہ ہر وقت اوسکی کھانے پینے کی بھی ہجو ہوتی ہے اپنے سب کام اچھا اوسکے سب کام برے لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پندرہوان حق یہہ ہے کہ شوہر بیمار ہو تو اوسکی خدمت کرے اوسکی دوا دارو سے جان نہ چرائے اوسکے مرض سے نفرت نکرے پھوڑی کی پیپ لہو چاٹنے کی حدیث پہلے اس کتاب مین گزر چکی ہے اسیطرح مرد کو بھی چاہئے کہ بی بی کی بیماری مین معالجہ کرائے دوا دارو منگوا دے حکیم بلوا دے سولہوان حق یہہ ہے کہ ہر عورت

ع

عادت نیکی ہر عبادت مین شوہر کو مدد دے جیسے نماز کے لئے اوٹھا دینا وضو
کا پانی لاکر رکھدینا غسل کروا دینا پاؤن داب دینا مصلے بچھا دینا اوسکی قسم کو
سچا کر دینا جسکے آنے کو وہ منع کرے اوسکو نہ آنے دینا جسکے رہنے سے گھر مین وہ
ناخوش ہو اوسکو نہ رہنے دینا سوا گناہ کے ہر کام مین اوسکی اطاعت واجب شرعی رسول
صلعم کی بی بیان سب کام حضرت سے پوچھکر کرتی تھین ستر و ان حق یہہ ہے کہ شوہر
کے پیچھے عفت عصمت پاکدامنی سے رہے کسیکے سامنے اوسکی غیبت نکرے کسی سے
اوسکی برائی نہ سنے ناشکری سے پیش نہ آوے حدیث مین آیا ہے بڑا سبب اکثر
عورتون کے دوزخ مین جانے کا یہی ہے کہ یہہ اپنے شوہرون کی ناشکر ہوتی ہین
لعن وطعن کیا کرتی ہین یُکْثِرْنَ اللَّعْنَ وَیَکْفُرْنَ الْعَشِیْرَ حدیث مین آیا ہے کہ رسول
خدا صلعم نے فرمایا ہے بدکار لوگ دوزخی ہین پوچھا بدکار کون ہین فرمایا
عورتین ہین کہا یہہ تو ہماری مائین بیٹین بہنین ہین فرمایا ہان ہین لیکن انکو
عطا مین شکر بلا مین صبر نہین ہے انتہی اوٹھا رہوا حق یہہ ہے کہ شوہر پر بہت ہی
غیرت نکرے اوسکو اپنی زبان و برخلافی سے ایذا و رنج نہ پہچاوے دوسری عورت
کے ہونے پر آزاد ہو یا کنیز نستاوے بگاڑ نکرے ورنہ گویا حکم شرعی سے بیزار ہے
دعوی مسلمانی و دینداری مین جہوٹی ہے معمولی غیرت سوت پر جو ہوتی ہے وہ
اور بات ہے حد اختیار سے باہر ہے یہہ اور بات ہے کہ سوت کے پیچھے راتدن شوہر
کو عذاب مین رکھے جو عورت باوجود کراہت باطنی کے اظہار رنجش کا سوت پر ادب
شرع کے سبب سے نہین کرتی ہے اوسکو ثواب برابر ایک شہید کے ملتا ہے بعضی بی بیان
خود تو سوت سے جلتی ہین شوہر کو تلے کہاتی ہین مگر دوسرونکو دو دو تین تین بلکہ
چار چار سوتین کرا دیتی ہین اونکو اپنے اوپر قیاس نہین کرتین گو وہ مرد اوس سے
بھاگتے ہون کہو اسکا وبال کسپر پڑے گا جو گناہ ان سوتون کے سبب واقع

لہ
لعنت بہتسی کرتی ہین اور
شوہر کی ناشکر ہوتی
ہین ۱۲

ہوگا وہ گویا خود اسی عورت نے کیا ہے یہی اوسکی باعث ہوئی ہے شوہر سے اگر برابری
نہوئی تو یہ معصیت بھی اُسیکے نامۂ اعمال مین لکھی جاویگی خدا مبارک کرے انیسوان
حق یہ ہے کہ شوہر کو دعا خیر و برکت سے یاد کرے حیات و موت مین پھر مرنے کے
بعد اوسکی وصیت پوری کرے اگر ہو سکے ہان اگر وہ وصیت خلاف شرع ہو تو
بجا نہ لاے ہمیشہ اپنے لئے اوسکے لئے دعا مغفرت کرے بھلائی آخرت کی
مانگے مگر اس زمانے مین بجاے اس دعا کے جیتے مرتے کو سننے پڑتے ہین لعنت
بھیجی جاتی ہے مانا کہ وہ یا اور کوئی ظالم تھا تو وہ کمبخت مر گیا اب اوسکا پیچھا کیون لیا جاتا
ہے حدیث شریف مین مُردونکی بدگوئی سے منع فرمایا ہے اس کام کو حرام و فسق
ٹھیرایا ہے کیونکہ جو کچھہ اچھا برا اونھون نے کیا تھا اوسکی سزا جزا کو وہ پہونچ گئے
اب ہم اونکو کیون برا کہین کسلئے اونکی غیبت جو زنا سے بھی بدتر ہے کرین اگر مرنے کے بعد
کوسنا کاٹنا بُرا کہنا لعنت بھیجنا طعن کرنا اچھا کام ہے تو پھر بچارے رافضیون نے
کیا قصور کیا ہے کہ وہ بدولت اس لعنت کے ملعون ٹھہرے ہین وہ بچارے تو اپنے
خیال باطل مین دین کے عوض برا کہتے ہین بی بیان تو زندہ مُردہ شوہرونکو دنیا کے
پیچھے تلے کھاتی ہین کہو اس لعنت کا انجام اگر جہنم نہوگا تو پھر کیا ہوگا دین مین صبر سے
بڑھکر کوئی عمل نہین ہے اسلئے کہ ہر عمل کا ایک اجر مقرر ہے صبر کا اجر بے حساب ٹھیرا ہے
سو اکثر عورتین بے صبر ہوتی ہین ناشکری کرتی ہین ناشکری ایک طرح کا کفر ہے خدا نے
اُنکو صبر و شکر سے گویا بالکل محروم کر رکھا ہے کہو پھر جنت مین جانے کی کیا راہ ہے بیسوان
حق یہ ہے کہ شوہر کی اولاد کو بددعا نہ دے نہ خوشی مین نہ ناخوشی مین کیونکہ ماں باپ
کی دعا حق مین اولاد کے بہت بڑا اثر رکھتی ہے خدا جانے کسوقت مُنہہ سے کیا نکلتا
ہے جب بددعا لگ گئی تو اب کچھہ علاج نہین ہو سکتا حدیث مین والدین کو
دعاے بد کرنے سے منع فرمایا ہے جسنے اولاد کو بددعا دی وہ لگ گئی یا نہ لگی سکو

جو اجر اوسکی ایذا پر صبر کرنیکا ملتا وہ ضایع ہوگیا بد دعا تو اسی سبب سے دیجاتی ہے
کہ اولاد نالایق سرکش نافرمان ہے یا بداطوار اگر یہ بات اوسمین نہوتی تو بد دعا نہ دیجاتی
سو اوسکا علاج یون بھی ہوسکتا ہے کہ اوسکے لیے دعاے خیر کیجاوے شاید اس دعا کا اثر ہو
وہ نیکبخت بنجاوے ماں باپ کا جی خوش ہو اچھے بچے مسلمان اپنے دشمن کو بھی بد دعا نہین دیتے
تھے اسلیے کہ کہین دنیا ہی مین عوض دشمنی کا نہو جاوے آخرت مین ہمکو اس ایذا اوٹھانیکا
کچھ اجر نہ ملے اکیسوان حق یہ ہے کہ آپ سے طلاق نہ مانگے خلع نہ چاہے اس مقدمہ مین
وعید سخت آئی ہے ایسی عورت پر جنت حرام فرمائی ہے ہان جو وہ خود چھوڑ دے تو
معذور ہے اسپر کچھ گناہ نہین زبردستی سے جو طلاق لیجاتی ہے وہ طلاق واقع نہین
ہوتی پھر جسنے صحیح طلاق لی ہے وہ بعد طلاق کے دوسرا نکاح کرسکتی ہے اس سنت کے
بجالانے مین بشرطیکہ حکم شرع سمجھکر بجالائے ایک شہید کا ثواب ملتا ہے قیامت مین
دو چار شوہر والی عورت اوسکو ملیگی جو اوسکا پچھلا شوہر ہے یا جسکو وہ پسند کرے
وہ اوسیکو پسند کریگی جو زیادہ نیک خو ہوگا عورت جب اطاعت شوہر کی کرتی ہے اوسکی
خصلت نیک کو سامنے اورون کے بیان فرماتی ہے اوسکے عیب کو چھپاتی ہے تو اوسکو
شہید کی برابر ثواب ملتا ہے بائیسوان حق یہ ہے کہ بعد موت شوہر کے چار مہینے دس دن
عدت مین بیٹھے حدیث مین آیا ہے کسی مردے پر تین دن سے زیادہ سوگ کرنا درست
نہین ہے مگر شوہر کے لیے چار مہینے دس دن سوگ کرنا واجب ہے عدت والی عورت رنگین
کپڑے نہ پہنے سرمہ مہندی نہ لگاوے زینت نہ کرے دوسرے کی موت مین ماں باپ
ہون یا اولاد و اقارب تین دن سے زیادہ سوگ کرنا منع ہے اس سے معلوم ہوا کہ شوہر کا رتبہ
حق مین عورت کے سب سے بڑھکر ہے حتی کہ ماں باپ سے بھی تیئیسوان حق یہ ہے کہ حرمت
شوہر کو نزدیک خدا کے نگاہ رکھے یہ نگاہ رکھنا اسطرح پر ہوتا ہے کہ کوئی رسم کفر و شرک کی کھلی چھپی
نکرے بعض جاہلون کی بیان ظاہر مین تو ڈرسے شوہر کے کوئی بات بد دینی کی نہین کرتی ہین مگر چھپ کر

سب کچھہ کر لیتی ہین انکا نکاح قایم نہین رہتا اولاد حرام کی ہوجاتی ہی یہہ بات دہان ہوتی
ہی جنکا شوہر دیندار متقی پرہیزگار ہے ورنہ جنکے شوہر جاہل ہین وہ خود بی بیون سے زیادہ
اولاد کی زندگی کے لئے اپنی کھیل تماشے کے لئے ہر کفر کرنے کو طیار رہین گو سوا بر باوی ایمان
کے کوئی بہی فائدہ اس واہیات سے حاصل نہو علاوہ اسکے اس شرک و کفر کرنے مین کچھہ
نری بے حرمتی شوہر ہی کی نہین ہوتی ہی سب سے زیادہ حق اللہ کا ضائع ہوتا ہی
سارا نماز روزہ صدقہ خیرات برباد جاتا ہے نہ خدا کی رہی نہ خاوند کی جہنم کی ملکہ شاہی
بیگم بنگئی شرک و کفر کے مسائل نہایت باریک ہین اکثر مردونکو بہی معلوم نہین ہوتے ہین
عورتون کا کیا ذکر ہے اونسی تو ضرور ہی ایسے حرکات بے برکات ہوا کرتی ہین اس لئے سب سے
زیادہ دوزخ مین یہی گروہ ہوگا **فائدہ** بعض بی بیان جب کوئی حکم دین کا خلاف اپنی مرضی
کے سنتے ہین تو یہہ حکم اونکو نہایت ناگوار گزرتا ہی بعض کہتے ہین خدا نے کچھہ بہی حقیقت
عورت کی فہم مین نہین رکہی یہہ کلمہ کفر صریح ہے دین کا حکم مرد پر ہو یا عورت پر جو
کوئی اوسکو خوشی سے نہین مانتا کان رکہکر نہین سنتا اپنے قصور پر نادم نہین
ہوتا وہ اسلام سے خارج ہوجاتا ہی قرآن شریف مین فرمایا ہی کسی ایماندار مرد و عورت کا یہہ کام
نہین ہی کہ جب خدا و رسول کوئی حکم دین تو پہر اسکو کچھہ بہی اختیار باقی رہی پہر فرمایا جسنے
نافرمانی کی اللہ و رسول کی وہ سخت گمراہ ہوا اللہ نے ایک ایسے مرد و عورت بہی پیدا
کئے ہین جنکے نزدیک اونکا دین دنیا کی سلطنت سے زیادہ عزیز ہوتا ہی کسی گناہ کی لذت
اونکے جی مین کسیطرح نہین بستی کتنا ہی کوئی اونکو طرف گناہ کے کھینچے ہرگز دل اونکا راضی
نہین کرتا ایک وہ لوگ ہین جنکو ہزار آئتین حدیثین سناؤ ذرا بہی ڈرا اونکے دل مین نہین
آتا کان پر جون تک نہین رینگتی یا اگر ڈر آیا تو دم بہر تہیرا پہر جاتا رہا پہر وہی اوج موج
کہیل تماشے ہونے لگے دیکہو ان دونون مین کتنا فرق ہے **فائدہ** ایمان کی ایک بڑی
نشانی یہہ ہی کہ جب کوئی شخص کسی مرد عورت کو کوئی حکم خدا و رسول کا سناوے سمجہاوے

تو وہ دل مین قائل ہو جاوے جی مین پشیمانی لاوے نادم ہو کہ یہہ کام مجھسے بُرا ہوا انشاء
اللہ تعالیٰ آیندہ مین اس گناہ کے آس پاس نہ جاؤنگا یا اس نافرمانی سے بچونگا پھر توبہ
کرے جہانتک ہو سکے اوس گناہ سے بچے بعض لوگ مرد ہون یا عورت اپنی ڈھٹائی
سے قائل و تائب تو نہین ہوتے حکم سُنکر جی مین برا ماننے لگتے ہین شرع سے بیزاری
ظاہر کرتے ہین شارع پر طعن ہوتی ہے علماء کی ہجو کرتے ہین کہ انھون نے سارے مسئلے
اپنے مطلب کے نکال لئے ہین ہمارے لئے یہ حکم سخت بنائے ہین سو ایسی بات کے کہنے
والے ایسا خیال دلمین لانیوالے ایمان سے باہر ہو جاتے ہین کفر کے دائرہ مین
قدم رکھتے ہین نعوذ باللہ مِنْ غَضَبِ اللہ ہم کیا ہماری ہستی کیا جو ہم شرع پر ناک
مونہہ چڑہائین خدا و رسول کے حکم کو پسند نکرین اوسکو سُنکر بُرا مانین آج اگر بُرا مانتے ہین
تو کل اِس بُرائی کی حقیقت بھی ہمکو معلوم ہو جاویگی ذرا سا صبر تو کرو ✦

لہ
الہٰی کاکہ ساتھ الہٰی کی
غضب سے ہم پناہ مانگتے ہین
۱۲

فصل بیان مین بعض فوائد متفرقہ کے

ف میان بی بی مین جدائی کرانا بڑا گناہ ہے یہہ جُدائی کبھی ذریعہ جادو کی ہوتی
ہے سلیمان علیہ السلام کے وقت مین لوگ ہاروت ماروت سے ایسا ہی جادو سیکھتے تھے
جسکی وجہ سے میان بی بی مین تفرقہ پڑ جاوے اسکا ذکر قرآن شریف مین بطور انکار
آیا ہے کبھی یہ جدائی ذریعہ اظہار عشق کے ہوتی ہے کہ فلان آدمی تجھپر عاشق ہے یہ
دھوکہ کہاکر شوہر سے علحدگی چاہتی ہے عشق کو اہل علم نے داخل شرک کیا ہے عشق کا
قصہ قرآن شریف مین عورت کافر سے نقل کیا گیا ہے عشق فسق و فجور کی بنیاد ہے جہنم
مین جانے کے لئے ایک عمدہ وسیلہ ہے عاشقون معشوقون کو مبارک ہو ✦

پدرم جنت جاوید بگندم بفروخت ✤	ناخلف باشم اگر من بجوے نفروشم

ف عورت مشرکہ کیسی ہی خوبصورت کیون نہو اوس سے نکاح کرنا حرام ہے یہ مسئلہ

خاص قرآن شریف مین آیا ہے اسیطرح مشرک مرد سے نکاح مسلمان عورت کا درست
نہین ہے اس زمانے مین ایک بلا یہ بھی ہے کہ مسلمان عورتین ہندؤن سے مبتلا ہوجاتی
ہین جاہل مسلمان ہندنی سے پھنس جاتے ہین یہ ابتلا کبھی بطور آشنائی عشقبازی
کے ہوتی ہے کبھی اسطرح کہ مرد عورت کو اپنے گھر مین ڈال لیتا ہے یا عورت مرد کو اپنی
طرف کھینچ لیتی ہے ف مرد کا رتبہ عورت سے زیادہ ہے خواہ دونون برابر ہون یا ایک
اسودہ دوسرا مفلس ہو عورت کے امیر اسودہ ہونے سے مرد حقیر نہین ہوسکتا ہے
یہ فوقیت مرد کی اسلئے ہے کہ مرد جہاد کرتا ہے عقل رکھتا ہے عورت سے زیادہ قوی ہے
کماتا ہے میراث زیادہ پاتا ہے شہادت مین دیت مین صلاحیت امامت مین قاضی ہونے
مین عورت سے زیادہ ہے کئی نکاح کرسکتا ہے کنیز رکھ سکتا ہے اور کچھ نہو تو
اتنی ہی فضیلت کافی ہے کہ مرد اول ہے عورت اوس سے پیدا ہوئی ہے جسطرح حوا
آدم علیہ السلام کے پہلو سے نکلین ہین طلاق دینے کا اختیار مرد کو ہے نہ عورت کو
پھر اگر کسی عورت نے زبردستی طلاق لیکر دوسرا نکاح کیا تو یہ زنا ہوگا اور جو زنا کیا
تو پھر کیا پوچھنا پانچون انگلی گھی مین ہین ف عورتون سے فاحشہ کام نسبت مرد کے
زیادہ ہوتا ہے اگر یہ زنا نکرین تو کوئی مرد انسے زبردستی فاحشہ نہین کرسکتا ہے
جب یہی آمادہ زنا ہوتی ہین تو مرد پھنس جاتے ہین جسکی بی بی زنا کرے وہ اوسکو گھر
مین مرنے تک بند کرسکے یا حد زنا جاری کرے اب یہی حکم ہے کہ کواری کو کوڑے مارے
بیاہی کو رجم کرے ف باپ کی منکوحات سے نکاح کرنا حرام ہے نکاح کرنیوالا واجب القتل
ہے قرآن شریف مین باپ کی منکوحات سے نکاح کرنیکو منع فرمایا ہے مرد پر چودہ عورتین حرام
ہین یہ بھی قرآن ہی مین آیا ہے سوتیلی ماں سگی ماں بہن بیٹی پھوپی خالہ بھتیجی بھانجی ماں
بہن رضاعی ساس ربیبہ بہو سگے بیٹے کی [illegible] دو بہنین اکٹھی اسیطرح جورو کی
پھوپی خالہ کا جمع کرنا بھی حرام ہے قرآن شریف مین چھپی آشنائی کا بھی ذکر آیا ہے فرمایا ہے

الا ما قد سلف

وَلَا مُتَّخِذَاتِ اَخْدَانٍ یعنی آزاد عورتون سے نکاح نکرو جو چھپے یار کرتی ہین یہ مرض نسبت غربا کے امرا مین بہت ہوتا ہے قولہ مرد عورتون پہ حاکم ہین عورت محکوم ہے محکوم پر اطاعت حاکم کی فرض ہوتی ہے سوا کفر و شرک کے اسیطرح اطاعت شوہر کی بحکم قرآن و حدیث فرض ہے مشرک لوگ فرشتونکو خدا کے بیٹے ٹھہراتے تھے یہ شرک عورتون ہی کے نام سے ہوا تھا اصل شرک کرنے مین بنص قرآن عورت ہی کی ذات ہے اسلیئے سب سے زیادہ جہنم مین یہی ہونگی اللہ تعالی نے اپنے لیئے کوئی عورت نہین کی وہ بے جورو بے اولاد ہے خدائی مین اگر کبھی کسی عورت کا دخل ہوتا تو سارا معاملہ بگڑ جاتا اور ہر ایک آسمانی عشق دلال ہو جاتا نکاح کرنا شوہر کی اطاعت کرنا اوسکا راضی رکھنا اسلام مین سب سے پہلے نوع انسان مین جسنے شرک کیا یہی عورت تھی حوا کی اولاد زندہ نہین رہتی تھی شیطان نے آکر کہا کہ اب جو بچہ پیدا ہو تو اوسکا نام عبد الحارث رکھنا وہ جیئے گا اونھون نے ایسا ہی کیا حارث نام تھا شیطان کا اسنے یہ شرک ہوا ف منافق عورتون کے لیئے ہمیشہ کیواسطے جہنم ہے یہ بھی ایک نفاق ہے کہ دلمین شوہر سے کوئی عورت ناخوش ہو ظاہر مین ملی رہے لوط علیہ السلام کی بی بی اسلیئے کافر ہوئی کہ رہتی تو لوط علیہ السلام کے گھر مین خیر خواہی کرتی کفار کی آخر عذاب آیا ہلاک ہوگئی میان کے پیغمبر ہونے نے کچھ نفع نہ بخشا اسیطرح جورو نوح علیہ السلام کی کافر تھی معلوم ہوا بد عورتون کا خاوند پیغمبر کیون نہ ہو جورو کو کچھ زور اسکی نہین ہوتی پھر بچارے کسی عالم متقی کی کیا اصل و حقیقت ہے جو کوئی اچھا سمجھ کے کسی عورت کے وعدون پہ یقین لاے اوسکی محبت پہ سچا سمجھے وہ بڑا احمق ہے اللہ تعالے نے یہ وصف وفا کا مرد ہی کو دیا ہے یہ اور بات ہے کہ کوئی عورت دوست کو دشمن بنالے ف زلیخا جب یوسف علیہ السلام پہ عاشق ہو بیٹھی تو اوسوقت حالت کفر مین تھین معلوم ہوا زنا کا طالب ہونا علامت کفر کی ہے اسی زنا کے لیئے زلیخا نے بہت کچھ حیلہ و مکر کیا مگر اللہ نے

ع سورہ نساء الجزو پارہ ۵

یوسف علیہ السلام کو بچا لیا آخر قید مین پڑے عورت کی محبت نے یہہ ایذا دی اگر کسی عورت کو محبت نہ ہو بلکہ شوہر کا بغض دل مین ہو تو پھر خدا حافظ ہے ۵

منحصر مرنے پہ ہو جسکی اُمید ❊	ناامیدی اوسکی دیکھا چاہیے ❊

اسلیئے قرآن شریف مین فرمایا ہے کہ عورتون کا مکر بڑا ہے جاہلیت والے بھی عورتون سے اسقدر گھبراتے تھے کہ جب لڑکی پیدا ہوتی تھی خبر سنکر انکا مونہہ سیاہ ہو جاتا تھا ناچار زندہ درگور کر دیتے مگر زندہ کو مارنا گاڑنا اسلام مین حرام ہے ف قرآن شریف مین زکریا علیہ السلام کی بی بی کی تعریف آئی ہے یہہ تعریف اس بات کی تھی کہ خدا نے انکو خوش اخلاق بنایا تھا بدزبانی طعنہ تشنیع کچھہ نہین کرتی تھین اللہ تعالیٰ نے انکو بوڑھاپے مین بچا دیا معلوم ہوا کہ نحوست بدخلقی بدزبانی کی بچا ہونے سے بھی روکتی ہے بعض عورتون کا یہ خیال ہے کہ خوش اخلاقی اسکا نام ہے کہ ہر مرد عورت سے بات چیت کرے کسی سے ملنے جلنے مین کسی کے گھر جانے مین عار و انکار نہو سب چھوٹے بڑے رشتہ دار دونکے سامنے بلکہ اجنبی لوگون کے سامنے اون بنکر بیٹھے اظہار تکبر نہ کرے حالانکہ خوش اخلاقی یہہ نہین ہے خوش اخلاقی اسلام مین اسکا نام ہے کہ کسی کی خاطر سے کوئی کام خلاف شرع نکرے لوگونکی ایذا کا تحمل کرے بدلا نہ لے شوہر کی اطاعت کرے اوسکو راضی رکھی اوسپر چلا کر نہ بولے اوس سے ناک مونہہ نہ چڑھاوے جب سب سے تو تواضع بجا ہوئی سارا غصہ شوہر پر نکلا تو یہہ کونسی خوش اخلاقی ہے اخلاق وہی ہے، جو دین مین پسند ہو چکا ہے حضرت عائشہ سے کسی نے پوچھا تھا کہ رسول خدا صلعم کا اخلاق کیا تھا کہا یہی قرآن تھا یعنی قرآن کے موافق سب کام کرتے تھے اب تو ساری کام اپنی جی کے موافق کئے جاتے ہین اسکا نام اخلاق ہے سبحان اللہ وبحمدہ ف زانی مرد زانیہ مشرکہ عورت سے بیاہ کرتا ہے زانیہ عورت زانی مشرک مرد سے نکاح کرتی ہے مسلمانون پر یہہ کام حرام ہے یعنی بعد نکاح کے جو مرد و عورت بدستور زنا کرتے رہتے ہین قرآن شریف مین یہہ بھی آیا ہے کہ

ناپاک عورتین ناپاک مردونکے لئے ہین پاک عورتین پاک مردونکے لئے مقادم ہوا
کہ پورا جوڑا یہی ہے کہ خبیثات خبیثین سے خوش رہتی ہین طیبات طیبین سے اسیطرح
حال اسکے عکس کا ہی جہان کہین میان بی بی دونون ایک صفت کے ہوتے ہین وہان
خوب گزرتی ہے جب ایک اچھا دوسرا بد ہوگا ہرگز نباہ نہین ہوسکتا خواہ عورت اچھی
ہو یا مرد یا بالعکس آجکل نباہ کے لئے موافقت مزاج درکار ہے نسب و شرع و شرافت
کا کچھ اعتبار نہین بڑی موافقت یون ہوتی ہے کہ دیوث نبار ہی یا بہڑوا بنجاوے یا
شہدی لقی عورتون کے آنے جانے سے منع نکرے جسطرح بی بی چاہین لوٹین پلٹین
دم نہ مارے بلکہ اگر طلاق لینا چاہے تو اونکی خوشی کے لئے فی الفور طلاق دیدی ہم
روٹھے تم چھوٹے انا للہ ف عورت کو حکم ہے کہ اپنی نگاہ نیچی رکھے نامحرم کو نہ دیکھے
اپنے ستر کو چھپائے رہے اپنی زینت یعنی زیور سینہ و شکم کو ظاہر نکرے سر کو چادر سے
پوشیدہ رکھے شوہر باپ سسر اپنے بیٹے یا شوہر کے بیٹے یا بہن یا بہن کی اولاد یا خاص
گھر کی عورتون کے سوا کسی پر اظہار اپنی زینت کا نکرے شرعی لونڈی غلام پر بھی ناف
سے زانو تک کوئی چیز نہ کھلے مگر نابالغ بچے جنکو عورتون کے حال کی کچھ بھی خبر نہین ہے
پاؤن زور سے رکھکر نہ چلین کہ چھپی زینت ظاہر ہو یا زیور کی آواز سنی جاوے
یہہ سارا مضمون قرآن شریف مین آیا ہے ف مرد کو کہا ہے کہ اپنے گھر مین اپنے باپ
ماں بھائی بہن پھوپھی ماموں خالہ کے گھر مین اونکے اذن سے درست ہے اسیطرح
اپنے خزانچی و دوست کے گھر سے خواہ یکجا ہوکر کھاوین یا الگ الگ قرآن شریف مین
فقط انہین چند گھرونکا ذکر کیا ہے سارے رشتہ دارون کے گھر کا ذکر نہین کیا اس سے معلوم
ہوتا ہے کہ صلہ رحم بھی انہین کے ساتھہ چاہیے ف قرآن شریف مین قصہ ایک عورت کا آیا ہے
جو اپنے ملک کی بادشاہ تھی اسکا نام بلقیس بنت شراحیل تھا مملکت کا نام سبا تھا خدا
نے اسکی عقلمندی و دینداری کی تعریف کی ہے اسنے اپنا نکاح سلیمان علیہ السلام سے

کرلیا تھا اسلئے کہ اونکو مسلمان دیندار پایا تھا نہ اسلئے کہ وہ بادشاہ تھے کیونکہ یہ خود
بھی تو مالدار حاکم تھی پھر اوسنے اونکی ویسی ہی اطاعت کی جیسے اطاعت شوہر کی عورت کو
چاہیئے ہے اس زمانے مین اگر کسی کی بی بی مالدار یا حکومت ہوتی ہے تو وہ خاوند کو
حقیر ذلیل سمجھکر مطلقاً خیال مین نہین لاتی رات دن شکنجے لعن وطعن ترشروئی بدخوئی
زبان درازی مین کھینچے رکھتی ہے ف حضرت شعیب علیہ السلام کی صاحبزادیان گھر کا
کام کاج کیا کرتی تھین جانور ونکو کنوئے پر لیجاکر پانی پلاتی تھین اس سے معلوم ہوا کہ
عورت کو گھر کا کام کاج کرنا چاہیئے رسول خدا صلعم کے وقت مین بھی ازواج مطہرات زوجات
صحابہ کھانا طیار کرتین دو دو وہ تین شوہر کے لیے فرش بستر درست کر رکھتین یہ بات
واسطے محبت شوہر کے تھی قرآن شریف مین فرمایا ہے وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً
یعنی نکاح کے سبب سے ایک کو دوسرے سے محبت و پیار ہوتا ہے حدیث مین بھی آیا ہے
کہ نکاح کی سی محبت کسی دو دوستون مین نہین ہوتی ہے مگر اب وہ زمانہ آیا ہے کہ نکاح
سبب دشمنی کا ہوجاتا ہے آشنا یار عاشق تیکا زیادہ پسند آتا ہے مگر یہ کچھ کلیہ نہین ہے
بعضی آسودہ عورتین ایسی بھی دیکھی ہین جو بالکل فرمانبردار شوہر کی ہوگئی ہین شوہر کی
ایسی اطاعت کرتی ہین جو اونکی نہین ہوتی ہے غرضکہ افراط تفریط دونون بری ہین توسط
ہر چیز مین محمود ہے اسیطرح بعضے مرد بی بی کی محبت مین غرقاب رہتے ہین یا اطاعت خلاف
شرع بھی اوٹھا لیتے ہین مگر بی بی اونسے خوش نہین رہتین بعض مرد جورو کو مارتے ہین
اوسکا مال اپنی جان پر صرف کرتے ہین بی بی اونسے خوش ہین خوشی بھی کیسی کہ ایسے خاوند
کے پیچھے دین و دنیا کو جواب دیدیا ہے ایک ایسی بی بی ہین کہ اگر خاوند چھوٹتا ہے
تو چھوٹ جاوے مگر کوئی کسبی تبہ کار یا بےوفا رازدار نہ چھوٹے ع

جدا ہون یار سے ہم اور نہو رقیب جدا	ہے اپنا اپنا مقدر جدا نصیب جدا

ف آنحضرت کی بی بیون نے زیادہ نفقہ مانگا تھا آسودگی چاہی تھی خدا نے

فرمایا تم انسے کہدو کہ اگر تم دنیا کی زندگی یا آرایش چاہتے ہو تو آؤ مین تمکو رخصت کردون
اور جو خدا و رسول و آخرت کو چاہتے ہو تو جو تم مین نیک ہین اونکو بڑا اجر ہے گویا اونکو
اختیار دیدیا تھا کہ چاہے رہین چاہے نہ رہین مگر یہ اختیار شرعاً طلاق نہین ٹھیرا اس
اختیار کے بعد شوہر رجوع کرسکتا ہے ہان اگر عورت اس اختیار پر طلاق لے بیٹھے گی
تو طلاق ہوجاویگی **ف** خاص رسول خدا صلعم کی بی بیون کے واسطے یہ حکم ہے کہ جو انمین
گناہ کرے اوسکو دونا عذاب ہوگا جو اچھا کام کرے اوسکو دونا اجر ملیگا اسلئے کہ یہ اور
دوسری عورتین برابر نہین ہین انکو یہ حکم بھی تھا کہ نرم آواز سے بات نکرین اپنے گھر
مین بیٹھی رہین جاہلیت کی طرح بن ٹھن کر باہر نہ چلین پھرین نماز پڑہین زکوٰۃ دین اللہ
و رسول کی اطاعت کرین سو یہی حکم بعینہ سب عورتون کے لئے ابتک باقی ہے سوا
دوچند عذاب و دوچند اجر کے اس آیت کے آخر مین عورتونکو یہ بھی فرمایا ہے کہ تم
اپنے گھر مین قرآن و حدیث کی تلاوت بھی کیا کرو **ف** عورت کا سامنے اپنے
باپ بیٹے بھائی بھتیجے بھانجے کے آنا درست ہے اسیطرح سامنے مسلمان عورت کے نہ کافر عورت
کے اور سامنے لونڈی غلام شرعی کے یہ مضمون قرآن شریف مین آیا ہے جو عورت فاسق
وضع فاسق عمل ہو بی بی کو اوس سے ویسا ہی پردہ کرنا واجب ہے جیسا اجنبی مرد سے
چاہئے اسی لئے ہمیشہ سے عادت شرفا کی یہ ہے کہ اپنے گھر کو کسبیون شہدیون لچیون
کے آنے جانے سے بچاتے رہتے ہین مگر اب یہ حکم اکثر بی بیون نے منسوخ کردیا ہے
اپنے لئے یہ نیا دین نکالا ہے کہ کیسی ہی عورت کیون نہو عورت کا عورت سے
کچھ پردہ نہین بلکہ مصاحبت کے لئے ایسی ہی عورتین بہتر ہین جو کسی وقت مین
شریک فسق و فجور تھین یا اب اوسطرح کے مذاق کی باتین کرتین یا اونکا شوق
عشق بازی کا ذوق دلاتی ہین قدیم ہون یا جدید انکے پیچھے اگر شوہر چھوٹ جاوے
تو بلا سے مگر کہین ایسا نہو کہ یہ علحدہ ہوجاوین انکا حق شوہر کے حق سے بہت زیادہ

ہے انکی اطاعت بلکہ خوشامد خاوند کی راضی رکھنے سے بھی بڑھکر ہے حالانکہ دین اسلام
مین سب سے زیادہ تاکید اسی بات کی ہی کہ صحبت بد سے بچو تہمت کی جگہہ سے علحدہ رہو
نیک و بد صحبت کی مثال عطار و لہار کی بتائی ہے کہ خوشبو والے کے پاس بیٹھنے سے
اور کچھہ فائدہ نہوگا تو خوشبو ہی آجاویگی لہار کے پاس بیٹھنے سے اور کچھہ نقصان نہوگا
تو کوئی دہبا داغ دھبہ ان تو ضرور ہی لگ جاویگا ۵

نخست موعظت پیر دانش این سخن است	کہ از مصاحب ناجنس احتراز کنید ۱۲

ف قرآن مین مسلمان عورتون کو فرمایا ہے کہ جلباب پہنا کرین یعنی کرتے اور اوڑہنی کے
اوپر جسکو آجکل ملاوہ کہتے ہین یا مقنع مونہہ پر ڈالا کرین غرضکہ ایسا کپڑا ہو جس سے
سرتاپا چھپ جاوین مونہہ وغیرہ کچھہ کہلا نرہے ف قرآن شریف مین عورتونکو اس
بات سے منع کیا ہی کہ دوسری عورتون سے مسخراپن کرین کہین وہی اچھی نہون جنپر یہ ہنسی
ہین صفیہ سے ایک بی بی نے کہا تو یہودن ہے اوسپر یہ آیت اوتری عورتون کی عادت
ہے کہ آپکو اچھا دوسری عورتون کو برا کہا کرتی ہین کسیکو پھوہڑ بتاتی ہین کسیکو احمق
ٹھیراتی ہین کسیکو کچھہ کسیکو کچھہ عیب لگاتی ہین سو اس بات سے انکو منع کیا کہ گو تم سوگھڑ
چالاک ہوشیار ہو فن آشنائی عشقبازی مین تمکو خوب دخل ہے وہ غافل مزاج
سیدہی غریب پھوہڑ بے وقوف ہے مگر کہین ایسا نہو کہ وہی اچھی نکلے بخشی جادی تم رہ جاؤ
بچتا یا کرو ف رسول خدا صلعم نے مطابق قرآن شریف کی عورتون سے اسبات کی بیعت لی تہی
کہ شرک نکرین زنا نکرین چوری نکرین اولاد کو نہ مارین تہمت نہ لگائین یعنی کسی کے نطفہ
کا بچا شوہر کے گلے نہ باندہین دختر کو پسر سے بدل نہ ڈالین کسی نیک بات مین نافرمانی
رسول خدا صلعم کی نکرین معلوم ہوا کہ یہہ سب عیب عورتون مین موجود ہوتے ہین اسلئے
انسے انہین کامون کے نکرنے کا عہد و پیمان لیا گیا ف قرآن شریف سے معلوم ہوا کہ
بعضی عورتین شوہر دنکی دشمن ہوتی ہین ایسی عورت سے بچنے کو فرمایا ہے عورت کی

خاطر سے حلال کو اپنے اوپر حرام کرنے سے منع کیا ہی نوح علیہ السلام کی بی بی بہی کافر تہی
جس طرح لوط علیہ السلام کی بی بی تہی ان دونون نے اپنے شوہرونکی خیانت کی یہ مضمون
قرآن شریف کا ہے نوح کی عورت نے یہہ خیانت کی تہی کہ لوگون سے کہا میرا شوہر دیوانہ
ہے لوط کی بی بی چغلخوری کرتی تہی لڑکے مہمان ہوتے تو قوم کو خبر کردیتی اللہ تعالی نے
کہا نوح و لوط کچھہ انکے کام نہ آئے ان عورتون کو حکم ہوا کہ جہنم مین جاؤ فرعون کی بی بی
ایماندار تہی اوسکے شوہر کے کفر نے کچھہ اوسکو نقصان نہ پہونچایا فرعون اوسکو دہوپ
مین لٹاکر سینہ پر چکی کا پاٹ رکہتا اوسنے صبر کیا اللہ نے جنت مین اوسکے لئے ایک
گہر بنایا وہ گہر اوسکو دنیا ہی مین نظر آیا کرتا تہا ایک یہہ بی بی تہین جنہون نے اطاعت
کافر شوہر کی کی اب کسی بی بی سے مسلمان شوہر کی اطاعت بہی نہین ہوسکتی ہے اطاعت
کیسی اگر وہ خود اسکا مطیع بنتا ہے تو بہی ہر وقت طعن لعن سے ناک مونہہ چڑہا رہتا ہے
مریم علیہا السلام نے اپنی جان کو زنا سے بچایا خدا کا ڈر رکہا اللہ نے اسبات کی
تعریف قرآن شریف مین کی اوسوقت کی ساری جہان کی عورتون پر اونکو فضیلت
بخشی معلوم ہوا عورت کا زنا سے بچنا بڑا عمدہ عمل صالح ہے ف ابولہب کی
جورو چغل خور تہی اوسکے لئے قرآن مین وعدہ جہنم کا فرمایا ہے معلوم ہوا یہہ کام اعمال
نار سے ہے اسیطرح فرمایا ہے اون عورتون سے پناہ مانگو جو گرہ مین پہونکتی ہین یعنی
جادو ٹونے کرتی کراتی ہین یہہ مرض بہی ایسا ہے کہ کم کوئی عورت اس سے خالی
ہوگی کوئی تعویذ یار کے مطیع ہوجانے کا ڈہونڈتی پہرتی ہے کوئی شوہر کے غلام
بنانے کا عمل پڑہتی پڑہواتی ہے کوئی میان بی بی مین جدائی ڈالنے کو گنڈا تعویذ
کرتی ہے یہہ سب جہنم مین جانے کے کام ہین جادو کرنا کرانا کفر ہے سحر سے ایمان
جاتا رہتا ہے ف جس عورت کو گانا بجانا آتا ہے اوسکا بیچنا مول لینا درست نہین
ہے یہہ مضمون حدیث مین آیا ہے جب بیع درست نہوئی تو نکاح کرنا مغنیہ سے بالاولی

مستحب نہو گا ف رسول خدا صللم نے مرثد نام ایک شخص کو زانیہ عورت سے نکاح
کرنے کو منع فرمایا تھا اس عورت کا نام عناق تھا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کسبی سے نکاح
نہ کرے یہ بھی منع ہے کہ کنیزون سے کہے تم زنا کرو ہمکو کھلاؤ ہمسایہ کی عورت سے زنا کرنا
نہایت ہی بدکام ہے بڑا گناہ ہے جورو کی لونڈیان بھی شوہر پر حرام ہوتی ہین مگر جبکہ
بی بی ہبہ کردے مراد لونڈیون سے کنیز شرعی ہے نہ لاوارث و خادمہ کہ یہ تو بے نکاح
کسیطرح پر حلال نہین ہوسکتین ف رسول خدا صللم ہر بی بی کو ہر سال اسّی
وسق کھجور بیس وسق جو دیا کرتے تھے یہ حدیث بخاری مین ہے ایک روایت مین سو
وسق تمر بھی آیا ہے عمر بن خطاب نے بھی اونکو اپنی عہد خلافت مین اسیقدر دیا
نہ کم نہ زیادہ کسی کو غلہ دیا کسیکو عوض غلہ کے زمین دی مگر زیادہ نہ دیا معلوم ہوا کہ
اتنا نفقہ واسطے ایک عورت کے کافی ہے کبھی کسیکو کوئی مالا یا چادر صوف کی بھی
دیدیتے یہ مالا موتیون کی یا سونے کی تھی شاید سلیمانی دانے وغیرہ ہونگے ف
غامدیہ ایک عورت تھی رسول خدا نے اوسکو زنا کرنی پر رجم کیا حمنہ بنت جحش ایک
بی بی تھین اونکو زنا کی تہمت لگانے پر کوڑے مارے ایک قریشی بی بی کا ہاتھ
چوری کرنے پر کاٹ ڈالا معلوم ہوا کہ حد جاری کرنے مین کسی کی رعایت مروت نہین
ہے عالی نسب والا حسب ہو یا کم قوم اب کس کا مقدور ہے کہ کسی عزیز قریب امیر پر
کوئی تعزیر بھی جاری کرسکے حد کا تو کیا ذکر ہے شراب پینے کی تعزیر مرد عورت
کے لئے جوتے مارنا کوڑے لگانا آیا ہے گانے بجانے کی تعزیر یہ ہے کہ اون آلات لہو
کو توڑ ڈالے زنا کی سزا سبکو معلوم ہے سزا دینے کی قدرت بھی حاصل ہے مگر بھائی
بند مین کوئی ڈھنے چلا ہے تو نہین ہین کہ انکو سزا دیجاوے یہ خواہ سارنگی بجاوین
یا شراب پیئین یا داڑھی کتراوین یا زنا کرین یا حرام کے بچے جناوین یا نماز نہ پڑہین
انکو کوئی کچھ بھی نہین کہہ سکتا بلکہ جو کوئی انکو بنظر حقارت دیکھے یا ان سے نہ ملے وہ

سب سے زیادہ دشمن سمجھا جاتا ہے مگر یہ یاد رہے کہ جو کوئی کسی کے گناہ پر راضی ہے یا
باوجود قدرت کے ساکت ہے وہ گناہ مین برابر اوسی گنہگار کے ہے دونون کو قیامت
مین یکسان سزا ملیگی کبیرہ گناہ ہو یا صغیرہ اُمرا اور رؤسا کچھ نرے آپ ہی گناہ
نہین کرتے ہین بلکہ ساری برادری و رعایا وغیرہ کا گناہ بھی انھین کے خزانہ عامرہ
مین جمع ہوتا ہے اس سے زیادہ خوش اقبالی اور کیا ہوگی ف حدیث ابی بکرہ مین
آیا ہے کہ جب رسول خدا صلعم نے سنا کہ پارسیون نے کسریٰ کی دختر کو بادشاہ کیا
تو فرمایا لَنْ یُّفْلِحَ قَوْمٌ وَّلَّوْا اَمْرَهُمُ امْرَاَةً اَخْرَجَهُ الْبُخَارِیُّ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ
یعنی اوس قوم کو کبھی فلاح نہوگی جس قوم کی حاکم کوئی عورت ہے یہ اسلیئے فرمایا کہ عورت کا
دین ناقص ہے عورت کی عقل ناقص ہے جب دین ناقص ہوا تو انتظام دین کا اوس سے
نہوسکیگا بلکہ دین مین فسق و فجور زیادہ پھیلیگا جب عقل ناقص ٹھیری تو دنیا کے کام برباد
ہونگے کسی سے زیادہ بغض کسی سے کم بغض ہوگا اپنے مطلب کی دوستی ہوگی وفا اور کل
انا پتا نہوگا دوست کو دشمن سمجھے گی دشمن کو دوست بنادے گی سنو یہ
نقصان دین و عقل ہر عورت کے ساتھ لگا ہوا ہے پیغمبر کی بی بی یا کسی
عالم کی جورو کیون نہوا سیلیئے روایت ترمذی مین اتنا اور زیادہ آیا ہے
کہ ابی بکرہ نے کہا جب عائشہ جنگ جمل مین آئین تو یہ حدیث مجکو یاد آئی ورنہ قریب تھا
کہ مین بھی اوس لڑائی مین شریک ہوجاتا معلوم ہوا کہ یہ بدبختی و عدم فلاح
کچھ کافر عورت پر منحصر نہین ہے بلکہ مسلمان عورت کا بھی یہی حکم ہے عائشہ صدیقہ
رضی اللہ عنہا سے بہتر و کامل تر عالم تر کون عورت ہوگی وہ اس جمل کی لڑائی مین سردار
لشکر تھین مگر ناحق پھر اسی سبب سے آخر کو پشیمان ہوئین ندامت ظاہر فرمائی تو اب
پھر وہ کون دوسری عورت ایسی ہوسکتی ہے جسکو یہ دعوی پہونچ سکے کہ مین
انتظام دین دنیا کرسکتی ہون بلکہ عورت کی ساری عقل مکر و فریب ہوتی ہے سارا دین

ف اس حدیث کو بخاری و ترمذی و نسائی نے روایت کیا ہے ۱۲

ایمان ناقص ہوتا ہے اُس آخر زمانے مین اور بہی خرابی اِس معاملے کی ہوئی تریاہٹ تو
مشہور تہی اکبہی جگہہ اوسپر یہہ طرہ ہوتا ہے کہ راج ہٹ بہی آملتی ہے ع سمند ناز یہ اک
اور تازیانہ ہوا ۔ اگر عمر بڑی ہے اور جو کم عمری ہے تو بالک ہٹ بہی آموجود ہوتی ہے ایسی
ہٹون کی ساتہہ ایسے دین و عقل ناقص کے ہوتے ہوئے کہو بہلا کسطرح فلاح و صلاح اہل ملک
و رعیت کی ممکن ہے عورت کی حکومت ولایت کا ایک نتیجہ ملازمین و رعایا وغیرہ کو یہہ بہی ملتا ہے
کہ کتنی ہی خیر خواہی جانبازی سچے دل سے ریاست کی کرو وہ سب ذرا سی بات پر بلا وجہ خاک مین
ملا دیجاتی ہے دوست کو دشمن دشمن کو دوست سمجہہ لیا جاتا ہے اونکا ذکر نہین ہے جنہون نے
مطلب کی خیر خواہی کی جنکا ظاہر باطن برابر نہ تہا اون کا ذکر ہے جو دل توڑ کر طرف اپنے
محسن کے آجاتے ہین اوسکی قدردانی ظاہر پر دہوکا کہا کر ہر کام مین جان لڑاتے ہین
آخر کو اونہین بہی کچہہ فلاح نہین ہوتا رسول خدا صلعم کا ارشاد سچ ہوتا ہے سب سے بدتر
انمین وہ لوگ ہین جو نہ ملازم ہین نہ پورے رشتہ دار سمجہے جاتے ہین ملازم کو اپنے کام
سے غرض ہوتی ہے دیالیا رستہ پکڑا رشتہ دار مانگنے لینے کے یار ہوتے ہین قابو پاوین
تو ریاست سلطنت چہین لین جب تک قابو نہین ہے جانبازی ظاہر کرتے ہین رہے
بیچ کے لوگ اون سے یہہ دونون کام نہین ہوسکتے اسلئے وہ ہر دم تہ و بالا رہا کرتے
ہین جو خرابی اونکی رہتی ہے وہ نہ کسی ملازم کی ہے نہ کسی رشتہ دار کی کہو پھر فلاح
کی کیا صورت ہے خدا ہی دنیا و دین کو درست رکہے تو رہے ورنہ جہاز تو تباہی مین
آچکا ہے ف رسول خدا صلعم نے عائشہ سے فرمایا اگر تیری خوشی یہہ ہے کہ تو مجہہ سے
ملے یعنی دن قیامت کے تو دنیا سے اتنا لے جتنا مسافر لیتا ہے خبردار کبہی پاس آسودہ
لوگون کے نہ بیٹہنا کسی کپڑے کو پرانا نکرنا جب تک کہ تو اوسمین پیوند نہ لگالے اسکو
ترمذی نے خود عائشہ سے روایت کیا ہے اوس دن سے عائشہ بے پیوند لگائے کوئی
کپڑا نہ چہوڑتین معلوم ہوا کہ درستی آخرت کی زہد سے ہوتی ہے اب آسودہ عورتین

پیوندی کپڑے کا پہننا عار جانتی ہین بدفالی سمجھتی ہین وہان تو پیوند لگانے پر یہہ بشارت
یہان ایک ایک جوڑہ سیکڑون روپیہ کی طیاری کا بنتا ہے ہفتہ عشرہ سے زیادہ نہین
چلتا دیکھیے اس اسراف کا کیا نتیجہ انکو ملے گا رسول خدا صللم فقط جمعہ عید ایلچی کے
لئے اچھا کپڑا علحدہ رکھتے تھے باقی لباس غریبانہ رہتا تھا اب کلی دار پاجامے مین تھان
کے تھان لگ جاتے ہین گوٹہ پٹھا علحدہ ہوتا ہے دس پانچ جوڑون کی قیمت مین ایک
ازار طیار ہوتی ہے شیطان نہایت ہی خوش ہوتا ہوگا کہ خوب داؤ چلگیا یہہ مضمون
کئی حدیثون مین آیا ہے کہ مین دروازۂ دوزخ پر کھڑا ہوا دیکھا کہ عورتین اوسمین سب سے
زیادہ ہین ف عورت کو سر منڈانا خضاب سیاہ کرنا ہاتھ کا غیر رنگین رکھنا
منع ہے ہند دختر عتبہ نے بیعت کرنا چاہا تھا فرمایا جب تک تو اپنے ہاتھہ کا رنگ نہ بدلیگی
مین بیعت نہ لونگا یہہ ہاتھہ کسی عورت کے نہ ہوئے کسی درندے کے ہاتھہ ہین اچھا ہے
البوداؤد عورت ایسی خوشبو سے جسکی بو نہ اوڑے رنگ دکھلائی دے عورت کو صفائی
بدن کے لئے استرہ لینا درست ہے ختنہ کرنا جائز ہے مگر زیادہ گہرا ختنہ نہ کرائے
ختنہ کرنے سے عورت کو حظ زیادہ ملتا ہے ایسی عورت خاوند کو دوست تر ہوتی ہے
فرمایا جب سفر سے آؤ تو رات کو گھر مین نہ جاؤ عورت استرہ لے لے بالون مین کنگھی کرلے
تب جاؤ ف انجشہ کی آواز اچھی تھی اونکو منع کیا کہ تم سامنے عورتون کے شعر خوانی
نکرو یہہ شیشے کی طرح ہوتی ہین کہین یہہ شیشے ٹوٹ نہ جاوے اسکو شیخین نے انس سے
روایت کیا ہے ٹوٹ جانے کا یہہ مطلب ہے کہ مبادا بہک جاوین جب شعر پڑہنا انکے
سامنے جائز نہوا تو خود انکا شعر پڑہنا دیوان شعر کی سیر کرنا شعر کہنا بالاولیٰ اچھا
نہ ٹھہریگا شعر سے بدتر یہہ ہے کہ قصے کہانی کی کتابین دیکھین پڑہین سنین جنمین فساق
فجار کی عشقبازی کا ذکر ہے جھوٹی باتین لکھی ہین جھوٹ بولنا جھوٹ کا سننا دونون
برابر ہین اکثر خواندہ عورتین اسیطرح زانیہ فاسقہ عاشقہ معشوقہ ہوگئی ہین کرامتان

بدر منیر گل بکاولی فسانہ عجائب بوستان خیال کے شغل مین رہتی ہین اِنّا لِلّٰہ قرآن شریف
مین قصے کہانی کی کتابین خریدنے سے منع فرمایا ہے ایسی کتابون کو لہو الحدیث کہا ہے
عائشہ وغیرہ جو شاعرہ تھین اونکے اشعار مین مضمون شرعی وعظ ونصیحت کے ہوتے
تھے نہ ایسے شعر جنمین مضمون غزل کا ہوتا ہے ف ابوطلحہ کی بی بی نے عجب کام کیا
یہ تو کہین گئے تھے انکا بیٹا بیمار تھا وہ مرگیا ابوطلحہ آئے کہا لڑکا کیسا ہے کہا جی تھکیا
ہے مین سمجھتی ہون آرام کیا ہے ابوطلحہ نے سمجھا یون ہی ہوگا بی بی سے صحبت کی
جب صبح ہوئی کہا بچا مرگیا آنھون نے یہ حال رسول خدا صلعم سے کہا آپنے فرمایا اس
رات مین خدا تم دونون کو برکت بخشیگا چنانچہ بتدریج نو بچے ہوئے یہ سب قاری قرآن
تھے اَخرجہ البخاری ایسی بی بیان سب زمانین کیمیا عنقا ہین جو اس طرح شوہر کو
آرام دین اونکا حق سمجھین اون کی راحت مین خلل انداز نہون اب تو اپنے
چین سے مطلب ہے شوہر خوش یا ناخوش ؎

ایک وہ دل ہین کہ ہے اونکو فراغت حاصل	اک ہمارا دل ناشاد ہے باللہ اعوذ

ف حدیث اسامہ بن زید مین آیا ہے کہ بعد اپنے مین نے کوئی فتنہ زیادہ نقصان
کرنیوالا عورتون سے مردون پر نہین چھوڑا ترواہ الشیخان انکو شیطانکا جال فرمایا ہے
یہ بھی ارشاد کیا ہے کہ انکو پیچھے ڈالو جسطرح اللہ تعالی نے انکو پیچھے ڈالا ہے یعنی تم
اپنی بات مقدم رکھو انکی نہ سنو مطرف کی حدیث مین آیا ہے کہ سب سے کم جنت مین رہنے
والے یہی عورتین ہین اَخرجہ مسلم ف دختر کا پیشاب پسر کے پیشاب سے زیادہ تر
نجس ہے بچے شیر خوار کو موت پانی چھڑک لینے سے پاک ہو جاتا ہے دختر شیر خوار موتے
تو کپڑا دھونا پڑتا ہے معلوم ہوا کہ نسبت مرد کے عورت کی ذات زیادہ تر نجس ہے
انمین ظاہر باطن دونون طرح کی نجاست ہوتی ہے ظاہری نجاست تو یہی حیض نفاس ہے
باطنی نجاست صحبت فسق ابتلائے مشرک ہے عورت کو احتلام بھی ہوتا ہے اگر تری پاوے

نہاوے والا فلا عورت کو حمام مین جانے نہانے سے منع کیا ہے مگر بیمار نفاس والی کو
یعنی علاج کے لئے ف سوت کا سوت پر رشک کرنا شیطانی حرکت ہے عائشہؓ نے ایکبار
رشک کیا تھا فرمایا تیرا شیطان تیرے پاس آیا صفیہ رضؓ نے رسول خدا صلعم کو کھانا بھیجا
عائشہؓ نے رشک سے ہاتھ مار کر برتن توڑ ڈالا فرمایا کھانے کے عوض کھانا برتن کی عوض
برتن دو اب بھی یہی حکم باقی ہے ایکبار صفیہ کو پستہ قد کہا تھا فرمایا تو نے یہ ایسی
بری بات کہی کہ اگر اوسکو دریا مین ملائین تو ملجاوے یعنی سارا دریا خراب ہو جاوے
ف رسول خدا صلعم عائشہ رضی اللہ عنہا کو بہت چاہتے تھے یہ چاہنا کچھ عشق بازی
نہ تھا دلکی محبت آنکھ کی مروت بات کی نرمی اختلاط کی زیادتی تھی جس طرح انکو
چاہتے تھے اسیطرح انکے باپ کو بھی سب مردون سے زیادہ دوست رکھتے تھے دونون
کی محبت کا ذکر ایک ہی حدیث مین آیا ہے دوسری حدیث مین فرمایا ہے سارے گھر والون
مین فاطمہ زیادہ تر محبوب ہین پھر اسامہ بن زید غرضکہ محبت شرعی کا رنگ دوسرا
ہوتا ہے عشق و فسق کا ڈھنگ دوسرا ہوتا ہے قرآن و حدیث مین کسی جگہہ لفظ عشق کا صحیح
طور پر نہین آیا ہے عشق کی ابتدا کفر سے نکلی ہے عورت ہی نے نکالی ہے اسلئے حدیث
مین جہان اور فتنون کو گنا ہے وہان ایک فتنہ جورو کا بھی بتایا ہے یہ خبر بھی دی ہے
کہ تمھاری چھوکریان زنا کرینگی تمھاری بی بیان حد سے باہر ہو جاوینگی یہ معجزہ
اب ہر جگہہ موجود ہے بی بیون کی طغیانی کا حال بیان سے باہر ہے الا ماشاء اللہ
تعالیٰ ف خائنہ زانیہ کی گواہی کسی معاملہ مین درست نہین ہے حفصہؓ نے اپنی ایک
لونڈی کو جسنے انپر جادو کیا تھا قتل کر ڈالا ف شوہر کا اطاعت کرنا جورو کے لئے
آثار قیامت سے ہے یہ قیامت اب تو مدت سے قائم ہے ف عورت کا جھوٹھ بولنا
حق مین سوت کے درست نہین جو سزا جہر جھوٹ پر مقرر ہے وہی گناہ اس
جھوٹ کا بھی ہے رسول خدا صلعم نے ایسی عورت کو مکار فرمایا ہے مرد کا جھوٹ بولنا

عورت کے راضی کرنے کے لئے درست ہے یہہ اسلئے درست ہی کہ عورت سچی بات سے ناخوش جہوٹی بات سے خوش ہوتی ہے ایک مرد نے کہا اے رسول خدا مین اپنی بی بی سے جہوٹ بولون فرمایا جہوٹ بولنے مین کچہہ بہتر نہین ہے کہا بہلا وعدہ کرون کہون فرمایا اسمین گناہ نہین یعنی صریح جہوٹ نہ بولے وعدہ کرنے کا مضائقہ نہین ہے عورتون کی عجب خلقت ہے جہوٹی بات خوشامد کی تقریر کو سنکر خوش رہتی ہین سچی صاف بات پر مکدر ہو جاتی ہین بلکہ دشمن بنجاتی ہین اگر عقل ہوتی تو سچے آدمی کو سب سے زیادہ دوست رکہتین گو سچ برا لگتا ہے سچ کا انجام نجات ہے جہوٹ کا انجام ہلاک ہے ف جو عورت مردانہ جوتا پہنے وہ ملعون ہے یہہ مضمون حدیث ابی داؤد مین آیا ہے جوتے پر کچہہ موقوف نہین ہے عورت کو کسی لباس مین بہی مشابہت کرنا مرد سے موجب لعنت کا ہوتا ہے رسول خدا صلعم نے عورت کو منع کیا ہے کہ وہ گیروے رنگ کا کپڑا پہنے ؛

فصل بیان مین صلہ رحم وغیرہ کے

قرآن و حدیث مین صلہ رحم کی بہت تاکید آئی ہے بخاری نے باب البر والصلۃ کو اس آیت سے شروع کیا ہے وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا پہر ایک حدیث بر والدین کی لکہی ہے پہر وہ حدیث لکہی ہے جسمین ذکر مان کا تین بار پہر باپ کا چوتہی بار آیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ سب سے مقدم صلہ رحم مان باپ کا ہے ابن بطال نے کہا مقتضی حدیث مذکور کا یہہ ہے کہ مان کا تگنا حق ہے قرطبی نے کہا مان کا حق اولاد پر باپ سے مقدم تر ہے بخاری نے ادب مفرد مین یہہ روایت کیا ہے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا اِنَّ اللّٰهَ يُوصِيكُمْ بِأُمَّهَاتِكُمْ ثُمَّ يُوصِيكُمْ بِأُمَّهَاتِكُمْ ثُمَّ يُوصِيكُمْ بِأُمَّهَاتِكُمْ ثُمَّ يُوصِيكُمْ بِآبَائِكُمْ ثُمَّ يُوصِيكُمْ بِالْأَقْرَبِ فَالْأَقْرَبِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ أَيْضًا وَصَحَّحَهُ الْحَاكِمُ یعنی اللہ نے تین بار تمکو وصیت مان کی کی اور چوتہی بار باپ کی پانچوین بار

ف اور علم کیا ہے ان کو ایسے مان باپ سے ساتہ جہلانا کرنیکا سورہ عنکبوت رکوع ۱ پارہ ۲۰

اس حدیث کو بخاری نے اور حاکم نے صحیح روایت کیا ہے ۱۲

اوسکی کی ہے جو زیادہ تر قریب ہے ایسا ہی حدیث بہز بن حکیم مین بہی آیا ہی مسلم کی حدیث
مین لفظ اُدْنَاكَ فَاَدْنَاكَ وارد ہے حدیث ابی رمثہ مین یون آیا ہے مین نے سنا
رسول خدا صلعم کو فرماتے تہے اُمَّكَ وَاَبَاكَ ثُمَّ اُخْتَكَ وَاَخَاكَ ثُمَّ اَدْنَاكَ
اَدْنَاكَ اَخْرَجَهُ الْحَاكِمُ یعنی پہلے مان باپ کا صلہ کرپہر بہن بہائی کا پہر جو زیادہ تر قریب
ہو عیاض نے کہا بعض علمار نے تردد کیا ہے دادا اور بہائی مین اکثر نے یہہ کہا
کہ دادا مقدم ہے بہائی پر شافعیہ بہی یہی کہتے ہین کہ پہلے دادا ہے پہر بہائی پہر جو
مان باپ دونون سے زیادہ قریب ہو یہہ اوس پہ مقدم ہوگا جو فقط مان یا فقط باپ
سے قریب ہے پہر قرابت ذوی رحم انمین محارم غیر محارم پہ مقدم ہین پہر سارے عصبات
پہر سسرال والے پہر مولا پہر ہمسایہ مان کا مقدم ہونا سب پر کئی حدیثون سے ثابت ہی
جو مان باپ سے نیکی کرتا ہے اوسکی دعا قبول ہوتی ہے جو انکی نافرمانی کرتا ہے وہ مرتکب
کبائر ہے اللہ تعالے نے مان کی نافرمانی کو حرام کیا ہے مان باپ اگر مشرک ہون
تو بہی اونسے سلوک کرنا درست ہے عمر بن خطاب نے ایک حلہ اپنے بہائی کافر کو دیا
تہا **فائدہ** رحم کا اطلاق اقارب پر ہوتا ہے اقارب وہ ہین کہ اسکے اور اوسکے
بیچ مین نسب ہے خواہ وہ اسکا وارث ہو یا نہو محرم ہو یا نہو یہی قول راجح ہے کسی نے
کہا فقط محارم مراد ہین اگر یہی مراد ہونگے تو اولاد چچا کی اولاد مامون کی خارج
رہینگی حاصل احادیث کا اس مقدمہ مین یہہ معلوم ہوا کہ صلہ رحم مین سب سے زیادہ
مقدم مان باپ ہین پہر جو ان دونون کا قریب رشتہ دار ہو جیسے دادا دادی نانا
نانی دادا دادی کا بہن بہائی حقیقی نانا کا بہن بہائی حقیقی پہر اسکے سگے بہن بہائی
پہر سگے چچا مامون پہر انکی اولاد پہر رہے سہے رشتہ دار اگر مقدور ہو بشرطیکہ یہ سب
نکاح صحیح سے پیدا ہوئے ہون اسلئے کہ حرام کی اولاد درحقیقت اولاد اس شخص کی
نہین ہے جب اولاد نہوئی تو نسب نہوا پہر صلہ رحم کیسا رہا شوہر سو اوسکا رشتہ

ع زیادہ قریب تر کو پہر زیادہ قریب تر کو صاد کر
ع اس عبارت کو صاحب نے زیادہ کیا ہے ۱۲

سب رشتون پر مقدم ہے اسلئے کہ جو اطاعت وموافقت بی بی پر شوہر کے لئے واجب ہے
وہ کسی رشتہ دار کے لئے نہین ہے یہانتک کہ شوہر مفلس کو زکوٰۃ دیسکتی ہے اوسکے ہوتے
ہوئے دوسرے مفلس کو زکوٰۃ بھی ندے اسی کام مین زکوٰۃ بھی فرض ہو یا نفل ادا ہوجاتی
ہے صلہ رحم بھی ہو جاتا ہے اسکا اجر دوگنا ہے ابن مسعود رضہ کی بی بی نے رسول خدا
صلعم سے پوچھا تھا کہ میرا شوہر کہتا ہے کہ تم مجکو زکوٰۃ دو مین محتاج ہون فرمایا درست
کہتا ہے سو جب شوہر غریب کو زکوٰۃ دینا مقدم ٹھیرا تو صلہ رحم اوسکا بالاولی مقدم
ہوگا **فائدہ** صلہ رحم اسکا نام ہے کہ جسکا نفقہ اسپر واجب نہین ہے اوسکے ساتھ
سلوک احسان کرے جنکا نفقہ واجب ہے وہ سب پر مقدم ہین ماں باپ کا نفقہ اولاد پر
اوسیوقت واجب ہوتا ہے کہ جبکہ اسکے پاس ہو اون کے پاس کچھ نہو وہ محتاج
ہون یہ مالدار ہو اسیطرح نفقہ اولاد کا بعد بلوغ کے ماں باپ پر اوسیوقت
واجب ہوتا ہے کہ جبکہ اولاد مفلس ہو والدین آسودہ ہون غرضکہ صلہ رحم ایک چیز ہے
سوائے وجوب نفقہ کے صلہ رحم کچھ تھوڑا بھی نہین ہے کہ اونکو کھانا کپڑا دے گھر بنا دے
اونکا قرضہ ادا کرے اونکی شادی بیاہ کیا کرے بلکہ اون سے با خلاق پیش آنا
علیک سلیک رکھنا یہ بھی صلہ رحم ہے کیونکہ دور کے رشتہ دار اور غیر لوگ برابر ہوتے
ہین اگر یہ بات نہو تو ہر آدمی کا نسب ورشتہ آدم وحوا سے ملا ہوا ہے کسیطرح جدا
نہین ہوسکتا خواہ کافر ہو یا مسلمان اسلئے صلہ رحم مین وہی مقدم ترہین جو نہایت
ہی رشتہ مین اس سے نزدیک ہین اونمین اول ماں پھر باپ پھر دادا پھر نانی پھر بہن
بھائی ہین انکے سوا جو ہین وہ بعید ہین پھر یہ صلہ رحم جب درست ہوگا کہ اپنے
مال ذاتی سے مدد کرے اگر حاجت مال کی ہے اور وہ مال کسی خلاف شرع کام مین صرف
بھی نہو کسی فسق وفجور اسراف وزور مین نہ اوٹھے ورنہ گناہ پر مدد کرنا ٹھیریگا ثواب کی عوض گناہ ہوگا
مال ذاتی ہر شخص کا وہ ہے جسمین اسکو شرعاً تصرف درست ہے بیت المال کا مال اسکا ذاتی مال نہین اوسمین

جوال ایسی جگہہ صرف کیا جاویگا جسکا حکم شرعمین ہے تو واجب شرعی ادا ہوگا ورنہ مواخذۂ آخرت باقی ہے
اور جنکو دیا ہے اونکا گناہ اسکے ذمے مین ہے ملوک وسلاطین بیت المال کا مال اکثر ایسی جگہہ صرف
کرتے ہین جسکا کچھہ نفع دین دنیا مین اسلام کو نہین ہوتا حالانکہ یہ مال خاص واسطے مصالح
مسلمین کے جمع کیا جاتا ہے اسلیئے جس شخص سے کسیطرح کی مدد اسلام مین یا ترقی مصالح
ملک مین پائی جاتی تھی اوسکو رسول خدا صللعم سب سے زیادہ دیتے تھے گو غیر محض ہو
جس سے کسیطرح کا فائدہ حاصل نہوتا اوسکو بقدر ضرورت دیتے زیادہ نہ دیتے گو رشتہ دار
ہو قرآن شریف مین دو ہی رشتے بتائے ہین ایک رشتہ نسب کا یہ رشتہ ماں باپ
سے ہوتا ہے دوسرا رشتہ سسرال کا یہ رشتہ نکاح سے قائم ہوتا ہے
بعضے لوگ ماں کے رشتے پر جھکتے ہین بعضے باپ کے رشتے پر بعضے سسرال کے
رشتے پر یہ جھکنا ٹھیک نہین ہے اللہ تعالی نے ہر رشتے کے لیے ایک حد مقرر
کردی ہے اوس حد سے تجاوز کرنا نہ چاہیے اگر تجاوز ہوگا تو ظلم ٹھیریگا ظلم کی
جو سزا مقرر ہے وہ ضرور ہی ملیگی مگر اس زمانۂ اخیر مین جسطرح سارے احکام اسلام
کے مٹ گئے ہین نہ کوئی اونکو دریافت کرتا ہے نہ کوئی اونپر چلتا ہے اسیطرح یہ
مسائل نکاح وحقوق زوجین وصلہ ارحام بھی دونون طرف سے غریب ہوگئے ہین
فقط نفسانیت وحمیت جاہلیت باقی رہگئی ہے اللہ تعالی انجام بخیر کرے ف
اپنے صلہ رحم سے اپنا جی خوش ہوتا ہے رسول خدا صللعم کی قرابت سے صلہ رحم کرنے
مین رسول خدا صللعم خوش ہوتے ہین بلکہ اللہ تعالی راضی ہوتا ہے قرآن شریف مین
اسکا ذکر آیا ہے قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى یعنی مین تم سے عوض
اس ہدایت کے کچھہ نہین مانگتا اتنا مانگتا ہون کہ تم میرے قرابت والون سے
دوستی ومحبت رکھو لفظ قربی عام ہے سارے قریش کو شامل ہے پھر سادات بالاولی
اسکے مستحق ہین اسلیے کہ یہ خاص الخاص قریب رسول خدا صللعم ہین اسلیئے خلفاے

ف کو بڑی رکوع ۲ پارہ ۲۵ ۱۲

راشدین وملوک اسلام اپنے اقارب واولاد خاص سے صلہ رحم اہلبیت رسالت کو زیادہ کیا
کرتے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے کو کچھ دیا امام حسن امام حسین کو باوجود صغر سنی
کے زیادہ دیا عمر بن عبد العزیز خلیفہ بنی امیہ نے سادات کی بڑی تعظیم وحرمت کی بیحساب دیا
خلیفہ مامون نے اپنی بیٹی ام الفضل نام کا نکاح امام محمد جواد بن علی رضا بن موسیٰ کاظم سے
کر دیا تھا یہ بڑی شادی مدینے مین آئے انکو بہت کچھہ مال ومنال دیکر رخصت کیا یہان آکر
انہون نے دوسرا نکاح کرنا چاہا ام الفضل نے اپنے باپ خلیفہ بغداد کو لکھا آنہون نے
جواب دیا کہ تیرے شوہر کو اختیار ہے مینے تیری شادی اوسسے اسلئے نہین کی ہے کہ حلال
کو اوپر حرام کردون پھر مامون نے انکے باپ علی رضا کو بجائے اپنی خلیفہ کرنا چاہا تھا
مگر قوم عباسیہ نے نہ مانا مجبور ہوگئے حاصل یہہ ہے کہ اگرچہ بعض بنی امیہ عباسیہ دشمن ائمہ
اہلبیت تھے مگر اوسپر بھی انکی داد وہش صلہ رحم تعظیم تکریم مین کسیطرح کا فرق نکرتے تھے
امام حسن نے سادہ کاغذ پر مہر معاویہ کرا کر لاکھون روپیہ کا سالانہ اپنے لئے اپنی اولاد
کے لئے لکھہ لیا معاویہ نے سب قبول کیا سلاطین کے پیش امام پیش سواری وغیرہ
سادات ہی ہوتے تھے ہندوستان مین جتنے خاندان ساداتکے ہین انکے آباء و
اجداد کو ملوک اسلام بعزت ومحبت تمام ولایت سے لائے تھے ہزارون لاکھون کی
معاش دیکر اس ملک مین بسایا تھا اگر صلہ رحم رسول خدا صلعم یا تعظیم اہلبیت یا ادائے
حقوق رسالت منظور نتھا تو یہہ کام کسلئے کیا مگر اب یہہ سب سے زیادہ ذلیل وخوار ہین
انکے لئے حنفیہ نے کمال قدرشناسی سے مال زکوۃ کو جو لوگون کا میل کچیل ہے حلال کردیا
اور کوئی حق انکا نہین بتایا انکی اب یہہ حقیقت رہگئی ہے کہ اگر کسیکو کچھہ صدقہ وخیرات ملگیا
تو خیر ورنہ در بدر خاک بسر پڑے پھرتے ہین حالانکہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے کہ مین نے
تم مین دو چیز کو چھوڑا ہے ایک قرآن دوسری اپنی اولاد مین دیکھونگا کہ تمنے میرے
پیچھے ان سے کیسا برتاؤ کیا یہہ دونون مجھسے جدا نہونگی یہانتک کہ پاس میرے حوض کوثر پر آوین

سو اب امت نے ان دونون کو رستہ بتایا سب سے بڑے حقدار ہر سلطنت و اقلیم مین وہ ہین
جو بڑے فاسق فاجر ہین یا رشتہ دار ہین یا اگلے پیچھے آشنا و یار ہین سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ
اب کسی کا کوئی حق شرعی کسی پر باقی نہین رہا ہے نہ ماں باپ کا اولاد پر نہ میان کا بی بی پر
نہ بی بی کا میان پر نہ خدا و رسول کا امت پر اب تو وہی حق ہے جو اپنی سمجھ مین آجاتا ہے
بلکہ جو کوئی کسی کا حق موافق شرع کے بتاتا ہے تو وہ خود غرض دشمن بدخواہ ٹھیرجاتا
ہے مطلبی کہلاتا ہے لالچی سمجھا جاتا ہے سب سے اچھا وہ ہے جو ہماری سی کہے خواہ یہہ کہنے والا
مرد ہو یا عورت پھر اس کہنے مین خواہ انکا ایمان جاوے یا کہنے والے کا کچھ غرض نہین

ہم اللہ کی پناہ لیتے ہین اور اوسکی تمرکی کرتے ہین ۱۲

فائدہ بھلا یہہ کہین ہوسکتا ہے کہ فاسق فاجر مرد عورت برابر اونکے ہون جو انکی
طرح نہین ہین فاسقون فاجرونکا تو مرنا جینا دونون برابر ہین اللہ تعالے نے قرآن
شریف مین فرمایا ہے اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ اجْتَرَحُوا السَّیِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِیْنَ
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً مَّحْیَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ کیا خیال رکھتے
ہین وہ لوگ کمائی ہین جنہون نے برائیان آسبات کا کہ ہم کردینگے اونکو برابر اون لوگون
کے جو ایمان لائے ہین اور کئے اونہون نے کام اچھے برابر ہے جینا اونکا اور مرنا برے
دعوی ہین جو یہہ کرتے ہین یعنی انکا یہہ دعوی کہ فاسق و صالح جینے مرنے مین
برابر ہے بالکل غلط ہے ہم ایسا نہین کرینگے بلکہ مومن کا خاتمہ بالخیر ہوتا ہے فاسق کا
خاتمہ خراب ہوتا ہے مومن بہشت مین جائیگا فاسق دوزخ مین اپنے مونہہ کی کہائیگا
اس مضمون کی آئتین اور بہی قرآن شریف مین آئی ہین یہہ جگہہ بڑے خوف کی تہی
مگر اب بجائے اوسکے اہل صلاح کو فاسق لوگ بنظر حقارت دیکھتے ہین قل اعوذ یا بتلانے
ہین عالمانہ صورت و سیرت سے نفرت کرتے ہین حالانکہ یہہ کلمہ کہنا صریح کفر ہے اس لئے
کہ لفظ قل اعوذ کو بطور حقارت کہا جاتا ہے اس سے ایمان طعن کرنیوالیکا جاتا رہتا ہے
نعوذ باللہ منہ اس بلا مین کچھہ نرے جاہل فاسق مرد ہی مبتلا نہین ہین بلکہ عورتین

سورہ جاثیہ رکوع ۲ پارہ ۲۵

انسے بھی زیادہ تر مبتلا ہین یہ اوسیکو پسند کرتی ہین جو ڈاڑہی تراشے یا منڈاوے یا
چڑہاوے خلاف شرع لباس پہنے ہر وقت ناز نخرے کرے لوچ دکھاوے حلال حرام سے
اوسکو کچھہ کام نہو مکروہ مباح کا کیا ذکر ہے یہ حال اون عورتون کا ہے جو آپکو اشراف
صاحب حسب سمجھتی ہین اون عورتونکا تو کچھہ ذکر نہین ہے جنکا نہ نسب درست ہے
نہ حسب یا اون کے خاندان مین فسق مورونی چلا آتا ہے یا بازاری وضع بے باک چالاک
سفاک ہین الحاصل آفات اس تیرہ صدی چودہ صدی کی اتنی نہین ہین کہ بیان
مین آسکین اتقوا دین پر صبر کرنا ایسا مشکل ہوگیا ہے جسطرح ہاتھہ پر آگ کی چنگاری
رکھنا یہ مضمون حدیث شریف کا ہے اللہ تعالیٰ نے بعد رسول خدا صلعم کے اگرچہ
بھیجنا وحی کا موقوف فرمایا ہے مگر اتنا بھی بتا دیا ہے کہ دنیا مین پہچان بہشتی دوزخی
کی یہی ہے کہ جسکے کام حتی الامکان موافق سنت و قرآن کے ہین شرک سے دور
ناموری سے علحدہ نفاق و ریا سے الگ ہے خدا سے ڈرتا ہے جہانتک بن سکتا ہے
جبراً قہراً گناہون سے واہیات باتون سے خرافات کامون سے بچتا رہتا ہے وہ
بظاہر لائق جنت ہے جو شخص نام کا مسلمان کلمہ گو ہے نہ دین سیکھتا ہے نہ کبائر سے
بچتا ہے نہ بری صحبت سے احتراز کرتا ہے عبادت مین اوسکا جی نہین لگتا عیش و عشرت
مین خوشی خاطر کھیل تماشے مین رات دن رہتا ہمیشہ تیری میری غیبت کرتا ہے عیب جوئی
مین خبر سننے مین رہتا ہے اسراف مال کرتا ہے گولولی لنگڑی نماز بھی پڑہ لیتا ہو وہ بظاہر
لائق دوزخ کے ہے حدیث شریف مین آیا ہے کُلٌّ مُیَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَہٗ یعنی ہر شخص سے
دنیا مین اوسیطرح کے کام بنتے ہین جو جس کام کے لئے بنایا گیا ہے بہشت مین جانیوالا
بہشت کیسے کام کرتا ہے ایسے ہی اعمال کے پیچھے ستو باندہکر پڑا رہتا ہے جو آخرت مین
اوسکے کام آوین دوزخ مین جانیوالا ویسے ہی کام کرتا ہے جو لائق دوزخ کے ہین
وہ انھین دھندون مین رہتا ہے کبھی توجہ طرف توبہ و عمل صالح کے نہین کرتا اوسکی

عمر کھٹتی ہے گناہ بڑھتے ہین ہان یہ بھی حدیث مین آیا ہے کہ اعتبار عمل کا خاتمہ پر ہے مگر خاتمہ بھی اوسیکا غالبًا اچھا ہوتا ہے جو اپنے فسق و فجور پر نادم ہے ہر وقت اوسکا ترک کرنا چاہتا ہے پھر چاہے یکایک ترک ہو یا نہو نا اوسکا جو ہر دن دین کے کام مین سست دنیا کے کام مین چست رہتا ہے۔ اس بھروسے پر رہنا کہ مرتے وقت توبہ کرلین گے صدقہ خیرات کرنے کو کسی سے کہہ جاوینگے ابھی تو جوانی ہے ایام عیش و کامرانی ہے اگلی عمر تو بے لطفی مین گذر گئی اب رہی سہی کو کیون تباہ کرین دو چار نکاح کرکے مزے اوٹھاوین یا نئے پرانے آشنا ؤنسے ملکر چین اوڑاوین محفلون جلسون مین وقت بہلائین یہ خود ایک علامت خاتمہ بد کی ہے قرآن شریف مین فرمایا ہے الیسون کی توبہ قبول نہین ہوتی توبہ تو اون کی قبول ہوتی ہے کہ جن سے بھول چوک مین اگر کبھی کوئی گناہ ہو جاتا ہے تو وہ جھٹ پٹ توبہ کرلیتے ہین استغفار کرنے لگتے ہین ؎

توبہ از بادہ و رایام جوانی کردم	اول مستی من بود کہ ہشیار شدم

اب ہر مرد و عورت اپنے حال کو ان آیات و احادیث پر عرض کرکے حساب لے کہ وہ ان دونون قسمون مین سے کونسی قسم کا آدمی ہے جس قسم کے اعمال اپنی ذات مین زیادہ پاوے سمجھ لے کہ یہ اسکا انجام ویسا ہی ہوگا جو اوس قسم والے کا انجام ہے کیونکہ قیامت مین ہر قسم کے گروہ کو الگ الگ کھڑا کرین گے نیکو نکا حشر ہمراہ نیکون کے ہوگا فاسق فاجرونکا حشر ہمراہ فسق والون کے ہوگا وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ اے مجرمو تم الگ ہو جاؤ ان نیکو ن مین اپنی ٹانگ نہ اڑاؤ دنیا مین جو مرد و عورت جس قسم کے مرد و عورت کا ہمنشین ہے فاسق کا یا مومن کا اوسکا حشر اوسکے ساتھ ہوگا ہر دوست اپنے دوست کے ہمراہ رہیگا اچھا دوست ہو یا بُرا عورت ہو یا مرد یہ بھی غنیمت ہے کہ اگر کوئی مرد عورت بہت سی طاعت نہ کرسکے تو جتنا گناہ سے بچ سکے بچے کہ یہ بھی ایک صورت نجات کی ہے کیونکہ مضرت کا دور کرنا نفع حاصل کرنے پر مقدم ہوتا ہے گناہ کی لذت باقی نہین

رہتی اوسکا وبال باقی رہجاتا ہے طاعت کی تکلیف بہی باقی نہین رہتی مگر اجر اوسکا باقی رہجاتا ہے افسوس اوس شخص کے حال پر ہے جسکی عمر روز بروز گھٹتی ہے گناہ بڑہتے ہین ٭

فصل بیان مین حدود و مذمت زنا و شراب وغیرہ کے

حدیث ابی ہریرہ و زید بن خالد مین آیا ہے کہ ایک شخص کا بیٹا ایک شخص کے پاس مزدور تہا اوسنے اوسکی عورت سے زنا کیا رسول خدا نے فرمایا تیرے بیٹے پر سو کوڑے اور ایک سال کے لئے شہر سے نکالدینا لازم آیا اوس عورت کے لئے فرمایا اگر اقرار کرے تو اوسکو رجم کردینا یہہ حدیث متفق علیہ ہے معلوم ہوا جسکا نکاح نہین ہوا ہے اوسکی حد زنا پر یہی ہے کہ اوسکو سو کوڑے مارین ایک سال کے لئے شہر سے نکالدین جسطرح حدیث زید بن خالد مین نزدیک بخاری کے آیا ہے اور جس مرد عورت کا نکاح ہوچکا ہے پہر اوسنے زنا کیا یہہ زنا کسی دلیل سے یا حمل سے یا اقرار زانی و زانیہ سے ثابت ہوا تو اوسپر رجم ہے یہہ مضمون حدیث عمر مین مرفوعاً آیا ہے حدیث مذکور متفق علیہ ہے یہہ حد کواری و بیاہی عورت کی کئی حدیثون مین آئی ہے چنانچہ اسی بنیاد پر رسول خدا صلعم نے ماعز بن مالک کو اور زن غامدیہ کو رجم کیا ماعز مذکور کا قصہ کئی حدیثون مین آیا ہے کنیز اگر زنا کرے تو اوسکو کوڑے مارینگے ایک دو زنا پر تیسری بار اوسکو فروخت کردینا چاہیے ایک عورت سے ایک مرد نے زبردستی زنا کیا تہا رسول خدا صلعم نے اوس عورت سے کہا تو جا اللہ تجہکو معاف کریگا اوس مرد کو رجم کیا اسکو ترمذی و ابو داؤد نے وائل بن حجر سے روایت کیا ہے معلوم ہوا عورت مجبور پر حد نہین ہے عمرو بن العاص کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جس قوم مین زنا پہیلتا ہے وہ قوم قحط مین گرفتار ہوتی ہے ۱۲ وَاٰہُ اَحْمَدُ جانور سے صحبت کرنے مین حد نہین ہے مگر اوس جانور کو قتل کرڈالنا چاہیے ۱۲ وَاٰہُ التِّرْمِذِیُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَرْفُوْعًا جس پر حد لازم آئی ہے اوسکے پیانے

ف اس حدیث کو احمد نے روایت کیا ہے

ف اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے

مین سفارش کرنا حرام ہے رسول خدا نے فرمایا جو شخص حائل ہوا اور میان شفاعت اور
کسی حد کی حد و خدا سے وہ مخالف ہوا خدا کا **فائدہ** شراب پینے پر رسول خدا
صلعم نے شاخ کھجور اور جوتون سے پٹوایا ہے چالیس بار یہہ مار پڑی متفق علیہ من حدیث
انس ایک روایت مین شرابی کو تین بار کوڑے مارنے کا چوتھی بار قتل کرنیکا حکم فرمایا
اسکو ترمذی و ابو داؤد نے جابر سے روایت کیا ہے لاٹھی چھڑی جوتون سے مارنا
مونہہ پر خاک ڈالنا بھی آیا ہے برا بھلا سخت سست کہنا بھی آیا ہے مگر قتل بار چہارم کا
منسوخ ہے حدیث ابن عمر مین وارد ہے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہر نشے والی چیز شراب
ہے ہر مسکر حرام ہے رواہ مسلم حدیث جابر مین اتنا اور زیادہ کیا ہے کہ اللہ پر عہد
ہے اس بات کا کہ جو کوئی شراب پیے گا اوسکو جہنمیون کا عرق پلاویگا اسکو بھی مسلم نے
روایت کیا ہے شرابی کی نماز چالیس دن تک قبول نہین ہوتی چوتھی بار کے پینے مین
پھر توبہ بھی قبول نہین ہوگی دوزخیون کا لہو پیپ پلایا جاویگا اسکو اہل سنن نے
ابن عمر سے روایت کیا ہے جس چیز کا بہت وزن نشہ لاوے اوسکا ایک چلو بھی حرام ہے
رواہ احمد عن عائشہ حدیث ام سلمہ مین ہر چیز مست کرنیوالی کو بھی حرام فرمایا ہے
رواہ ابو داؤد جیسے افیون و جوز وغیرہ ابن عمر کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے
تین آدمیون پر جنت حرام ہے ایک جو ہمیشہ شراب پیے دوسرا جو عاق ہو تیسرا دیوث جو
اپنی بی بی کو زنا کرنے دیتا ہے رواہ احمد و النسائی و البزار و الحاکم و قال صحیح الاسناد
شناد ابن عباس کی حدیث کا لفظ یہہ ہے کہ ہمیشہ شراب کا پینے والا جب خدا سے ملیگا تو بت
پرست ٹھہریگا رواہ احمد و احتج بہ الصحیح ابی موسی اشعری کہتے تھے میرے نزدیک
شراب پینا اور اس کہم کا پوجنا یکسان ہے رواہ النسائی جن لوگون نے شراب پی ہے
پھر توبہ نکی وہ حکم مین بت پرست و مشرک کے ہین جنت سے محروم رہین گے دوزخ مین فرون
کا پیپ پسینا پئین گے اسکو ابن حبان نے بھی اپنی صحیح مین ابن عباس سے مرفوعاً روایت

۱ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے انس کی حدیث سے روایت کیا ہے

۲ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

۳ اس حدیث کو احمد نے عائشہ سے روایت کیا ہے ۱۲

۴ اس حدیث کو ابو داؤد نے روایت کیا ہے ۱۲

۵ اس حدیث کو احمد و نسائی و بزار و حاکم نے روایت کیا ہے اور کہا کہ صحیح الاسناد ہے

۶ اس حدیث کو احمد نے روایت کیا ہے اور راوی اسکے صحیح کے راوی ہین ۱۲

۷ اس حدیث کو ان کے سوا نے روایت کیا ہے ۱۲

کیا ہے مَنْ لَقِيَ اللّٰهَ مُدْمِنَ خَمْرٍ لَقِيَهُ كَعَابِدِ وَثَنٍ ابن عمر نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا
ہے لعنت کرے اللہ شراب پر شراب پینے والے پر شراب پلانے والے پر خریدنے والے
پہنچنے والے پر نچوڑنے والے پر بنانے والے پر اوٹھانے والے پر جسکی طرف اوٹھا کر
لیجاوین اوسپر رَوَاهُ[۲] اَبُوْ دَاوٗدَ وَاللَّفْظُ لَهٗ وَابْنُ مَاجَةَ دوسری روایت مین
اوسپر بھی لعنت آئی ہے جو قیمت شراب کی لیکر کھاتا ہے یہ سب دس آدمی ہوئے جو
زبان رسول خدا صلعم پر لعون ہین شراب کا پینا سور کا کھانا دونون برابر ہین یہ مضمون بھی
حدیث مغیرہ بن شعبہ مین آیا ہے ابوداؤد نے اسکو روایت کیا ہے ابوامامہ کہتے ہین
رسول خدا صلعم نے فرمایا ایک قوم اس امت کی طعام شراب لہو لعب پر رات بسر کریگی
صبح کو یہ سب بندر سور ہوجاوین گے انمین خسف و قذف بھی ہوگا آسمان سے پتھر پڑینگے
جسطرح قوم لوط پر پڑے تھے آنپر آندہی کا عذاب بھی آویگا جسطرح قوم عاد پر آیا تھا
یہ اسلئے کہ اونھون نے شراب پی حریر پہنا گانے والیان جمع کین سود کھایا قطع رحم
کیا رَوَاهُ[۳] اَحْمَدُ مُخْتَصَرًا وَابْنُ اَبِي الدُّنْيَا وَالْبَيْهَقِيُّ حدیث ابی ہریرہ مین آیا ہے
جسنے زنا کیا یا شراب پی چھین لیتا ہے اللہ تعالیٰ اوس سے ایمان کو جسطرح کوئی انسان
اپنا کرتہ سر سے اوتار ڈالے رَوَاهُ[۴] الْحَاكِمُ ابوموسیٰ نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا تین
آدمی ہین جو جنت مین نہ جاوین گے اونمین ایک شرابی ہے جو ہمیشہ شراب پیتا ہے اسکو
اللہ نہر غوطہ سے پلاویگا پوچھا نہر غوطہ کیا ہے فرمایا ایک نہر ہے جو زانی عورتونکی شرمگاہ
سے بہتی ہے انکی شرمگاہ کی بدبو دوزخیون کو ایذا دیگی رَوَاهُ[۵] اَحْمَدُ وَاَبُوْ يَعْلٰى وَابْنُ
حِبَّانَ فِيْ صَحِيْحِهٖ وَالْحَاكِمُ وَصَحَّحَهٗ عمار بن یاسر کی حدیث مین آیا ہے کہ رسول خدا صلعم نے
فرمایا ہے تین آدمی ہین جو کبھی جنت مین نہ جاوین گے ایک دیوث دوسری مردانی عورت
تیسرے دائم الخمر صحابہ نے کہا بھلا دائم الخمر تو معلوم ہے دیوث کسکو کہتے ہین فرمایا دیوث
وہ شخص ہے جسکو کچھ پروا نہو کہ کون اوسکی جورو کے پاس آتا ہے پوچھا مردانی عورت

---

[۲] ابوداؤد کی روایت کیسی عالت مین ہے
[۳] ابوداؤد کو اور لفظ
[۴] اس حدیث کو ابن ابی الدنیا اور بیہقی نے
[۵] اس حدیث کو حاکم نے

کون ہے فرمایا جو مردون کی طرح بنے ۵۱ رَوَاہُ الطَّبْرَانِیُّ مُنذری نے کہا اسکی سند مین
مجکو کوئی راوی مجروح معلوم نہین ہے اس حدیث کے بہت شواہد ہین یہ بھی فرمایا ہے
کہ بچو شراب سے یہ کنجی ہے شر کی ۵۲ رَوَاہُ الْحَاکِمُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَرْفُوْعًا وَقَالَ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ
حدیث حذیفہ کا یہ لفظ ہے کہ شراب گرہے سارے گناہونکا عورتین جال ہین شیطان
کی ۵۳ ذکرہ رزین حدیث عثمان رضہ مین شراب کو اُمّ الخبائث فرمایا ہے یعنی ساری نجاستون
کی مان ہے ۵۴ رَوَاہُ ابْنُ حِبَّانَ فِیْ صَحِیْحِہٖ وَالْبَیْہَقِیُّ ہاروت ماروت شراب ہی پیکر زنا
مین پھنس گئے تھے یہ قصہ حدیث ابن عمر مین نزدیک احمد و ابن حبان کے آیا ہے جب
شراب نے فرشتون کو اپنے شر سے باقی نہ چھوڑا تو پھر کسی آدمی کی کیا ہستی ہے خصوصًا
عورت کی جو نہ عقل رکھتی ہے نہ دین بے وقوف ذات ہوتی ہے صحابہ شرابخواری کو
برابر شرک کے ٹھیراتے تھے اسکو طبرانی نے ابن عباس سے روایت کیا ہے رجال سند کے
رجال صحیح ہین انس بن مالک کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے جنے چھوڑا دنیا کو
اور وہ مست تھا داخل ہوگا قبر مین اور وہ مست ہوگا قبر سے بھی مست ہی اوٹھیگا دوزخ
مین بھی مست ہی جاویگا وہان ایک نہر ہے پیپ ولہو کی وہ نہر اوسکا کھانا پینا ہوگا
جب تک کہ آسمان وزمین ہے ۵۵ رَوَاہُ الْاَصْبَہَانِیُّ وَاَظُنُّہٗ فِیْ مُسْنَدِ اَبِیْ یَعْلٰی اَیْضًا
یعنی ع چو میرد و مبتلا میرد چو خیزد و مبتلا خیزد ۵۶ دوسری روایت انس مین مرفوعًا یون
آیا ہے کہ جب حلال سمجھ لیا میری امت نے پانچ چیزون کو تو اب یہ ہلاک ہوگی ایک
ظاہر ہونا لعنت کا دوسرے پینا شراب کا تیسرے پہنا ریشم کا چوتھے اختیار کرنا گانیوالیونکا
پانچوین اکتفا کرنا مردونکا مردون سے عورتونکا عورتون سے ۵۷ رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ
اب یہ پانچون کام امت مین بڑی دھوم دھام سے ہوتے ہین رافضی صحابہ پر لعنت
کرتے ہین بی بیان شوہرون پر لعنت کرتی ہین مردون سے زیادہ عورتین شراب
پیتی ہین خصوصًا آسودہ گھر والیان انمین ایسی بھی ہین جنکے یہان مان باپ دادا

۵۱ اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا ہے ۱۲
۵۲ اس حدیث کو حاکم نے ابن عباس سے مرفوعًا روایت کیا ہے اور کہا کہ صحیح الاسناد ہے ۱۲
۵۳ اس حدیث کو رزین نے ذکر کیا ہے ۱۲
۵۴ اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی صحیح مین اور بیہقی نے روایت کیا ہے ۱۲
۵۵ اس حدیث کو اصبہانی نے روایت کیا ہے اور مین اس حدیث کی نسبت خیال کرتا ہون کہ مسند ابی یعلی مین بھی ہے ۱۲
۵۶ اس حدیث کو بیہقی نے روایت کیا ہے ۱۲

دادی نانا نانی کے وقت سے زنا کاری شراب خواری بھنگ نوشی بے شرمی لعنت بازی
چلی آتی ہے انکے مرد حریر پہنتے ہین گہر مین ڈومنیون میراثنون کا دخل رہتا ہے
خود بہی گاتے بجاتے ناچتے ہین اور دوسرے گواتے بجواتے نچواتے ہین ایسے مرد تو اکثر اغلام
کرتے ہی ہین انکی بی بیان کبہی امتحاناً عورتون سے مشغول ہوجاتی ہین کہ تبدیل ذائقہ
مضائقہ ندارد **فائدہ** مسلمان کا خون کرنا حرام ہے مگر تین بات پر منجملہ
اوسکے ایک زنا کرنا ہے ۔ رواہ البخاری ومسلم وابوداؤد والترمذی والنسائی
یعنی جان سی عزیز چیز اس زنا پر لے لیجاتی ہے رسول خدا نے فرمایا ہے اسکی سبب
عرب کی مین ڈرتا ہون تمپر زنا چہپی شہوت سے ۔ رواہ الطبرانی باسناد صحیح عن
عبداللہ بن شدید چہپی شہوت یہہ ہے کہ مثلاً شوہر سے کہے مجہکو رغبت طرف صحبت کے
نہین ہے مگر بی تکنی پہرے ہمرد نہین بیٹہکر ہنسے بولے جلسے کرے گانا بجانا رکہے کہیل تماشے
مین رہے ایسی عورت کو بہی حکم زانیہ کا ہے کیونکہ اگر یہہ چہپی شہوت نہین ہی تو وجہ اس
آرائش پیرائش کی باوجود نفرت کے شوہر سے کیا ہے اسلیئے اس حدیث مین رسول خدا
صلعم نے ایسی عورتونکو بلفظ کسبی خطاب کیا ہے لفظ حدیث کا یا بغایا العرب ہے
مراد وہی عورتین ہین جو شوہرون سے بہاگتی ہین چہپ کر زنا کرنا چاہتی ہین حدیث
ابن عمر مین مرفوعاً آیا ہے کہ زنا سے محتاجی آتی ہے ۔ رواہ البیہقی یعنی جسکو زنا کی عادت
ہوجاتی ہے مرد ہو یا عورت وہ اپنا مال حرام کاری مین صرف کرتا ہے دنیا مین تو
مال گیا فقیر آیا پہر وقت محتاجی کے کوئی اوسکو نہین پوچہتا ع فحبہ چون پیر شود پیشہ
کند دلالی ۔ پہر آخرت مین ایمان الگ گیا بلکہ جس سلطنت ریاست مین زنا کا رواج ہوجاتا ہے
آخر کو وہ دولت وحکومت زائل ہوجاتی ہے بہت جگہہ ایسا ہی دیکہا گیا ہے رسول خدا
صلعم نے خواب مین دیکہا کہ ایک تنور ہے جسکا مونہہ تنگ پیٹ بڑا اوسمین آگ بہڑک رہی
ہے جب شعلہ اوٹہتا ہے تو وہ لوگ بہی اوسکے ساتہہ اوٹہتے ہین قریب ہے کہ باہر نکل

۱ اس حدیث کو بخاری و مسلم و ابوداؤد و ترمذی و نسائی نے روایت کیا ہے
۲ اس حدیث کو طبرانی نے باسناد صحیح روایت کیا ہے
۳ اس حدیث کو بیہقی نے روایت کیا ہے

یہاگین جب شعلہ بجہہ جاتا ہے تو وہ اوس تنور مین گر پڑتے ہین یہہ زانی عورتین زانی مرد ہین دوسری روایت کا لفظ یہہ ہے کہ وہ اوس تنور کے اندر فریاد واویلا غل غپاڑا کرتے ہین ننگے مرد عورت جمع ہین نیچے سے آگ انکو اوپر کیطرف اوچہالتی ہے یہہ حدیث بخاری کی ہے ابوہریرہ نے کہا رسول خدا صللم نے فرمایا ہے تین شخص ہین جنسے خدا دن قیامت کے بات نکریگا نہ اونکو پاک کریگا نہ اونکی طرف آنکہہ اوٹہا کر دیکہیگا بلکہ اونکو عذاب الیم ہوگا ایک بوڑہا زانی یعنی مرد ہو یا عورت دوسرا بادشاہ دروغ گو یعنی مرد ہو یا عورت تیسرا فقیر متکبر رواہ مسلم والنسائی اسکو طبرانی نے بھی اوسطمین اس لفظ سے روایت کیا ہے لَا یَنْظُرُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اِلَی الشَّیْخِ الزَّانِیْ وَلَا الْعَجُوْزِ الزَّانِیَۃِ یعنی اللہ دن قیامت کے طرف بوڑہے مرد زانی بوڑہی عورت زانیہ کے نظر رحمت نکریگا جب رحمت کی نظر نہ کی تو ضرور ہے کہ قہر وغضب کی نظر کریگا مرد عورت جب پچاس کے اندر آگیا شرعاً بوڑہا ٹہیرا اب اگر زانی ہے تو اوسکی سزا یہی ہے جو مذکور ہوئی بلکہ جو چالیس برس سے آگے بڑہا وہ بھی بوڑہا ہے ؎

چہل سال عمر عزیزت گذشت　　مزاج تو از حال طفلی نگشت

مگر اب تو بوڑہے مرد بوڑہی عورتین جوانون سے زیادہ شوق زناکاری کا رکہتے ہین چالیس کا کیا ذکر ہے پچاس کے لگ بہگ تک بہی وہی اوج موج رہتی ہے خصوصاً خوشامدیون نے امیرونکو سمجہا رکہا ہے کہ امیر مرد ہو یا عورت بوڑہا نہین ہوتا یعنی تم مرتے دم تک شراب پیے جاؤ زنا کرتے رہو دل خوش رکہو بوڑہے تو غریب لوگ ہوتے ہین جنکو کوئی سامان عیش عشرت کا میسر نہین ہے بریدہ نے کہا رسول خدا صللم نے فرمایا ہے ساتون آسمان ساتون زمینین بوڑہے زانی پر لعنت کرتے ہین بدبو ان کی شرمگاہ کی ساری اہل نار کو ستاویگی رواہ البزار یعنی خواہ مرد ہو یا کوئی عورت حدیث انس بن مالک کا لفظ مرفوع یہہ ہے کہ مقیم زنا پر ایسا ہے جیسے بت پرست رواہ الخرائطی

۱؎ اس حدیث کو مسلم وغیرہ نے روایت کیا ہے ۱۲

۲؎ اس حدیث کو بزار نے روایت کیا ہے ۱۲

۳؎ اس حدیث کو خرائطی وغیرہ نے روایت کیا ہے ۱۲

وَ عَنْ مُنذری نے کہا جب شرابی مثل بت پرست کے سامنے خدا کے جاویگا تو اسمین کچھ شک نہین ہے کہ زناکاری شراب خواری سے کہین بڑہکر سخت و بدتر ہے میمونہ کہتی ہین مین نے رسول خدا صلعم کو سنا فرماتے تھے یہ امت ہمیشہ خیریت سے رہیگی جب تک کہ زنا نہ پھیلیگا جب زنا پھیلا ولد الزنا پیدا ہوئے تو اب قریب ہے کہ اللہ تعالی ان سب پر عذاب ڈالے رَوَاہُ اَحْمَدُ وَ اِسْنَادُہٗ حَسَنٌ وَ اَبُوْ یَعْلٰی اَیْضًا بِنَحْوِہٖ یہ عذاب بعض سلطنتون پر آچکا ہے سنتی تھے یا شیعہ حدیث مرفوع ابی ہریرہ مین آیا ہے کہ جس عورت نے داخل کیا کسی قوم مین ایسے شخص کو جو اونمین سے نہین ہے تو یہ عورت نزدیک خدا کے کچھ بھی نہین ہے اللہ اسکو جنت مین داخل نہ کریگا رَوَاہُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَ النَّسَائِیُّ وَ ابْنُ حِبَّانَ فِیْ صَحِیْحِہٖ رسول خدا صلعم تو یون فرماتے ہین مگر اب سلاطین و رؤسا کے یہان یہ ہوتا ہے کہ جس عورت نے انکے باپ یا چچا یا دادا یا کسی بھائی بند سے زناکر کے بچا جنا ہے اوس عورت کی بہت قدر ہوتی ہے اسلئے کہ اوسنے اونکو خوش رکھا اونسے حرام کرایا اونکے لئے بچا جنا خواہ اونکے نطفے کا تھا یا دوسرے کا یہ رشتہ سچے رشتے سے بھی بڑہکر سمجھا جاتا ہے زنا تو برا ہی ہے مگر زن ہمسایہ سے زناکرنا اور بھی بدتر ہے حدیث ابن مسعود مین مرفوعاً آیا ہے کہ بڑا گناہ یہ ہے کہ آدمی اپنے ہمسایہ کی جورو سے زناکرے رَوَاہُ الشَّیْخَانِ وَ اَھْلُ السُّنَنِ اس گناہ کو اس حدیث مین ہمراہ شرک و قتل ولد کے ذکر فرمایا ہے گویا یہ گناہ شرک و قتل کے جوڑ کا ہے مقداد بن اسود کا لفظ یہ ہے کہ رسول خدا صلعم نے اپنے اصحاب سے فرمایا اگر کوئی آدمی دس عورتون سے زناکرے یہ گناہ ہلکا ہے اوس گناہ سے کہ زن ہمسایہ سے حرام کرے رَوَاہُ اَحْمَدُ وَ رِوَاتُہٗ ثِقَاتٌ وَ الطَّبْرَانِیُّ فِی الْکَبِیْرِ وَ الْاَوْسَطِ ہمسایہ کی حد چالیس گھر تک ٹھیرائی ہے امرار کو دیکھو ہمسایہ کا کیا ذکر ہے جو اہل قرابت انکی ہمسائگی مین رہتے ہین یا محارم انکے گھر مین آتی جاتی ہین یہ اونھین کو نہین چھوڑتے بے تکلف حق صلہ رحم

۱ اس حدیث کو ابو یعلی نے بھی ایسا ہی روایت کیا ہے
۲ اس حدیث کو ابو داود و نسائی و ابن حبان نے اپنی اپنی صحیح مین روایت کیا ہے
۳ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے
۴ اس حدیث کو احمد و طبرانی نے روایت کیا ہے

ادا کرتے ہین سچ ہے اَلْخَبِیْثَاتُ لِلْخَبِیْثِیْنَ وَالْخَبِیْثُوْنَ لِلْخَبِیْثَاتِ **فائدہ** ابن عباسؓ کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے اے جوانو قریش کے بچاؤ تم اپنی شرمگاہونکو تم زنا نہ کرو جو کوئی اپنے ستر کو بچاویگا اوسکے لئے جنت ہے رَوَاہُ الْحَاکِمُ وَالْبَیْہَقِیُّ وَقَالَ الْحَاکِمُ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِہِمَا بیہقی کی روایت مین اتنا اور زیادہ کیا ہے کہ جو بچا رہا جوانی مین یعنی زنا سے وہ بہشت مین داخل ہوگا اسیطرح حدیث ابی ہریرہ مین مرفوعاً آیا ہے کہ جس عورت نے اپنی شرمگاہ بچائی شوہر پر قناعت کی جس دروازے بہشت سے چاہے جنت مین جاوے سہل بن سعد کی حدیث مین یہ فرمایا ہے جو کوئی ضامن ہو میرے لئے اوس چیز کا جو درمیان اوسکے جبڑے اور دونون پاؤن کے ہے یعنی زبان و شرمگاہ کا مین ضامن ہون واسطے اوسکے جنت کا رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَاللَّفْظُ لَہٗ وَالتِّرْمِذِیُّ وَغَیْرُہُمَا عورتونکی تو زبان تہمتی ہے نہ شرمگاہ بچتی ہے اور ہر تو لعن طعن بدزبانی شرانجواری غیبت جھوٹ کا زور رہتا ہے اور ہر زناکاری مساحقت وغیرہ کا شور اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا ابوہریرہ کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا جسکو خدا نے زبان و فرج کے شر سے بچایا وہ داخل جنت ہوا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَحَسَّنَہٗ ابو رافع کا لفظ یہ ہے مَنْ حَفِظَ مَا بَیْنَ فَقْمَیْہِ وَرَجْلَیْہِ دَخَلَ الْجَنَّۃَ رَوَاہُ الطَّبْرَانِیُّ بِاِسْنَادٍ جَیِّدٍ مراد فقمین سے جبڑا ہے ایک روایت طبرانی مین یون آیا ہے حضرتؐ نے فرمایا کیا مین تمکو ایسے دو کام نہ بتاؤن کہ جو کوئی اونکو کرے وہ بہشت مین جاوے کہا ہان فرمایا زبان و فرج کو نگاہ رکھو **فائدہ** بعضی عورتین شوہرونکو زہر دیتی ہین یا دوسرے کے ہاتھ سے دلوا دیتی ہین حالانکہ قتل نفس کبائر مہلکات مین سے ہے اسکو رسول خدا صلعم نے ہمراہ شرک و سحر و ربا وغیرہ کے ذکر کیا ہے اَخْرَجَہُ الشَّیْخَانِ وَاَبُوْ دَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ یہی حکم جادو کرنے کا ہے عورتین جادو ٹونون مین بھی بہکی کرتی ہین کوئی جادو شوہر کے غلام بنانے کے لئے کرتی کراتی ہے کوئی شوہر کے

---

۱ خبیث عورتین واسطے خبیث مردون کے ہین اور خبیث مرد واسطے خبیث عورتون کے ہین سورہ نور رکوع ۳ پارہ ۱۸

۲ اس حدیث کو حاکم و بیہقی نے روایت کیا ہے حاکم نے کہا ہے یہ حدیث بخاری و مسلم کے شرط پر ہے ۱۲

۳ اس حدیث کو بخاری و ترمذی و غیرہما نے روایت کیا ہے اور لفظ بخاری کا ہے ۱۲

۴ اے اللہ نگاہ رکھ ہمکو ۱۲

۵ اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور حسن کہا ہے ۱۲

۶ جو کوئی نگاہ رکھے اپنی جبڑون اور رانون کے بیچ کو داخل ہوگا جنت مین اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا ہے ۱۲

۷ اس حدیث کو بخاری و مسلم و ابو داؤد و نسائی نے روایت کیا ہے ۱۲

ہلاک کرنے کے لئے حالانکہ حدیث براء بن عازب مین آیا ہے کہ ساری دنیا کا مٹ جانا
اللہ پر آسان ہے مومن کے ناحق قتل کرنے سے ۔ رواہ ابن ماجۃ باسناد حسن
۔ رواہ البیہقی والاصبہانی مومن بہی کون جس سے نکاح ہوا ہے دوسری روایت
مین اتنا اور زیادہ کیا ہے کہ اگر سارے آسمان و زمین والے کسی ایک مومن کے خون
مین شریک ہونگے تو اللہ اون سبکو دوزخ مین ڈالیگا ۔ رواہ الترمذی وقال حدیث
حسن غریب طبرانی کا لفظ صغیر مین اس جگہہ اس طرح پر ہے کہ لو ان اہل السموات
والارض اجتمعوا علی قتل مسلم لکبہم اللہ جمیعا علی وجوہہم فی النار ابن عمر
کہتے ہین رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے لزوال الدنیا اہون علی اللہ من قتل رجل مسلم
۔ رواہ مسلم والنسائی والترمذی یعنی ساری دنیا کا زوال آسان ہی خدا پر
مگر قتل کرنا مرد مسلمان کا آسان نہین یہہ حکم اجنبی مسلمان کا ہے پھر جس مسلمان سے
ایسا رشتہ قوی ہو کہ اوسکی اطاعت اس عورت پر فرض ہے جیسے شوہر تو اوسکے قتل
کرنیکا کہو کس قدر گناہ ہوگا ابی ہریرہ کی حدیث مین آیا ہے جسنے آدہا لفظ بھی کسی
مومن کے قتل مین مونہہ سے نکالکر مدد کی تو جب وہ اللہ سے ملیگا اوسکی دونون
آنکہون کے بیچ مین یہہ لکہا ہوگا کہ یہہ خدا کی رحمت سے ناامید ہے ۔ رواہ ابن ماجۃ
والاصبہانی جو عورتین حمل ساقط کر دیتی ہین بچے مین جان پڑچکی ہوتی ہے تو اس
گناہ کی سزا بہی برابر قتل ہی کے ہے جیسے ایک مسلمان کو تلوار سے زہر سے الماس سے
قتل کیا ویسا ہی یہہ قتل بہی ہوا حلال کا تو کچہہ گناہ ہی نہ پوچہو زنا کرنے والیان ولد الزنا
کو اکثر گلا گہونٹ کر یا زہر کی گہٹی پلاکر قتل کر ڈالتی ہین یا حمل ہی مین ادویہ گرم کا استعمال
کرکے ساقط کرنا چاہتی ہین آپنے زنا کے سوا ایک گناہ عظیم اس قتل کا بہی ثابت ہو جاتا ہے

فائدہ بعضی عورتین شوہر سے یا کسی اور سے لڑبہڑکر اپنی جان ہلاک کر دیتی ہین
حرام موت مرجاتی ہین انکے لئے ابدالآباد تک جہنم مقرر ہوچکی ہے زہر کہاکر مرین یا افیون

اس حدیث کو ابن ماجہ نے روایت کیا ہے

اس حدیث کو بیہقی نے روایت کیا ہے

اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے

اس حدیث کو اصبہانی نے روایت کیا ہے

پیکر یا کوئین مین گر کر یا ہتیار سے پیٹ مار کر یہہ مضمون حدیث شیخین مین روایت
ابی ہریرہ سے آیا ہے ایسے مرد و عورت پر حکم نماز جنازہ پڑہنے کا نہین ہے اس سے
معلوم ہوتا ہے کہ یہہ حرکت کفر کی ہے اسلام سے باہر کر دیتی ہے ایک شخص نے اپنی جان
کو قتل کیا تہا رسول خدا صلعم نے فرمایا حَرَّمَتْ عَلَيْهِ الْجَنَّةُ یعنی بہشت اسپر حرام ہو گئی
رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ معلوم ہوا ایسے شخص کے حق مین
یہہ کہنا کہ وہ جہنمی ہے درست ہو سکتا ہے **فائدہ** عورتون مین ایک مرض یہہ بھی
ہوتا ہے کہ چہوٹے گناہون کا ڈر نہین رکہتی ہین اوسکے انجام سے بالکل غافل بے پروا
رہتی ہین حالانکہ حدیث مین آیا ہے کہ شیطان اس بات سے نا امید ہو چکا ہے کہ زمین
عرب مین بت پرستی کیجاوے لیکن وہ تم سے حقیر کامون پر راضی ہو جاویگا یہہ حقیر
کام دن قیامت تمکو ہلاک کرنے والے ہین رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ وَأَبُو يَعْلَى
وَاللَّفْظُ لَهُ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ کا لفظ یہہ ہے تم بچتے رہو چہوٹے حقیر گناہون سے جب ان
حقیر کامون پر پکڑ ہوگی تو یہہ تمکو ہلاک کر دینگے رَوَاهُ أَحْمَدُ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَهْ بِمَعْنَاهُ فِي
الصَّحِيحِ حدیث عائشہ مین اِس لفظ سے آیا ہے اے عائشہ تو بچا آپکو محقرات ذنوب
سے کہ انکے لیے ایک طالب ہے طرف سے خدا کے رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ وَابْنُ
مَاجَةَ وَابْنُ حِبَّانَ فِي صَحِيحِهِ ایک روایت مین بجائے ذنوب لفظ اعمال بھی آیا ہے
رسول خدا صلعم حضرت عائشہ کو بہت چاہتے تہے اِسلیے اونکو یہہ بتا دیا کہ تم چہوٹے
کامون حقیر گناہون کو ہلکا نہ سمجہو ان سے بچتی رہو انپر بہی پکڑ ہوگی پہر جو کوئی عورت
بڑے گناہون سے بہی نہ بچی تو اوسکے انجام کا خدا ہی حافظ ہے **فائدہ** حدیث
ابی ہریرہ مین آیا ہے کہ رسولخدا صلعم نے فرمایا بچو سات چیزون سے جو ہلاک کرنے
والی ہین پوچہا وہ کیا ہین فرمایا شرک کرنا ساتہہ خدا کے جادو کرنا قتل کرنا اوس
جانکا جسکو خدا نے حرام کیا ہے مگر حق سے کہانا سود کا کہانا مال یتیم کا بہاگنا دن

نوٹ ۱ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے جندب بن عبد اللہ سے روایت کیا ہے ۱۲

نوٹ ۲ اس حدیث کو احمد و طبرانی و بیہقی و ابو یعلی نے روایت کیا ہے اور لفظ ابو یعلی کا ہے ۱۲

نوٹ ۳ اس حدیث کو احمد نے روایت کیا ہے اور راوی اسکے صحیح مین ہیں ۱۲

نوٹ ۴ اس حدیث کو نسائی و ابن ماجہ و ابن حبان نے اپنی اپنی صحیح مین روایت کیا ہے اور لفظ نسائی کا ہے ۱۲

لڑائی کی تہمت لگانا بیاہی ایماندار غافل مزاج عورت کو متفق علیہ ابن عمرؓ کی حدیث
مین فرمایا ہے چار چیزین ہین کہ جس کسی مین ہون وہ خالص منافق ہے جسمین ایک ہو
اوسمین ایک ہی خصلت نفاق کی ہے جب تک کہ وہ اوسکو چھوڑ نہ دے امانت مین خیانت
کرنا بات چیت مین جھوٹ بولنا عہد کرکے توڑ ڈالنا جھگڑے مین گالی بکنا متفق علیہ
اکثر عورتون مین یہ چارون خصلتین جمع ہوتی ہین ورنہ دو ایک تو ضرور ہی پائی جاتی
ہین حذیفہؓ کہتے ہین نفاق تو زمانہ رسول خدا صلعم مین تھا اب تو کفر ہے یا ایمان اسکو
بخاری نے روایت کیا ہے معلوم ہوا کہ آجکل کا نفاق بمنزلہ کفر کے ہے ابو امامہ
نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے حیا و کم سخنی دو شعبے ہین ایمان کے بدزبانی و تیزی
بات کی دو شعبے ہین نفاق کے رواہ الترمذی یہ دونون شعبے یعنی بدزبانی و بیان عورتون
مین زیادہ ہوتے ہین جسطرح دو شعبے اول یعنی حیا و کم سخنی مردون مین زیادہ ہین
حدیث ابی ثعلبہ مین مرفوعاً آیا ہے سب سے زیادہ دشمن تم مین نزدیک میرے اور
زیادہ دور مجھ سے وہ شخص ہے جو بداخلاق ہے جسکی زبان فرفر چلتی ہے مونہہ بھر
کے باتین کرتا ہے رواہ البیہقی یہ وصف بھی زنان آسودہ مین سب سے زیادہ
ہوتا ہے انکی زبان انکے قابو مین نہین ہوتی رات دن بکواس کیا کرتی ہین حدیث جابر مین
ہے کہ راگ سے دلمین نفاق پیدا ہوتا ہے رواہ البیہقی رسول خدا صلعم فرماتے ہین
آدمی بعضا کلمہ ناراضی خدا کا مونہہ سے نکال بیٹھتا ہے کچھ اسکی پروا نہین کرتا مگر اوسکے سبب
سے جہنم مین جا گرتا ہے رواہ البخاری عن ابی ہریرۃ ایسے کلمے زبان سے عورتون کے
اکثر راتدن نکلا کرتے ہین جہنم مین سب سے زیادہ یہی قوم ہوگی یہ بھی فرمایا ہے کہ
صدیق کو لائق نہین کہ لعنت کرے رواہ مسلم عن ابی ہریرۃ دوسری روایت ابی الدرداء
مین ہے کہ لعنت کرنیوالے نہ گواہ ہونگے نہ شفیع دن قیامت کے رواہ مسلم سخن حسن
بہشت مین نجاویگا یعنی وہ شخص جو چپ کر لوگون کی بات سنتا ہے متفق علیہ عن جدیفہ

۱ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے
۲ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے
۳ اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا ہے
۴ اس حدیث کو بیہقی نے روایت کیا ہے
۵ اس حدیث کو بیہقی نے روایت کیا ہے
۶ اس حدیث کو بخاری نے روایت کیا ہے
۷ اس حدیث کو بیہقی نے روایت کیا ہے
۸ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے
۹ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے

جو شخص لوگون کے بیچمین پڑکر اچھی بات کہکر صلح کرادے وہ جھوٹا نہین ہے یہ حدیث ام کلثومؓ کی بھی متفق علیہ ہے مقداد بن اسود کی حدیث مین مرفوعاً آیا ہے خاک ڈالو مونہہ مین تعریف کرنے والون کے یعنی خوشامدیون کے جو جھوٹی مدح کیا کرتے ہین رواہ مسلم یہ مرض ملوک وامرا اور روسا مین ہر جگہہ موجود ہے انکے پاس بدون خوشامد وجھوٹ بولنے کے کام نہین چلتا بدترین مردم نزدیک اللہ کے دن قیامت کے وہ شخص ہے جسکو لوگ بسبب اوسکے شر و فساد کے چھوڑدین متفق علیہ من حدیث عائشہ آنحضرت صلعم نے فرمایا خرابی ہے اوس شخص کی جو باتین بناکر لوگون کو ہنساتا ہے ویل لہ رواہ احمد والترمذی والدارمی عن حکیم ابن معاویہ مرفوعاً آیا ہے مومن نہ طعن کرتا ہے نہ لعن نہ فحش بکتا ہے نہ زبان درازی کرتا ہے رواہ الترمذی والبیہقی معلوم ہوا کہ طعن ولعن وبدزبانی خلاف طریقۂ ایمان ہے فاسق کی مدح کرنے سے خدا کو غصہ آتا ہے عرش ہلجاتا ہے اسکو بیہقی نے انس سے روایت کیا ہے امیر لوگ راتدن فاسق بھائی بندون اپنے دوستون کی تعریف کیا کرتے ہین خدا کو غصے مین لاتے ہین عرش کو ہلا دیتے ہین برے ہمنشین سے تنہا بیٹھنا اچھا ہے اسکو ابوذر نے مرفوعاً ذکر کیا ہے اخرجہ البیہقی چپکا رہنا ساٹھ برس کی عبادت سے بہتر ہے اسکو بیہقی نے عمران بن حصین سے مرفوعاً روایت کیا ہے فرمایا بدترین بندے وہ ہین جو چغلخوری کیا کرتے ہین دوستون مین جدائی ڈالتے ہین رواہ احمد والبیہقی عن عبادۃ حدیث ابی سعید وجابر مین آیا ہے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا غیبت زنا سے بھی بدتر ہے پوچھا کسلئے کہا اسلئے کہ آدمی زنا کرکے توبہ کرتا ہے اللہ اوسکی توبہ قبول فرماتا ہے غیبت والے کی مغفرت نہین ہوتی جب تک کہ وہ نہ بخشے جسکی اسنے غیبت کی ہے ایک روایت مین یون آیا ہے کہ غیبت والے کے لئے توبہ نہین ہے اسکو بیہقی نے روایت کیا ہے اگرچہ دنیادار مرد بھی غیبت مین مبتلا رہتے ہین مگر سب سے زیادہ یہ بیماری عورتون مین ہوتی ہے

اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

اس حدیث کو بخاری ومسلم نے عائشہ سے روایت کیا ہے ۱۲

خرابی ہو اوسکو خرابی ہو اوسکو اس حدیث کو احمد وترمذی وداری حکیم سے روایت کیا ہے ۱۲

اس حدیث کو ترمذی وبیہقی نے روایت کیا ہے ۱۲

اس حدیث کو بیہقی نے نکالا ہے ۱۲

اس حدیث کو احمد وبیہقی نے عبادہ سے روایت کیا ہے ۱۲

غیبت گویا انکی عبادت ہے سو یہی عبادت انکو توبہ سے محروم رکھکر جہنم مین لیجاتی ہے غیبت
زندے کی ہو یا مردے کی دونون کا ایکہی حکم ہے غیبت وہی بات ہے جو بُری لگے گو
سچی ہی کیون نہو جو سچی نہین ہے وہ افترا و تہمت و بہتان ہے اوسکی سزا الگ ہے غیبت
کا کفارہ یہہ ہے کہ اوسکے لئے جسکی غیبت کی ہے استغفار کرے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَہٗ
کہے اسکو بیہقی نے انس سے روایت کیا ہے مگر سند اِس حدیث کی ضعیف ہے فائدہ
ابو ہریرہ نے کہا رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے باز رہین یہہ لوگ فخر کرنے سے اپنے باپ
دادون پر جو مر گئے ہین وہ کویلا ہوئے جہنم کے یا حقیر تر ہین اللہ پر گبریلے سے جو جاہلیت
کو لڑکا تا پہرتا ہے اللہ تعالیٰ نے تم سے عیب و فخر جاہلیت کو دور کر دیا ہے اب تو مومن
تقی ہے یا فاجر شقی سب آدمی بنی آدم ہین آدم مٹی سے بنے ہین رواہ الترمذی و ابو داؤد
یعنی جب کہ سب بنی آدم کی حقیقت و اصل مٹی ٹھہری تو اب فخر کس بات کا ہے اگر ہے تو بزرگی
ایمان کی ہے یا بدبختی فسق و فجور کی جسکے باپ دادے کافر یا فاسق فاجر تھے اونپر
برائی مارنا اونکی تعریف کرنا لاحاصل ہے وہ تو جہنم کے کویلے ہو گئے تمہاری تعریف
و فخر سے کیا ہو گا تم جاہل ٹھہروگے ہان اگر وہ مومن دیندار یا عالم پرہیزگار تھے تو اونکا
ذکر کرنا مضائقہ نہین مگر جنکا خاتمہ ظاہری کفر شرک بدعت پر یا فسق و فجور یعنی زناکاری
شراب خواری تعزیہ سازی گور پرستی وغیرہ پر ہوا ہے اونکی تعریف کرنا جاہلیت مین
قدم رکھنا ہے ابراہیم علیہ السلام کے باپ رسول خدا صلعم کے مان باپ کفر پر مرے آمین
انکو کیا دھبا لگ سکتا ہے نوح علیہ السلام کا بیٹا لوط کی جورو دونون کافر تھے آمین
انکا کیا نقصان ہوا آدمی اپنے ایمان کو درست کرے دوسرے کے حال سے کیا غرض
تِلْکَ اُمَّۃٌ قَدْ خَلَتْ لَھَا مَا کَسَبَتْ وَلَکُمْ مَا کَسَبْتُمْ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ
یعنی اونکے اعمال اونکے لئے ہین تمہارے اعمال تمہارے لئے اونکے اعمال کا سوال تم سے
نہوگا امراض و وساوس کو ایک مرض یہہ بھی ہوتا ہے کہ آدمی اپنے آبا و اجداد کی تعریف

بیان کیا کرتے ہین کوئی اونکا اگر سچا ذکر بھی بری طرح پر کرے تو کھا جانیکو طیار ہوجاتے ہین دشمنی کرنے لگتے ہین حالانکہ خوب جانتے ہین کہ وہ فاسق فاجر تھے یا مشرک کافر اونکی موت اوسی حال مین ہوئی ہے کوئی شراب پیتے ہوئے مرا کوئی تعزیہ بناتے بناتے مرگیا کسی نے مرتے دم تک زنا کرنا نچھوڑا کوئی سود کھایا کیا کوئی کسی اور گناہ کبیرہ مین مبتلا تھا ایسی حالت مین مسلمان کو یہہ چاہیے کہ انکو برا نہ کہے تو ہرگز اچھا بھی نہ کہے سکوت کرے مثال جاوی خود خدا کا دشمن کیون بنے وہ تو اپنے اعمال کو پہونچ گئے ہین اونکے برا کہنے بھلا کہنے سے اب کچھہ فائدہ نہین ہے ہم اپنی حالت درست کرین اپنی نجات چاہیے

فائدہ ابن مسعود نے کہا رسول خدا صللم نے فرمایا ہے جسنے مدد کی اپنی قوم کی ناحق بات پر اوسکی مثال ایسی ہے جیسے کوئی اونٹ گر پڑے پڑا ہوا اپنی دم ہلاوے

۱۱ اس حدیث کو ابو داؤد نے روایت کیا ہے ۱۲

۱۲ اس حدیث کو ابو داؤد نے روایت کیا ہے ۱۲

۱۳ اس حدیث کو ابو داؤد نے روایت کیا ہے ۱۲

۱۴ اس حدیث کو بیہقی نے شعب الایمان مین روایت کیا ہے ۱۲

رواہ ابو داؤد واثلہ بن الاسقع نے پوچھا عصبیت کیا چیز ہے فرمایا یہہ ہے کہ مدد کرے تو اپنی قوم کی ظلم پر رواہ ابو داؤد امیر لوگ ہر ناحق کام مین ظلم کی بات مین اپنی قوم و قرابت کے مددگار بنجاتے ہین اسیکا نام عصبیت و تعصب و جہالت ہے جبیر بن مطعم کی حدیث مین مرفوعاً آیا ہے وہ ہم مین سے نہین ہے جو طرف عصبیت یعنی حمایت کے بلاوی نہ وہ جو اس عصبیت پر لڑے یا مرے رواہ ابو داؤد اس جگہہ گویا اسلام کی نفی کی ہے اس کام پر اللّٰھُمَّ احْفَظْنَا دوستی دشمنی ایک مسلمان کی دوسرے مسلمان سے اللہ کے لئے چاہیے نہ اپنے جی کے لئے پورا ایمان یہی ہے جب ناحق کی طرفداری ٹھیری قوم کی حمایت ہوئی تو یہہ اسلام کا ہیکو ہوا خدا و رسول سے ضد ہوئی رسولخدا صللم نے ابوذر سے فرمایا تو جانتا ہے کہ بڑی مضبوط رسّی ایمان کی کیا ہے کہا اللہ و رسول کو معلوم ہے فرمایا دوستی کرنا راہ خدا مین محبت رکھنا اللہ کے لئے دشمن ہونا واسطے خدا کے رواہ البیہقی فی شعب الایمان یعنی جب کسی سے محبت ہو یا دشمنی اپنا ہو یا بیگانہ اجنبی ہو یا رشتے دار تو اللہ ہی کے لئے ہو نہ اپنی رشتے داری برادری ذاتی مطلب کے

واسطے مگر اس مقدمے مین بھی سارے امرا و رؤسا خلاف حکم خدا و رسول کرتے ہین انکی
دوستی دشمنی غالبا مطلب تک ہوتی ہے جب مطلب نرہا دوست کو دشمن کر لیتے ہین اپنی
قرابت کے لئے اپنا دین برباد کر دیتے ہین حدیث انس مین آیا ہے آدمی اوسیکے ساتھ
ہوگا جسکو چاہتا ہے اوسکو وہی ملیگا جو اوسنے کمایا ہے یعنی اچھا یا برا رواہ الترمذی
معلوم ہوا جو مرد و عورت جس سیکو زیادہ دوست رکھتا ہے جو کچھ عمل کرتا ہے حشر اسکا
اونہین کے ساتھ ہوگا اچھون کے چاہنے والے اچھون کے ساتھ برون کے چاہنے
والے برون کے ساتھ مبعوث ہون گے فاسقون کا حشر فاسقون کے ہمراہ ہوگا
صلحا کا حشر صلحا کے ساتھ ہوگا اے اللہ ہمکو ایمان پر استقامت دے
اچھون کے ساتھ رکھ فسق و فجور سے بچا نیکون کے ہمراہ اوٹھا اپنی محبت
اپنے رسول کی محبت دے اللھم امین ٭

فصل بیان مین فاسقون کے

فسق شرع مین اسکو کہتے ہین کہ آدمی اللہ تعالی کی اطاعت سے باہر ہو جاوے خواہ کفر کرکے
یا کوئی گناہ کرکے معتزلہ کے نزدیک فاسق نہ مومن ہے نہ کافر خوارج کے نزدیک کافر
ہے شافعیہ کے نزدیک مومن ہے قرآن شریف مین کسی جگہہ فاسق سے کافر مراد
ہے کسی جگہہ منافق کسی جگہہ مرتکب صغائر و کبائر فسق کا ذکر قرآن پاک مین بہت
جگہہ آیا ہے سورہ بقرہ مین فرمایا ہے وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ یعنی جب اللہ تعالی
کوئی مثال بیان کرتا ہے تو ایمان والے اوسکو حق جانتے ہین فسق والے اوسکا انکار
کرکے گمراہ ہو جاتے ہین یہان فاسق سے مراد کافر ہین دوسری جگہہ فرمایا وَمَا يَكْفُرُ
بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ یعنی انکار نہین کرتے ہماری آیتونکا مگر فاسق یعنی یہ کفر فاسقون
ہی سے ہوتا ہے معلوم ہوا کہ فسق و کفر مین بہت قریب کا رشتہ ہے فسق کے

بعد نوبت کفر کی پہونچتی ہے اسلیئے تیسری جگہہ فرمایا ہے کہ جو کوئی حج کا ارادہ کرے
تو بیحیائی وفسق ولڑائی نہ کرے چوتھی جگہہ فرمایا ہے کہ لین دین مین کوئی کسیکو ضرر نہ پہونچائے
اگر پہونچائیگا تو یہ فسق ہوگا آل عمران مین کہا ہے اللہ تعالیٰ نے پیغمبرون سے اسبات
کا عہد لیا ہے کہ جب رسول خدا صلعم تمھارے پاس آئین تم اونپر ایمان لانا اونکی
مدد کرنا پھر جو کوئی بعد اس اقرار کے پھر جاویگا وہ فاسق ہوگا معلوم ہوا کہ خدا سے
کسی بات کا عہد کرکے پھر جانا فسق ہے فسق کفر کا بھائی ہے توبہ کرکے پھر بار بار گناہ کرنا
یہ بھی فسق ہے اہل کتاب کے حق مین کہا ہے مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفَاسِقُونَ یعنی
ایماندار انمین کم ہین فاسق بہت ہین معلوم ہوا کہ ایمان وفسق کا مقابلہ ہے فاسق کے ایمان مین
خلل ہوتا ہے وہ پکا ایماندار نہین ہے مائدہ مین پانسے کھیلنے سے منع فرماکر یہ کہا ہے
کہ یہ کام فسق ہے جس کسی کھیل مین ہار جیت ہوتی ہے وہ اوسمین داخل ہے جیسے نرد
چوپڑ بلکہ شطرنج ایسے کھیل کھیلنے والے فاسق ہین موسیٰ علیہ السلام کو جب حکم ہوا کہ تم جبارین
سے لڑو بنی اسرائیل نے انکا ساتھ نہ دیا کہا تم جاؤ تمھارا رب جائے ہم یہان بیٹھے
ہین اوسپر موسیٰ علیہ السلام نے کہا اے رب درمیان میرے اور اس قوم فاسق کے
جدائی کر یعنی انکے گناہ مین مجھہ نہ پکڑ معلوم ہوا کہ فسق سبب عذاب کا ہوتا ہے دنیا مین
ہو یا آخرت مین اس دعا کے جواب مین خدا نے فرمایا انپر بیت المقدس مین جانا حرام
ہے یہ چالیس برس جنگل مین پڑے مارے پھرینگے تو اس قوم فاسق پر کچھہ رنج نکر
معلوم ہوا کہ جب فاسقون پر کوئی بلا آفت آوے تو اوسپر رنج نکرے اگرچہ اپنی ہی قوم
کیون نہو اسلیئے کہ بنی اسرائیل موسیٰ کی قوم تھی اونپر رنج کرنے سے منع کیا دوسری
جگہہ فرمایا ہے کہ جو کوئی شخص موافق کتاب خدا کے حکم نہین کرتا ہے وہ فاسق ہے
یہ آیت حق مین انجیل والون کے اوتری ہے پھر تیسری جگہہ رسول خدا صلعم کو ارشاد
کیا ہے کہ تو حکم موافق قرآن کے کر اور بچ اسبات سے کہ کہین یہ تجھکو اس حکم کرنے سے

ف
سورہ العمران رکوع ۱۲ -
پارہ ۴ - ۱۲

باز رکھین اللہ تعالیٰ انکو عذاب کرنا چاہتا ہے انکے بعض گناہون پر اکثر یہ لوگ فاسق
ہین معلوم ہوا کہ جو کوئی کسی شخص کو قرآن کے موافق حکم کرنے سے روکے وہ لائق
عذاب ہے عذاب کفر پر ہوتا ہے نہ ایمان پر اس سے یہ نکلا کہ فسق کا نام کفر سے
زیادہ ہے ایمان سے کم ہے پھر اہل کتاب کو ایک جگہہ یہ خطاب کیا ہے کہ تم مین فاسق
لوگ بہت ہین پھر یہود کے حق مین کہا کہ اگر یہ خدا و رسول و کتاب خدا پر ایمان لاتے تو
کافرون سے کبھی دوستی نہ کرتے لیکن اکثر انمین فاسق ہین معلوم ہوا کہ ابتداء فسق کی
اہل کتاب سے ہوئی ہے پھر اسلام مین بھی یہ بلا پھیل گئی انا للہ یہ بھی معلوم ہوا کہ
کافرون سے مرد ہون یا عورت دوستی رکھنا فسق ہے ایسا فسق آخر کفر تک پہونچا دیتا ہے
ایک جگہہ سورہ مائدہ مین فرمایا ہے کہ اللہ قوم فاسق کو راہ پر نہین لگاتا یعنی جنکے جی مین
فسق رچ گیا ہے وہ ہدایت کی راہ پر نہین آتے اپنے فسق مین گھسے رہتے ہین سورہ
انعام مین فرمایا ہے اوس جانور اوس چیز کو نہ کھاؤ جسپر نام اللہ کا نہین لیا گیا یہ کھانا
فسق ہے معلوم ہوا کہ جو چیز خدا کے نام پر نہو اوسکو نہ کھاوے اگر کھاویگا تو فاسق ہو جاویگا
اسیطرح یہ بھی فرمایا ہے کہ جس چیز پر نام غیر خدا کا پکارا جاوے وہ چیز بھی نہ کھاوے
یہ بھی فسق ہے اکثر عورتین بلکہ مرد نذر غیر خدا کو کیا کرتے ہین کوئی کسی پیر کی نذر کرتا ہے
کوئی کسی قبر کی کوئی کسی نیک بی بی کی کوئی شیخ سدو زین خان کی اس قسم کی سب نذرین
داخل فسق ہین ایسے محل مین فسق کفر ہو جاتا ہے اسلئے کہ اسمین شرک کی بو آتی ہے
سورہ اعراف مین قوم نوح و ہود و عاد و ثمود و صالح و لوط و شعیب کے حقین ارشاد کیا ہے
کہ اکثر کو انمین ہمنے فاسق پایا یہی سبب ہوا اونپر عذاب اوترنیکا دنیا مین اس امت کے فاسقون پر
بھی عذاب اوتریگا مگر آخرت مین فسق و کفر مین گویا بڑی دوستی ہے فاسق سے وہی معاملہ کیا جاتا
ہے جو لائق اہل کفر کے ہے موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا سَأُرِيكُمْ دَارَ الْفَاسِقِينَ ہم دکھاتے
ہین تمکو گھر شہر فاسقو کا مراد اس گھر سے شہر مصر ہے فاسقون سے مراد اس جگہہ کافر ہین

پھر سورہ توبہ مین ارشاد کیا وَاللّٰہُ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الْفَاسِقِیْنَ اللہ ہدایت نہین کرتا
قوم فاسق کو یعنی جب فسق کسی قوم کی عادت ہو جاتی ہے تو پھر انکو راہ ہدایت کی نہین
ملتی جب راہ ہدایت کی نہ ملی تو گمراہ رہے انجام بخیر نہوا جنت سے محروم دوزخ کے مخدوم
ٹھیرے دوسری جگہہ ارشاد کیا کہ تو کہدے اسسے تم خرچ کرو خوشی یا ناخوشی سے تم سے یہ خرچ
کرنا قبول نہوگا تم ہو قوم فاسق مفسرین نے کہا ہے یہ آیت عام ہے حقین ہر اوس شخص
کے جو اپنا مال اللہ کے لئے خرچ نہین کرتا غیر اللہ کے لئے خرچ کرتا ہے دکھانے سنانے کو
فاسق فاجر عورتون کو روپیہ دینا چیز دینا اونکا نوکر چاکر رکھنا یہ سب داخل فسق ہے
اللہ تعالی اس صرف کو کسیطرح قبول نہین کرتا خواہ اپنی خوشی سے اس جگہہ صرف کیا ہے
یا ناخوشی سے کہ کسی کی مروت و خاطر سے یا اگلی دوستی سے اوسکو تنخواہ یا سالانہ دیا جاتا
ہے اگرچہ جی نہین چاہتا بعضی عورتین جو آسودہ حال ہوتی ہین وہ اپنے اگلے یاروں
کو تنخواہ دیتی ہین گو اب آشنائی کا کام اونسے نہین لیا جاتا یہ سراسر فسق ہے بڑا گناہ
ہے یہ لوگ روپیہ خرچ کرکے گناہ مول لیتے ہین یہ بھی فرمایا ہے کہ منافق لوگ فاسق
ہین یعنی جو رشتہ کفر کو فسق سے ہے وہی رشتہ نفاق کو بھی فسق سے ہے فاسق منافق
بھی ہوتا ہے منافق وہ ہے کہ دلمین کچھہ ہو اور ظاہر کچھہ کرے فاسق کا کام بدون نفاق
کے نہین چلتا اگر نفاق نہ کریگا مزے فسق کے نہین اوٹھا سکتا کھلم کھلا فسق مین یہ بات
ضرور ہے کہ میان بی بی مین فساد ہوگا دل بے فسق کئے باز نہین آتا اسلئے نفاق کرنا پڑتا
ہے کہ سانپ مرے لاٹھی نہ ٹوٹے اسلئے بعد اسکے یہ فرمایا ہے کہ اللہ نے منافق مردون
عورتون کافرون سے وعدہ کیا ہے کہ یہ ہمیشہ دوزخ مین رہینگے یہ جہنم انکے لئے
کافی ہے انپر خدا کی لعنت ہے انکے لئے عذاب دائمی ہے پھر منافق کے جنازہ پر نماز
پڑہنے سے رسول خدا کو منع فرمایا ہے کہا اونھون نے اللہ و رسول سے کفر کیا ہے
یہ مرے اوس حال مین کہ فاسق تھے معلوم ہوا کہ نفاق ایک شاخ ہے کفر کی اور فسق پر جو ناٹرا

خاتمہ ہے کچھہ لوگون نے غلط عذر بیان کرکے حلف اپنی صفائی کا کیا تھا اسلئے کہ رسول خدا
صلعم راضی ہوجاوین انکی طرف کسیطرح کا شک نہ کرین اللہ تعالی نے صحابہ کو فرمایا اگر
تم انسے راضی ہوجاؤگے تو ہوجاؤ مگر اللہ اس قوم فاسق سے کبھی راضی نہوگا معلوم
ہوا کہ فسق والے یہ بھی کرتے ہین کہ دوسرے کے راضی کرنے کو حلف کرلیتے ہین سو وہ دوسرا راضی
ہوجاتا ہے مگر خدا ایسے آدمی سے ناراض ہی رہتا ہے بعضی عورتین قسم کھاکر اپنی صفائی شوہر
سے کرلیتی ہین اگر یہ حلف سچا نہین ہے تو خدا کی ناراضی انسے قائم ہے گو بچارا شوہر صاف ہوجاوے
سورہ توبہ مین فرمایا ہے تو کہدے اگر تمھارے باپ بیٹے بھائی عورتین برادری مال جو تمنے
کمائے ہین اور سوداگری جسکی بند ہونے سے ڈرتے ہو اور حویلیان جو پسند رکھتے ہو
تمکو زیادہ عزیز ہین اللہ و رسول اور لڑنے سے اوسکی راہ مین تو انتظار کرو جب تک بھیجے
اللہ حکم اپنا اللہ راہ نہین دکھاتا قوم فاسق کو معلوم ہوا جسکو یہ چیزین پسند ہین
اللہ و رسول کی رضامندی پر مقدم ہین وہ فاسق ہے فاسق کو ہدایت نصیب نہین ہوتی
آسودہ لوگ ہمیشہ انکی خاطرداری کو اللہ و رسول کے حکم پر مقدم رکھتے ہین خصوصاً آسودہ
عورتین سو یہ سب فاسق ہین سورۂ یونس مین ارشاد کیا ہے کہ ثابت ہوگیا حکم تیرے رب کا
فاسقون پر کہ یہ ایمان نہ لاوینگے یعنی فسق و ایمان مین بیر ہے جب فسق آیا ایمان گیا
یا کم ہوگیا حدیث مین آیا ہے زنا کرنے کے وقت ایمان زانی سے الگ ہوجاتا ہے ایسا بودا
ناپورا ایمان کہو کسطرح عذاب جہنم سے بچاسکتا ہے یا دنیا کی آفت سے چھوڑا سکتا ہے
جب کسی شہر گاؤن قصبے والے فسق کی دھوم دھام مچاتے ہین تو ضرور ہی اونپر کوئی آفت
نازل ہوتی ہے ریاست و سلطنت و حکومت و دولت اسلام اکثر گھرون خاندانون سے
اسی وجہ سے جاتی رہی کہ مال و دولت پاکر فسق کرنے لگے خدا نے اونکو محتاج کردیا اوس
گھر کو مٹادیا نمونہ اسکا خاندان سلاطین تیموریہ ہند مین آنکھون سے دیکھا سورہ بنی
اسرائیل مین فرمایا ہے جب ہم چاہتے ہین کہ کھپاوین کوئی بستی حکم بھیجتے ہین وہان کے عیش

کرنیوالون کو سو وہ فسق کرتے ہین اوسمین پس ثابت ہو جاتی ہے اونپر بات تباہ و کھاڑ مارتے
ہین ہم اونکو خوب سا معلوم ہم کہ جب کسی ریاست و سلطنت کی تباہی منظور ہوتی ہے
تو وہان کے رئیس سلطان اپنے عیش مین فسق کرنے لگتے ہین جب اونھون نے فسق
کیا تو تباہی اونکی ثابت ہو جاتی ہے سورہ کہف مین ابلیس کو فاسق کہا ہے فَفَسَقَ عَنْ
اَمْرِ رَبِّہٖ معلوم ہوا کہ فسق ایک طرح کی شیطانیت ہے فاسق شیطان ہوتا ہے عورت کو
خود حدیث مین کہین شیطان کہین شیطان کا جال فرمایا ہے پھر اگر اسپر وہ عورت
فاسق بھی ہوئی تو سمجھو کہ جہنم آباد ہوگئی سورہ زخرف مین فرعون کی قوم کو قوم فاسق
فرمایا ہے اسلئے کہ فرعون نے کہا مین بادشاہ مصر ہون میرے محل کے نیچے نہرین بہتی ہین
یہ موسیٰ ایک حقیر ذلیل ضعیف آدمی ہے اسکی کیا عزت یہ تو بات بھی اچھی طرح نہین کرسکتا
قوم نے اوسکا کہنا مانا اوسپر خدا نے کہا اِنَّھُمْ کَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ معلوم ہوا نیک آدمی کو
حقیر ذلیل سمجھنا آپکو بادشاہ یا عزت دار سمجھنا فسق ہے اسسورہ عورتین غریب خاوند کو
ذلیل و حقیر سمجھتی ہین دولت و حکومت کے غرے مین کچھ ہستی اوسکی نہین جانتین
ایسی عورتین فاسق ہوتی ہین فاسق کا اطلاق کافر منافق ابلیس فرعون پر آیا ہے
ابلیس نے خوب ہی انپر قابو پایا ہے یہ فسق انکو ایکدن وہین پہونچائیگا جہان سارے
منافق کافر ابلیس پہونچین گے سورہ حٰمٓ مین ارشاد کیا ہے نہین ہلاک ہوتی مگر
قوم فاسق مفسرین نے کہا ہے مطلب اس آیت کا یہ ہے کہ خدا کے عذاب سے وہی لوگ
ہلاک ہوتے ہین جو خدا کے نافرمان ہین گناہون مین پھسے رہتے ہین دوسری جگہ یون
کہا ہے کہ اے ایمان والو اگر کوئی فاسق تمھارے پاس کسیطرح کی کوئی خبر لاوے تو تم
اوسکو خوب ٹھونک بجالو ایسا نہو کہ ناسمجھی سے اوسکی خبر کے بھروسے پر کچھ کر بیٹھو پھر آخر کو
پشیمان ہو اس حکم مین مرد و عورت دونون برابر ہین فاسق عورت کی بات کا کچھ
بھروسا نہین ہے وہ خود ہی اوس خبر وہی مین ارادۂ فساد رکھتی ہے خصوصًا

سورہ کہف رکوع ۵ پارہ ۱۵

سورہ زخرف رکوع ۴ پارہ ۲۵

جو عورتین ایسی خبر پہونچاتین جسکے سبب سے میان بی بی مین فساد پڑے اور وہ فاسق بھی ہون
تو مسلمان بی بی کو کبھی اوسکی خبر پر یقین کرنا نہ چاہئے وہ بیشک مکار فریبن ہے بہت دیکھا
ہے کہ جہان کہین بی بی، خاوند سے الگ ہوگئی ہے اوسکا سبب یہی تھا کہ بیچ کی فاسق عورتون
نے ایسا بھڑکایا کہ پھر زندگی بھر ملنے نہ دیا انا للہ تیسری جگہہ فرمایا ہے اللہ نے تمکو محبت
ایمان کی دی ہے تمھارے دلمین ایمان بس گیا ہے تمکو کفر و فسق و عصیان بُرا لگتا ہے
یعنی ایماندار مرد عورت کو کبھی فسق نہ بھاویگا اگر بھایا تو سمجھو کہ اوسکو اپنے ایمان کی
کچھہ بھی محبت نہین ہے، رہے یا جاوے مزا لوٹا تھہ سے نہ جاوے ایسی ہی صورت مین خدا نے یہ بھی
کہا ہے کہ بُرا ہے نام فسق کا بعد ایمان کے یعنی جب مومن ہوگئے اول ہی سے ایمان لاے
یا گناہ سے توبہ کرڈالے تو اب فاسقون مین اپنا نام لکھوانا بہت بُرا کام بُرا نام ہے اللہ تعالی
کسی مسلمان کو بعد ایمان و توبہ کے بدنام نہ کرے دنیا مین تو سب کی نظرون مین حقارت
ہوتی ہے گو کوئی خوف یا خوشامد یا مروت یا مطلب سے نہ کہے مگر دلمین تو ضرور ہی شخص
سمجھہ لیتا ہے کہ یہ وہی مرد وہی عورت ہے جسنے پھر فسق اختیار کیا اسکا کچھہ بھروسا نہین
ہے سورہ ذاریات مین قوم نوح علیہ السلام کو قوم فاسق فرمایا ہے آخر اونکے فسق و فجور
نے اپنے اوپر طوفان بلا ہی لیا سب کے سب ڈوب کر مرگئے پانی سے آگ مین جا پڑے
سورہ حدید مین فرمایا ہے کیا وہ وقت ابھی نہین آیا ہے کہ ایمان والونکا دل اللہ کے
ذکر کے لئے جھکے قران پر چلے یہ اوسطرح کے نہون جیسے پہلے انسے اہل کتاب تھے کہ جب
زمانہ اونکا لنبا ہوا دل اونکے پڑگئے انمین اکثر یہی فاسق تھے یہ نصیحت ہے اہل اسلام کو
کہ تم کتاب والونکی طرح نہو جاؤ کہ زیادہ جینے کے سبب سے تمھارے دل سخت ہوجاوین
تمکو خدا یاد نہ آوے جیسے وہ فاسق تھے اوسطرح تم بھی فاسق بنجاؤ خدا نے تو یہ نصیحت
کی مگر اکثر لوگون نے اس نصیحت کو بالاے طاق رکھدیا ہے خصوصًا اکثر عورتون نے
کہ یہ مثل اہل کتاب کے فاسق ہوگئی ہین انکا میل جول اہل کتاب کی عورتون سے زیادہ

رہتا ہے خوب ہی ڈانڈا مینڈا ملگیا ہے حالانکہ خاص حق مین عیسائیون کے یہ ارشاد فرمایا
ہے وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ یعنی اکثر انمین فاسق ہین پھر جنکے مرد فاسق ہوتے تو اونکی عورتون
کا کیا حال ہوگا جسکو تجربہ ہے وہ ان نیکبختون کا حال خوب ہی جانتا ہے سورۂ حشر مین
فرمایا ہے تمنے جو درخت باغ اُجاڑے ہین اللہ کے حکم سے اُجاڑے ہین اللہ ان فاسقون
کو ذلیل کرنا چاہتا ہے حدیث مین آیا ہے زانی مرد عورت ایک آگ کے تنور مین بند ہونگے
انکے شرمگاہونکی بدبو سے سارے اہل محشر کو ایذا پہونچیگی دیکھو یہ کیسی ذلت و رسوائی
ہے زنا کچھہ حرام کرنے ہی پر موقوف نہین ہے آنکھ زبان کان سے بھی زنا ہوتا ہے زنا کا
ذکر بھی گناہ ہے ایسی باتونکا کسی سے سننا بھی فسق ہے ایسی عورتون کے پاس بیٹھنا بھی
فسق ہے بڑا زنا نہ سہی چھوٹا زنا تو ضرور ہی ہے دوسری جگہہ یون ارشاد کیا ہے تم
ویسے نہو جاؤ جیسے وہ لوگ ہوگئے جو خدا کو بھول گئے پھر خدا نے اونکی جانون کو اونسے
بھلا دیا یعنی وہ اچھے کام کرنے سے باز رہگئے یہی لوگ ہین فاسق معلوم ہوا کہ فاسق
وہی ہے جسکو خدا یاد نہین آتا وہ اپنے گناہون مین ایسا سرشار ہے کہ کبھی اوسکو دیہان
نیک کام کا نہین ہوتا یا ہوتا ہے تو گاہے ماہے مگر اوسکا شغل یہی کھیل تماشا ہنسی مسخرا
چھیڑ ہنسی دل لگی صحبت فساق فجار موسمات رہتا ہے سو جسطرح یہ خدا کو بھول گئے اوسیطرح خدا
انکو بھول گیا جسکو خدا نے بھلا دیا وہ بیشک ہلاک ہوا سورہ صف مین پھر مکرر سہ کرر فرمایا
ہے کہ اللہ قوم فاسق کو راہ پر نہین لگاتا بہت دیکھا ہے کہ جن عورتون مردونکی ابتدا حالت
فسق مین ہوئی ہے اونسے مزا اوس صحبت کا نہین جاتا وہ لاکھ توبہ کرین مگر پوری
پوری راہ پر نہین آتے بار بار طرف فسق کے رجوع کرتے ہین ایسی توبہ کا خدا حافظ
ہے یہ توبہ نہوئی خدا سے ٹھٹھا ہوا توبہ تو وہی ہے کہ جس صحبت کو ترک کیا جن باتون
پر پشیمان ہوئے اب دوبارہ اوسکی ہوا بھی لگنے نہ دے چہ جائے اسکے کہ پھر وہی اوچھو
ہوا ایک زنا نہ کیا چوری نکی تو کیا ہوا سورہ منافقین مین پھر بار چہارم یہی فرمایا کہ ان اللہ

سورہ ۹ آیت ۱۱۲
پارہ ۱۱ رکوع ۲۰

سورہ منافقون رکوع ۱
پارہ ۲۸

لا یھدی القوم الفاسقین معلوم ہوا کہ فسق سے پھرنا بڑی مشکل بات ہے اللہ ہی بچاوے تو پھرے ورنہ فاسق اگر ایک گناہ کو چھوڑتا ہے تو دوسرے گناہون مین جو مثل اوسکے یا اوس سے بڑھکر ہین پھسا رہتا ہے پھر ہدایت پانے کی کیا امید کیا مشکل خصوصاً اسودہ فاسقون سے توبہ ہرگز نہین ہوسکتا کہ وہ توبہ کرکے بھی فسق سے بچ سکین یہ اور بات ہے کہ خدا کسیکا ہاتھ پکڑے بچالے یہ بڑے نصیب والونکو میسر ہوتا ہے جنکی آخرت بخیر ہونے کو ہوتی ہے سورۂ انبیا مین قوم لوط علیہ السلام کو فاسق فرمایا ہے اونکا فسق یہ تھا کہ عورتون کے عوض بے ریش لڑکون سے صحبت کرتے تھے اس گناہ پر عذاب نازل ہوا انکی قوم ہلاک ہوگئی انکی بی بی صاحبہ کٹنا پن کرتی تھین جب کہین سے کوئی لڑکا خوبصورت انکے گھر آکر مہمان ہوتا یہ قوم کو خبر کردیتین کہ لوشکار آیا اسی دھوکے مین جب ایکبار قوم نخم وشتون پر جو آمرد کی شکلون مین آئے تھے ہاتھ بڑھانا چاہا تو عذاب آہی گیا ع شکار کرنے کو آئے شکار ہوکے چلے + بی بی صاحبہ بھی عذاب مین پھنس گئین کٹنا پن رکھا رہا غرضکہ جسطرح مرد کا مرد سے صحبت کرنا حرام قطعی ہے فاعل مفعول واجب القتل ہوجاتے ہین اسیطرح عورت کا عورت سے صحبت کرنا حرام ہے دونونکی سزا ایک ہی ہے، قوم لوط نے عورتون کو چھوڑکر لڑکون سے اغلام کرنا شروع کیا تھا اس امت مین عورتون نے مردونکو چھوڑکر عورتون سے شہوت رانی نکالی ہے پھر انمین جو زیادہ چالاک ہین وہ کبھی مرد سے کبھی کسی لونڈی نوعمر سے کبھی کسی ہیجڑے سے اپنا جی خوش کرلیتی ہین یہ بھی کوئی بات ہے کہ آسودہ عورت ایک مرد یا دو مرد پر نکاح سے یا آشنائی سے قناعت کر بیٹھے میان کی خاطر یا خدا کے خوف سے اپنے مزے مین خلل ڈالے جوانی برباد کرے بدنصیب بنجاوے نہین بلکہ جسقدر ہوسکے دادِ عیاشی وفحش وفسق کی دے یہ تو تمنے سن ہی رکھا ہے کہ گناہ کبیرہ سے کوئی کافر نہین ہوتا ہے مغفرت ضرور ہی ہوجاویگی مگر یہ بھی معلوم ہے کہ گناہ کبیرہ کو اسلام مین کفر کا قاصد ٹھیرایا ہے فسق کے ساتھ ہی پیغام کفر بھی آنے

لگتا ہے ؎

قاصد ترے بارہا یار آئے	اِک ہفتہ مین تین چار آئے

اس آیت کو پڑہکر ذرا اپنا انجام سمجھہ لو بَلٰی مَنْ کَسَبَ سَیِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِیْٓئَتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ جہان جس نے کائی برائی اور گھیر لیا اوسکو خطاؤن اوسکی نے یہی ہین آگ والے یہ ہمیشہ اوسمین رہین گے بعض علمار نے کہا مراد اس برائی سے شرک ہے بعض نے کہا بلکہ کبیرہ گناہ ہے کچھہ ہی ہو انجام اس برائی کا آخر دوزخ ہی ٹھیر چکا ہے گناہ بھی جب ہر طرف سے گھیر لیتے ہین تو اوسکا خاتمہ بھی غالبًا اچھا نہین ہوتا جسطرح مشرک کا خاتمہ بالخیر نہین ہوتا ہے بعضے گناہ ایسے ہین جنکو برابر شرک کے ٹھیرایا ہے جیسے جھوٹ بولنا جھوٹی گواہی دینا ریا کرنا اکثر مرد عورت ان گناہون مین مبتلا رہتے ہین خصوصًا بدعورتین خاوند کے خوش کرنے کو تو ضرور ہی سو جھوٹ بولتی ہین جھوٹی گواہی دینے کو طیار ہو جاتی ہین جب راتدن کا یہی شغل رہا تو بہرحال مصداق اس آیت شریف کی ہو جاتی ہین سورہ نور مین تہمت زنا لگانیوالون کو فاسق فرمایا ہے یعنی جو کسی پارسا عورت پر زنا کی تہمت لگائے وہ فاسق ہے مگر پارسا ہونا شرط ہے اگر ایسی عورت کے حق مین جو فاسق فاجر مشہور ہے یا فسق کے کامون مین رہتی ہے یہ بات مونہہ سے نکل گئی کہ یہ بدکار ہے تو اس کہنے سے یہ شخص فاسق نہوگا عورت کا پردہ نکالنا یا شہر مین پھرنا یا نامحرم کے سامنے آنا یا بدذات عورتون کی صحبت مین بیٹھنا یا شراب پینا یا عشقبازی کی باتین کرنا یہ سب داخل فسق ہے جب اسنے اپنا پردہ آپ پھاڑ ڈالا تو پھر دوسرے پر کیا الہنا ہے پھر یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اون لوگون سے جو تم مین سے ایمان لائے ہین عمل نیک کئے ہین یہ وعدہ فرمایا ہے کہ ہم تمکو زمین کا خلیفہ امام بادشاہ رئیس کر دینگے پھر آخر مین یہ ارشاد کیا کہ جو کوئی اس نعمت کی قدر نہ کریگا وہی فاسق ہے دیکھو اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اکثر امیر لوگ

ایسا چھوٹا ہے مگر جرم بہت ہی بڑا دوسری جگہہ اسی سورت مین فرمایا ہے وَاَمَّا الَّذِیْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰهُمُ النَّارُ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِیْدُوْا فِیْهَا وَقِیْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝ یہ پچھلی آیت ہے قرآن شریف کی جسمین ذکر فسق کا آیا ہے گویا حکم اخیر فسق و فاسقون کا اسکو سناد یا مقدمہ نمبر زیر تجویز سے خارج ہوا اب چاہو فاسق بنے رہو چاہے مسلمان ہو جاؤ کفر کو فسق سے تعبیر کرنے مین نہایت ہی سخت وعید ہے خدا محفوظ رکھے ترجمہ اس آیت کا یہ ہے کہ رہے وہ لوگ جو فاسق ہین سو اونکا ٹھکانا آگ دوزخ ہے جبکبھی ارادہ کرینگے کہ دوزخ سے باہر نکلجاوین تو پھر اوسیکے اندر واپس پھیرے جاوینگے انسے یہ بات کہی جاویگی کہ اب چکھو تم مزا عذاب دوزخ کا جسکو تم جھٹلاتے تھے یعنی تمکو یقین نتھا کہ عوض اس فسق کے تم نار جہنم مین ڈالے جاؤگے لو اب تو یقین ہوا واقع مین فاسقون کے لئے یہ بہت بڑی بشارت ہے کہ ان کے فسق چند روزہ کا ایسا عمدہ انجام دائمی ہوا انکے کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے ؎

یان تو آرام سے گذرتی ہے	عاقبت کی خبر خدا جانے

مگر ان احمقون کو یہ نہین معلوم کہ یہان جو فی الحال آرام سے گزرتی ہے مرتے دم تک بھی یہ آرام قائم رہیگا یا نہین بڑے بڑے بادشاہ بڑے بڑے رئیس جو فسق و فجور سے آرام مین گزرانتے تھے دم بھر مین خدا نے اونکو خاک مین ملا دیا نہ وہ عیش رہا نہ وہ آرام اکثر جگہہ تو یہی ہوتا ہے شاذ و نادر امر کا ذکر نہین ہے قرآن شریف مین فرمایا ہے وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْیَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً یَّاْتِیْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا یَصْنَعُوْنَ ۝ بتائی اللہ نے کہاوت ایک بستی تھی چین امن سے چلی آتی تھی اوسکو روزی فراغت کی ہر جگہہ سے پھر ناشکری کی اللہ کے احسانونکی پھر چکھایا اللہ نے اوسکو مزا کہ اونکے تن کے کپڑے

ہوتے بھوک اور ڈر بدلا اوسکا جو کرتے تھے معلوم ہوا جس ریاست سلطنت مین فسق
وفجور ہوتا ہے اللہ کی نعمت واحسان کا شکر ادا نہین کیا جاتا تو آخر کو اونکا رزق
چھین لیا جاتا ہے محتاجی اونکو فاقہ مستی گھیر لیتی ہے ایسے بہت سے شہر ہین
جنکا یہی حال ہوا فسق نے دولت وحکومت کو زائل کر دیا پھر وہ ریاست و
حکومت خدا نے انسے لیکر دوسرون کو دیدی یہ اپنے ساتھ حسرت لیکے سب
عیش وآرام چھوڑکر خالی ہاتھ چلے گئے قال تعالیٰ كَمْ تَرَكُوا مِنْ جَنَّاتٍ
وَعُيُونٍ وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ وَنَعْمَةٍ كَانُوا فِيهَا فَاكِهِينَ كَذَٰلِكَ وَأَوْرَثْنَاهَا
قَوْمًا آخَرِينَ کتنے چھوڑ گئے باغ اور چشمے اور کھیتیان اور گھر خاصے اور
آرام جسمین تھے باتین بناتے اسیطرح اور وہ سب ہاتھ لگایا ہمنے ایک اور
قوم کو معلوم ہوا کہ جب گناہ حد سے زیادہ بڑہ جاتے ہین فسق وفجور کی کثرت
ہوتی ہے تو انجام اوسکا یہی ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اوس نعمت وگھر و باغ وزراعت
وغیرہ کو سپرد دوسری قوم کر دیتا ہے یہ نتیجہ ہے خدا کی ناشکری کا انجام ہے
ان لوگون کے فسق وفجور کرنے کا آن دونون آیتون کا مصداق ہر ملک مین
موجود ہے جو سلطنت اسلام کی بعد قوت وعزت کے زائل ہوئی اوسکا سبب
یہی تھا کہ اون لوگون نے عیش حلال کو چھوڑکر حرام لذت اختیار کی آخر خدا کی
ایسی مار پڑی کہ وہ خاندان کے خاندان ستیاناس ہو گئے جسکو ان آیتون
مین شک ہے وہ ایسا کر دیکھے معلوم ہو جاویگا کہ خدا تعالیٰ سچا ہے یا نہین
خدا کی مار مین آواز نہین ہوتی ہے تیسری آیت مین خوشخبری سنائی ہے اون
لوگون کو جو نجات پانیوالے ہین فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ
وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ جو کوئی سرکا دیگیا دوزخ سے اور داخل ہوا بہشت
مین وہ مراد کو پہونچا دنیا کی زندگی تو یہی ہے دغا کی جنس واللہ اعلم ✦ ✦

سورہ دخان رکوع ۱
پارہ ۲۵

سورہ آل عمران رکوع ۱۸
پارہ ۴

خاتمہ بیان مین گیارہ مردون کے جنکا حال روبرو رسول خدا صللم کے زبان سے گیارہ عورتون کے بیان کیا گیا تھا حضرتؐ نے سنا کچھ انکار نفرمایا


یہ قصہ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا مین آیا ہے اسکو حدیث ام زرع کہتے ہین یہ حدیث بخاری و مسلم و شمائل ترمذی وغیرہا مین آئی ہے بہت دلچسپ حکایت ہے عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کہا گیارہ عورتین بیٹھین آپسمین سبھون نے ایک مضبوط عہد و اقرار کیا کہ اپنے شوہرونکا حال کچھ نہ چھپاوین ایک نے کہا میرا شوہر کیا ہے ایک دبلے اونٹ کا گوشت ہے سخت پہاڑ کی چوٹی پر نہ زمین برابر ہے کہ اوسپر چڑہا جاوے نہ موٹا گوشت ہے کہ کوئی اوسکو اٹھالاوے یعنی بخیل و بدخلق و نالائق و بے حقیقت ہے دوسری عورت نے کہا مین اپنے شوہر کا حال ظاہر نہین کرسکتی مجھے ڈر ہے کہ مین کہین اوسکو چھوڑ نہ دون یعنی بڑا قصہ ہے مجھ سے بیان نہو سکیگا اگر اوسکا حال کہونگی تو سب کھلا چھپا عیب اوسکا ظاہر کرونگی یعنی اوسکا حال ناگفتہ بہ ہے تیسری عورت نے کہا میرا شوہر لنبا دبلا ہے اگر کچھ بولتی ہون تو طلاق دیجاتی ہون چپ رہتی ہون تو ادھر مین چھوڑی جاتی ہون یعنی احمق ہے نہ طلاق دیتا ہے نہ روٹی کپڑے کی خبر لیتا ہے چوتھی نے کہا میرا شوہر ایسا ہے جیسے مکے کی رات نہ گرم ہے نہ ٹھنڈی نہ کسیطرح کا خوف نہ کسیطرح کا رنج یعنی بہت اچھا ہے اوسکی صحبت مین کوئی برائی رنج نہین ہے پانچوین عورت نے کہا میرا شوہر گھر مین آتا ہے تو چیتے کیطرح سو رہتا ہے کچھ رنج نہین دیتا گھر سے باہر جاتا ہے تو شیر کی مانند ہے یعنی شجاع بہادر جو چیز دیتا ہے اوسکا حساب نہین پوچھتا حلیم کریم رحیم ہے چھٹی عورت نے کہا میرا شوہر جب کھاتا ہے تو سارا کھانا صاف کرجاتا ہے جب پیتا ہے تو سارا پانی سمیٹ جاتا ہے جب

سوتا ہے تو اپنا بدن لپیٹ ڈالتا ہے اپنا ہاتھ میرے کپڑے مین نہین ڈالتا کہ رنج و دکھ معلوم کرے یعنی کھا پیکر اوڑھ لپیٹ کر پڑ رہتا ہے نہ گھر بار کی خبر لے نہ بال بچونکا حال پوچھے نہ میرے دکھ درد سے خبر ہو بیل کی طرح سو کھانے پینے سونے کے کچھ خبر نہین ہوتا عورت کی بات نہین پوچھتا ساتوین نے کہا میرا شوہر جماع کرنے سے عاجز ہے یا گمراہی کے اندھیری مین ہے یعنی نامرد و شریر ہے ہر بیماری یعنی سارے جہان کے عیب اوسکے اندر موجود ہین ایسا ظالم ہے کہ یا تو تیرا سر پھوڑے یا ہاتھ توڑے یا سر اور ہاتھ دونون توڑے یعنی باوجود ان سب عیبون کے غصہ ناک بھی ہے مارنے پیٹنے ٹھوکنے کو ہر دم طیار رہتا ہے آٹھوین عورت نے کہا میرا شوہر ایسا ہے کہ اگر اوسکو چھوؤ تو جیسے خرگوش کو چھوا اوسکے پسینے کی خوشبو ایسی ہے جیسے زرنب کی زرنب ایک گھاس خوشبودار کا نام ہے یا ایک قسم کا عطر ہوتا ہے یا زعفران کو کہتے ہین یعنی نرم اندام نازک بدن خوشبودار ہے ظاہر کا بھی اچھا باطن کا بھی اچھا نوین نے کہا میرا خاوند بڑے ستون والا بڑی راکھ والا لنبے پرتلے والا گھر کی مجلس سے نزدیک رہنے والا ہے یعنی اونچے محل مین رہتا ہے غریبون کو کھانا بہت کھلاتا ہے ہمیشہ باورچیخانہ اوسکا گرم رہتا ہے لنبا ہتھیار باندھتا ہے مجلس مین بیٹھتا ہے یعنی سخی داتا ہے لنگر اوسکا جاری رہتا ہے دسوین عورت نے کہا میرے شوہر کا نام مالک ہے کون مالک جو میری اس تعریف سے بھی بہتر ہے آوسکے پاس بہت اونٹون کے شتر خانے ہین جو چرنے کو کم جاتے ہین یعنی بسبب ضیافت و مہمانی کے بہتا اونٹ ذبح ہوا کرتے ہین جنگل مین چرنے کو کم جاتے ہین جب اونٹ کے باجے کی وہ آواز سنتے ہین تو اپنے ذبح ہونیکا یقین کر لیتے ہین گیارہوین عورت نے کہا میرے شوہر کا نام ابوزرع ہے کیسا ابوزرع جسنے میرے کان زیور سے بھر دئے میرے بازو چربی سے پُر کر دئے یعنی مجھکو موٹا کیا مجھے خوش رکھا میرا جی اوس سے بہت خوش ہا اوسنے

مجھے بھیڑ بکری والو نہین پایا تھا جو پہاڑ کے کنارے رہتے تھے پھر مجھکو گھوڑے اونٹ
کھیت خرمن والون مین لاکر رکھا یعنی مین نہایت ذلیل و محتاج تھی اوس نے مجھکو
باعزت مالدار کردیا مین اوسکے سامنے بات کرتی ہون تو مجھکو برا نہین کہتا اوسکے پاس سوتی
ہون تو صبح تک سویا کرتی ہون یعنی کچھ کام نہین کرنا پڑتا پیتی ہون تو خوب آسودہ
ہوکر پیتی ہون یعنی کھانے پینے کا بہت آرام ہے ابوزرع کی ماں کیسی ہے جسکے کوٹھے
کوندے بڑے بڑے ہین جسکا گھر کشادہ ہے ابوزرع کا بیٹا کیسا بیٹا جسکے سونے
کی جگہہ یعنی خوابگاہ جیسے تلوار کا میان یعنی نازک بدن ہے ایک دست حلوا کا
اوسکو سیر شکم کردیتا ہے یعنی کم خوراک ہے بہت نہین کھاتا بیٹی ابوزرع کی کیسی بیٹی
اپنے ماں باپ کی تابعدار اپنے کپڑے مین بھرپور یعنی گداز بدن اپنی سوت کی جلانیوالی
یعنی اپنے شوہر کی پیاری اسلئے اوسکی سوت اوس سے جلتی ہے یا اوسکا حسن و جمال
و حسن خلق ایسا ہے جسکو سوت دیکھکر اوسپر حسد کرتی ہے لونڈی ابوزرع کی کیونڈی
جو ہماری بات نہ پھیلاوے ہمارا کھانا اوٹھاکر کہین نہ لیجاوے ہمارے گھر کو کوڑے
کچرے سے نہ بھرے بلکہ صاف ستھرا رکھے ابوزرع باہر نکلا دودہ کی مشکی متھی جاتی
تھی اوسنے ایک عورت کو دیکھا اوسکے ساتھ دو بچے تھے جیسے دو چیتے یعنی
خوبصورت تھے وہ دونون اوسکی گود مین اوسکے دونون انار یعنی چھاتیون
سے کھیلتے تھے پھر ابوزرع نے مجکو طلاق دیکر اوس عورت سے نکاح کرلیا مین نے
بھی بعد اوسکے ایک مرد سردار سے اپنا نکاح ثانی کیا جو گھوڑے پر جلد چڑھے ہاتھ مین
نیزہ لے یعنی سپاہی آدمی ہے شام کو بہت سے چوپائے چراگاہ سے پاس میرے لاتا
یعنی اوسکے پاس گاؤ بکری اونٹ بہت تھے جو شام کو چرکے گھر مین آتے تھے مجھکو ہر ایک
جانور کا ایک جوڑا دیا اور کہا اے ام زرع تو کھا اور اپنے لوگون کو کھلا سو اگر مین ہر وہ چیز
جو اوسنے مجھکو دی ہے جمع کرون تو چھوٹے سے چھوٹے برتن ابوزرع کو نہ پہونچے گی یعنی

دوسرے خاوند نے بھی بہت بڑا آرام دیا بہت کچھ مال اسباب بخشا مگر یہ سارا مال
اسکا برابر ایک ادنیٰ مال ابوزرع کے نہین ہوسکتا یعنی دوسرے خاوند کا
احسان پہلے خاوند کے احسان سے کمتر ہے عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہین مجھہ سے
رسول خدا صللم نے فرمایا کُنْتُ لَکِ کَاَبِیْ زَرْعٍ لِاُمِّ زَرْعٍ یعنی مین تیرے لئے محبت والفت
مین ویسا ہی ہون جسطرح ابوزرع حق مین ام زرع کے تھے یہ ترجمہ ہے ترمذی
کی حدیث کا اس حدیث کی شرح علمارنے علحدہ بھی لکھی ہے سب شروح سے جامع تر
وہ شرح ہے جو سراج وہاج شرح ملخص صحیح مسلم بن حجاج مین لکھی گئی ہے اس حدیث
کے فوائد جنکا تعلق مرد وعورت دونون سے ہے بہت ہین یہ اردو رسالہ اس لائق نہین
ہے کہ وہ سب فوائد لفظیہ ومعنویہ اسمین لکھے جاوین جو کچھہ اس رسالہ مین بطور
اختصار کے لکھا گیا ہے وہ کیا کم ہے کہین کوئی مرد عورت بلا سے کسیقدر اوسکے
موافق چلے تو اوسکی نجات آخرت ودرستی دنیا کے لئے کافی وافی شافی ہے یہ رسالہ
ماہ شوال ۱۳۰۱ ہجری کو عشرۂ اوسط مین لکھا گیا ایک ہفتہ کے اندر ختم ہوا ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
اَلَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تُتِمُّ الصَّالِحَاتُ اَلْبَاقِیَاتُ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ
مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْکَائِنَاتِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَھْلِ التُّقٰی وَالطَّھَارَاتِ
وَمَنْ تَبِعَھُمْ بِالْاِحْسَانِ وَالْحَسَنَاتِ

تمت



خاتمۃ الطبع رسالۂ نکاح از مولوی حافظ سید اعظم حسین صاحب سندیلوی

خدای برتر کو ثنائے بے انتہا و سپاس بیحد اور رسول برحق اور آل و اصحاب رسالت پر رحمت بے پایان و درود بیعد اما بعد مستفیدان ملت کو نوید افادت و رہروان امت کو مژدۂ ہدایت کہ رسالۂ ہوش افروز حکمت آموز موسوم بہ **صلاح ذات البین** **بہ بیان مالہ و زوجین** کہ سراسر حقوق زوجین کی تشریح کمال تفصیل سے باوصف اختصار کرتا ہے اور مرد و زن کو مرحلۂ حق شناسی کیطرف راہنما ہے بعد اختتام تالیف و کمال تہذیب بفرمان مؤلف عالی ہمت آفاضت طینت کاشف مکنونات حافظ معلومات حصن حصین دولت و اقبال رکن رکین شوکت و اجلال گرمی ہنگامۂ شہریاری رونق بازار کامگاری صورت آرائے اعمال عقدہ کشا آمال عالیجناب متعلی القاب نواب مستطاب **سید محمد صدیق حسن خان صاحب بہادر** زیدہ المجدد التفاخر نبرائۂ حکومت و عہد ریاست فرمانروائے عدالت و دستور دانش مشیر سکندر منشور بانوئے سعادت عنوان و آرائے دولت و ربان شہریار روشن ضمیر رہنمائے ہدایت پذیر فرخندہ خصال نوشا بمثال کرم گستر رعیت پرور عاجز نواز ظالم گداز نیسان کرم خان ہمم شمیر ظفر اقبال سپہر علیا حضرت عالی علم جناب نواب **شاہجہان بیگم صاحبہ** کرون آف انڈیا رئیس ولاور اعظم طبقۂ اعلائے ستارۂ ہند و رئیسہ بھوپال ادامہا اللہ بالعز و الاقبال بتصحیح تمام و حسن اہتمام خان مودت نشان محاسن آثار مکارم کردار محمد احمد خان صوفی اعانہ اللہ العلی الولی مطبع مشہور انام مفید عام واقع فسیحت آباد اکبرآباد مین چھپکر شائع چارسو سے روزگار ہوا اور بصارت افزائے مبصران بصیرت شعار

قطعہ

سید صدیق حسن خان سکندر فطرت		جسکی تدبیر سے آسان ہے جہانکی تسخیر
اوس سے کرتے ہین سوال آکے فقیر اور غنی		اوسکے دامن کو پکڑتے ہین صغیر اور کبیر

اوسکا انعام کرے پیر کو شاد سے جوان — اوسکی تہدید کرے مرد جوان سال کو پیر
اوسکے انصاف نے دی داد سیاست کی جہان — پائے فتنہ کو کیا زلف بتان نے زنجیر
حق سے حاصل اوسے وہ قرب کہ حیرت کے کرین — سر افلاک سر و شان مقرب تکبیر
اوسکے حساد کی صورت نظر آتی ہے جہان — دیکھتا ہے نظر رشک سے اعمی کو بصیر
شیر کو کرے ارشاد اگر لطف اوسکا — اپنی چربی سے کرے مالش پائے نخچیر
اوسکے سرمایۂ دولت کو جو دیکھے وہ گنے — ہفت گنجینۂ پرویز کو اک نقد حقیر
کیا عجب اوسکی ہدایت سے کہ ہندو ملکر — جا بجا چین مین کرین جاکے مساجد تعمیر
اوسکی تدبیر ہے تقدیر خدا کی پیرو — اسکے عادات ہین اخلاق نبیؐ کی تصویر
زال صد سال کو ہمت جو کبھی وہ بخشے — پور دستان کو کرے روز وغا زندہ اسیر
خلق کو اوسکے اشارہ سے دیا کرتا ہے — بخشش عام کی ہر صبح خبر خاص بشیر
بیٹھکر صدر سا مارت پہ زر و سے ہمت — اوسکو یکسان نظر آتا ہے حصیر اور سریر
زر فشان خلق پہ لیکن نہین خواہان سوال — حکمران ملک پہ لیکن نہین محتاج وزیر
قدر سے اوسکے زر علم افاضل رائج — مدح سے اوسکے مس بخت سخنور اکسیر
اندنون جمع کیا اوسنے رسالہ یہ عجیب — جسکی تعریف مین قاصر ہے زبان تقریر
حق نامۂ نامی کہ خرد کرتی ہے — آیت رہبری مرد و زن اوسکو تعبیر
منضبط اوسمین حقوق زن شوہر ہین تمام — اوسی صورت سے کہ دیتا ہے خبر غیر خبیر
کہین آیات سے احکام خدا کی تشریح — کہین اخبار سے ارشاد نبیؐ کی تفسیر
نکتہ فہمی نے نکالی ہے کہین بال کی کھال — کہین تحقیق نے معنی سے نچوڑا ہے عصیر
دیکھکر نقل نہین عقل کو اوسمین حجت — ہو کے مومن زن شوہر کو نہین اوسے گزیر
ہے حقیقت مین وہ یک بحر مطالب پہ محیط — گرچہ ایجاز عبارت سے ہے مانند ضریر
ہاتف غیب کا ایما ہے کہ کیجے تاریخ — داب ارشاد حقوق زن و شوہر تحریر

خاتمہ بطور تقریظ بر رسالہ خامہ عاجز احمد خان صوفی مہتمم مطبع مفید عام آگرہ

الحمد للہ والمنۃ کہ این رسالۂ مقبول کونین موسوم بہ اصلاح ذات البین بہ بیان مالزوجین
کہ ہر سطرش چون سلک لآلی آبدار است و حروفش تابندہ تر از ثابت و سیار باسعد زمان بہ پایۂ
اختتام و رسید شد ہمہ کس دیدہ ہا و لوالابصار گردیدہ نظر ہا از دیدنش سیراب و دلہا از شنیدنش فیض یاب
ہم زوج را تعویذ بازو و ہم اناث را صلہ زیب گلو اگر ہر دو نیک بگیرند و پند ہایش بعمل آورند سرمایۂ عیش و
کامرانی ست و ہر دو را انشاط جاودانی اگر شوہر را فائدہ بخش دین ست ہم زوجہ را گلدستۂ دستگیر
یکی آویزۂ گوش ست و دیگرے را سرمایۂ ہوش اگر ہر دو بر مضامینش دیدہ کشایند دولت
دنیا و عقبی ربایند ورنہ نقد خسر الدنیا و الآخرہ بکف گرفتہ ازین وادی بگذرند و باز حقوق
طرفین کہ بہین ثمرۂ زندگانی ست بگردن خویش برندیاب تا صبا شوہر زوجہ غنچہ را گرہ کشاست و تا صبا
غنچہ در حجلۂ چمن بہار افزاست تا نظر ہا شیرازہ بند اوراق کتاب باد بالنبی و آلہ الامجاد

ناطق بانو و شوہی ست کتاب **نواب**
آنکہ دین نبوی زندہ بعالم کردہ

بہر آنکس کہ نہ بد واقف احکام نکاح
جملہ آیات و حدیث فراہم کردہ

زن و شوہر کہ بیک رشتہ دو گوہر ہستند
رنج برد از دل آن ہر دو غلط کم کردہ

نسخہ یافت کہ ناسور کہن دور شود
زخمہا دید عیان کوشش مرہم کردہ

فتنہ خیزست و نزاع زن و شوہر بخدا
طرفہ اصلاح ازین نثر بعالم کردہ

حرفہا بہ ورق از کان جواہر آورد
مفلسانیم ازین قیمت آن کم کردہ

دامن از ماؤ گہر از کف آن بحر نوال
جیب و دامان ز گہر نیتہ اعظم کردہ

ابر احسان تو اے حاتم دوران امروز
باغ امید جہان تازہ و خرم کردہ

صوفی از میکدہ برخیز کہ آلودہ شدی
بندہ آنست کہ عصیان بجہان کم کردہ

تمت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔ **اما بعد** یہ رسالہ ہدایت کا مقالہ موسومہ **صلاح ذات البین بیان مالزوجین**۔ جو زوجین کو تشریح حقوق کی سکھاتا ہے عاملین غافلات کو راہ راست دکھاتا ہے۔ مردون کے لئے موعظت حسنہ ہے۔ عورتون کے لئے پندعمدہ ہے۔ حسب فرمایش جماعت اہل حدیث باہتمام خاکسار دفعہ ثانی مطبع سعید المطابع مین طبع ہوکر ہدیۂ ناظرین ہوا۔ کیون شائقین ذرا ادہر آئین۔ اور اس گوہر نایاب کو خرید فرمائین۔ اور فائدہ اوٹھائین۔ وما علینا الا البلوغ +

المشتہر

محمد سعید مالک مطبع سعید المطابع از بنارس محلہ وارانگر + +

فہرست کتب مفیدہ اردو مؤلفہ نوابصاحب مرحوم غیر مقلد

بشارت الفساق۔ عاقبۃ المتقین۔ محو الحوبہ بالاستغفار والتوبہ۔

۱۰ر ۱۰ر ۳ر

رسائل تعلیمات خمسہ۔ خلاصۃ المعتقد۔ مجموعہ سعادت۔ یہ کتاب نہایت عمدہ نایاب ہے فائدہ قابل

۵ر ۸ر میر

فہرس

صفحہ	مضمون
۴	مقدمہ اس بیان مین کہ مرد طرف اجنبی عورت کے نہ دیکھے ۔
۶	فصل اس بیان مین کہ اجنبی عورت سے تخلیہ کرنا نہ چاہیے ۔
۸	فصل بیان مین عورت نیک وعورت بد کے ۔
۱۳	فصل اس بیانمین کہ بہتر عورت کون ہوتی ہے ۔
۱۶	فصل بیانمین عورتونکی مذمت کے ۔
۱۸	فصل اس بیان مین کہ دیکھنا طرف عورت مخطوبہ کے درست ہے ۔
۲۱	فصل بیان مین عشرت کے ہمراہ عورتکے
۲۴	فصل بیان مین حق زوجہ کے ۔
۲۶	فصل بیانمین جنتی ہونے عورتکے ۔
۳۴	فصل اس بیان مین کہ عورت کو وقت طلب شوہر کے انکار کرنا منع ہے ۔
۳۹	فصل اس بیان مین کہ جو عورت حق شوہر بجا نہ لاسکے وہ اول

صفحہ	مضمون
	سے نکاح ہی نہ کرے ۔
۴۵	فصل اس بیان مین کہ نفقہ اہل وعیال کا شوہر پہ واجب ہے ۔
۵۱	فصل اس بیان مین کہ جسکا نفقہ جسپر واجب ہے اوسکا ضائع کرنا بڑا گناہ ہے ۔
۵۳	فصل بیان مین پرورش کرنے لڑکیونکے ۔
۵۶	فصل اس بیان مین کہ نام اولاد کا اچھا رکھے بُرا ہو تو بدل دے ۔
۵۷	فصل بیان مین تادیب وتعلیم اولاد کے ۔
۵۹	فصل اس بیان مین کہ اپنا نسب غیر سے ملانا یا کسی اور کا غلام بنا گناہ عظیم ہے ۔
۶۳	فصل اس بیان مین کہ جسکے تین یا دو یا ایک بچے مرے اوسکو بہشت ملیگی ۔
۶۷	فصل اس بیان مین کہ عورت کو اوسکے شوہر پہ بھڑکانا یا غلام کو

	مضمون
	سید سے بھگانا منع ہے۔
۶۸	فصل اس بیان مین کہ بے سبب طلاق لینا عورت کا موجب دخول نار ہے۔
۷۱	فصل اس بیان مین کہ ظاہر کرنا راز کا میان بی بی دونون کو درست نہین ہے۔
۷۳	فصل اس بیان مین کہ ولی کا نکاح مین اعتبار ہے۔
۷۷	فصل بیان مین مہر کے۔
۷۸	فصل بیان مین ولیمہ کے۔
۸۲	فصل بیان مین وقوع طلاق کے۔
۸۴	فصل بیان مین جواز نکاح کے۔
۸۹	فصل بیان مین حقوق بی بی کے۔

	مضمون
۹۵	فصل بیان مین حقوق شوہر کے۔
۱۰۷	فصل بیان مین بعض فوائد متفرقہ کے۔
۱۲۲	فصل بیان مین صلہ رحم وغیرہ کے۔
۱۳۰	فصل بیان مین حدود و مذمت شراب و زنا وغیرہ کے۔
۱۴۴	فصل بیان مین فاسقون کے۔
۱۵۸	خاتمہ بیان مین گیارہ مردون کے جنکا حال روبرو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیان کیا گیا حضرت نے سنا کچھ انکار نفرمایا۔
۱۶۲	خاتمۃ الطبع و تقاریظ وغیرہ۔
۱۶۴	۔
۱۶۵	خاتمہ طبع ثانی۔
.	.

سنہ ۱۳۰۹ ہجری

الحمد للہ والمنہ کہ رسالہ نافعہ اولی الالباب مسمّٰی بہ

اظہار الحق والصواب
فی
رد ہفوات المرتاب

از تصنیف لطیف علامہ فہامہ مولوی عبد الصمد صاحب رانا پوری

در مطبع سعید المطابع واقع بنارس محلہ دارانگر مطبوعہ گردید

سنہ ۱۳۰۶ھ

التماس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اما بعد از عاجز محمد عبد الصمد عفی عنہ ناصرین و معاونین اہلحدیث پر
یہ امر واضح و لائح ہو کہ اولا نحیف ہذا نے اس رسالہ کو بامال عجالت و سرعت
تحریر کر کے محبی و مشفقی جناب مولوی محمد سعید صاحب کے پاس ارسال کیا
اور مولوی صاحب موصوف نے بضمن اخبار نصرۃ السنہ بجلیہ طبع مزین کرا کے
شائع کرا دیا مگر بوجہ شکستگی حروف کے جب جا بجا بعض بعض حروف
کاپی نویس سے نہ پڑھے گئے تو اوس نے بعض جگہ بیاض چھوڑ دیا
اور کہیں کہیں کچھ کا کچھ لکھدیا لہذا میں نے اب دوبارہ اوسکی اصلاح و تصحیح
اور اضافہ مین کسیقدر رجوع و اثبات کر کے بلکہ بعض بعض جگہ موقع و محل
مناسب سمجھکر بعض بعض فقرات بعض مولفات نواب والا جاہ سے
انتقاء کر کے اور اوسمین درج کر کے تزئین و تقویت دیکر مرتب کر دیا

کہ من بعد کسی متعصب کو جاے کلام و محل گفتگو باقی نہ رہے کہ پھر لب ہلاے
اور تحریر جواب کے لئے قلم اوٹھاے کیونکہ اب چند روز سے مین دیکھتا ہون
کہ اس گروہ نواح مین مخالفین اہلحدیث مخالفت کتاب و سنت کی جانب
از ہمہ تن سخت متوجہ ہو رہے ہین اور عمل بالکتاب والسنت کو پس پشت
ڈالکر زید و عمرو بکر کے اقوال ضعیفہ سخیفہ پر جان دے رہے ہین اور اہلحدیث
شخصی کو کالایمان بالانبیاء والرسل سمجھ رہے ہین اسیوجہ سے مین نے یہ
اور کوشش اختیار کی ہے کہ علی سبیل الوجوب والفرضیت باہتمام تمام کتاب
و سنت کے اشاعت کرون اور اہلحدیث کی نصرت و اعانت اور مخالفین اللہ
و رسول و موحدین مومنین کی مذمت و اہانت بلکہ بنظر معاونت و نصرت اہلحدیث
اپنی ہمت کو دو امر عظیم و جسیم کیطرف آمادہ و متوجہ کیا ہے ربنا تقبل منا
انک انت السمیع العلیم اولاً رفع شبہات و اعتراضات مخالفین اہلحدیث
کے جانب ۔ ثانیاً اس کمپ مین مدرسہ محمدیہ قائم کرنے کی طرف کہ اوسمین
اہل اسلام کو اولاً بالذات قرآن ہی اور حدیث کی تعلیم و تفہیم کیجاے ثانیاً
بالعرض دیگر علوم کی تربیت ۔ یون تو مین یہان پر مع دیگر علوم کے
صحاح ستہ چار مرتبہ پڑہا چکا چنانچہ بفضلہ تعالی مولوی وحید محمد خانصاحب
و مولوی محمد مسلم صاحب و مولوی عبدالواحد صاحب وغیرہ وغیرہ موجود ہین
مگر مین اب یہ چاہتا ہون کہ نوآموز طلبہ کو اولاً مصنفات تفسیریہ و مولفات
مفیدہ جناب نوابصاحب والاجاہ امیر الملک سید محمد صدیق حسن خان
صاحب بہادر کی تعلیم کیجاے تاکہ مسائل دینیہ کی وقفیت اور معرفت

ہو جاے اور محاورات اردو و فارسی کی بھی مہارت کما ینبغی پیدا ہو جاے
بعدہ عربیت کی تعلیم تاکہ جس زبان مین چاہین اپنے مخالف اور خصم سے
بخوبی سوال و جواب کر سکین - مگر انجام ان دونون امرونکا بدون متبعین سنت
اہل ریاست و ارباب سیاست و موحدین باہمت و مومنین خوش عقیدت
صرف مجھ بے سر و سامان کی توجہ و کوشش سے حیطۂ امکان سے بہت دور
ہے لہذا امید کہ ہمارے اخوان دینی و احبا ر ایمانی اہل وسعت و عالی ہمت
بارسال زر زکوۃ و صدقات فطر وغیرہ وغیرہ اس کار خیر مین شریک ہو کر
مستحق اجر اخروی و عیش ابدی کے ہو جائین اگر ہمارے پیشوا بمقتضاے
جود ذاتی و سخاوت صفاتی مجتہد العصر مجدد صدی ہذا العینی **نواب والاجاہ**
امیر الملک مولانا سید محمد صدیق حسن خانصاحب بہادر ادام اللہ
بارسال مولفات خود و مسانید صحاح ستہ و مصارف طبع جوابات مخالفین
اہلحدیث و سامان قوت لایموت طلبۃ العلوم سبقت و اقدام فرمائین تو مین
جانتا ہون کہ سارے اہل حق آنجناب کی اقتدا کرین اور آنجناب کی ذات سخاوت
مآب سے بعید نہین اسلئے کہ شرقاً و غرباً جنوباً و شمالاً بالعموم و خصوص
فیض و خیر آپکا جاری ہی ہے و کیف لا - بخاری شریف مین در باب
سخاوت وجود رسول صلعم مروی ہے کان اجود بالخیر من الریح المرسلۃ
اور آن والاجاہ آنحضرت صلعم ہی کے آل مین سے ہین پھر بموجب الولد
سر لابیہ آپ کی بھی سخاوت عموماً و خصوصاً تمام ممالک غربیہ و شرقیہ و جنوبیہ
و شمالیہ مین حاتم طائی سے بڑھ گئی تو کچھ تعجب کی بات نہین ہے کیونکہ یہ

آبائی اثر ہے حاتم طائی کو کیا نسبت آپ کے ساتھ ولنعم ما قیل ۔ چہ نسبت خاک را
با عالم پاک ۔ کیونکہ اولاً تو آپ آل رسول ثانیاً عالم باکمال بلکہ امام وقت حق
تو یہ ہے کہ نواب والا جاہ کے مراتب کی معرفت کے لئے بصارت و درایت
چاہیے ۔ میں یہی سمجھتا ہوں کہ آنجناب کے جامع کمالات و فضائل و مجمع کرامات
و فواضل بلکہ فی زماننا ہذا علیم الند و النظیر ہونے میں کچھ شک و شبہہ نہیں
ولنعم ما قیل ۔ ھذا الامام الفرد فی اقرانہ ٭ اضحی لاصناف الانام
ما آبا ٭ پس بنا برایں اگر اس امر کی طرف التفات کریں تو آنجناب کو نزدیک
کچھ بڑی بات نہیں ٭ فقط

وخدمت بھا الی جنابکم لتکون سببا لاستجلاب بدیع
خطابکم فالمامول من افضالکم ان تقابلوھا بالقبول
کرامۃ لغریب الوطن وتادخ العمل والسکن واقبلوا عثراتہ
واسبلوا ذیل حسناتکم علی سیئاتہ والسلام علیکم
وعلی من لاذ بابکم وحضر بنادیکم وانتسب الیکم ٭

حررہ الراجی الی رحمۃ ربہ الاحد الصمد
محمد عبد الصمد حفظہ اللہ تعالے
من شر حاسد اذا حسد

٭ ٭ ٭

٭

حامداً ومصلیاً علی رسولہ الکریم

خلاصہ مضمون اشتہار مشتہرہ مولوی محمد سعید صاحب

مولانا مولوی نذیر حسین صاحب بنارس مین برمکان مولوی عبدالرحمن صاحب کے تشریف لاے تو عبدالصمد نے درباب وجوب تقلید کے پوچھا مولانا نے فرمایا کہ آپ کتب اصول کا ملاحظہ کرین شرح مسلم الثبوت بحرالعلوم وتحریر و تقریر وغیرہ کتب مین اس مسئلہ کو صراحتاً لکھدیا ہے عبدالصمد نے کہا کہ تمکو کتب دیکھنے سے یقین وجوب کا ہوگیا ہے مولوی لطف حسین نے فرمایا کہ جب آپکو یقین ہوگیا ہے تو بھلا جناب مولانا کے فرمانے سے کب زائل ہوگا کیونکہ یقین تو زائل نہین ہوتا ہے۔ کہنے لگے کہ یقین بھی زائل ہوجاتا ہے دیکھیے بہت سے مسلمان ہوجاتے ہین اسپر ہم لوگون کو ہنسی آئی کہ یہ یقین کے معنی بھی نہین جانتے۔ بہرکیف اسی قسم کی گفتگو میرے اور اونکے درمیان رہی۔ بعد اوسکے ہملوگ بخوف ونگہ وفساد خاموش رہے اور کھانا کھاکر چلے آے۔ اب ناظرین انصاف فرماوین کہ جس شخص کی یہ لیاقت ہو وہ مولانا کا مقابلہ کیا کریگا۔ چونکہ عبدالصمد وغیرہ کا دعوی ہے کہ کل مسائل امام ابوحنیفہ رح کے موافق حدیث کے ہین اور کل احادیث اونکو پہونچگئی تھین۔ تو مین اب مولوی عبدالصمد وقطب الدین وغیرہ علماء احناف ہند وسندہ و پنجاب وخراسان وعربستان کو بذریعہ اشتہار کے اطلاع کرتا ہون کہ ان مسائل مندرجۂ ذیل کو کسی آیت یا حدیث صحیح بلکہ حسن لذاتہ اور وہ حدیث جس مسئلہ کے ثبوت مین پیش کرین نص صریح ہوتا بتلاوین

اور فی آیت و حدیث اونکو حق تلاش مبلغ ۱۰۰۰ روپیہ دیا جائیگا۔

(۱) حضرت صلعم کا آمین کا آہستہ کہنا۔ (۲) حضرت صلعم کا رفعیدین بوقت رکوع جانے و رکوع سے سر اوٹھانے کے نکرنا۔ (۳) حضرت صلعم کا زیر ناف نماز مین ہاتھ باندہنا۔ (۴) حضرت صلعم کا مقتدیونکو سورہ فاتحہ کے پڑہنے سے منع کرنا۔ (۵) حضرت صلعم کا یا رتعالی کا ائمہ اربعہ مین سے کسی کی تقلید کو واجب کرنا۔ (۶) حضرت صلعم کا وتر مین رفعیدین کرنا۔ (۷) آنحضرت صلعم کا جلسہ استراحت کا نکرنا یعنی پہلی اور تیسری رکعت مین بعد دوسرے سجدہ کے تھوڑی سی دیر بیٹھکر نہ کھڑا ہونا۔ (۸) آنحضرت صلعم کا چوتھی رکعت مین قعود کا نہ کرنا (۹) آنحضرت صلعم کا وزن درم مہر معین کرنا۔ (۱۰) آنحضرت صلعم کا سرکہ شراب کے بنانے کو درست کرنا ؛

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ان اللہ یھدی من یشاء الی صراط مستقیم ؛

الجواب

مشتہر صاحب نے جو مسائل مندرجہ اشتہار کا اپنے ثبوت بآیت و حدیث صحیح حنفی المذہب سے طلب کیا ہے یہ عاصی پر و طریقہ حنفی بمجرد دیکھنے اشتہار کے آیات و احادیث صحیحہ جو بہ ثبوت مسائل مذکورہ بمذہب حنفی موجود ہین بخدمت مشتہر مسئول وقف تحریر کرنا چاہا لاکن جب بہ نظر غور و تامل مضمون کو اوسکے دیکھا تو تحریر جواب بیکار سمجھا کیونکہ مضمون اشتہار سے یہ مفہوم ہوتا

کہ مشتہر صاحب خود بہت بڑے عالم زبردست محقق ہین کل مسائل حنفیہ کی صحت
وضعف کو بخوبی تحقیقات کر چکے ہین اب کوئی دقیقہ تحقیق کا باقی نہین رکھا ہی
صرف بنظر امتحان حنفیون سے خواستگار دلائل صحیحہ بہ نسبت مسائل
مذکورہ ہوے ہین وہ بھی فی آیت و حدیث کی تلاش کا محنتانہ مبلغ ۱۵
روپیہ مقرر کیا ہے اسلئے کہ باین طمع حنفیان دلائل کی تلاش مین کوشش
بلیغ کرینگے آخر کو جب کہین ثبوت مین ان مسائل کی آیت و حدیث صحیح نہ
پاوینگے تو نادم و پشیمان ہوکر عجز اپنا ظاہر کرینگے مجکو انفار وعدہ بھی کرنا
پڑیگا اور وہ خود بخود اپنے طریقہ مذہبی سے جو برابر کرتے چلے آتے
ہین تارک ہوکر اوسکے خلاف پر ضرور سری عمل ہونگے یعنی آمین بالجہر و
رفعیدین و قرارت سورہ فاتحہ خلف امام وغیرہ کرنے مین ذرا تاخیر کرینگے
پس جب اونکے دلمین یقین کامل ہوچکا کہ آمین بالجہر و رفعیدین و قرارت
سورہ فاتحہ خلف امام وغیرہ بآیات و حدیث صحیحہ بخوبی ثابت ہین اور خلاف
مین اسکے کوئی آیت و حدیث صحیح نہین آئی ہے تو پھر اگر کوئی عالم حنفی
بہ ثبوت مسائل مذکورہ آیت و حدیث صحیح مشتہر صاحب کے پاس تحریر لاے
تو یہ یقین اونکا اس تحریر سے کب زائل ہوسکتا ہے - دوسرے مضمون سے
اشتہار کے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ موصوف الیہ صرف آیت قرآن اور قول
اور فعل رسول آخر الزمان علیہ الصلوۃ والسلام کو مانتے ہین اور صحابہ
کرام کے قول و فعل کو نہین مانتے ہین اسلئے کہ ہر مسئلے کا ثبوت بقول
و فعل رسول صلی اللہ علیہ وسلم طلب کیا ہے تو جو شخص صرف اللہ اور اوسکے

رسول کے قول وفعل کو مانے اور اصحابون کے قول وفعل کی پیروی نکرے
تو اوس نے صریح عدول حکمی اللہ اور اوسکے رسول کی کی بمصداق آیۃ کریمہ
اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم وبموجب حدیث نبوی
علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین الحدیث پس ایسے
شخص کے دلمین مجھ نالائق کا تحریر کب اثر پذیر ہوگا۔ لاکن رہی یہ بات
کہ مضمون اشتہار سے علمائے حنفی کے لئے تو کسی قسم کا ضرر نہین ہے مگر اکثر ایسے
حنفی المذہب جو بیچارے علم نہین رکھتے اسکے دیکھنے سے بوجہ لاعلمی حقیقۃ
الامر اونکے دلمین یہ شک گذریگا کہ جب ان مسئلونکا کوئی ثبوت ہمارے
یہان نہین ہے محض بے اصل ہین تب تو مشتہر صاحب نے ایسی دلیری
کے ساتھہ ثبوت طلب کیا ہے تو اس سے عجب نہین کہ وہ اپنے طریقہ
اصلی کو چھوڑکر اوسکے خلاف پر عمل کرنے لگین یہ اور باعث اونکی خرابی اور
گمراہی کا ہووے ہین خیال بالفعل منجملہ اون مسائل کے ایک مسئلہ کا جواب ثبوت
آیت وحدیث صحیح جہانتک اس ناچیز کو کتاب دیکھنے سے معلوم ہوا تحریر
کرتا ہے تا ناظرین کے نزدیک حقیقت راست گوئی مشتہر صاحب کی ظاہر ہوجاوے
اور مخالفین کے فریب مین آکر گمراہ نہوجاوین بعدہ اگر بقیہ مسائل
مندرجہ اشتہار کا بھی ثبوت اپنی تسکین کے لئے طلب کرینگے تو
آیندہ بتاریخ تحریر کریگا انشاء اللہ تعالی۔

قول مشتہر مقتدیون کو سورہ فاتحہ پڑھنے کا منع کسی آیت وحدیث
صحیح سے ثابت نہین ہے ٭

اقول البتہ علمار حنفیہ کے نزدیک مقتدیون کو سورہ فاتحہ خواہ
دیگر سورہ و آیت کا پڑہنا پیچھے امام کے منع ہے اسلئے کہ اللہ نے منع کیا
اللہ کے رسول نے منع کیا صحابہ کرام نے منع کیا امام مسلمین ابو حنیفہ کوفی
علیہ الرحمہ نے منع کیا تمام علمار متقدمین متاخرین پیروان طریقہ حنفی نے
منع کیا آجتک کل علمار حنفیہ ایسے معمل ہوتے آئے اور اپنی اپنی تصنیفات
مین اس مسئلہ کو درج کرتے آئے اگر شک ہو تو ان تصنیفات کو دیکھئے
کہ سوا منع اور وعید کے جائز و ثواب کہین نہین لکھا ہے اب اگر اون
بزرگان دین کے قول کو فی زمانا کوئی شخص باطل اور جھوٹ کہے تو وہ
خود جھوٹا ہے بہرکیف آمدم باصل مدعا خود یعنی علمائے حنفیہ کے نزدیک
قرارت سورہ فاتحہ وغیرہ دیگر سورہ و آیات کا پڑہنا پیچھے امام کے
منع لقولہ تعالی واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون
یعنی فرمایا اللہ جل شانہ نے پس جسوقت پڑہا جاوے قرآن تو سنو تم
اوسکو اور چپکے رہو تاکہ رحم کئے جاؤ تم ۔ اور کہا امام احمد نے
اجمع الناس علی ان ھذہ الایہ نزلت فی الصلوٰۃ یعنی نزول اس آیت کا
نماز کے بارہ مین ہوا ہے اور وہ حدیث جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے
مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انما جعل الامام
لیوتم فاذا کبر فکبروا واذا قراء فانصتوا تفسیر اور بیان ہے
آیت کا روایت کیا اس حدیث کو ابن ماجہ اور نسائی اور ابو داؤد اور
مسلم نے ۔ اور کہا مسلم نے کہ یہ حدیث صحیح ہے ۔ در مختار مین لکھا ہے

کہ مقتدی قرأت امام کی سُنے جب وہ چلاکر پڑھے اور چپ رہے جب وہ
آہستہ پڑھے یہ سب قول حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے کہ ہم امام کے
پیچھے پڑھا کرتے تھے بس حکم نازل ہوا کہ جب قرآن پڑھا جاوے تو اوسکو
سنو اور چپ رہو۔ غایۃ الاوطار ترجمہ درمختار مین لکھا ہے کہ
خزائن اور کافی مین ہے کہ مقتدی کو قرأت سے منع کرنا اسّی صحابہ سے
ماثور ہے جنمین حضرت علی مرتضی اور عبداللہ بن عباس اور عبداللہ
بن عمر اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم اجمعین ہین۔ اور کہا
امام محمد نے موطا مین عن جابر بن عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم من صلی خلف الامام فان قرأۃ الامام لہ قرأۃ
یعنی مقتدی کو قرأت امام کی کفایت کرتی ہے۔ اور کہا امام محمد نے
عن عبداللہ بن شداد بن الہاد امر رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم للناس فی العصر قال فقراء رجل خلفہ فغمزہ الذی یلیہ فلما
صلی قال لما غمزتنی قال کان رسول اللہ قد امر عنی فکرھت ان تقرأ
خلفہ فسمعہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کان لہ امام فان
قرأۃ الامام لہ قرأۃ ترجمہ امامت کی جناب رسولؐ خدا نے وقت
عصر کے پس پڑھا ایک شخص نے پیچھے آپ کے پس ٹھوکا اوسکو پاس والے
نے پھر بعد نماز کے پوچھا کہ کیون ٹھوکا تو نے مجھکو کہا اوس شخص نے
کہ برا معلوم ہوا مجکو پڑھنا تیرا پیچھے رسولؐ خدا کے حضرت نے یہ ماجرا
سنکر فرمایا جسکے لئے ہو امام پس قرأت امام کی مقتدی کیواسطے قرأت ہے

روایت کیا اسکو حاکم اور طحاوی اور ابو بکر ابن ابی شیبہ اور حنفیہ نے
ساتھ اسناد صحیح کے۔ اور شرح مشکوۃ المصابیح مین شیخ عبد الحق
دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے ما راولیل این حدیث ست کہ من کان لہ
امام فقراۃ الامام قرأۃ لہ واین حدیث صحیح ست۔ اور ہدایہ مین
لکھا ہے من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ وعلیہ اجماع
الصحابۃ اور قمر الاقمار حاشیہ نور الانوار مین مولانا عبد الحلیم نے اس
مقام پر تحریر فرمایا ہے کذا رواہ ابن منیع بسند الصحیحین عن
جابر کذا قال علی القاری الخ۔ اور کہا سرخسی نے اجمع الصحابۃ علی
منع القرأۃ خلف الامام اجماع کیا صحابہ نے اوپر منع ہونے قراءۃ
خلف امام کے ذکر کیا اسکو ابن ہمام نے فتح القدیر مین۔ اور نہایہ مین
قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من قراء خلف الامام ملأ فی فیہ
جمرۃ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو قرآن پڑھے پیچھے امام کے
بھرتا ہے اپنے منہہ مین چنگاری آگ کی وقال عمر بن الخطاب لیت
فی فم الذی یقراء خلف الامام حجرا فرمایا حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ
نے کاشکے پتھر ہوا وسکے منہہ مین جو شخص پڑھے پیچھے امام کے روایت کیا
اسکو امام محمد نے۔ وقال علی بن ابی طالب من قرأ خلف الامام فقد اخطاء
الفطرۃ اور فرمایا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جس نے پڑھا پیچھے امام کے پس
تحقیق مخالفت کی اوس نے دین کی روایت کیا اسکو ابی شیبہ نے
فاذا ثبت رفع الحدیثین المذکورین الی الخلیفتین مع کونہما

مخالفین للقیاس کان کرفعھما الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم لقولہ
علیہ السلام علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین الحدیث
وقال سعد وددت ان الذی یقراء خلف الامام فی فیہ جمرۃ کہا سعد نے
جو صحابہ عشرہ مبشرہ سے ہین دوست ہین تحقیق کہ انکارون سے بھر جاوے
منہہ پر ہنیوالیکا پیچھے کے وقال علقمۃ لان اعض علی جمرۃ احب
الی من ان اقرأ خلف الامام یعنی کہا علقمہ صحابہ نے کہ دانت مارنا اوپر
چنگاری کے دوست زیادہ ہے نزدیک میرے امام کے پیچھے کلام اللہ
پڑہنے سے قال جابر من صلی رکعۃ لم یقرأ فیھا بام القران فلم یصل
الا ان یکون وراء الامام جس نے پڑہی کوئی رکعت کہ نہ پڑہا اوسمین
سورہ فاتحہ پس نہ ہوئی نماز اوسکی مگر اگر ہو پیچھے امام کے یعنی امام کے
پیچھے یہ حکم نہین ہے روایت کیا اسکو ترمذی وغیرہ نے اور کہا ترمذی
نے ھذا حدیث حسن صحیح اور حاشیہ جامع ترمذی مین بیچ صفحہ
۵۹ و ۶۰ چھاپہ نولکشور کے لکھا ہے کہ یہ حدیث مولف نے جو اپنی کتاب
مین لایا ہا سناد صحیح لایا ہے۔ اور وہ حدیث جابر کی من کان لہ امام
فقرأۃ الامام لہ قراءۃ اوسمین سورہ فاتحہ بھی ہے اسلئے کہ جابر سے بطریق
صحیح ثابت ہوا ہے ان المامموم لا یقرأ الفاتحۃ ایضا یعنی مقتدی
سورہ فاتحہ بھی پیچھے امام کے نہ پڑہے کذا لا یسع ان یحمل حدیث
من کان لہ امام علی الصلوۃ الجھریۃ دون السریۃ لان وروادہ
فی صلوۃ الظھر والعصر یعنی حدیث صرف اوپر صلوۃ جہریہ کے محمول نہین

ہوسکتی بلکہ جہریہ اور سریہ دونون مین پڑہنا پیچھے امام کے منع ہے اسلئے کہ
ورود اس حدیث کا بیچ نماز ظہر اور عصر کے ہوا ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ
من کان لہ امام الخ یہ آخر حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے وہ بھی
ایسی ہی ذکر کیا امام محمد نے ختم ہوا مضمون حاشیہ جامع ترمذی کا ۔
اور بھی احادیث اسباب مین بہت ہین چند لطور اختصار بخوف طوالت
تحریر کیا واللہ اعلم بالصواب ٭
اب اگر مشتہر صاحب کا جی چاہے تو بنظر انصاف جواب ہذا کو ملاحظہ فرما کر
یا تو تسلیم کرین ۔ اور ایفاء وعدہ بموجب حکم خدا و رسول عمل مین لاوین
والا ثبوت قرارۃ سورہ فاتحہ خلف امام و عدم صحت دلائل صدر الیسی
آیت و احادیث صریح و صحیح غیر منسوخہ و متروکہ سے جسپر اجماع صحابہ رضہ و
واتفاق علماے سلف حنفیہ کا ہو تحریر فرماوین ٭
اور ناظرین پر واضح ہو رہے کہ مشتہر صاحب نے اس نشان و پتہ کے ساتھ
جواب اشتہار کا اپنے طلب فرمایا ہے کہ جو کوئی صاحب اس اشتہار کا جواب
لکھین تو اس نشان سے مشتہر کے پاس روانہ کرین ۔ بمقام آرہ ضلع شاہ آباد محلہ چوک مسجد
برمکان مولوی ابراہیم پاس محمد سعید مدرس مدرسہ احمدیہ کے پہونچے ۔
اور اگر جواب نہوسکے تو عجز اپنا لکھین اور ہم سے اسکے خلاف مین اسیطرح کی احادیث
طلب فرماوین ۔ المشتہر محمد سعید عفی عنہ ٭

المجیب المذنب
مولوی اشرف عالم

بفرمایش شیخ دراز اللہ موذن مسجد ملا چک آستانہ شہبازی بھاگلپوری
بمطبع مرآت الہند مونگیر ۱۸۸۶ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الملھم للصواب والموفق للجواب والصلوٰۃ والسلام علی من
اوتی الحکمۃ وفصل الخطاب وعلی جمیع الہ واصحابہ الذین ھم متحلین بمکارم
الاداب اما بعد ماہران اولہ شرعیہ وعارفان حجج سمعیہ پر یہ امر واضح ولائح
ہو کہ جب بعض اہل الخصام حنفیہ نے یہ دعوی کیا کہ کل مسائل اجتہادیہ وفروعات
فقہیہ امام ابو حنیفہ رح کے موافق کتاب مستطاب ومطابق سنت رسالتمآب
ہین اور جمیع احادیث نبویہ کے جناب امام صاحب حافظ تھے تو محبی مشفقی جناب مولوی
محمد سعید صاحب بنارسی نے دس مسئلے کتب فقہیہ حنفیہ سے التقاط کر کے
مولوی عبد الصمد ومولوی قطب الدین وغیرہ وغیرہ علماء حنفیہ ہند وستان
ودیگر ممالک غربیہ وشرقیہ وجوانب جنوبیہ وشمالیہ کو بطور اشتہار وعدہ دیا
کہ اگر ان حضرات سے کوئی صاحب درباب ثبوت مسائل ذیل کوئی ایسی آیت
یا حدیث کہ جس مسئلے کے ثبوت کے لئے پیش کیجاے نص صریح ہو اوسکو
پیش کرین تو حق تلاش فی آیت وحدیث مبلغ پندرہ ۱۵ روپیہ بطور انعام کے
اونکو دیئے جاوینگے پس اب بعد کئی سال زمانہ شیوع اشتہار کے میان

میان اشرف عالم صاحب بھاگلپوری نے بطمع مبلغات خمسہ عشر روپیہ خواہ متعصب
مذہبی یا بغرض تشہیر خود اپنی اوقات مغتنمہ کی خونریزی کرکے بعد چند فقرہ
تمہید جواب کے منجملہ مسائل دہ گانہ کے ایک مسئلہ منع قرارۃ فاتحہ خلف الامام کے
ثبوت میں بعض آیات کریمہ واحادیث ضعیفہ وآثار واقوال سخیفہ سقیمہ
بعبارۃ اردو خلاف محاورہ نقل کرکے اپنی لاعلمی وسوء فہمی کا اشتہار
واظہار کیا کیونکہ وہ بعض آیات کریمہ واحادیث ضعیفہ وآثار واقوال
سخیفہ سقیمہ برتقدیر صحت وقوت بھی درباب ثبوت مسئلہ منع قرارۃ فاتحہ
خلف الامام نص صریح نہیں ہیں اور قطع نظر نص صریح نہونے کے وہ نص
ظاہر بھی نہیں ہیں کما ستقف علیہ انشاء اللہ تعالی۔ حالانکہ علامہ فہامہ جناب
مشتہر صاحب نے ایسی آیت وحدیث طلب فرمائی ہے کہ اسباب میں
نص صریح ہو پس اگر آپ کو علم ہوتا تو بعض اون آیات کریمہ واحادیث
ضعیفہ وآثار واقوال سقیمہ سخیفہ کو درباب ثبوت منع قرارۃ فاتحہ خلف
امام نقل نہ کرتے کچھ سمجھ ہی سے کام لیتے۔ تو بھی تحریر جواب میں جرات ودلیری
نہ کرتے اسلئے کہ بغیر علم وسمجھ درباب تحریر جواب ورد وقدح جرات
ودست اندازی کرنی موجب رسوائی وسبکساری ہے ؎

چون نداری کمال آن بہ ❊ کہ زبان در دہان نگہداری
آدمی را زبان فصیح کند ❊ جوز بے مغز را سبکساری

اگر ایسا ہی جناب کو طمع دنیا دامنگیر تھی تو پیری مریدی اور جھاڑ پھونک
اوسکے اکتساب کے لئے کیا کم تھی وعلاوہ برین اور بھی اکتساب دنیا

کے لئے بہت صورتین تھین جس پیرایہ اور رنگ مین چاہتے کما کھاتے
اس دریا سے نا پیدا کنار کے کنارے کیون آسے اور فرض کیا ہمنے کہ جی
نہین مانتا تھا اسی مضمون کی ہوا چیپہ پہ سر تھی کہ بتعصب مذہبی اس
اشتہار کا جواب ہی تحریر کرین کسی اہل علم سے سلیقہ تحریر جواب و طریقہ
اثبات مدعا سیکھ لیتے اور خود بھی سمجھ بوجھکر اس وادی پر خطر مین قدم
رکھتے اسمین اگر دیری بھی ہو جاتی تو کچھ قباحت نہ تھی ؎
سزن بے تامل بگفتار دم ✣ نگو گوئی گر دیر گوئی چہ غم
بنطق آدمی بہتر ست از دواب ✣ دواب از تو بہ گر نگوئی صواب
اور اگر اپنی شہرت ہی منظور تھی تو اور کوئی کام برا سے نام کرتے چند
سطرین تحریر کرکے اپنی پردہ دری کیون کی حیف صد حیف بلا افسوس
ہزار افسوس کہ نجیب صاحب نے ان نصائح و مواعظ کی طرف کچھ التفات
نہ کیا خود بخود اپنی بے آبروئی و بے وقری کے باعث ہو گئے انا
للہ و انا الیہ راجعون - الغرض بلا تصنع و بلا مبالغہ راست راست
بے کم و کاست مین یہ عرض کرتا ہون کہ کلمہ کلمہ انکی تحریر کا متضمن جدل
و جہل اور مسئلہ مسئلہ انکی تقریر و تحریر کا انکی لاعلمی و سوء فہمی پر شاہد
عدل ہے خلص کلام یہ قابل خطاب نتھے کہ کوئی انکی طرف متوجہ ہوتا
تحریر انکی ایسی نتھی کہ کوئی اسکا جواب لکھتا مگر بوجوہ چند و رچند اور اصرار
بعض احباب اولی الالباب کاتب الحروف نے چار ناچار ہو کر جملہ جملہ اور
فقرہ فقرہ انکی تحریر کا نقل کرکے بادلہ نقلیہ و حجج عقلیہ بہ ترتیب

مصیب جواب باصواب سلک تقریر و سمط تحریر میں درج کرتا ہے اور ناظرین عادلین سے عدل و انصاف کی امید رکھتا ہے۔ وھو انا اشرع فی المقصود بعون اللہ الودود۔ قال المجیب مشتہر صاحب نے الخ اقول وباللہ التوفیق و منہ الوصول الی التحقیق۔ یہ قول انکا مخدوش ہے بوجوہ اولاً من وجہ رکاکت عبارت ثانیاً بجہت خرابت مقصود و مدلول عبارت آمار رکاکت عبارت پس فقرہ یہ عاصی پر وطرتب حنفی و دیگر فقرات سے واضح کالشمس فی کبد السماء ہے۔ ولیکن خرابت مقصود و مدلول عبارت ثابت ہوتی ہے چند وجہ اولاً یہ کہ آپ اس قول میں دعوی کرتے ہیں کہ کتب فقہیہ حنفیہ میں ابواب ثبوت مسائل مندرجہ فی الاشتہار آیات کریمہ و احادیث صحیحہ مسرودہ موجود ہیں اور ایسی ایک آیۃ اور حدیث بھی آپ نقل نہیں کرتے کہ جس مسئلہ کے ثبوت کے لئے پیش کیجائے تو نص صریح ہو پس یہ دعوی قابل سماعت نہیں کما لایخفی عند النظار ثانیاً یہ کہ بسبب مشتہر کے آپ یہ فرماتے ہیں کہ مشتہر صاحب خود بہت بڑے عالم زبردست محقق اور ایسا ویسا نہیں ہیں اور باوجود اس مدح کے آپ اونکے اقوال کی تردید کرتے ہیں پس یہ ہجو ملیح ہوئی اور ظاہر ہے کہ ہجو ملیح مستلزم ہے تحقیر مومن کو اور تحقیر مومن کی جائز نہیں خصوصاً عالم کی کما لایخفی علی من قرء القرآن ثالثاً یہ کہ آپ یہ بھی فرماتے ہیں کہ علامہ مشتہر نے امتحاناً ارباب ثبوت مسائل مندرجہ اشتہار اولہ شرعیہ قطعیہ و حجج صحیحہ سمعیہ علماء

حنفیہ سے طلب فرماتے ہیں مگر پھر بھی کوئی دلیل صحیح نہیں رقم فرماتے پس
یہ علامت ہے ضعف مذہب حنفی کی پس بنا بر اسکے اگر کوئی حنفی المذہب
خلف امام قرارۃ فاتحہ کرے اور آمین بالجہر کہے وعلی ہذا القیاس دیگر
امثال مسنونہ بجالاوے تو کچھ قباحت نہیں اور آپ قباحت سمجھتے ہیں
فافہم رابعاً یہ کہ آپ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی عالم حنفی المذہب در باب
ثبوت مسائل مندرجہ اشتہار آیۃ کریمہ اور حدیث نبوی تحریر کرکے
مشتہر صاحب کے پاس ارسال کرے تو یہ یقین اونکا اس تحریر سے کب
زائل ہوسکتا ہے یعنی نہیں زائل ہوسکتا۔ اس کلام سے یہ بات لازم آتی
ہے کہ جب یقین ایک شئے کے ساتھ متعلق ہو تو بدون زوال کے اوس
شئے سے دوسری شئے کے ساتھ نہیں متعلق ہوسکتا حالانکہ یہ بات نہیں
ہے ورنہ لازم آوے کہ مثلاً یقین وحدانیت باریتعالی کے ساتھ متعلق ہو
تو بدون زوال کے اوسکے رسول صادق کی رسالت کے ساتھ نہ متعلق
ہوسکے واذلیس فلیس قال قبیل۔ اگر دو قسم کی حدیثیں صحت اور قوت
میں مساوی ہوں اور یقین دونوں کے صحت اور قوت کے ساتھ
برابر متعلق ہو اور اونمیں سے ایک مقتضی ہو ایک حکم کو اور دوسری
مقتضی ہو منع اوس حکم کو مثلاً ایک مقتضی ہو قرارۃ فاتحہ خلف الامام کو
اور دوسری مقتضی ہو اوسکے منع کو پس اب بحکم کس حدیث کے عمل کیا جاوے
یقال اس صورت میں ہم کتب تواریخ وسیر کو دیکھینگے پس اگر انمیں
سے ایک مقدم ہوگی اور دوسری تالی تو مقدم کو منسوخ قرار دینگے

اور تالی کو ناسخ اوسکے لئے پس بحکم تالی یعنی موخر پر عمل کیا جائیگا ورنہ تعارض
تعارض دونون ساقط الاستدلال والعمل ہو جائینگے پس لازم آئیگا
رجوع کرنا طرف آیات قرآنی و آثار اصحاب حبیب ربانی کے کما لا یخفی
علی من لہ ادنی مسکۃ العلم الاصول فتدبر ✣

قال المجیب دوسرے مضمون سے اشتہار کے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے الخ

اقول وباللہ التوفیق والتوفیق چونکہ علماے حنفیہ نے بمقابلہ و
سواجہہ علامہ مشتہر یہ دعوی کیا کہ کل مسائل معمول بہا امام ابو حنیفہ رح کے
موافق آیۃ کلام اللہ و قول و فعل رسول اللہ کے ہین اور قول و فعل
اصحاب رسول اللہ کے موافقت کا اپنے دعوے مین ذکر نہ کیا پس
حسب اس دعوی کے مشتہر موصوف نے دس مسئلے کتب فقہیہ
حنفیہ سے انتقا کر کے اون مسائل کے ثبوت کے لئے صرف آیۃ کلام اللہ
و قول و فعل رسول اللہ طلب فرمایا نہ قول و فعل اصحاب رسول اللہ
نہ یہ کہ مشتہر ممدوح صرف آیۃ کلام اللہ و قول و فعل رسول اللہ کو
مانتے ہین اور قول و فعل اصحاب رسول اللہ کو نہین مانتے پس بنا بر
دعوے مذکور حنفیہ کے جسکا ذکر اوپر گذرا یہ بات لازم آئی کہ علماے
حنفیہ خواہ امام ابو حنیفہ رح صرف آیۃ کلام اللہ اور قول و فعل رسول اللہ کو
مانتے تھے اور قول و فعل اصحاب رسول اللہ کو نہین مانتے اور حسب قول آپ
کے جو شخص آیۃ کلام اللہ اور قول و فعل رسول اللہ کو مانتا ہے اور قول
و فعل اصحاب رسول اللہ کو نہین مانتا تو وہ بحکم آیۃ کریمہ و حدیث مذکور

اللہ و رسول کی صریح عدول حکمی کرتا ہے اور اوسکے ولمین مضامین آیۃ کلام اللہ
وحدیث رسول اللہ کے اثر نہین کرتے پس نتیجہ یہ نکلا کہ علماء حنفیہ یا خدانخواستہ
امام ابوحنیفہ رح خدا و رسول کی صریح عدول حکمی کرتے ہین اور ان کے
ولمین مضامین کتاب و سنت کے نہین اثر کرتے پس یہ بات نہ لازم آئی
کہ مشتہر موصوف اللہ و رسول کی عدول حکمی کرتے ہین اور ان کے ولمین
مضامین کتاب و سنت کے اثر نہین کرتے بلکہ یہ بات ثابت ہوئی کہ مشتہر
موصوف اللہ و رسول کی عدول حکمی نہین کرتے اور ان کے ولمین
مضامین کتاب و سنت کے اثر کرتے ہین کما لایخفی عند صاحب ذوق
السلیم۔ **قال المجیب** لیکن رہی یہ بات الخ۔ **اقول** بتوفیق اللہ
و تائیدہ مسئلت مثلاً جب دو شخص کسی مسئلہ مین باہم تقریر کرتے ہین خواہ
تحریر باین طور کہ انمین سے ایک مدعی ہوتا ہے کہ حکم کو دلیل سے ثابت
کرتا ہے دوسرا سائل کہ نفی حکم کی کرتا ہے یا خلاف مدعی کے تقریر کرتا ہے
خواہ تحریر عام ہے اس سے کہ مانع ہو وہ یا ناقض خواہ معارض مثلاً حنفی
المذہب کہے کہ مقتدی کو خلف امام استماع اور انصات واجب ہے اور
قراءۃ فاتحہ خواہ سورہ دیگر منع بروایت عبداللہ بن جابر اور خصم یعنی
سائل عامل بالحدیث معارضہ کرے بروایت دیگر کہ مبنی ہے وجوب
قراءۃ فاتحہ خلف امام پر یا نقض کرے باینطور کہ عبداللہ بن جابر خود خلف
امام سورہ فاتحہ پڑھا کرتے تھے پس روایت اونکی ساقط الاستدلال ہے
پس بعد اللتیا و اللتی کے بحکم اس نقض و معارضہ کے مدعی وجوب

قرارۃ فاتحہ خلف امام کا یقین کرے اور سورہ فاتحہ خلف الامام پڑھنا شروع
کرے اور بموجب ترجیح دلیل قرارہ فاتحہ دیگر بندگان خدا بھی پڑھنے لگیں
یا برعکس اسکے بعد تقریر و تحریر بطریق مذکور کے وجوب استماع و انصات
ہی ثابت ہو جاوے اور خصم و دیگر بندگان خدا بموجب قوت دلیل استماع
و انصات قرارۃ فاتحہ خلف الامام ترک کر کے ہر نماز و ہر حال میں استماع
و انصات ہی اختیار کریں تو یہ صورت مناظرہ کی ہے اور مناظرہ موجب
ہدایت ہے نہ حسب فہم لطیف آپ کے باعث ضلالت و ہلاکت کما لا یخفی
عند النظار ذوی الابصار۔ **قال المجیب** باین خیال الخ

اقول و باللہ التوفیق جواب سے کیا مراد ہے جواب باصواب
یا جواب ناصواب۔ اگر جواب سے جواب باصواب مراد ہے تو جواب
اشتہار ہنوز نہیں ہوا اور اگر جواب سے جواب ناصواب مراد ہے
تو یہ قابل اعتبار نہیں آپ ہزار بکا کیجیے اور کاغذات سیاہ کیا کیجیے کون
التفات کرتا ہے اور کون سنتا ہے اون ہفوات کو ؎

کون سنتا ہے کہانی تری اے یار غلط ۔ کیوں بغل میں لئے پھرتا ہے تو طومار غلط

مگر چونکہ عوام الناس اس قسم کے جواب ناصواب کو بھی جواب سمجھتے ہیں لہذا
آپ جو خیال فاسد و زعم کاسد منجملہ مسائل زرگانہ کے ایک مسئلہ کا جواب
قلمی فرماتے ہیں۔ میں سر دست بالاختصار جواب اوسکا بدلائل قطعیہ
نقلیہ و براہین قویہ عقلیہ تحریر کئے دیتا ہوں تاکہ ناظرین منصفین پر
آپکا تعصب و تعسف و مبلغ علمی و ملکہ نصوص فہمی پیدا و ہویدا ہو جاوے

اور عوام اہل اسلام آپ کی حیلہ سازی و فتنہ پردازی مین نہ پڑین اور مسلک اتباع سنت پر قائم و دائم رہین اب آپ پھر اگر کسی مسئلہ مین منجملہ اون مسائل دوگانہ کے ایسا ہی ہاتھ پاؤن ہلائینگے تو پھر ہم بھی انشاء اللہ العزیز ہاتھ دکھلائین گے فایاك والاعتساف ۔ **قال المجیب** قول مشتہر الخ ۔ **اقول** یعنی وصوبہ تعالی بیشک مقتدیون کو سورہ فاتحہ خلف الامام پڑہنے کی ممانعت کسی ایسی آیۃ اور حدیث سے کہ جب اس مسئلے کے ثبوت کے لئے پیش کیجاوے تو نص صریح ہو ثابت نہین ہوتی اگر ہو تو لائین بندہ نہین ستر دلیجائین ورنہ پھر اسباب مین لب نہ ہلائین **قال المجیب** علماء حنفیہ کے نزدیک الخ **اقول** بتوفیق اللہ عزّ اسمہ وسع علمہ یہ قول مخدوش ہے بدو وجہ اولا یہ کہ مین آپ سے پوچھتا ہون کہ دلیل شرعی و حجت سمعی کتاب و سنت اور اجماع و قیاس ہے یا جو کچھ علماے حنفیہ کے نزدیک ثابت ہو وہ اگر یہ فرمائین کہ دلیل شرعی و حجت سمعی و قطعی کتاب و سنت اور اجماع و قیاس ہے تو پھر علماے حنفیہ کے نزدیک جو کچھ ثابت ہے اوسکا کیا اعتبار اب آپ اگر یہ فرمائے کہ علماء حنفیہ کے نزدیک جو کچھ ثابت ہے وہ بھی مدلل ہے انھین دلائل کے ساتھ تو مین یہ عرض کرتا ہون کہ جو مسائل اشتہار مین مندرج ہین اون کل مسائل کے ثبوت مین اونکا قول مدلل کیون نہین پیش کرتے اور اگر کل مسائل کے ثبوت مین نہو سکے تو اونمین سے دو ہی ایک مسئلے کے ثبوت مین جو قول اونکا مدلل ہو ساتھ کسی دلیل کے دلائل اربعہ شرعیہ سے حسب فرمایش مشتہر موصوف پیش کیجئے ورنہ

فقط زبانی کہدینے کی کیا سند ہے اور اعتبار۔ اور یہ بھی التماس کرتا ہون
کہ علماء شافعیہ و مالکیہ و حنبلیہ کے نزدیک بھی جو کچھ ثابت ہے وہ بھی
اسیطرح مدلل ہے بدلائل اربعہ شرعیہ تو پھر علماء حنفیہ کے تخصیص کی کیا وجہ
ہے ثانیاً یہ کہ بعض علماء حنفیہ کے نزدیک مقتدیون کو حالت اقتدا میں سورہ
فاتحہ کا پڑہنا منع ہے یا کل کے نزدیک اگر یہ فرمائے کہ کل کے نزدیک
منع ہے تو یہ محض باطل ہے کما سیجئ تفصیلہ انشاء اللہ تعالی اور اگر
یہ فرمائے کہ بعض کے نزدیک منع ہے تو میں یہ گذارش کرتا ہون کہ جن بعض
کے نزدیک منع ہے انکو کیا ترجیح ہے اون بعض پر کہ جنکے نزدیک منع نہین
بلکہ مستحب و سنت یا واجب ہے بیّنوا ولا تکتموا الحق وانتم تعلمون ؛
قال المجیب اسلئے کہ اللہ نے منع کیا الخ۔ اقول بفضلہ تعالی آپکو کس آیت
سے معلوم ہوا کہ اللہ جل شانہ نے مقتدیون کو قراءۃ فاتحہ خلف امام سے
منع کیا اگر یہ فرمائے کہ آیت کریمہ واذا قرئ القرآن سے معلوم ہوا کہ اللہ
جلشانہ نے منع کیا تو اولاً میں یہ عرض کرتا ہون کہ آیۃ کریمہ در باب منع
قراءۃ فاتحہ خلف الامام نص صریح بلکہ ظاہر بھی نہین ہے اگرچہ در باب
استماع و انصات نص صریح ہو مگر محمول ہے ماعدا فاتحہ پر۔ علاوہ برین
باعتبار مفہوم استماع و انصات کے صلوۃ جہریہ مین ممکن ہے اور سریہ مین
ہرگز مقتضی منع قراءۃ نہین کما سیجئ تفصیلہ انشاء اللہ تعالی فانتظر ؛
ثانیاً یہ کہ ملا جیون حنفی نے نور الانوار شرح منار مین اس آیۃ کریمہ کو
مع آیۃ کریمہ فاقرءوا ما تیسر من القرآن متعارض ٹھہرا کر بقاعدہ اصول

یا
ہی ثابت
وانصا
وانص
بدا

اذا تعارضتا تساقطتا دونون کو ساقط الاستدلال والعمل کر دیا ہے
وعبارتہ ہکذا - مثالہ فاقرءوا ما تیسر من القرآن - مع قولہ تعالی واذا قرئ
القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا فان الاول لعمومہ یوجب القرءۃ علی المقتدی
والثانی یخصوصہ ینفیہ وقد ورد فی الصلوٰۃ جمیعا فتساقطتا ترجمہ
مثال اسکی یہ ہے پس پڑھو جو آسان ہو قرآن سے یہ آیت ساتھ قول اللہ
تعالی اور جسوقت پڑھا جاوے قرآن پس سنو اوسکو اور چپکے رہو پس
پہلی آیت اپنے عموم سے قرارت کو مقتدی پر واجب کرتی ہے اور دوسری
اپنی خصوصیت سے اسکی نفی کرتی ہے اور دونون نماز ہی مین وارد ہوئی
ہین پس دونون ساقط ہونگی - پس جبکہ مقتدی کے لئے ممانعت قرارۃ فاتحہ
کی اس آیۃ کریمہ سے نہ ثابت ہوئی تو بدلیل آیۃ کریمہ واذکر ربک فی نفسک
و حدیث عبادہ بن صامت وجوب قرارۃ فاتحہ ثابت رہا اور جبکہ ملا
جیون حنفی نے آیۃ کریمہ کو بقاعدہ تعارض ساقط الاستدلال والعمل
کر دیا تو اب حنفی المذہب کو اس آیۃ سے استدلال کرنا وجوب استماع
وانصات ومنع قرارۃ فاتحہ خلف امام پر عبث وخرط قتاد ہے - ومعہذا
اور بھی وجوہ ہین کہ اس آیۃ سے ممانعت قرارۃ فاتحہ خلف امام نہین ثابت
ہوتی کما ستقف علیہ انشاء اللہ تعالی **قال المجیب** اللہ کے رسول نے
منع کیا الخ - **اقول** بتوفیق اللہ الکفیل وھو حسبی ونعم الوکیل
خلاصہ کلام مناسب مقام یہ ہے کہ آپ دعوی کرتے ہین وجوب ترک قرارۃ
فاتحہ خلف امام کا اور مین منع کرتا ہون یعنی آپ سے دلیل طلب کرتا ہون

پس آپکو لازم ہے کہ ایسی دلیل پیش کیجئے کہ اس مسئلے کے ثبوت کے لئے نص صریح ہو اب اس صورت میں اگر آپ حدیث من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ کو پیش کیجئے گا تو میں بموجب قولہ علیہ السلام لاتفعلوا الا بام القرآن سے معارضہ کرونگا یا نقض کرونگا باین طور کہ حدیث من کان لہ امام الخ ضعیف ہے اور حدیث ضعیف ساقط الاستدلال والعمل ہوا کرتی ہے اور بر تقدیر صحت محمول ہے ماسوا فاتحہ پر پس یا تو ثبوت وجوب قراءۃ

لہ کیونکہ بموجب قول علیہ الصلوۃ والسلام لمن لم یقراء بھا بدون سورہ فاتحہ پڑھے ہوئے نماز نہیں ہوتی اور نماز کی نفی سے یہاں پر نفی ذات نماز کی ثابت ہوئی نہ نفی کمال کی چنانچہ موید ہے اس معنی کو کلام ہدایت التیام شیخ المشائخ عارف باللہ نواب والاجاہ امیر الملک مولانا سید محمد صدیق حسن خانصاحب بہادر ما تحت حدیث عبادہ بن صامت وبذہ عبارتہ ونیز آنحضرت فاتحہ را در ہر رکعت میخواندند کما رواہ مسلم ومیفرمود صلوا کما رایتمونی اصلی پس واجب شد کہ در ہر رکعت بخوانند وحدیث دلیل شد بر نفی صلوۃ شرعیہ چون مصلی در ان فاتحہ نخواند زیرا کہ نماز مرکب ست از اقوال وافعال ومرکب منتفی میشود بانتفاء جمیع اجزا وبعض اجزاء حاجت نیست بسوئے تقدیر نفی کمال زیرا کہ ضرورت تقدیر نزد تعذر صدق نفی ذات میباشد واز حدیث آیندہ معلوم میشود کہ نفی متوجہ ست بسوئے کفایت وآن مانند نفی ذات ست در مال زیرا کہ آنچہ کفایت نمی کند نماز شرعی نیست انتہی مافی مسک الختام ۔ ۱۲ ؛

فاتحہ خلف الامام کو تسلیم کیجئے یا کوئی دوسری ایسی حدیث کہ در باب ثبوت
وجوب ترک قرارۃ فاتحہ خلف الامام نص صریح ہو پیش کیجئے پندرہ نہیں
سترہ لیجئے ورنہ پھر مناظرہ کا نام نہ لیجئے۔ **قال المجیب** صحابہ کرام نے
منع کیا الخ۔ **اقول** بمنہ وکرمہ تعالی اس تقریر سے معلوم ہوتا ہے
کہ آپ نے جسوقت اس عبارت کو تحریر فرمایا ہے سوا پہرون نہ چڑھا تھا
ورنہ ایسی کج فہمی اور نادانی کی بات منہ سے نہ نکالتے خیر مضی ما مضی
یہ قول آپکا مخدوش ہے بدو وجہ اولاً یہ کہ علماء حنفیہ یہ دعوی کرتے
ہین کہ کل مسائل اجتہادیہ امام صاحب کے موافق کتاب وسنت کے ہین
پس آپ کو لازم ہے کہ ابھی صرف آیت اور حدیث صحیح سے استدلال فرمانے
آثار صحابہ کی طرف التفات نہ کیجئے۔ ثانیاً یہ کہ اکثر صحابہ کہ جنکو حدیث صحیح رسول اللہ
صلعم کی پہنچگئی ہے وہ قرارت فاتحہ خلف امام کی اجازت دیتے تھے اور خود بھی
قرارۃ خلف امام کرتے تھے جیسے حضرت علی وحضرت عمر وحضرت ابوہریرہ وغیرہم
رضی اللہ عنہم اور جنکو رسول اللہ صلعم کی حدیث نہ پہنچی وہ معذور تھے
اور ایسے اصحاب رسول اللہ صلعم کے اقل قلیل ہون گے اور وہ اکثر والاکثر
حکم الکل فعلیک بتلطیف القریحۃ لیظہر لک المقصود **قال المجیب**
امام المسلمین ابوحنیفہ علیہ الرحمہ منع کیا۔ **اقول** بتوفیق اللہ العلام
فی ھذا المقام بحیث ینھدم مرام الملخصام امام ابوحنیفہ رح نے
بہ تمسک کونسی آیۃ یا حدیث صحیح کے منع فرمایا ہے کہ وہ جب مسئلہ وجوب
ترک قرارۃ فاتحہ خلف الامام کے ثبوت کے لئے پیش کیجاے تو نص صریح ہو

بیان فرمائے مگر آیۃ کریمہ واذا قرئ القرآن وحدیث من کان لہ امام کی طرف رجوع نہ کیجیگا کیونکہ آیۃ کریمہ کو تو آپ کے بڑے پیر نے خود ساقط الاستدلال والعمل کر دیا ہے باقی حدیث من کان لہ امام ضعیف ہے اور ضعیف قابل احتجاج نہیں و بر تقدیر صحت در باب منع قرارۃ مقتدی نص صریح نہیں اور

لہ و نیز اس حدیث میں قرارۃ مصدر ہے مضاف طرف امام کے اور مصدر مضاف ایک صیغہ ہے منجملہ صیغ عموم کے کما تقرر فی محلہ پس بنا بر اسکے یہ حدیث عام ہوئی شامل جمیع قرارت امام کو اور عموم مخصوص ہے باحادیث صحیحہ مثل حدیث عبادہ بن صامت وغیرہ کے چنانچہ بعینہ یہی مضمون مستفاد ہوتا ہے کلام ہدایت نظام سے نواب الاجاہ کے ونہ عبارتہ - و بر فرض ایں معنی کہ بنا بر کثرت طرق منتہض نمیتواند شد عام است زیرا کہ مصدر مضاف یکی از صیغ عموم باشد کما تقرر فی الاصول و قرارۃ الامام در اینجا مصدر مضاف واقع شدہ پس شامل جمیع قرارۃ امام باشد و این عموم مخصوص است باحادیث صحیحہ مثل حدیث عبادہ بن صامت قال صلی بنا رسول اللہ صلعم الصبح فثقلت علیہ القرأۃ فلما انصرف قال انی اراکم تقرؤن خلف امامکم قال قلنا یا رسول اللہ ای واللہ قال فلا تفعلوا الا بام القرآن فانہ لا صلوۃ لمن لم یقرأ بہا انتہی - ما فی دلیل الطالب ترجمہ حدیث - صبح کی نماز پڑھی رسول صلعم نے تو بھاری ہوئی آپ پر قرارت جب فارغ ہوئے فرمایا میں دیکھتا ہوں کہ تم اپنے امام کے پیچھے قرارت کرتے ہو ہمنے کہا ہاں قسم اللہ کی اے رسول اللہ فرمایا نہ کیا کرو مگر ام القرآن کیونکہ نہیں ہوتی نماز اوسکی جس نے نہ پڑھا اسکو ۱۲

حق یہ ہے کہ اس مسئلہ مین امام محمد اور امام ابو حنیفہ رح کے دو قول ہین
قول اول سے دونون کی ممانعت ثابت ہوتی ہے اور قول ثانی سے احتیاطاً
علی سبیل الاستحسان اجازت اور اول متروک ہے و ثانی معمول بہ چنانچہ
مولوی عبد الحی حنفی نے امام الکلام مین میزان شعرانی سے اون دونون
امامون کے دونون قولون کو نقل کر دیا ہے وھذہ عبارتہ وکذا عن
الامام ابی حنیفۃ کما ذکرہ وذکر الشعرانی ان ھذہ روایۃ ھی التی رجعا
الیھا حیث قال لابی حنیفۃ ومحمد قولان احدھما عدم وجوبھا
علی المأموم بل لا تسن وھذا قولھما القدیم وادخلہ محمد فی تصانیفہ
القدیمۃ وانتشرت النسخ الی الاطراف وثانیھما استحسانھا علی سبیل
الاحتیاط وعدم کراھتھا عند المخافۃ للحدیث المرفوع لا تفعلوا الا
بام القران وفی روایۃ لا تقرؤا بشیء اذا جھرت الا بام القران وقال عطاء
کانوا یرون علی المأموم القراءۃ فیما یجھر فیہ الامام وفیما لیس
فرجعا من قولھما الاول من الثانی احتیاطا انتھی۔ ترجمہ یہ عبارت
اوسکی ہے اور ایسا ہی امام ابو حنیفہ رح سے روایت قرارۃ فاتحہ خلف امام کو ذکر کیا
اور شعرانی نے ذکر کیا ہے کہ یہ وہ روایت ہے کہ جسکی طرف دونون نے
رجوع کیا ہے چنانچہ کہا ہے کہ ابو حنیفہ و محمد کے دو قول ہین ایک تو عدم وجوب
مقتدی پر بلکہ سنت بھی نہین یہ قول دونون صاحبونکا قدیم ہے اور اسکو
امام محمد نے اپنی پہلی تصانیف مین داخل کیا ہے اور اطراف مین یہ نسخے پھیل گئے
ہین۔ دوسرا قول یہ ہے کہ قرارۃ فاتحہ مقتدی کو مستحسن ہے احتیاط کے لئے

اور مکروہ نہین ہے نماز سریہ مین بہ بباعث حدیث مرفوع کے کہ مت
پڑھو مگر فاتحہ - اور ایک روایت مین مت پڑھو کوئی شئی جب مین زور
سے پڑھون مگر سورہ فاتحہ - عطا نے کہا کہ صحابہ اور تابعین قرارۃ فاتحہ کو
مقتدی کیواسطے خیال کرتے تھے نماز جہری اور سری مین پس دونون
یعنی امام ابوحنیفہ و محمد نے پہلے قول سے ثانی کیطرف احتیاطاً رجوع
کیا ہے بقدر ضرورت - پس آپ اگر امام ابوحنیفہ رح کی پیروی کرتے
ہین تو اونکے قول ثانی معمول بہ کی موافق عمل کیجیے ورنہ حنفیت کا دعوی
چھوڑ دیجیے فتدبر فیہ - **قال المجیب** علماء متقدمین الخ -
اقول وباللہ التوفیق یہ قول آپکا مخدوش ہے بستہ وجہ اولا یہ
کہ جب بہ کتاب وسنت و آثار صحابہ راشدین و اقوال ائمہ مجتہدین وجوب
ترک قرارۃ فاتحہ خلف امام نہ ثابت ہوا تو اونکے منع کرنے سے منع نہ لازم
آیا - ثانیاً یہ کہ جب امام صاحب سے بھی اجازت ثابت ہو چکی اور علماء نے
منع کیا تو اب وہ علماء نہ متبع امام کے رہے اور نہ متبع خدا و رسول ص
اور اصحاب رسول کے پھر اونکے قول کا کیا اعتبار - ثالثاً یہ کہ منع انہین
علماء نے کیا ہے کہ جنھون نے اتباع کتاب وسنت کی چھوڑ دی ہے نہ اون
علماء نے جو اتباع کتاب وسنت مین سرگرم ہین جیسے شاہ عبدالرحیم اور
اونکے فرزند ارجمند حضرت شاہ ولی اللہ رحمہما اللہ کہ اونھون نے بحکم
احادیث صحیحہ قرارۃ فاتحہ خلف امام کو اختیار کیا ہے وہو مختار صاحب
حجۃ اللہ البالغہ و والدہ فانہ ذکر فی کتابہ انفاس العارفین حاکیا عن

حال والده الشیخ عبد الرحیم انه کان فی اکثر فروعه موافقا للمذهب
الحنفی الا فی بعضها اذا ظهر له رجحان مذهب الغیر فی ذلك
بحسب الحدیث او الوجدان فمن ذلك قراءة الفاتحة فی حالة الاقتداء
وفی صلوة الجنازة انتهی بقدر الحاجة **ترجمہ** اور مختار صاحب
حجة الله البالغه اور اونکے والد کا یہی ہے چنانچہ آپنے اپنی کتاب
انفاس العارفین مین اپنے والد شیخ عبد الرحیم سے بطور حکایت کے ذکر
کیا ہے کہ آپ اکثر فروع مین موافق مذہب حنفی کے عمل کرتے تھے مگر بعض
مین جبکہ آپ کے لئے مذہب غیر کا رجحان معلوم ہوجاتا تھا یہ رجحان یا تو
حدیث سے یا وجدان سے اسی رجحان سے ہے پڑہنا فاتحہ کا امام کے
پیچھے امام کی اقتدا مین اور نماز جنازہ مین فقط + اور اسیطرح
اسوة المحققین وقدوة المفسرین حضرت شاہ عبد العزیز قدس سره العزیز فی
اپنے بعض فتاوی مین در باب قرارة فاتحہ خلف امام وآمین بالجہر تاکید
آکید فرماتے ہین وعبارته ہکذا مفتح برین معنی گردیده که سوره فاتحه
در پس امام باید خواند باین طور هرگاه امام لفظ الحمد بخواند مقتدی بشنود
وبگوید الحمد تا آخر سوره همین طور باخفا رضم کرده باشد وهرگاه امام آمین
رسد همه مقتدیان بگویند بالمد والجهر آمین انتهی - بقدر الضرورة +
قال المجیب آجتک کل علماء حنفیه اسی پر عمل ہوتے آے الخ -
اقول وبالله التوفیق ومنه الوصول الی التحقیق الحقیق
یہ قول بھی آپکا مخدوش ہے بسبب وجہ اولا یہ کہ حسب دعوی علماء حنفیہ

کے علامہ مشتہر نے ہر مسئلے کے ثبوت کے لئے مسائل مندرجہ سے اشتہار کے
ایسی آیت اور حدیث صحیح طلب فرمائی ہے کہ جب پیش کیجاے تو نص صریح
قطعی الدلالت ہو۔ پس آپ کو لازم تھا کہ ایسی آیۃ اور حدیث تحریر فرماتے
کہ در باب ترک وجوب قرارۃ فاتحہ خلف امام نص صریح قطعی الدلالت
ہوتی نہ یہ کہ علماء حنفیہ کے عمل اور اونکی تالیفات مین جو مزخرفات ہین
پیش کرین۔ ثانیاً یہ کہ اس کلام خرافت التیام سے یہ بات لازم آتی ہے
کہ امام ابوحنیفہ رح اپنے مقلدین کے عمل اور تحریر سے مسائل شرعیہ استنباط کیا
کرتے تھے نہ کتاب و سنت سے اسلئے کہ آپ علماء حنفیہ کے عمل اور تحریر کو امام
مسائل کے ثبوت کے لئے پیش کرتے ہین اور ظاہر ہے کہ یہ ترجیح مرجوح کی
ہے راجح پر وہو کما ترٰی۔ ثالثاً یہ کہ یہ وہی علماء ہین کہ جنھون نے
اس قول کو اپنی تصنیفات مین نقل کرکے سکوت کیا اور اوسپر حکم غلطی کا
نہ دیا اسی قسم کے علماء پر مولوی عبدالحی صاحب حنفی لکھنوی اہل زمانہ
مین سخت تعجب کرتے ہین حیث قال[۱] والی[۲] واللہ لنعم تعجب شدید من

---

[۱] بالذات مولف امام الکلام کے کلام کو مین نے اپنی تحریر مین بغرض تقویت و تائید نہین نقل کیا
بلکہ اس نظر سے نقل کیا کہ مجیب اشتہار اونکو اور اونکے والد یعنی مولوی عبدالحلیم صاحب کو
اپنا پیشوا و مقتدا سمجھتا ہے اسوجہ سے کہ یہ لوگ اکثر حواشی کتب فقہیہ مین عدم
جواز قرارۃ فاتحہ خلف امام کے جانب مائل ہوگئے ہین و معہذا اس نقل کو بنا بر اعتماد منقول
عنہ تصور کرنا چاہیے ۱۲ منہ

[۲] مولوی عبدالحی صاحب عرصہ سے تو عجب کرتے
ہین اور خود ہی اس فعل کے مرتکب ہوتے ہین جسکو تسکہ ہو وہ حواشی ہدایہ مین مسئلہ قرارۃ

صنیع من نقل ھذا القول فی کتبھم ساکتا علیہ ولم یعلموا ایکون غلطا مردودا - انتھی ما فی امام الکلام **ترجمہ** اللہ کی قسم مین سخت تعجب مین ہون فعل اون لوگون سے جو اس قول کو اپنی کتب مین نقل کرتے ہین اور اسپر چپکے رہتے ہین اور اوسکے مردود اور غلط ہونے کا حکم نہین کرتے ختم ہوئی عبارت امام الکلام کی - **قال المجیب** اگر شک ہو تو اون تصنیفات کو دیکھیے الخ - **اقول** بعون اللہ تعالی وصونہ نعوذ باللہ من ذلک شک آپ کو ہو ہمارے ہاتھ مین تو ذلک الکتاب لاریب فیہ ہے پھر ہمکو کیون شک ہونے لگا ہمکو تو دیکھکر شک خود فک ہو جاتا ہے خلص کلام یہ کہ بدلیل کتاب وسنت ہمکو یقین کامل ہو چکا ہے کہ قراءۃ فاتحہ خلف الامام موجب اجر و ثواب ہے اور ترک کرنا اوسکا باعث عتاب و عذاب بباعث نہ ہونے نماز کے البتہ اگر آپ کے پاس کوئی ایسی آیت خواہ حدیث و رباب ثبوت منع اور وعید ونفی اجر و ثواب نص صریح ہو تو لائیے ورنہ پھر لب نہ ہلائیے - **قال المجیب** اب اگر اون بزرگان دین کے قول کو فی زمانا کوئی شخص باطل اور جھوٹھ کہے الخ - **اقول** بحول اللہ تعالی ہم آپ سے یہ پوچھتے ہین کہ ضمیر اون کے ساتھ آپنے کن بزرگان کی طرف اشارہ کیا ہے مانعین قراءۃ فاتحہ خلف امام کی طرف اشارہ کیا یا مجوزین قراءۃ فاتحہ کیطرف اگر مانعین کی طرف اشارہ کیا تو چونکہ قراءۃ فاتحہ خلف امام بدلیل کتاب وسنت وآثار صحابہ کرام واقوال ائمہ مجتہدین ومن بعدہم رضوان اللہ علیہم ثابت ہے

تو وہ مانعین متبع غیر سبیل المومنین کے ہوئے اور جبکہ وہ متبع غیر سبیل
المومنین کے ہوئے تو بنظر دفع شر بحکم حدیث من رای منکم منکرا الحدیث
اونکے اقوال واہیہ کی جو کوئی تردید یا تکذیب کرے تو وہ عند اللہ مومن
راست گو ہے نہ حسب فہم شریف آپ کے جھوٹا - اور اگر مجوزین کی طرف
اشارہ کیا ہے آپنے تو البتہ وہ بزرگان دین ہین جو کوئی اونکے اقوال
مدللہ وتقریرات مبرہنہ کی تردید وتکذیب کرے تو بیشک وہ جھوٹا ہے
کما لایخفی **قال المجیب** بہرکیف آمدم باصل مدعا خود یعنی علماء حنفیہ
کے نزدیک قرارۃ سورہ فاتحہ بھی دیگر سورۃ وآیات کا پڑہنا پیچھے امام
کے منع ہے لقولہ تعالی واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون
الخ - **اقول** بتوفیق اللہ الملہم للصواب والموفق للجواب اس آیت
سے دلیل پکڑنا مطلق عدم قرارۃ پر محض جہالت ہے کیونکہ استمعوا آیۃ کریمہ
مین صیغہ جمع مذکر حاضر امر معلوم باب افتعال سے مشتق استماع سے ہے
اور استماع بمعنی گوش داشتن صلۃ باللام قولہ تعالی فاستمعوا لہ هکذا فی الصراح
اور انصتوا صیغہ جمع مذکر حاضر امر معلوم باب افعال سے مشتق انصات
سے ہے اور انصات بمعنی سکوت مستمع بانفس سکوت یا سکوت مع الاستماع
کما فی مجمع البحار - پس اس صورت مین یہ دونون مصدر باعتبار مفہوم اپنے
کے خاص ہوئے صرف قرارۃ جہریہ کے ساتھ اور جبکہ یہ دونون خاص ہوئے
صرف قرارۃ جہریہ کے ساتھ تو آیۃ کریمہ سے یہی امر ثابت ہوا کہ حق سبحانہ تعالی
استماع اور انصات مقتدیون سے صرف صلوۃ جہریہ کے اندر حالت جہر امام مین

طلب کرتا ہے نہ صلوۃ سریہ مین اور نہ صلوۃ جہریہ کے اندر سکتات امام
مین جسمین قرارۃ فاتحہ کیجاوے ورنہ لازم آئے تکلیف مالایطاق اور یہ محال
ہے چنانچہ اسیوجہ سے اللہ جلشانہ نے اس قسم کی تکلیف کو اپنے بندون
سے دور کردی ہے قال تعالی لایکلف اللہ نفسا الا وسعھا فنبا رعلیہ
صلوۃ جہریہ کے اندر سکتات امام مین اور سریہ مین آیۃ کریمہ سے منع قرارۃ
فاتحہ خلف امام نہ ثابت ہوا اور جبکہ منع قرارۃ فاتحہ خلف امام حق مین مقتدیون
کے باستدلال آیۃ کریمہ نہ ثابت ہوا تو بدلیل آیۃ کریمہ اذکر ربك فی
نفسك وحدیث عبادہ لاتفعلوا الا بام القران و دیگر احادیث صحیحہ صریحہ
غیر منسوخہ غیر متروکہ تخصیص نماز جہریہ مین بقاعدہ اصول کے کیجاوے
تو اب وجوب قرارۃ فاتحہ خلف الامام ثابت رہا وذلك ما اردنا ہ ۔

قال المجیب اور کہا امام احمد نے الخ ۔ **اقول** بتوفیق اللہ عز اسمہ
وسیع علمہ اگرچہ کسی نے اس قول کو تحریر کرکے امام احمد کی طرف نسبت
کردیا ہو مگر یہ لائق سماعت نہین کیونکہ اس آیۃ کریمہ کے شان نزول مین
بہت اختلاف ہے کوئی کہتا ہے درباب سکوت عند الخطبہ نازل ہوئی ہے
اور کوئی کہتا ہے درباب تحریم کلام فی الصلوۃ نازل ہوئی اور کوئی کہتا ہے
درباب ترک جہر بالقرارۃ خلف الامام نازل ہوئی وعلی ہذا القیاس درباب
شان نزول آیۃ کریمہ مسانید اور کتب تفاسیر مین اقوال مختلفہ وآثار
متنوعہ بکثرت موجود ہین اگر اجماع ہوتا اس قول پر تو یہ اختلاف نہوتا
وسلمنا کہ آیۃ کریمہ درباب صلوۃ ہی نازل ہوئی مگر اس سے یہ کب لازم آتا ہے

کہ مقتدی کو قراءۃ آہستہ پڑھنا بھی منع ہے بلکہ اسکے آگے کے جملہ یعنی
واذکر ربك فی نفسك سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ مقتدی آہستہ پڑھین
زور سے نہ پڑھین - اچھا فرض کیا کہ اس آیت سے مخالفت صلوۃ جہریہ
مین ثابت ہوتی ہے تو بھی حدیث عبادہ بن صامت وغیرہ سے تخصیص
اسکی کیجاویگی **قال المجیب** اور وہ حدیث جو حضرت ابو ہریرہ
سے مروی ہے الخ **اقول** بعونہ وصونہ تعالی استدلال کرنا آپکا
اس حدیث سے مخدوش ہے بدو وجہ اولاً یہ کہ زیادتی کلمہ فانصتوا
کی اس حدیث مین اکثر حفاظ کے نزدیک غیر محفوظ ہے چنانچہ اسیوجہ
امام مسلم نے باوجود صحیح کہنے کے اس حدیث کو اپنی مسند مین نہین درج کیا

ط اور سورہ فاتحہ پڑھنے کی خلف امام تاکید آگید کیجائیگی کیونکہ بدون
اسکے نماز نہین ہوتی لہذا ضرور پڑھنا چاہیئے اگرچہ امام جہر سے پڑھے
سکتہ کرے یا نہ کرے چنانچہ اسی معنی کو موئد ہے کلام لطافت التیام
نواب والاجاہ کا وہذہ صورتہ - وابو ہریرہ چون روایت حدیث فھی خداج
کرد ابو السائب از وے پرسید کہ من احیانا در پس امام میباشم یعنی پس
چگونہ خوانم ابو ہریرہ ذراع او را خلہ کرد وگفت اقرأ بھا فی نفسك یا فارسی
الحدیث ومحول بیگفت کہ در مغرب وعشا وصبح در ہر رکعت بسزا باید خواند
پیشتر گفت در نمازی کہ امام جہر کند تو نزدیک سکتہ وے بخوان واگر سکتہ
نکند قبل از وے وبعد از وے وہمراہ وے بخوان وترک مکن
آنرا در ہیچ حال رواہ ابو داود انتہی مافی مسک الختام فقط ۱۲

قال النووی فی شرح صحیح مسلم ان هذه اللفظة مما اختلف الحفاظ فی صحته فروی البیهقی فی سنن الکبری عن ابی داؤد ان هذه الزیادة لیست بمحفوظة کذلک رواه عن ابن معین وابی حاتم الرازی والدارقطنی والحافظ ابی علی النیسابوری شیخ الحاکم واجتماع هؤلاء الحفاظ علی تضعیفها مقدم علی تصحیح مسلم لاسیما ولم یروها مسندة فی صحیحه انتهی

ترجمہ امام نووی نے شرح مسلم میں فرمایا ہے کہ اس لفظ کی صحت میں حفاظ حدیث کا اختلاف ہے بیہقی نے اپنی کتاب سنن کبریٰ میں ابو داؤد سے روایت کی ہے کہ یہ زیادتی محفوظ نہیں ہے ایسا ہی اسکو روایت کیا ہے ابن معین اور ابی حاتم رازی اور دارقطنی اور حافظ ابو علی نیسا پوری شیخ حاکم سے مجتمع ہونا ان حفاظ حدیث کا اس زیادتی کی تضعیف پر مقدم ہے مسلم کی تصحیح پر خصوصاً جبکہ اسکو بطور اسناد کے اپنی صحیح کتاب میں اسنے نہیں ذکر کیا۔ ثانیاً یہ کہ اذا قرء فانصتوا محمول ہے سکوت پر عند القرائۃ صلوٰۃ جہریہ میں۔ اور حدیث عبادہ کی محمول ہے قرائۃ پر سکتات امام اور سریہ میں فتدبر۔ **قال المجیب** درمختار میں لکھا ہے کہ مقتدی قرائۃ امام کی سنے الخ۔ **اقول** وباللہ التوفیق استدلال کرنا صاحب کا بقول ابوہریرہ اور آپکا بقول صاحب درر بنا رفاسد کی ہے بنا رفاسد پر بدو وجہ اولاً یہ کہ اس حدیث کو ابوہریرہ سے اکیمہ نے روایت کی ہے اور وہ مجہول ہے ثانیاً یہ کہ بر تقدیر تسلیم اسبات کے کہ اکیمہ معروف و مقبول ہے یہ روایت محمول ہے ترک قرائۃ ماعدا فاتحہ پر کیونکہ حضرت ابوہریرہ مشروعیت

قرارہ فاتحہ خلف امام کے قائل ہین چنانچہ ابوہریرہ نے جواب مین فارسی کے کہا
اقرء بها فی نفسك (یعنی تو فاتحہ کو آہستہ پڑھ) اب آپ ایسی روایت
صحیح لائیے کہ در باب منع قرارۃ فاتحہ خلف امام نص صریح ہو پندرہ نہین
سترہ لیجئے ورنہ تسلیم کیجئے **قال المجیب** غایۃ الاوطار ترجمہ درمختار
مین لکھا ہے الخ۔ **اقول** بتوفیق اللہ العلیم فی رد مجادل الخصیم اولاً مین
آپ سے یہ پوچھتا ہون کہ شان رسالت بڑھکر ہے یا شان صحابیت اگر یہ
فرمائیے کہ شان صحابیت بڑھکر ہے تو یہ ظاہر البطلان ہے۔ اور اگر یہ فرمائیے
کہ شان رسالت بڑھکر ہے تو حدیث عبادہ کی مرفوع در باب وجوب قرارۃ
فاتحہ خلف امام نص صریح ہے ثانیاً یہ کہ ان حضرات سے کوئی اثر در باب
منع قرارۃ خلف الامام صحیح طور پر ثابت نہین ہوا۔ اور اسی صحابہ کی طرف نسبت
عدم قرارۃ فاتحہ کی کرنی محض ادعا ہے نہ کسی کتاب حدیث مین یہ آیا ہے
نہ کسی نے آجتک اسناد متصلہ انکی لکھی ہین۔ و بر تقدیر تسلیم صحت محمول
ہے منع قرارۃ ماعدا سورہ فاتحہ پر کیونکہ در باب قرارۃ فاتحہ خلف الامام
ان حضرات سے خود روایات موجود ہین بلکہ حضرت علی سے تو ظہر اور عصر کی
رکعتین اولین مین خلف امام وجوباً قرارۃ فاتحہ مع سورہ دیگر مروی ہے
عن ابی رافع عن علی بن ابی طالب انه کان یامر ویحب ان یقرء خلف الامام
فی الظهر والعصر بفاتحة الکتاب وسورة سورة وفی الاخریین بفاتحة
الکتاب رواہ البخاری فی جزء القرءۃ ونحوہ عن عمر بن الخطاب وابن مسعود
وعبد اللہ بن مغفل وغیرہم من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ترجمہ ابو رافع حضرت علی رضہ بن ابو طالب سے روایت کرتے ہین کہ
حضرت علی امر کرتے تھے اور وصیت رکھتے تھے کہ پڑھا جاوے خلف الامام ظہر اور عصر مین فاتحہ کتاب
اور سورۃ سورۃ اور پچھلی دو رکعتون مین فقط فاتحۃ الکتاب اسکو امام
بخاری نے جزء القراءۃ مین روایت کیا ہے۔ اور ایسا ہی حضرت
عمر بن خطاب اور ابن مسعود اور عبد اللہ بن مغفل وغیرہم اصحاب رسول اللہ
صلعم سے مروی ہے + اب آپ ایسی حدیث صحیح مرفوع لائیے کہ
درباب منع قراءۃ خلف الامام نص صریح ہو بندہ نہین سترہ لیجئے ورنہ
کسی کے سامنے منہ نہ کیجئے۔ **قال المجیب** اور کہا امام محمد نے مؤطا مین
الخ۔ **اقول** وباللہ التوفیق استدلال کرنا آپکا ساتھ اس حدیث کے منقوض
ہے بچند وجہ اولاً یہ کہ یہ حدیث صحیح نہین بلکہ ضعیف و مرسل ہے ثانیاً یہ
کہ درباب منع قراءۃ مقتدی نص صریح نہین بلکہ محتمل ہے ترک قراءۃ فاتحہ
اور ترک ماعدا کو اور دیگر روایات وجوب قراءۃ فاتحہ خلف الامام پر
نصاً دلالت کرتی ہین پس مقدم کرنا اونکا اسپر قطعاً لائق و فائق ہے دون
العکس ثالثاً یہ کہ معارض ہے آیۃ کریمہ فاقرءوا ما تیسر من القرآن و حدیث
لاصلوٰۃ لمن لم یقرء بام القرآن و حدیث لا تفعلوا الا بام القرآن و دیگر
احادیث صحیحہ صریحہ معمول بہا کو فانصف و لا تسف **قال المجیب** کہا امام
محمد نے الخ۔ **اقول** وباللہ التوفیق کیا وجہ کہ بار بار آپ ایک اسی روایت کا
وظیفہ پڑھتے ہین اور دوسری کوئی روایت نہین رقم فرماتے شاید
اس خیال سے کہ تکرار کرنے مین اس روایت کے عوام کالانعام یہ سمجھین

کہ در باب منع قرارۃ فاتحہ خلف امام بہت روایتین ہین یا اسوجہ سے
کہ کتب فقہیہ حنفیہ مین بھی ایک روایت مکرر مروی ہے - بہرکیف کاتب
الحروف بضمن اقوال سابقہ جواب باصواب اسکا تحریر کر چکا ہے فتذکر
قال المجیب شرح مشکوۃ المصابیح مین شیخ عبدالحق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
نے لکھا ہے الخ **اقول** وباللہ التوفیق شیخ عبدالحق کے لئے یہ حدیث
دلیل ہو مگر اہل حق کے لئے بوجوہ مذکورہ دلیل نہین ہے اور بتوضیح تمام
وتلویح مالا کلام جواب اسکا گذر چکا فتذکر - **قال المجیب** اور ہدایہ مین
لکھا ہے الخ **اقول** بعونہ تعالی - اس حدیث پر اجماع صحابہ کے گھر مین شاید
ہوا ہو تو ہوا ہو مگر مدینہ منورہ مین اصحاب رسول اللہ صلعم کا اجماع اسپر
نہین ہوا کیونکہ اگر اونکا اجماع اسپر ہوتا تو حضرت عمر اور حضرت علی اور حضرت
ابوہریرہ وغیرہم رضی اللہ عنہم کیون اجماع سے باہر ہوتے مقتدی کو سورہ
فاتحہ پڑہنے کا حکم دیتے **قال المجیب** اور قمر الاقمار حاشیہ نور الانوار مین
الخ - **اقول** وباللہ التوفیق مولوی عبدالحلیم صاحب کے کلام سے یہی ثابت
ہوتا ہے کہ حدیث جابر کی صحیح ہے اگرچہ عند المحققین صحیح نہین مگر یہ ہرگز
نہین ثابت ہوتا کہ یہ حدیث دلالت کرتی ہے منع قرارۃ فاتحہ خلف امام پر کیونکہ
ممکن ہے عمل کرنا اسکا ماسوا قرارۃ فاتحہ پر یا حمل کرنا اسکا قرارۃ فی
الجہریہ پر یا جہر بالقرارۃ پر فافہم - **قال المجیب** اور کہا سرخسی نے الخ
اقول وباللہ التوفیق یہ قول منقوض ہے بدو وجہ اولا یہ کہ ہرگاہ اکثر
صحابہ رسول اللہ صلعم سے ثبوت قرارۃ مقتدی بہ سند صحیح مروی و ثابت

ہو چکا تو اب یہ مسئلہ اجماعی نہ رہا اجماع سکوتی ہو خواہ اجماع صریحی اکثر ہی اتنا بھی آپنے کسی اہل علم سے نہ پوچھ لیا کہ اجماع کے لئے کیا شرط ہے فالحق والحق اقول اجماع کے لئے اجتماع کل کی شرط ہے اور خلاف واحد کا مانع اجماع ہے مثل اکثر کے والشرط اجتماع الکل وخلاف الواحد مانع کخلاف الاکثر یعنی فی حین انعقاد الاجماع لو خالف واحد کان خلافہ معتبرا و لاینعقد الاجماع کما فی المنار وشرحہ نور الانوار ترجمہ اجماع میں سب کے جمع ہونے کی شرط ہے اور خلاف ایک کا بھی مانع ہے مثل خلاف اکثر کے یعنی وقت اجماع ہونے کے اگر ایک نے بھی خلاف کیا تو اوسکا خلاف کرنا معتبر ہوگا اور اجماع منعقد نہیں ہوگا ایسا ہی منار اور اوسکی شرح نور الانوار میں ہے۔ ثانیاً یہ کہ اگر منع قرأۃ پر اجماع ہوتا تو ما بین ائمہ اس مسئلہ میں اتفاق ہوتا نہ نزاع وخلاف اور امام شافعی اس امر کو خوب سمجھتے ولیس فلیس۔ **قال المجیب** نہایہ میں ہے الخ۔ **اقول** وباللہ التوفیق استدلال کرنا آپ کا ساتھ اس حدیث کے مردود ہے بسبب وجہ اولا یہ کہ کتب محدثین ثقات میں کہیں اس روایت کا پتا ونشان نہیں پایا جاتا۔ ثانیاً یہ کہ عند الاثبات کوئی طریق اسکے رفع کا نظر نہیں آتا اور صاحب نہایہ وغیرہ شراح ہدایہ کا ذکر کرنا کچھ معتبر نہیں کیونکہ وہ محدث نتھے قال علی القاری ش لاعبرۃ بنقل صاحب النہایۃ ولا بقیۃ شراح الھدایۃ فانھم لیسوا من المحدثین ولا اسند والحدیث الی احد من المخرجین ترجمہ ملا علی قاری نے کہا کہ نہیں اعتبار ہے نقل

صاحب نہایہ کا اور نہ بقیہ شراح ہدایہ کا کیونکہ وہ نہیں ہیں محدثین سے
اور نہ اونھوں نے نسبت کیا ہے حدیث کو کسی مخرج حدیث کی طرف تالثاً
یہ کہ یہ روایت بر تقدیر صحت محمول ہے ماعدا سورہ فاتحہ پر کوئی روایت
مرفوع ایسی لائے کہ اسباب مین نص صریح ہو پندرہ نہیں سترہ لیجائے
ورنہ کچھ تو شرمائے **قال المجیب** ناقلا عن بعض الکتب قال عمر بن
الخطاب الخ **اقول** و باللہ التوفیق استدلال کرنا آپکا ساتھ اس اثر کے ممنوع
ہے بچند وجہ اولاً یہ کہ اثر صحیح نہیں ثانیاً یہ کہ معارض ہے حدیث مرفوع
لایقرأن الا بام الکتاب کے۔ ثالثاً یہ کہ حضرت عمر نہ خود فتوی دیتے تھے
مقتدی کو قرارۃ کرنے کے لئے عن یزید بن شریک قال سالت عمر بن
الخطاب اقرء خلف الامام قال نعم قلت وان قراءت یا امیر المومنین
قال وان قراءت رواہ البخاری فی جزء القراءۃ **ترجمہ** روایت ہے
یزید بن شریک سے کہا مین نے عمر بن الخطاب سے سوال کیا کہ مین امام کے
پیچھے پڑہون فرمایا ہان مین نے کہا اگرچہ آپ پڑہین اسے امیر المومنین
فرمایا اگرچہ مین پڑہون اسکو بخاری نے جزء القرارۃ مین روایت کیا
رابعاً یہ کہ استدلال بحکم اس اثر کے مستلزم ہے ممانعت ثناء خلف امام کو
حق مین مدرک کے حالانکہ بروایت بعض فقہا یہ روایت بعض کتب فقہیہ
حنفیہ مین موجود ہے فالملزوم باطل والملزوم مثلہ **قال المجیب**
وقال علی بن ابی طالب رضہ الخ **اقول** بعون و قوۃ شانہ تعالی استدلال
کرنا آپکا ساتھ اس اثر کے منقوض ہے بچند وجہ اولاً یہ کہ یہ اثر صحیح نہیں امام

بخاری نے جزء القراءۃ مین فرمایا ہے وروی علی بن صالح عن الاصبہانی
عن المختار بن عبد اللہ بن ابی لیلی عن ابیہ عن علی رض من قرء خلف الامام
فقد اخطا الفطرۃ و ھذا لا یصح لانہ لا یعرف المختار ولا یدری انہ سمعہ
من ابیہ ام لا و ابوہ عن علی و لا یحتج اھل الحدیث بمثلہ ترجمہ
علی بن صالح نے اصبہانی سے روایت کیا وہ مختار بن عبد اللہ بن ابی لیلی
سے روایت کرتے ہین وہ اپنے باپ سے وہ حضرت علی رضہ سے جس شخص
نے پڑہا امام کے پیچھے اوس نے فطرۃ کے خلاف کیا اور یہ اثر نہین صحیح ہے
کیونکہ مختار مجہول ہے اور نہین معلوم کہ اوس نے اپنے باپ سے سنا ہے یا نہین اور باپ اسکے
علی سے اور اہل حدیث ایسے ایسے اثر سے حجت نہین پکڑتے ثانیا یہ کہ وہ باوجود قراءۃ مقتدی
حضرت علی رضہ سے خود روایت ہے کما مر ثالثا یہ کہ یہ معارض ہے حدیث مرفوع عبادہ کو
کہ اوسکو مقدم کرنا روایت مرفوع پر ترجیح مرجوح کی ہے راجح پر
وہو ممنوع **قال المجیب** نا قلا عن بعض الکتب اذا ثبت رفع الحدیثین
الخ **اقول** و باللہ نستعین اثر اول حضرت عمر رض تک بطریق صحت مرفوع
نہین ہوا علی ہذا القیاس ثانی حضرت علی تک پس جملہ کان کرفعھما الی النبی
صلی اللہ علیہ وسلم بالکل باطل ٹھہرا کما لا یخفی عند البلہ والصبیان
قال المجیب قال سعدؓ وددت الخ **اقول** بتوفیق اللہ تعالی
اولا یہ اثر قابل استدلال نہین کیونکہ مرسل ہے اور ضعیف امام بخاری نے
جزء القراءۃ مین فرمایا ہے وروی داؤد بن قیس عن ابن نجاد رجل
من ولد سعد عن سعد وددت ان الذی یقرء خلف الامام فی فیہ

جمرة وهذا مرسل وابن نجاد لم يعرف ولا سمي ولا يجوز لاحد ان يقول
في في القاري خلف الامام جمرة لان الجمرة من عذاب الله وقال النبي صلى
الله عليه وسلم لا تعذبوا بعذاب الله ولا ينبغي لاحد ان يتوهم
ذلك على سعد مع ارساله وضعفه ترجمہ داؤد بن قیس نے ابن نجاد
سے جو ایک آدمی اولاد سعد سے ہین روایت کیا اور وہ سعد سے روایت
کرتے ہین کہا سعد نے مین دوست رکھتا ہون کہ جو امام کے پیچھے پڑھے
اوسکے منہ مین چنگاری بھری جاوے اور یہ روایت مرسل ہے ابن
نجاد مجہول اور مجہول الاسم ہے کسیکو نہین جائز ہے کہ کہے قاری کے
منہ مین چنگاری بھری جاوے کیونکہ چنگاری عذاب اللہ ہے اور آپنے
فرمایا ہے کہ مت عذاب کرو عذاب سے اللہ کے کسیکو نچاہیے کہ سعد پر ایسا
گمان کرے باوجود اسکے ضعیف اور مرسل ہونے کے فقط ثانیاً یہ کہ
بر تقدیر صحت یہ روایت محمول ہے ماعدا سورہ فاتحہ پر قال المجیب
وقال علقمة الخ اقول لعون الله تعالی استدلال کرنا ساتھ اس اثر
کے مردود ہے بسہ وجہ اولاً یہ کہ یہ اثر صحیح نہین ومن یدعی
فعلیه البیان ثانیاً یہ کہ معارض ہے احادیث مرفوعہ کو ثالثاً یہ کہ بر تقدیر
صحت بھی در باب منع قرارۃ فاتحہ خلف امام نص صریح نہین فتدبر
قال المجیب قال جابر من صلی رکعة الخ اقول بتوفیق الله عز
اسمہ یہ قول صحابی کا ہے اور قول صحابی کا اوسوقت حجت ہوتا ہے کہ جب
سنت اوسکی نفی نہ کرے اور ظاہر ہے کہ احادیث مرفوعہ صحیحہ اسکی

نفی کرتی ہین شیخ ابن الہمام نے فتح القدیر شرح ہدایہ باب الجمعہ مین تصریح
کی ہے کہ قول صحابی کا ہمارے نزدیک حجت ہے جب تک کوئی شئے سنت
سے اوسکو نفی نہ کرے عبارت اوسکی اسطرح پر ہے قول الصحابی حجۃ
مالم ینفیہ شئ من السنۃ ترجمہ قول صحابی کا ہمارے نزدیک
حجت ہے جب تک کوئی شئے سنت سے اوسکو نفی نہ کرے فقط۔ تو اب
قول صحابی کا حجت کسی صورت سے نہوگا **قال المجیب** اور کہا ترمذی
نے الخ۔ **اقول** اس قول سے یہی بات ثابت ہوتی ہے کہ یہ اثر جابر ہی کا
ہے نہ کسی دوسرے صحابی کا اور نہ حدیث مرفوع کہ آپکے دعوے
کے لئے دلیل ہو اور حجت بین کما ہو ظاہر۔ **قال المجیب** اور حاشیہ
ترمذی مین بیچ صفحہ ۵۹ و ۶۰ مطبوعہ مطبع منشی نولکشور کے لکھا ہے
اقول بحول اللہ تعالی استدلال کرنا آپکا منع قرارۃ مقتدی پر پر دوایت
جابر عند العلماء لائق سماعت والتفات نہین بدو وجہ اولاً یہ کہ یہ روایت
موقوف ہے جابر پر نہ مرفوع الی النبی صلعم باوجودیکہ طحاوی نے
اس روایت کو طریق یحیی بن سلام کے بھی روایت کیا مگر پھر بھی یہ روایت
مرفوع نہوئی کیونکہ یحیی بن سلام ضعیف ہے وقد قال الدارقطنی
یحیی بن سلام ضعیف والصواب وقفہ ذکرہ الزیلعی ثانیاً یہ کہ خصرت
جابر خود خلف امام قرارۃ کرتے تھے عن جابر بن عبد اللہ کنا نقرء فی
الظہر والعصر خلف الامام فی رکعتین الاولیین بفاتحۃ الکتاب
وسورۃ وفی الاخریین بفاتحۃ الکتاب رواہ ابن ماجۃ ترجمہ

جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہا کہ ہم پڑہتے تھے ظہر اور عصر مین پیچھے
امام کے پہلی دو رکعتون مین سورہ فاتحہ اور سورہ اور پچھلی دو رکعتون
مین فقط سورہ فاتحہ اسکو ابن ماجہ نے روایت کیا - باقی جواب حدیث
من کان لہ امام کا بوجوہ متعددہ علی سبیل التکرار ضمن اقوال سابقہ
کاتب الحروف گذارش کر چکا ملاحظہ کر لیجئے شاید اس سے تسکین ہو تو
کچھ اور سنئے وہ یہ ہے کہ استدلال کرنا آپکا بروایت من کان لہ امام
فقراءۃ الامام قراءۃ لہ منقوض ہے بدو وجہ اولاً یہ کہ من کان لہ امام
فقرأۃ الامام قرأۃ لہ ایک جملہ ہے اور قولہ علیہ السلام الا بام القران
مستثنیٰ ہے جملہ سے جیسا کہ بعض احادیث مین جعلت لی الارض مسجدا
وطھورا (یعنی کیگئی ہے میرے لئے زمین مسجد اور طہور) ایک جملہ
ہے الا المقبرۃ مستثنیٰ ہے جملہ سے اور مستثنیٰ خارج ہوا کرتا ہے
جملہ سے علی ہذا القیاس - ام القران خارج ہے من کان لہ امام فقراءۃ
الامام قرأۃ لہ سے فتامل فانہ ینفعک ثانیاً یہ کہ یہ حدیث منقطع ہے اور
بروایت جابر ایک طریق صحیح سے بھی نہین ثابت ہوتا کہ ان الماموم لا یقرء
الفاتحۃ جسکا اعتبار کیا جاے - اگر کوئی روایت صحیح اسباب مین ہو تو
لائے ورنہ کچھ تو شرمائے - اور جبکہ قول علیہ السلام الا بام القران
جملہ من کان لہ امام فقرأۃ الامام قرأۃ لہ سے مستثنیٰ ہوا تو صلوۃ
جہریہ و سریہ دونون مین سورہ فاتحہ خلف امام پڑہنا ثابت ہو گیا تو اب
فقرہ وکذا لا یسبح الی ورودہ فی صلوۃ الظہر والعصر محض لغو و بیکار ہو گیا

کما لا اخفاء فیہ **قال المجیب** ختم ہوا حاشیہ ترمذی کا الخ **اقول** وباللہ التوفیق حاشیہ جامع ترمذی کے مضمون کا بھی جواب باصواب بفضلہ تعالی ترکی بترکی ہو چکا اب انشاء اللہ تعالی عنقریب چند حدیثین اور بھی نقل کرتا ہون کہ در باب ثبوت قرارۃ فاتحہ خلف امام نص صریح ہون فانتظر **قال المجیب** اب اگر مشتہر صاحبکا جی چاہے الخ - **اقول** بتوفیق اللہ الکفیل وھو حسبی ونعم الوکیل آپ کے اس جواب ناصواب کو جناب مشتہر صاحب ملاحظہ فرمائین یا نہین مگر چونکہ وہ ہمارے منجملہ اخوان دینی واحبار التفینی کے ہین از نجہت بنظر انصاف بلا التعصب واعتساف جواب ہذا کے جملہ جملہ اور فقرہ فقرہ کو دیکھا تو من کل الوجوہ خلاف کتاب وسنت وآثار صحابہ کرام واقوال علماء امت خیر الانام پایا لہذا اوسکو تسلیم نہ کیا اور اوسکے ہر ہر فقرہ کا جواب باصواب مکرر تحریر کرکے آپ کی خدمت شریف مین پیش کرتا ہون اب ایفاء وعدہ کی امید نہ رکھئے کیونکہ ایفاء وعدہ بر تقدیر تسلیم تھا اور اسکو ہمنے تسلیم نہ کیا تو ایفاء وعدہ چہ معنی دارد - اور ثبوت قرارۃ فاتحہ خلف امام اور عدم صحت ولائل رزائل آپ کے بدلائل صریحہ غیر منسوخہ وغیر متروکہ کہ جسپر اکثر صحابہ کرام وتابعین عظام وعلماء سلف وخلف حنفیہ وغیر حنفیہ کا اتفاق ہے ضمن مین تحریر جواب الجواب کے کاتب الحروف ثابت کر چکا ہے فانظر بعین الانصاف وایاک والاعتساف **قال المجیب** اور ناظرین پر واضح رہے الخ **اقول** بعون اللہ تعالی جواب باصواب تو اشتہار کا آپ سے نہو سکا اب آپکو لازم ہے کہ قائم مقام علامہ مشتہر کے محجوب تصور کیجئے اور عجز اپنا

تحریر کرکے بہت جلد میرے پاس ارسال کیجئے اور اوسکے خلاف مین احادیث صحیحہ
غیر منسوخہ وغیر متروکہ ضمن مین جواب الجواب کے مین تحریر کرچکا اور زیادتی تقویت کے لئے
چند حدیثین اور بھی نقل کرتا ہون بامعان نظر و استحسان فکر ملاحظہ فرمائے ۔
عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقرؤن
خلفی قالوا نعم انا لنفعل ھذا قال فلا تفعلوا الا بام القرآن رواہ البخاری فی جزء القرءۃ
عن نافع بن محمود بن ربیعۃ عن صلی بنا رسول اللہ بعض الصلوات التی یجھر
فیھا بالقراءۃ فقال لا یقرء ان احدکم اذا جھرت الا بام القرآن رواہ النسائی ومن صلی
خلف الامام فلیقرء بفاتحۃ الکتاب ترجمہ عمرو بن شعیب اپنے باپ سے روایت
کرتے ہین وہ اپنے دادے سے اوسنھون نے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
کیا تم میرے پیچھے پڑھتے ہو صحابہ نے کہا ان ہم جلدی پڑھتے ہین جلدی پڑھنا آپنے فرمایا
تم مت پڑھو مگر سورہ فاتحہ کو اسکو امام بخاری نے جزء القرءۃ مین روایت کیا ہے نافع
بن محمود بن ربیعہ سے وہ اسسے کہ نماز پڑہائی ہمکو آنحضرت صلعم نے نماز جہری پس آپنے فرمایا تم
پڑھے ایک تمھارا جہر مین جہر سے پڑہون مگر سورہ فاتحہ اسکو نسائی نے روایت کیا جو امام کے پیچھے نماز
پڑھے پس چاہئے کہ سورہ فاتحہ پڑھے اسکو طبرانی نے روایت کیا علی ہذا القیاس ایسی
بہت سی احادیث مرفوعہ صحیحہ غیر منسوخہ غیر متروکہ باسانید عدیدہ وطرق کثیرہ مسانید
ودواوین حدیث مین مروی ومسطور ہین چنانچہ بدلیل انہین روایات کے امام ابو حنیفہ
نے قراءۃ فاتحہ خلف الامام کو علی سبیل الاحتیاط مستحسن فرمایا ہے اور بموجب اونھین
احادیث کے حضرات دہلی وغیرہ نے بھی عمل کیا ہے کما عرفت سابقا اب اگر آپ کے پاس
ایسی روایات صحیحہ صریحہ غیر منسوخہ غیر متروکہ در باب منع قراءۃ فاتحہ خلف امام ہون تو لائیے

ف ۱۲ منہ

ف ۱۳ منہ

الاجوبۃ الفاخرۃ الفاضلۃ
فی رد
الرسائل العشرۃ الکاملۃ

مؤلفہ

جناب مولوی حکیم ابو المکارم محمد علی صاحب ابن مقبول الرگاہ
آنمولانا الحاج مولوی محمد فیض اللہ
صاحب حوم اعظمگڈھی

سنہ ۱۳۱۵ھ
در مطبع سعید المطابع واقع رس بنارس طبع یافت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی اما بعد
خدمت مین جملہ اہل شریعت وارباب طریقت کے خاکسار راجی رحمۃ اللہ
العلی ابوالمکارم **محمد علی** وقاہ اللہ کل رین وحلاہ بکل زین عرض
کرتا ہے کہ فی الحال مجموعہ رسائل دہ گانہ یعنی شہرۂ آفاق وفیض رحمانی
ونور احمدی وسیخانۂ عشق ونشۂ عرفان واسرار محبت وگنجینۂ فقر ونسخۂ حکمت
ونظر مرشد وحسن معاملہ جو مولوی فضل الرحمن صاحب گنج مرادآبادی کے
فرزند شیخ احمد کے بعض مریدان کی تالیف سے ہے نظر سے گذرا چونکہ بعض
بعض مقامات خلاف کتاب وسنت واقوال سلف صالحین نظر آئے
جن سے ناآشنائی مؤلف کی کتب اصول اسلام وکتب معتبرہ علم سلوک
سے ظاہر ہے لہذا اون کا تعقب اِس تحریر مین کیا جاتا ہے وما غرضنا
من ھذا التحریر الا ابتغاء وجہ اللہ الخبیر فالمامول من

من الناظرین لا سیما المؤلف الفطین ان ینظروا بعین الرافة و
الانصاف لا بعین الغیظ والاعتساف وهذا وان
الشروع فی المقصود بعون اللہ المهیمن الودود +

قولہ صـ۳ بالجملہ بعد حضرت امام جعفر صادق کے جو بواسطہ امام قاسم و
حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہم نسبت صدیقی رکھتے ہین اور سلسلۂ
آبائی سے نسبت آپ کی علوی ہے + **اقول** اس سلسلہ مین اتصال
نہین ہے اسلئے کہ قاسمؒ کو سلمان فارسی سے لقا نہین ہے یہہ امر
انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ سے واضح ہے عبارت اوس کی یہہ ہے
والامام جعفر الصادق اخذ من جهتین الاولی جهة اباه
رضی اللہ عنهم وقد ذکرناه والثانیة انه اخذ الطریقة عن
ابی امه القاسم بن محمد بن ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالے
عنه والقاسم اخذ عن سلمان الفارسی عن سیدنا ابی بکر
الصدیق رض عن النبی صلی اللہ علیه وآله وسلم قلت واخذ
القاسم عن سلمان لا یمکن الا ان یکون من جهة الباطن
یظهر ذلک من تتبع کتب اسماء الرجال انتهی اتصال باطن سوائے
تک بمقبول نہین جب تک یہہ ثابت نہ ہو لیوے کہ قاسمؓ نے سلمان
فارسیؓ سے بطریق باطن اخذ کیا ہے اور محض حسن ظن کافی نہین اور نیز
اسکی بھی دلیل مذکور ہونی چاہئے کہ اخذ بطریق باطن دلیل اتصال
ہے **قولہ** صـ۴ اور سند القاے نسبت کی توجہ باطن سے یہہ حدیث

ہے کہ ما صب اللہ فی صدری شیئا الا صببتہ فی صدر ابی بکر
اس حدیث کو علماے صوفیہ لکھتے آئے ہین جو نقاد حدیث بھی تھے اور علاوہ
اسکے آنحضرتکو حضرت جبرئیل نے سینہ بسینہ فیض الٰہی پہونچایا ہے **اقول** یہہ
حدیث موضوع ہے فوائد مجموعہ مین ہے حدیث ما صب اللہ فی
صدری الا وصببتہ فی صدر ابی بکر ذکرہ صاحب الخلاصۃ
وقال موضوع اور ملا علی قاری حنفی موضوعات کبیر مین تحریر فرماتے
ہین ومما وضعہ جہلۃ المنتسبین الی السنۃ فی فضل الصدیق
حدیث ان اللہ یتجلی للناس عامۃ یوم القیامۃ ولابی بکر
خاصۃ وحدیث ما صبہ اللہ فی صدری شیئا الا صببتہ فی
صدر ابی بکر انتہی بقدر الحاجۃ اور یہہ قول کہ اس حدیث کو
علماے صوفیہ لکھتے ہین جو نقاد حدیث بھی تھے سو صوفیہ مین کوئی
نقاد حدیث نہین گذرا امام غزالی و شیخ عبد القادر جیلانی اور ابو طالب
مکی مؤلف قوت القلوب وغیرہم من الصوفیۃ الکبار ناقدین سے نہین
تھے احیاء العلوم اور غنیۃ الطالبین اور قوت القلوب مین بہتیری حدیثین
موضوع ہین اور یہہ کوئی مقام تعجب کا نہین ہے اسلئے کہ لکل فن رجال
مشہور ہے اور یہ قول کہ آنحضرتکو حضرت جبرئیل نے سینہ بسینہ فیض الٰہی پہونچایا
تو اس پر کیا دلیل ہے جامی علیہ الرحمہ شرح فصوص الحکم مین تحریر فرماتے
ہین فاعلم ان الحکم الفائضۃ علی قلوب کمل عبادہ وخلص
عبیدہ علی انواع منہا ما یفیض علیہم بواسطۃ الملائکۃ

المقرین بالفاظ وعبارات محفوظة عن التغیر والتبدیل
مرادة تلاوتها وهو القرآن المنزل علی نبیا صلے اللہ علیہ
وسلم بواسطة الروح الامین ومنها ما یفیض علیهم بواسطة
او بغیر واسطة لمعان صرفة او معبرة بعبارات مختصة غیر
متلوة ومن هذا القبیل الاحادیث القدسیة فهی مما فاضت
علیه صلی اللہ علیه وسلم معان صرفة لکنه کساها السیدة
عبارته الخاصة والعبارات المخصوصة غیر مراد ضبطها
وتلاوتها وهذا النوع لیس بمخصوص بالانبیاء بل یعم الاولیاء
وصالحی المومنین انتھے غرض اس عبارت کی نقل سے یہہ ہے کہ
آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر جو کچھ فیضان الٰہی بواسطہ جبرئیل
پہونچا ہے وہ سینہ بسینہ نہ تھا حاصل یہہ کہ کتاب وسنت سے یہ امر
ثابت نہین ہے کہ آن حضرت کو حضرت جبرئیل نے علم سینہ بسینہ پہونچایا
ہے اور آپنے بھی دوسرون کو اسی طرح یعنی سینہ بسینہ پہونچایا ہے +
من ادعی خلافه فعلیه الحجة اور حدیث ماصب اللہ الخ
سے استدلال صحیح نہین اسلئے کہ اوپر گذر چکا ہے کہ یہہ حدیث موضوع
ہے اور صہ مین بھی اس حدیث کو نقل کیا ہے اور اس حدیث کو
حضرت ابوبکر رض مین ضمنیت کبریٰ کی دلیل گردانی ہے اور صہ ۳ ماضیہ
مین بھی اس طرف اشارہ کیا ہے اور جب یہہ حدیث موضوع ٹھہری
تو اب دلیل ضمنیت کبریٰ کی صحیح نہ ہوگی قولہ منہ حضرت امام اعظم

رحمۃ اللہ علیہ قائل اسکے ہین کہ ایمان گھٹتا بڑھتا نہین اور علما اس کے
قائل ہین کہ گھٹتا بڑھتا ہے سو یہہ دونون قول صحیح ہین ظاہر ہے کہ ظاہر
ایمان اعمال ہین اور باطن ایمان تصدیق قلبی ہے سو وہ تصدیق قلبی جو
باطن ایمان ہی زیادت نقصان پذیر نہین اور اعمال جو ظاہر ایمان ہین کم اور زیادہ
ہوتے ہین اور چونکہ ظاہر اور باطن مین ملازمت ہے لہذا یہہ بھی صادق
آتا ہے کہ ایمان گھٹتا بڑھتا ہے اور جب اوس اعتبار سے دیکھو
تو فی الحقیقت گھٹتا بڑھتا نہین کہ تصدیق قلبی ہر حال مین قائم ہے جیسے
باطن انسان روح ہے اور ظاہر انسان بدن ہے روح ہمیشہ یکسان رہتی
ہے اور بدن مین زیادتی اور نقص ہوتا رہتا ہے باوجود اسکے مین کا لفظ
دونون پر صادق آتا ہے تو اجتہاد امام اعظم کا طرف باطن کے بہت متوجہ ہے
اسی واسطے اہل ظاہر اسکے کنہہ سے واقف نہین ہوتے اور اجتہاد دیگر ائمہ
رحمۃ اللہ علیہم کا ظاہر سے زیادہ تعلق رکھتا ہے وجہ یہہ ہے کہ حضرت امام اعظم
دو برس صحبت مین حضرت امام جعفر صادق علی جدہ وعلیہ السلام کے رہے
جو جامع نسبت صدیقی وعلوی بقوت تام تھے لہذا اجتہاد انکا جامع ظاہر
و باطن بلطف تام ہے **اقول** دونون قول صحیح نہین صحیح یہی ہے کہ ایمان گھٹتا
بڑھتا ہے باعتبار تصدیق قلبی اور اعمال دونون کے لیکن باعتبار تصدیق
قلبی پس اسلئے کہ خدا تعالے فرماتا ہے انما المومنون الذین اذا ذکر اللہ
وجلت قلوبھم واذا تلیت علیھم ایاتہ زادتھم ایمانا تفسیر جلالین مین
ہے زادتھم ایمانا تصدیقا اور کمالین مین ہے وفیہ شاہد لی

ان نفس التصدیق یزید و ینقص وھو قول الشافعی و
المحدثین ومن قال الایمان لا یزید ولا ینقص اولھا بزیادۃ
المومن بہ انتھے اور خفاجی حنفی کے حاشیہ بیضاوی مین ہے ولما
ذکرنی الایۃ زیادۃ نزلھا علی الاقوال فمن قال لا یزید ولا
ینقص قال ان ذلک باعتبار متعلقہ وھو المومن بہ علی بناء
المفعول ومن قال ان الیقین نفسہ یقبل ذلک قال لقوۃ
الادلۃ ورسوخہ ولا شک ان ایمان احد العوام لیس کایمان
الصدیق ولذا قال علی کرم اللہ وجہہ لو کشف الغطاء ما ازددت
یقینا انتھے اور تفسیر ابوالسعود مین ہے زادتھم ایمانا ای یقینا و
طمانیۃ نفس فان تظاھر الادلۃ وتعاضد الحجج والبراھین موجب
لزیادۃ الاطمینان وقوۃ الیقین وقیل ان نفس الایمان لا یقبل
الزیادۃ والنقصان وانما زیادتہ باعتبار زیادۃ المومن بہ
فانہ کلما نزلت ایۃ صدق بہ المومن فزاد ایمانہ عددا وانما نفس
الایمان فھو بحالہ وقیل باعتبار ان الاعمال تجعل من
الایمان فیزید بزیادتھا والاصوب ان نفس التصدیق یقبل
القوۃ وھی التی عبر عنھا بالزیادۃ للفرق الظاھر بین یقین الانبیاء
واربابہ المکاشفات ویقین احاد الامۃ وعلیہ مبنی ما قال
علی رضی اللہ عنہ لو کشف الغطاء ما ازددت یقینا وکذا بین ما قام
علیہ دلیل واحد وما قامت علیہ ادلۃ کثیرۃ انتھے ھکذا فی

اکثر التفاسیر اور نیز خدا سے تعالے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا
قول حکایت فرماتا ہے ولکن لیطمئن قلبی فتح الباری مین ہے روی
ابن جریر بسند صحیح الے سعید قال قولہ لیطمئن قلبی الے
یزداد یقینی اس باب مین اور بھی آیتین ہین بخاری نے اپنی صحیح مین انکو
نقل فرمایا ہے بخاری مین ہے قال ابن مسعود الیقین الایمان
کلہ فتح الباری مین ہے ھذا التعلیق طرف من اثر وصلہ الطبری
بسند صحیح وبقیۃ الصبر نصف الایمان واخرجہ ابن نعیم فی الحلیۃ
وفی الایمان لاحمد من طریق عبد اللہ بن حکیم عن ابن مسعود
انہ کان یقول اللھم زدنا ایمانا ویقینا وفقھا واسنادہ صحیح و
ھذا اصرح فی المقصود انتھے اور اسلیئے یعنی چونکہ تصدیق قلبی زیادت
ونقصان کو قبول کرتی ہے کہا گیا کہ ایمان حضرت ابو بکر رضہ کا اقوی ہے اونکے
غیر کے ایمان سے بلکہ اس بارہ مین حضرت عمر رضہ کا قول بھی ہے بلکہ یہہ امر مرفوعا
بھی ثابت ہے مقاصد حسنہ مین ہے حدیث لو وزن ایمان ابی بکر
بایمان الناس لرجح ایمان ابی بکر اسحق بن راھویہ والبیہقی
فی الشعب بسند صحیح عن عمر من قولہ ورواہ عن عمر ھذیل بن
شرجیل وھو عند ابن المبارک فی الزھد ومعاذ بن المثنی
فی زیادات مسند مسدد وکذا اخرجہ ابن عدی فی ترجمۃ
علیلی بن عبد اللہ من کاملہ وفی مسند الفردوس معا من
حدیث ابن عمر مرفوعا بلفظ لو وزن ایمان ابی بکر علی ایمان

هذه الامة لرجح بها وفی سندہ علی بن عبد اللہ بن سلیمان
وھو ضعیف لکن لم ینفرد بہ فقد اخرجہ ابن عدی ایضاً
من طریق غیرہ بلفظ لو وزن ایمان ابی بکر بایمان اھل
الارض لرجحہم وله شاھد فی السنن ایضاً عن ابی بکرۃ
مرفوعاً ان رجلا قال یا رسول اللہ رأیت کان میزانا
نزل من السماء فوزنت انت وابو بکر فرجحت انت ثم وزن
ابو بکر بمن بقی فرجح الحدیث انتھے اور سیوطی کی تاریخ الخلفا
میں ہے واخرج البیھقی فی شعب الایمان عن عمر رضی اللہ عنہ
قال لو وزن ایمان ابی بکر بایمان اھل الارض لرجح بھم انتھے
اور نیز سیوطی کے رسالہ الدرر المنتشرہ فی الاحادیث المشتہرہ میں ہے
حدیث لو وزن ایمان ابی بکر وایمان الناس لرجح ایمان
ابی بکر قیل انہ من کلام عمر رض قلت ھو کذلک اخرجہ عن
معاذ بن المثنی فی زیادات مسند وا خرجہ ابن عدی
فی الکامل من حدیث ابن عمر مرفوعاً انتھے لیکن باعتبار اعمال
کے پس اسلئے کہ آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ الایمان
بضع وستون شعبۃ اور نیز اطلاق ایمان کا اعمال پر آیا ہے جیسے
وما کان اللہ لیضیع ایمانکم مراد ایمان سے یہاں نماز ہے اور
نیز بہتیری اعمال کو آن حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایمان
سے گنا ہے جیسے حب الرسول من الایمان والحیاء من الایمان

اِن دلیلون سے واضح ہوا کہ اعمال ایمان سے ہین اور جب اعمال ایمان سے ٹھہرے تو اعمال کے کم وبیش ہونے سے ایمان کا کم وبیش ہونا باعتبار اعمال کے ثابت ہوگیا لیکن یہہ بھی یاد رہے کہ اعمال سلف کے نزدیک (جو ایمان کے کم وبیش ہونے کے قائل ہین) حقیقت ایمان مین داخل نہین ہین تا انتفاء اعمال سے انتفاء عین ایمان کا لازم آوے بلکہ اعمال سلف کے نزدیک جزء ہین کمال ایمان کے پس انتفاء اعمال سے انتفاء کمال ایمان کا ہوگا نہ عین ایمان کا بخلاف معتزلہ کے کہ انکے نزدیک اعمال جزء ہین ایمان کے اس مذہب پر اعمال کے انتفاء سے انتفاء عین ایمان کا لازم آویگا یہان سے سلف اور معتزلہ مین فرق ظاہر ہوگیا الحاصل ایمان کا کم وبیش ہونا دونون اعتبار سے ثابت ہے اور یہی مذہب ائمہ ثلثہ وجمہور سلف صالحین کا ہے فتح الباری مین ہے ذھب السلف الی ان الایمان یزید وینقص وانکر ذلک اکثر المتکلمین قالوا متی قبل ذلک کان شکا قال الشیخ محی الدین والاظہر المختار ان التصدیق یزید وینقص بکثرۃ النظر ووضوح الادلۃ ولھذا کان ایمان الصدیق اقوی من غیرہ بحیث لا یعتریہ الشبھۃ ونحو یکون ان کل احد یعلم ان ما فی قلبہ یتفاضل حتی انہ یکون فی بعض الاحیان الایمان اعظم یقینا واخلاصا وتوکلا منہ فی بعضھا وکذلک التصدیق والمعرفۃ بحسب ظھور البراھین وکثرتھا وقد نقل محمد بن نصر المروزی فی کتاب

تعظيم قدر الصلوٰة عن جماعة من الائمة نحو ذلك
وما نقل عن السلف صرح به عبد الرزاق في مصنفه
عن سفيان الثوري ومالك بن انس والاوزاعي و
ابن جريج ومعمر وغيرهم وهولاء فقهاء الامصار
في مصرهم وكذا نقله ابو القاسم اللالكائي في كتاب السنة
عن الشافعي واحمد بن حنبل واسحٰق بن راهويه وابي عبيد
وغيرهم من الائمة وروى بسنده الصحيح عن البخاري
قال لقيت اكثر من الف رجل من العلماء بالامصار فما رايت
احدا منهم يختلف في ان الايمان قول وعمل ويزيد و
ينقص واطنب ابن ابي حاتم واللالكائي في نقل ذلك
بالاسانيد عن جمع كثير من الصحابة والتابعين وكل
من يدور عليه الاجماع من الصحابة والتابعين و
حكاه فضيل بن عياض ووكيع من اهل السنة والجماعة
وقال الحاكم في مناقب الشافعي حدثنا ابو العباس
الاصم اخبرنا الربيع قال سمعت الشافعي يقول الايمان
قول وعمل ويزيد وينقص واخرجه ابو نعيم في ترجمة الشافعي
من الحلية من وجه آخر عن الربيع وزاد ويزيد بالعلم
وينقص بالمعصية ثم تلى ويزدادوا الذين امنوا ايمانا انتهى
اور رسالہ عقیدہ امام احمد بن حنبل مین ہے هذه مذاهب اهل

العلم واصحاب الاثر واهل السنة المتمسكين بعروتها
المعروفين بها المقتدى بهم فيها من لدن اصحاب النبى
صلے الله عليه وسلم الى يومنا هذا وادركت من العلماء
الحجاز والشام وغيرهما عليها فمن خالف شيأ من هذه
المذاهب وطعن فيها فهو مخالف مبتدع خارج عن الجماعة
زائل عن منهج السنة وسبيل الحق فكان قولهم ان الايمان
قول وعمل ونية وتمسك بالسنة والايمان يزيد وينقص
يستثنى فى الايمان غير ان يكون لشك انما هو سنة ماضية
عن العلماء فاذا سئل الرجل مومن انت فانه يقول انا
مومن ان شاء الله ومومن ارجو ويقول امنت بالله
وملائكته وكتبه ورسله ومن زعم ان الايمان قول
بلا عمل فهو مرجى ومن زعم ان الايمان هو القول والاعمال
شرائع فهو مرجى ومن زعم ان الايمان لا يزيد ولا ينقص فقد
قال بقول المرجية ومن انكر الاستثناء فى الايمان
فهو مرجى ومن زعم ان الايمان كايمان جبرئيل والملائكة
فهو جهمى انتهے بخارى مين ہے قال ابن ابى مليكة ادركت
ثلاثين من اصحاب النبى صلے الله عليه وسلم كلهم
يخاف النفاق على نفسه ما منهم احد يقول انه على
ايمان جبرئيل وميكائيل انتهے اور جب ايمان كا كم بيش ہونا

اونکے نزدیک جو اسکے قائل ہین دونون اعتبار سے ثابت ہے تو مؤلف
نے جو دونون مذہبون کے صحت کی توجیہ بیان فرمائی ہے صحیح نہین ہے
اسلیئے کہ توجیہ سے یہہ امر ثابت ہوتا ہے کہ جو لوگ ایمان کے کم وبیش ہونے
کے قائل ہین وہ صرف باعتبار اعمال کے قائل ہین حالانکہ یہہ انکا مذہب نہین
بلکہ اُنکا مذہب یہی ہے کہ ایمان باعتبار تصدیق قلبی و اعمال دونون کے
کم وبیش ہوتا ہے اور اس کا بیان اوپر گذر چکا ہے فصار ہذا التوجیہ
من قبیل توجیہ القول بما لا یرضے بہ قائل فتدبر اور یہہ قول کہ تصدیق
قلبی زیادت و نقصان کو قبول نہین کرتی تو یہہ قول صحیح نہین تصدیق قلبی
کا کم وبیش ہونا عقلاً و نقلاً دونون طرح پر ثابت ہے اس کا بیان بھی
اوپر بوجہ اتم گذر چکا ہے اور علم الیقین و عین الیقین و حق الیقین
مراتب مشاہدہ قلبی کے ہین چنانچہ مؤلف نے بھی صہ ۶ مین اس کا اقرار کیا
ہے بلکہ اہل ظاہر اور باطن کا اس پر اتفاق نقل فرمایا ہے اور جب یہہ مراتب
صفات تصدیق قلبی کے ٹھہرے تو یہان سے بھی تصدیق قلبی کا کم و
بیش ہونا ثابت ہوگیا بلکہ خود بقول مؤلف بھی اور نیز مؤلف نے
صہ ۹ مین لو کشف الغطا ما ازددت یقینا قول حضرت علی رض کا
نقل فرمایا ہے اور ظاہر ہے کہ مبنی اس قول کا یہی ہے کہ تصدیق قلبی
زیادت و نقصان کو قبول کرتی ہے اس تقریر سے بھی مؤلف کے نزدیک
نفس تصدیق قلبی کا کم وبیش ہونا لازم آیا پس یہان یہہ قول مؤلف
کا کہ تصدیق قلبی زیادت و نقصان کو قبول نہین کرتی خلاف ہونا بقول

خود لازم آیا اور جب مؤلف کے نزدیک بھی تصدیق کا کم وبیش
ہونا ثابت ہوگیا تو اب مذہب امام اعظم علیہ الرحمہ کا خود بقول
مؤلف بھی صحیح نہ ٹھہرا اور نیز وہ تمثیل روح کی بھی خود بقول مؤلف
صحیح نہ ٹھہری فلیتامل حق التامل اور مولف کی عبارت توجیہ
سے ظاہر ہے کہ ایمان مؤلف کے نزدیک عبارت قول وعمل سے ہے
اور یہہ مذہب سلف کا ہے اور جب اس امر کا اقرار ہے تو ایمان
کے کم وبیش ہونے کا بھی اقرار چاہیئے تاکہ پوری پیروی سلف کی ہو
جاوے اور مولف نے جو ظاہر ایمان اور باطن ایمان مین ملازمت
ثابت کی ہے صحیح نہین ہے اسلیئے کہ بعض اشخاص کو تصدیق ہوتی
ہے اور اعمال سے غافل رہتے ہین اور بعض اشخاص اعمال کے عامل ہوتے
ہین اور دل مین تصدیق قلبی نہین رکھتے جیسے منافقین وبرتقدیر
صحت اس ملازمت کے اس سے ایمان کا کم وبیش ہونا لازم آتا ہے
اور نیز اس ملازمت سے اگر ایمان کا کم وبیش ہونا لازم آوے تو
اعمال ہی مین نہین ثابت ہوتا بلکہ اعمال اور تصدیق قلبی دونون مین
اور مؤلف نے جو یہ بیان کیا ہے کہ اجتہاد امام اعظم کا طرف باطن
کے بہت متوجہ ہے اسیواسطے اہل ظاہر اوسکے کنہ سے نہین واقف
ہوتے اور اجتہاد دیگر ائمہ کا ظاہر سے زیادہ تعلق رکھتا ہے تو اولاً
امام اعظم علیہ الرحمہ کا اجتہاد طرف باطن کے بہت متوجہ ہونا دلیل
اس امر کی نہین کہ کل اجتہاد امام اعظم کا صحیح ہے المجتہد قد

یخطی ویصیب اصول کا مسئلہ ہے اور نیز آپ کا اجتہاد بلحاظ
باطن گو جودت فہم کی دلیل ہے لیکن یہہ بھی یاد رہے کہ اسیوجہ سے
اکثر آپ کا اجتہاد خلاف کتاب وسنت واقع ہوا دیکھو غسالہ وضور بدلیل
شرعی وبمذہب راجح نجس نہین اور امام اعظم کے نزدیک نجس ہے
اور شعرانی نے امام اعظم وامام ابو یوسف کا کشف اسکے نجاست
غلیظہ ہونے پر بیان کیا ہے جس کا خلاصہ یہہ ہے کہ امام اعظم نے چند
مرتکبین کبائر کے غسالہ وضور مین گناہون کو مجدہ کرتے دیکھا
ناظرین پر مخفی نرہے کہ یہہ کشف دو وجہ سے خلاف ہے اول یہہ کہ اقوال
سلف سے ثابت ہے کہ وضور وغیرہ سے صغائر معاف ہوتے ہین نہ کبائر
کبائر بلا توبہ معاف نہین ہوتے ہین مگر جہان شارع نے استثنار
کیا ہے اور اگر وضور سے کبائر کا معاف ہونا ثابت ہو جاوے
تو حدود وقصاص جو بعض کبائر کے لئے ہین بیکار ہو جائین
ثانی یہہ کہ دلیلون سے غسالہ کا پاک ہونا ثابت ہے منتقی الاخبار
مین ہے (باب طہارۃ الماء المتوضاء بہ) عن جابر
بن عبد اللہ قال جاء رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
یعودنی وانا مریض لا اعقل فتوضأ وصب وضوءہ علی
وعن حذیفۃ بن الیمان ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ و
سلم لقیہ وھو جنب فحاد عنہ فاغتسل ثم جاء فقال کنت
جنبا فقال ان المسلم لا ینجس رواہ الجماعۃ الا البخاری

والترمذی انتھے نیل الاوطار مین ہے استدل الجمہور بصب
صلے اللہ علیہ وسلم لوضوئہ علی جابر وتقریرہ للصحابۃ
علی التبرک بوضوئہ وعلی طہارۃ الماء المستعمل للوضوء
فان قال الذاھب الی نجاسۃ المستعمل للوضوء ان ھذا الحدیث
غایۃ ما فیہا الدلالۃ علی طہارۃ ما توضاء بہ صلے اللہ
علیہ وسلم ولعل ذلک من خصائصہ قلنا ھذہ دعوی غیر
نافعۃ فان الاصل ان حکمہ وحکم الامۃ واحد الا ان یقوم
دلیل یقضی بالاختصاص ولا دلیل انتھے ملخصاً اور حدیث ثانی
کے تحت مین یہہ ہے وانما ذکر المصنف رحمہ اللہ ھذا الحدیث
فی باب طہارۃ الماء المتوضاء بہ لقصد تکمیل الاستدلال
علی عدم نجاسۃ الماء المتوضاء بہ لانہ اذا ثبت ان
المسلم لا ینجس فلا وجہ لجعل الماء نجسا بمجرد مماسۃ
انتھے پس یہہ دلیلین پاکی غسالہ کی بھی اس کشف کے مخالف ہین اور
جو کشف خلاف کتاب وسنت ہے وہ مقبول نہین علاوہ اسکے
کشف حجت نہین ہے اور دیکھو مدت رضاعت تمام ائمہ کے نزدیک
بدلیل آیت حولین کاملین دو برس ہے اور امام اعظم کے
نزدیک اڑھائی برس ہے حملہ وفصالہ ثلثون شہرا مین مذہب
امام اعظم پر جمع ہونا حقیقہ ومجاز کا لازم آتا ہے وھو کما ترے علاوہ
اسکے دونون آیتون مین تعارض لازم آتا ہے فتدبر اسیطرح

بہتیرے مجتہدات امام اعظم علیہ الرحمہ کے خلاف کتاب و سنت ہین چونکہ اسکا
بسط یہان بے موقع ہے لہذا اسیقدر پر اکتفا کیا گیا اور غرض اس
بیان سے معاذ اللہ تنقیص امام اعظم نہین ہے یہہ بیان صرف بتقریب
شہادت اس امر کے ذکر کیا گیا کہ ہر اجتہاد و کشف امام اعظم علیہ الرحمہ کا
مقبول نہین اور یہہ کچھ آپ ہی کے ساتھ مخصوص نہین ہے بلکہ جملہ ائمہ
کے ساتھ **ثانیاً** ایمان کا کم و بیش ہونا متعلق بعقائد ہے اور عقائد
قیاس و اجتہاد سے ثابت نہین ہوتے اسلیے کہ قیاس اور اجتہاد دلیل
ظنی ہین اور عقائد مین دلیل یقینی درکار ہے شرح مسلم مین ہے ثم القیاس
مظنون الافادۃ ولا یحصل بہ الیقین عند الجمہور ولا
یثبت بہ العقائد اور علی قاری حنفی کی شرح فقہ اکبر مین ہے
ولا یخفی ان المعتبر فی العقائد ھو الادلۃ الیقینیۃ انتھے ۔
ثالثاً ائمہ ثلثہ وغیرہ نے اس مسئلہ مین اجتہاد نہین فرمایا ہے بلکہ
کتاب و سنت سے اسکو ثابت کیا ہے جیسا کہ اسکا ثبوت کتاب و سنت
سے اوپر گذر چکا ۔ **رابعاً** جب یہہ مسئلہ یعنی ایمان کا کم و بیش ہونا
کتاب و سنت سے بوضاحت تمام ثابت ہے تو اہل حدیث پر طعن کرنے کا
کوئی موقع نہین ہے ۔ **خامساً** اس باب مین اگر امام اعظم ہی کا
مسلک مرغوب عند المؤلف تھا تو ایمان کے کم و بیش ہونیکے قائل بعض وجہ
سے کیون ہوئے امام اعظم تو مطلقاً ایمان کے کم و بیش ہونے کی نفی
فرماتے ہین ۔ **سادساً** جب ایمان کا کم و بیش ہونا مؤلف کے نزدیک

بھی بعض وجہ سے ثابت ہے تو مولف بھی امام اعظم کی کُنہ کو نہین پہونچے
اور جب خود بھی نہین پہونچے تو دوسرونپر طعن کیسا ۔ **سابعاً** جب امام
اعظم ہی کا مشرب اس بارہ مین مقبول عند المولف تھا تو مولف نے ایمان
کو قول و عمل سے کیون قرار دیا یہ امر عبارت توجیہ مولف سے ظاہر ہے
ثامناً ایمان کا کم و بیش ہونا باعتبار عمل کے اور کم و بیش نہونا باعتبار
تصدیق قلبی کے مؤلف کا مذہب ہے یہ امر بھی عبارت توجیہ سے متبادر ہے
بلکہ ظاہر پس مولف نے بھی امام اعظم کے اجتہاد کا خلاف کیا تو اب غیرون
پر طعن کرنا بڑے افسوس کی بات ہے **قولہ** ص ۱۲ تو مذاہب اربعہ خصوصاً
مذہب حنفی مین ہزارہا اولیاے کبار کہ مصداق العلماء ورثۃ الانبیاء
ہین گذری ہین چنانچہ تمام پیران طریقہ نقشبندیہ اسی مذہب مین ہوئے
ہین اور ابتک موجود ہین تو وہ بزرگ جنکو خود آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
سے نسبت حاصل ہوگئی ہے اور حضوری سے مشرف ہوتے ہین اونکو آنحضرت
صلعم نے کیون نہین بتلا دیا کہ تم مذہب باطل پر ہو بلکہ اونکو رسائی آنحضرت
صلعم تک کیونکر ہوئی ۔ **اقول** شیخ عبد القادر جیلانی علیہ الرحمہ حنبلی مذہب
تھے اور آپکی ولایت متفق علیہ ہے اور آپ تنہا ہزار ولی کے برابر ہین
انشاء اللہ تعالے تاج مکلل مین شیخ عبد القادر جیلانی کے ترجمہ مین آپکا
قول نقل فرمایا ہے کہ آپنے فرمایا کہ لا یکون للہ ولی الا علی اعتقاد احمد
بن حنبل بطریق تنزل آپ کے کلام سے اسقدر ضرور ثابت ہے کہ اور مذہب
کے ولی حنبلی المذہب کے ولی کو نہین پا سکتے اور یہہ کوئی نہین کہتا کہ حنفی المذہب

ہونا باطل ہے ہان یہہ کہا جاتا ہے کہ ہر حادثہ مین ایک ہی مذہب کی پیروی
نہین چاہیے بلکہ تابع دلیل کا رہنا چاہیے جس مذہب کی دلیل قوی نظر آئے
اُسپر عمل کرے جیسا کہ معمول حضرت مرزا مظہر جانجانان علیہ الرحمہ وغیرہ
کا تھا اور یہہ دعوے کہ تمام پیران طریقہ نقشبندیہ اسی مذہب حنفی مین
ہوئے ہین محتاج نقل صحیح وصراحت صریح و دلیل مقبول ہے اسلیئے کہ
اکابر اولیا رغالباً متبع کتاب وسنت گزرے ہین نہ مقلد مذہب طبقات
کبریٰ شعرانی وغیرہ کتب تصوف سے یہہ بات ثابت ہے سید الطائفہ جنیدؒ
فرماتے تھے طریقتنا ھذہ مقیدۃ بالکتاب والسنۃ قید اتباع کی
بعد قید مذہب یعنی چہ اور آن حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری
سے کیا ارادہ کیا گیا ہے اگر یہہ ارادہ کیا گیا ہے کہ منام مین ملاقات آپ سے
ہوتی ہے تو یہہ کچھ مخصوص ولیون ہی کے واسطے نہین ہے بلکہ احاد امت بھی
آپکو دیکھ سکتے ہین بلکہ دیکھتے ہین اور اگر یہہ ارادہ کیا گیا ہے کہ آپ ولیون کے
پاس مع جسم شریف تشریف لاتے ہین تو اسکا ثبوت درکار ہے اور اگر یہہ ارادہ
کیا گیا ہے کہ ولیون کے پاس آپ کی روح پُرفتوح آتی ہے تو یہہ قول فقہا
باطل اور شرک ہے اور جب روح پاک کا آنا باطل ہے تو جسم کے ساتھ آنا بدرجہ
اولے باطل ہوگا اور اگر حضوری سے نفس تعلق مراد لیا گیا ہے تو اولاً یہہ بھی
کچھ ولیون کے ساتھ مخصوص نہین ہے ثانیاً اسقدر کے تعلق سے کوئی
حکم آپ کی طرف سے نہین ثابت ہوسکتا اور رسائی مین بھی یہی احتمالات
ہون گے مولف نے اس تحریر مین کئی مقامون پر حضوری کا ذکر کیا ہے

اُن مقامون کا جواب بھی یہین سے سمجھ لیوین ایضاً **قولہ** صـ۱۲ اکثر لوگ فی زماننا اپنے کو موحد کہتے ہین آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور انبیاء کو بنظر انما انا بشر مثلکم اپنے مساوی زعم کرتے ہین نعوذ باللہ منہا اور چونکہ اصل سے فروع کی رونق ہے لہذا صحابہ کبار و اولیاے امت کو جو بمنزلہ اجزاے جناب نبوت ہین اونکو بھی نظر تعظیم سے نہین دیکھتے بلکہ اکثر افراد اس گروہ کے وعظ وغیرہ مین انبیاء اور اولیاء کو الفاظ پست سے یاد کرتے ہین اور اونکو بندہ عاجز وغیرہ الفاظ سے خطاب کرتے ہین عجب احمق ہین خدا تو یون فرماتا ہے کہ وللہ العزۃ ولرسولہ وللمؤمنین ولکن المنافقین لا یعلمون اور یہہ لوگ جو اپنے کو نفاق سے مبرا جانتے ہین بجاے عزت ذلت کا اطلاق کرتے ہین البتہ حقیقۃ امکانی آگے رتبۂ الوہیت کے سرافگندہ و شرمندہ ہے اور یہہ دید اکابر کو اپنی نفس کی طرف ہوتی ہے لیکن یہہ کب روا ہے کہ ہم اونکو ایسے الفاظ سے یاد کرین جو وہ خود اپنی طرف نسبت کرتے ہین اور ما بہ الاشتراک بشریت پر نظر کرکے ما بہ الامتیاز جو اونکی مقبولیت اور درجات رفیع ہین اوس سے قطع نظر کرین اگرچہ ظاہراً یہہ لوگ فضائل اکابر کو طاق نسیان پر رکھکے اپنے کو معتقد خدا کا اور موحد ثابت کرتے ہین لیکن صرف زبانی اور دام شیطانی ہے اور ظاہراً زبان پر خدا ہی خدا ہے اور دل شرک خفی سے معمور ہے **اقول** انما انا بشر مثلکم سے آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا نفس بشریت مین مساوی ہونا ثابت ہے اور یہہ عین ایمان ہے پس اس عقیدہ پر نعوذ باللہ پڑھنا گویا آیت پر پڑھنا ہے عیاذاً

باللہ اور موحدین جو آپکو نفس بشریت مین مساوی قرار دیتے ہین تو اونکا عقیدہ معاذ اللہ
صرف اسی پر مقصور نہین ہے بلکہ ساتھ اسکے آپ کو افضل الخلائق اور افضل الرسل
بھی جانتے ہین اور فرق اسلام مین کوئی ایسا نظر نہین آتا کہ وہ صرف اسی مساوات
کا عقیدہ رکھتا ہو البتہ کفار اور یہود اور نصاریٰ کا یہہ عقیدہ ہے جو آپ پر ایمان
لایا ہے وہ ہرگز ایسا عقیدہ آپ کے ساتھ نہین رکھہ سکتا اور موحدین کو آپ کو
نفس بشریت مین مساوی کہنے کی ضرورت وہان ہوتی ہے جہان غلاۃ
متصوفہ آپ مین درجہ الوہیت کا ثابت کرتے ہین ورنہ خواہ مخواہ کوئی موحد
ہر موقع اور ہر محل پر اسکے درپے نہین ہوتا اور یہہ قول کہ صحابہ کو بھی نظر تعظیم سے نہین
دیکھتے اتہام بحت والزام محض ہے موحدین ہی کو پوری محبت آپ سے اور آپ
کے صحابہ سے ہے چونکہ یہہ محل اسکے بسط کا نہین ہے لہذا اسکے ثبوت سے گریز
کیا گیا اسقدر یاد رہے کہ سچی محبت موافق کتاب وسنت اسی فرقہ کا حصہ ہے
اور رہا یہہ قول کہ انبیاء اور اولیاء کو الفاظ پست سے یاد کرتے ہین اور
اون کو بندہ عاجز وغیرہ سے خطاب کرتے ہین تو اس کا بیان یون ہے
کہ ان خطابون کو بھی موحدین ہر محل اور ہر موقع پر نہین بیان کرتے ہین بلکہ
جسوقت خدا پاک کی جلالیت اور علو درجت کا بیان کرنا منظور ہوتا ہے اور
یہہ یقینی امر ہے کہ خدا کے مقابلہ مین جمیع مخلوقات ولی ہون خواہ نبی سب
عاجز اور ذلیل ہین چونکہ مؤلف صوفی مشرب ہین لہذا ان خطابون کے جواز
کا ثبوت کلام صوفیہ ہی سے ثابت کیا جاتا ہے امام شعرانی کے مختصر فتوحات مکیہ
مین ہے ونعتقد انہ صلے اللہ علیہ وسلم فی نفسہ مع ربہ

عبد ذلیل خاشع او لا منیب ھذا ما علیہ اقطاب اھل
الورع اور اس سے بڑھ کے قول شیخ الشیوخ کا عوارف المعارف
مین ہے لا یکمل ایمان المرء حتے یکون الناس عندہ کالاباعر
یرجع الی نفسہ فیراھا اصغر صاغر اور خود آن حضرت نے
لبید کے کلیہ ع الا کل شئ ما خلا اللہ باطل کو اصدق کلمہ
فرمایا حاصل یہہ کہ خدا کے مقابلہ مین انبیا اور اولیا کو ذلیل اور بندہ عاجز
کہنا منافی اُنکے عزیز ہونیکی نہین ہے آپ خلاصہ عقیدہ موحدین کا
یہہ ہوا کہ انبیا اور اولیا باعتبار عام مومنین کے افضل ہین اور
باعتبار خدا پاک ذلیل اور خوار بلکہ لاشئے ہین اور یہی مذہب جملہ اہل
اسلام کا ہے علے الخصوص صوفیہ کا جناب مؤلف نے ناحق کی زبان
درازی موحدین پر کی ہے ساتھ اسکے آپ بھی اسکے قائل ہین کہ حقیقۃ امکانی
آگے رتبہ اُلوہیت کے سراگندہ اور شرمندہ ہے بہرکیف یہہ صلواتین اگر
بجا ہین تو اولا مؤلف اور اونکے بڑونپر عائد ہونگی باقی مؤلف نے جو
اسکے بعد ایک تمثیل بیان کی ہے اوسکا جواب انھین مذکورات سے
ظاہر ہے حاجت تفصیل کی نہین ہے اور ص۱۴ مین مؤلف کا یہہ قول کہ
قل انما انا بشر مثلکم بیان کمال ہے نہ وہ جو یہہ لوگ سمجھے ہین اور خدا
اپنے دوستون سے جس طرح چاہے کلام کرے اوسکے اسرار سے
عوام کالانعام کو کیا خبر ہے ؎ میانِ عاشق و معشوق رمزی است
غایۃ سقوط مین ہے کئی وجہون سے اولاً یہہ کہ یہہ آیت متشابہات سے

نہین ہے کہ جس کا مطلب دریافت کرنا منع ہو **ثانیاً** آیت سے
یہی بات ظاہر ہے کہ آپ کو اللہ تعالے کا حکم ہوا کہ آپ لوگون
سے کہدیوین کہ مین بشرہون مثل تمھارے کچھ خدا اور فرشتہ نہین
ہون پھر یہہ قول کہ اس کا مطلب خدا اور خدا کے رسول جانین عوام
نہین جان سکتے خدا کو جھٹلانا ٹھہرا نعوذ باللہ خدا نے تو اسلیئے اس
آیت کو بھیجا کہ ہملوگ اسکا مطلب سمجھین اور نام کے متصوفین اس کے
مطلب سمجھنے کو منع کرتے ہین یہہ عجیب آفت ہے **ثالثاً** جب اس قسم
کی آیت کا مطلب سمجھنا درست ٹھہرا تو پھر اور آیتون کے مطلب
سمجھنے پر کیا دلیل ہے مؤلف کی تقریر سے سارا قرآن شریف لغو ہوا
جاتا ہے آج کل کے صوفیون نے بڑا غضب کیا ہے انھین وجہون
سے کہا جاتا ہے کہ آجکل کے متصوفین رسول کو خدا جانتے ہین کہ آپ
پر اطلاق بشر کو جائز نہین رکھتے اسیوجہ سے اہل حدیث آپ کو خدا
کے سامنے بندۂ ذلیل اور عاجز جانتے ہین **قولہ** ص۱۴ انا مدینۃ العلم
وعلیؓ بابہا سے مراد علم سینہ ہے والا علم ظاہر جیسا کہ اور صحابہ سے پہونچا
ہے آپ سے کہان پہونچا ہے **اقول** اس حدیث کی صحت مین کلام
ہے سخاوی کے مقاصد حسنہ مین ہے کہ دار قطنی نے کہا کہ یہہ حدیث مضطرب
اور غیر ثابت ہے اور ترمذی نے کہا کہ منکر ہے اور ایسا ہی بخاری نے
بھی کہا اور کہا کہ اس حدیث کے لئے کوئی وجہ صحیح نہین ہے اور خطیب
نے تاریخ بغداد مین کہا کہ ابن معین نے اسکو کذب اور لا اصل لہ کہا اور

ابن الجوزی نے اسکو موضوعات مین ذکر کیا ہے اور ذہبی وغیرہ
نے اسمین اوسکی موافقت کی ہے اور ابن دقیق العید نے بھی اسی
طرح ارشاد کیا ہو اور کہا ہو کہ اس حدیث کو محدثون نے ثابت نہین کیا ہے
اور کہا گیا ہے کہ یہہ باطل ہے اور ابن دقیق العید کے کلام سے یہہ
بات ثابت ہوتی ہے کہ محدثون نے اِسکے کذب مین توقف کیا ہے بلکہ
علائی نے اِسکے کذب پر توقف کیا ہے انتہے آخیر کلام سخاوی سے
یہہ بات ثابت ہے کہ یہہ حدیث حسن ہے بالفرض اگر یہہ حدیث قابل
الاستدلال بھی ہو تو غایۃ مافی الباب اس سے حضرت علی رض کا زیادہ
ہونا علم مین ثابت ہوگا اور یہہ قول کہ مُراد علم سے علم سینہ ہے تو
اولاً علم سینہ جس کو مؤلف نے سمجھا ہے اوسپر کوئی دلیل نہین ہے
من ادعیٰ فعلیہ البرھان اِس عبارت اور عبارت صفحہ
گذشتہ علم سینہ بہ از علم سفینہ سے یہہ واضح ہے کہ مؤلف کے نزدیک
علم سینہ مغایر علم سفینہ ہے اور یہہ بات بے اصل ہے اسلئے کہ علم سینہ
عبارت ہے علم باطن سے اور علم باطن عبارت ہے معرفت اسماء و
صفات و افعال الٰہی سے جس پر کتاب و سنت مشتمل ہین اور معرفت احوال
قلب اور مکائد نفس سے اور اسیکو علم التصوف اور علم السلوک اور علم
الطریقۃ اور علم الحقیقۃ اور علم الاسرار بھی کہتے ہین اور ظاہر ہے کہ مذکورات
اس علم کے کل علم سفینہ ہی سے ماخوذ ہین پس شریعت اور طریقت دونہ
ٹھہرے ابجد العلوم مین تحریر فرمائی ہے و اما دعوی التقابل بین الظا

والباطن كما يدعيه جهلة القوم فزعم باطل بشهادة العوام
والخصوص انتهے اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی آخر کتاب مالا بد منہ
میں فرماتے ہیں بدان ارشدک اللہ این ہمہ کہ گفتہ شد صورت
ایمان و اسلام و شریعت است و مغز و حقیقت آن در خدمت
درویشان باید جست و خیال نباید کرد کہ حقیقت خلاف شریعت
است کہ این سخن جہال است و کفر بلکہ ہمین شریعت است
کہ در خدمت درویشان رنگ دیگر پیدا میکند انتہے اور مولوی
عبد الحی حنفی مرحوم الآثار المرفوعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ میں تحریر فرماتے
ہیں ومن منکوات ھولاء (ای الصوفیۃ) جعل الشریعۃ
مخالفۃ للطریقۃ وظنھم ان مسلک علماء الشریعۃ
غیر مسلک علماء الحقیقۃ ومن ثم تراھم یقولون
ھذا من الصلوٰۃ وھذا من الورد وھذا من الفعل الفلانی
ثابت عمن اوتی العلم اللدنی فیکفینا ذلک وان لم یوافق
ظاھر الشرع او ورد ما یخالفہ فیما ھنالک و
کثیرا ما یتفوھون بمثل ھذا فی بحث المزامیر عند
عرض الاحادیث الصحیحۃ او السدۃ فی حرمتھا
علیھم والزامھم باحسن التقاریر وھذا وھم فاسد
وفھم کاسد فقد اجمع علماء الاسلام من حملۃ
الویۃ الشرع والمشائخ الکرام علی ان کل طریقۃ مخالفۃ

للشریعۃ مردودۃ وانہ لا یستقیم امر التصوف و
الولایۃ الا باتباع الشریعۃ وانہ لا منافاۃ و
لا مبائنۃ بین الشریعۃ والطریقۃ وکبراء
الصوفیۃ براء من ھذہ الوسمۃ القبیحۃ *
انتھے اور جب شریعت اور طریقت شے واحد ٹھہری تو
یہہ قول بعض جہال صوفیہ کا کہ سماع گو شریعۃً حرام ہے لیکن
طریقۃً درست ہے محض خلاف حق ہے اسلئے کہ جو چیز شریعت
مین ناجائز ہے وہ طریقت مین بھی ناجائز ہے اور جو چیز شریعت
مین جائز ہے وہ طریقت مین بھی جائز ہے اور صوفیہ کرام
نے ہرگز کوئی مسئلہ خلاف مقتضی شرع کے نہین کیا ہے یعنی ایسا
ہرگز نہین کیا ہے کہ مثلاً کوئی بات شریعت مین ناجائز ہے اور
اوسکو بوجہ طریقت جائز کہا ہو البتہ جہال متصوفین کا ذکر نہین
قاضی ثناء اللہ تفسیر مظہری مین فرماتے ہین فلا یجوز لاحد
ان یقول فی امر افتی علماء الشرع علی حرمتہ او کرہتہ
ان مشائخ الصوفیۃ سنوا کذلک ونحن نتبع سننھم
والصحیح ان الصوفیۃ الکرام ما فعلوا قط علی
خلاف مقتضی الشرع وانما الفساد من جھال
اتباعھم انتھی **ثانیا** جس دلیل سے مؤلف نے اس علم سے
علم سینہ مراد لیا ہے وہ دلیل بھی ناتمام ہے اسلئے کہ کم پہونچنا

حدیثون کا امر اضافی ہے مین کہتا ہون کہ باعتبار بہتیرے
صحابہ کے حضرت علی رضہ سے حدیثین زیادہ مروی ہین بلکہ خلفاے
ثلاثہ ابوبکر و عمر و عثمان رضہ سے بھی سیوطی کی تاریخ الخلفا مین
ہے کہ حضرت علی رضہ سے پانچ سو چھیاسی ۵۸۶ حدیثین مروی ہین
اور حضرت عمر رضہ سے پانچ سو انتالیس ۵۳۹ اور حضرت ابوبکر رضہ
سے ایک سو بیالیس ۱۴۲ اور حضرت عثمان رضہ سے ایک سو چھیالیس ۱۴۶
ہان باعتبار دیگر صحابہ مثل حضرت ابوہریرہ وغیرہ کے کم مروی
ہین ۔ ایضاً **قولہ** صـ۱۴ اس مقام پر مناسب جانا کہ بعض مناقب
حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے منقول ہون حضرت مجدد الف
ثانی رضی اللہ عنہ ایک مکتوب مین تحریر فرماتے ہین بے شائبہ
تکلف و تعصب گفتہ میشود کہ نورانیت این مذہب حنفی بنظر
کشفی در رنگ دریاے عظیم مینماید و سائر مذاہب در رنگ حیاض
وجداول بنظری در آیند الخ **اقول اولاً** کشف حجج شرعیہ
سے نہین ہے ملا علی قاری حنفی شرح حصن حصین مین فرماتے
ہین فالاحکام المنامیۃ والاحوال الکشفیۃ لا اعتبار
لھا فی الامور الشرعیۃ پس ترجیح مذہب حنفی بنظر کشفی
غیر مقبول ٹھہری **ثانیاً** جناب شاہ ولی اللہ صاحب فیوض
الحرمین مین یون فرماتے ہین آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
را تامل کردم کہ بسوے کدام یک مذہب ازین مذاہب فقہ میل

دارد تا ہمان مذہب را تابع و متمسک شوم ناگاہ ہمہ مذاہب نزد
وے صلے اللہ علیہ وسلم یکسان است و علم فروع درین حالت
از دیدن روح کریمہ اش نیست بلکہ داخل در جوہر جان او اصل
علم فرعیست کہ آن عنایت حق است بسوے نفوس بشر
از طرف اعمال و اخلاق ایشان و اصلاحش و این اصل
را فروع و اشباح مختلفہ است باختلاف زمان پس داخل
در جوہر روح ہمین اصل است و لہذا نسبت مذاہب علے
السوا آمد و ہیچ مذہبے نزدش از مذہب دیگر متمیز نیست بنا بر
آنکہ ہر مذہب ازین مذاہب محیط چیزے است کہ واجب است از
امہات فقہ دین محمدی اگرچہ مختلف باشد پس اگر یکے اقتفائے
واحدے ازین مذاہب نکند آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
را نسبت بوے سختی و خشمے در عیان نباشد مگر بعرض و آن
است کہ اختلاف در ملت و تقابل درمیان مردم و فساد ذات البین
اتفاق افتد و این اشد چیزیست کہ بران سخطش رومیدہد
و ہمچنین جملہ طرق را نزدش صلے اللہ علیہ وسلم علے السوا ر
دیدم و اینجا نکتہ ہست کہ تنبیہ بران واجب باشد و آن این ست
کہ بسیار باشد کہ نزد مردے چنان بود کہ آن حضرت صلے اللہ
علیہ وسلم مذہب فلانی می پسند و ہمان مذہب حق مطلوب است
باز دران قصور میکند و در دلش اعتقاد این معنی کہ وے در

جنب خدا و رسول است گرہ میشود پس نزد آن حضرت صلے اللہ
علیہ وسلم می آید و در پیش او می ایستد و میان خود و میان
وے علیہ السلام باب مسدود می یابد کہ ہرگز نمی گشاید پس میگوید
کہ این معاتبہ ایست از طرف وے صلے اللہ علیہ وسلم بر تقصیر
او و تحقیق آنست کہ وے بحضرتش بسینہ پر از مخالف و انکباح آمدہ
لاجرم باب فیض از طرف سوء قابلیتش بستہ گشتہ و گاہ باشد
کہ انسان زعم میکند کہ خروج ازین مذاہب مدونہ خروج است
از ربقہ تقلید شرع و انقیاد حکم خدا و آنجا کدام طریقہ مضبوط جز این مذاہب
نیست پس خروج ازان نزد او مرادف و ملازم خروج از ربقہ
انقیاد و اسلام باشد و تفطن میکند کہ آن حضرت بروے
معاتب و خشمگین است و طالب را امثال این شبہات بسیار
می افتد انتہی **ثالثاً** اگر کشف او رسنام حجت ہو تو سنام
ابو جعفر محمد بن احمد الترمذی الحنفی ثم الشافعی کا بھی حجت ہوگا
ابن خلکان نے وفیات الاعیان مین ان کے ترجمہ مین انکے
سنام کو یون ذکر کیا ہے وکان یقول تفقهت علے ابی حنیفة
فرایت النبی صلے اللہ علیہ وسلم فی مسجد المدینة
عام حججت فقلت یا رسول اللہ قد تفقهت بقول
ابی حنیفة افاخذ به قال لا فقلت افاخذ بقول
مالك بن انس فقال خذ منه ما وافق سنتی فقلت

انا خذ بقول الشافعی فقال ما هو بقوله لا
انه اخذ بسنتی ورد علی من خالفها قال فخرجت
فی اثر هذه الرؤیا الی مصر وکتبت کتب الشافعی
انتهی بقدر الحاجة حاصل یہہ کہ کسی مذہب کی ترجیح
من حیث الکشف والمنام نہین ثابت ہوسکتی بعد اسکے مجدد
رضی اللہ عنہ نے دو باتین اور لکھین ہین چونکہ پوری عبارت
کے لکھنے مین طوالت تھی لہذا اوس کا حاصل لکھ کے جواب
دیا جاتا ہے اول یہہ کہ اکثر اہل اسلام حنفی المذہب ہین یہہ
بھی وجہ ترجیح اس مذہب کی ہے ثانی یہہ کہ امام اعظم
علیہ الرحمہ کے مخالفان اونکو اہل رائے کہتے ہین امر اول ظاہر
البطلان ہے اور کثرت شیوع مذہب حنفی کی یہہ ہے کہ اکثر
سلاطین حنفی المذہب گذرے اور بفحوائے الناس علی دین
ملوکہم رعایا بھی حنفی ہوتے تھے پس کثرت مذہب حنفی کی من وجہ
السلاطین ہوئی بخلاف مذاہب ثلاثہ باقیہ کہ اون کی کثرت محض
من تائید رب العالمین ہوئی ثانی امر بھی باطل ہے اسلئے کہ
اکابر امت نے جن پر دار مدار صحت حدیث ہے اپکو اہل رائے کہا
ہے میزان الاعتدال مین ہے النعمان بن ثابت بن زوطی
ابو حنیفة الکوفی امام اهل الرای ضعفه النسائی
من جهة حفظه وابن عدی واخرون انتهی

اور تہذیب الکمال مین ہے فقیہ العراق و امام اہل
الرائے اور تہذیب الاسماء مین ہے قال الخطیب
البغدادی فی التاریخ ھو ابو حنیفۃ التیمی امام
اصحاب الرائے وفقیہ اہل العراق اور سمعانی
کی کتاب الانساب مین ہے و ابو حنیفۃ النعمان بن
ثابت بن النعمان بن المرزبان التیمی الکوفی صاحب
الرائے و امام اصحاب الرائے وفقیہ اہل
العراق ملا حبیب اللہ قندھاری رح نے ابجد التواریخ
مین لکھا ہے ان الصفدی قید فقہ ابی حنیفۃ بالرای
والقیاس وکانہ ھو مراد الذھبی ولھذا اضاف فقہ
الشافعی الی الحدیث تمییزا و یوافق ھذا ما اشتھر
ان ابا حنیفۃ من اصحاب الرائے والشافعی من
اصحاب الظواھر انتھے اور امام نووی نے شرح مسلم مین
جابجا حنفیہ کو بلفظ اصحاب الرائے یاد کیا ہے بلکہ خود امام صاحب
نے فرمایا ہے علمنا ھذا برائے کن فی حدیث
الغاشیۃ بلکہ بخاری نے کتاب الضعفاء مین کہا ہے
کان مرجیا سکتوا عن رائہ وعن حدیثہ +
اسیطرح شرنبلی اولیاء نے غنیۃ الطالبین مین ان کو
منجملہ مرجیہ کے گنا ہے اگرچہ بعض نے اس رجا کی تاویل کی ہے

اور علم حدیث مین تو وہ نزدیک جملہ محدثین کے قوی نہین بلکہ
ضعیف ہین شعرانی کہتے ہین ان عدم ابی حنیفۃ فی
کثرۃ القیاس عدم بلوغ الاحادیث الصحیحۃ الیہ
فی ذمنہ انتھی علی ہذا القیاس بہتیرے ائمہ نے آپ
کو اس لقب سے یاد کیا ہے سنن ترمذی مین بھی جا بجا اسی
طرف اشارہ کیا ہے اور غرض ان ائمہ کی اس لقب سے
منقصت آن امام ہمام عالی مقام کی نہین ہے بلکہ امر
واقعی کا ذکر ہے ان ائمہ نے ہرگز آپ کو مخالف سمجھ کے یہہ
نہین کہا ہے یہہ ائمہ جو مذکور ہوئے رجال کی جرح و تعدیل
سے بحث کرتے ہین ان ائمہ نے اس امر مین بڑی دیانت کو راہ
دی ہے ان کی دیانت کا اقرار حنفیہ نے بھی کیا ہے علاوہ اسکے
ان ائمہ کے نزدیک یہہ لفظ الفاظ جرح سے نہین ہے پس یہہ
قول کہ مخالفان امام اعظم نے آپ کو اہل رائے کہا ہے صحیح نہین
اسلئے کہ یہہ ائمہ آپ کے مخالفین سے نہین ہین اور جرح
اور تعدیل تو اون کا کام تھا یہہ کوئی نہین کہہ سکتا کہ ان ائمہ نے
عداوۃً کسی پر جرح کی ہے اسلئے کہ ان کی دیانت بالاتفاق
مسلم ہے اگر انکی دیانت پر دھبا لگایا جائے تو پھر ایک حدیث
بھی صحیح نہ ٹھہرے گی اور وجہ اس لقب کی یہہ ہے کہ احادیث
بنسبت اور اماموں کے آپ کو کم پہونچی ہین اسیوجہ سے آپکو

حاجت قیاس اور اجتہاد کرنے کی زیادہ ہوئی اور اسی کثرت
قیاس اور اجتہاد کی وجہ سے آپکو ائمہ رجال نے اس لقب
سے یاد کیا اور اسی لئے ابن خلکان نے آپ کے حق مین وکان
اماما فی القیاس لکھا یہہ سب کچھ تھا مگر امام صاحب
نے بعضے قیاس کی سخت مذمت بھی فرمائی ہے ابن الجوزی
کتاب الموضوعات مین فرماتے ہین اخبرنا ابو الفضل
اخبرنا ابو الحسن علی بن محمد بن علی الشروطی بشیراز
قال حدثنا ابو علی الحسن بن احمد بن محمد الحافظ
قال حدثنا محمد بن علی بن حامد المالینی قال
حدثنا عثمان بن سعید الدارمی قال سمعت
الاشیخ یقول سمعت وکیعا قال سمعت ابا
حنیفۃ یقول البول فی المسجد احسن من بعض
القیاس اسنتھے اور ایک وجہ حنفیہ کو اصحاب رائے
کہنے کی وہ بھی ہے جسکو فاضل بہاری نے مسلم الثبوت
مین ذکر کیا ہے والجمہور علی ان التعلیل بالکل مقبول
فان عینہ او جنسہ فی عین الحکم فقیاس اتفاقا
لوجود الاصل وانکان فی جنسہ فقیل قیاس
واختارہ شمس الائمۃ وفخر الاسلام لانہ قد یذکر
الاصل وقد یترک لوضوحہ کما فی مسئلۃ ابداع

الصبی اذ استکملہ فلا تعلیل فی الجنس
بسیطا اصلا وفیہ ما فیہ وقیل لیس بقیاس
بل علۃ شرعیۃ بالرای فیکون بمنزلۃ النص
لا یحتاج الی اصل اقول ھذا کما ترے ولسلم
من ھھنا لقبوا اصحاب الرای والحق انہ
قیاس انتھے بہرکیف رای اور قیاس گو بمقابلہ کتاب
وسنت حجت نہین لیکن اسمین شک نہین کہ اصابۃ اور
تبحر فی الرای والقیاس امر لائق تعریف وتحسین ہے
اسیلئے امام شافعی نے فرمایا الناس کلھم عیال ابی
حنیفۃ فی الفقہ اور اسیلئے امام مالک نے فرمایا کہ اگر
امام ابوحنیفہ اس ستون کو سونا ثابت کرنا چاہین تو ثابت
کر سکتے ہین غرضکہ آپ کی جودت طبع پر سب کا اتفاق ہے
پس اصحاب رای کے کہنے مین کوئی تحقیر نہین اہل حدیث
کا عقیدہ امام صاحب کے ساتھ کچھ بُرا نہین ہے البتہ
قلت حدیث اور کثرت اجتہاد کا عقیدہ آپ کے ساتھ
ہے اور مجرد اتنے عقیدہ سے حکم عقیدہ فاسدہ کا لگانا سخت بے
انصافی ہے قولہ صلے اور بعض اکابر نے جو کسی مسئلہ پر
دوسرے مذہب کے عمل کیا ہے سو وہ مثل اوس اختلاف
کے ہے کہ بعض مسائل مین امام ابو یوسف اور امام محمد

رحمۃ اللہ علیہما نے امام اعظم سے اختلاف کیا ہے سو اسکے واسطے
کمال علم اور نور بصیرت درکار ہے اقول یہہ مسئلہ تو بخوبی
کتب قدیمہ وجدیدہ مین حل ہو چکا ہے کہ تقلید مذہب معین
کی واجب نہین اور یہین سے یہہ قول بھی بہت درست آیا
کہ حنفی اور شافعی کہنا ضروریات دین سے نہین ہے اور
نہ خدائے تعالے نے اسکی تکلیف دی ہے بلکہ اس کا بھی حل
ہو چکا ہے ملا علی قاری حنفی شرح عین العلم مین فرماتے
ہین ومن المعلوم ان اللہ سبحانہ وتعالے ما
کلف احدا ان یکون حنفیا او مالکیا او شافعیا
او حنبلیا بل کلفھم ان یعملوا بالسنۃ انکانوا
علماء ویقلدوا العلماء انکانوا جھلاء اور
جب تقلید شخصی واجب نہین ہے اور نہ اپنے کو حنفی اور شافعی
وغیرہ کہنا واجب تو کل مذاہب اربعہ مشہورہ عمل مین
برابر ٹھہرے ولہذا قول جمیل مین فرمایا ہے منھا ان
لا یتکلم فی ترجیح مذھب الفقھاء بعضھا علے
بعض بل یضعھا کلھا علی القبول مجملۃ ویتبع منھا
ما وافق صریح السنۃ ومعروفھا الے قولہ و
منھا ان لا یتکلم فی ترجیح طرق الصوفیۃ بعضھا
علے بعض الی قولہ ولا یتبع ھو نفسہ الا ما ھو

ثابت فی السنة ومشی علیه اصحاب العلم من
المحققین الراسخین انتھے اسلئے عارف ربانی امام شعرانی
نے کشف الغمہ مین فرمایا ان الشریعة المطهرة جاءت
عامة ولیس مذهب ولی بها من مذهب
فمن ادعی تخصیصها بمذهبه امامه
من مقلدین فقد اتے بابا من الکبائر انتھے
اور جب کل مذاہب اربعہ مشہورہ عمل مین برابر ہوئے
توکسی حادثہ مین غیر مذہب پر عمل کرنے کے لئے قید کمال علم
و نور بصیرت کی لگانی صحیح نہین اسلئے کہ غیر مذہب پر عمل کرنے
والے علمار ہونگے یا جہلار اگر علمار ہین توجس دلیل سے
اپنے مذہب پر عمل کرتے ہین اُسی دلیل سے غیر مذہب پر
بھی عمل کر سکتے ہین قید کمال علم کی اگر ضروری ہے تو
یہہ قید اپنے مذہب کی نسبت بھی ضروری ہوگی تو لازم آئیگا
کہ جن علمار کو کمال علم و تبحر حاصل نہو وہ اپنے مذہب پر بھی
عمل نہ کرین و اللازم باطل فالملزوم مثلہ اور اگر
جہلار ہین تو وہ علمار سے پوچھکر عمل کرین اور جس دلیل
سے وہ اپنے علماء سے پوچھ سکتے ہین اوسی دلیل سے اپنے
غیر مذہب کے علمار سے بھی پوچھ سکتے ہین قید کمال علم
کی انکی نسبت بھی ضروری نہین بلکہ مطلق علم کی بھی اگر غیر مذہب

پر عمل کرنے کے لئے جہلار کے واسطے علم کی قید لگانی ضروری
ہوگی تو لازم آئیگا کہ جہلار اپنے مذہب پر بھی عمل نہ کرین +
و اللازم باطل فالملزوم مثلہ غرضکہ علمار اور جہلار
دونون غیر مذہب پر عمل کر سکتے ہین علمار کا عمل کرنا غیر مذہب
پر تو ظاہر ہے لیکن جہلار پس اسلئے کہ انکا مذہب فتوی مفتی ہے
یہہ ہر مذہب کے علمار سے پوچھہ کر عمل کر سکتے ہین حجۃ اللہ البالغہ
مین ہے لم یزل الناس یسئلون من اتفق من العلماء
من غیر تقلید مذہب و لا انکار علی احد من
السائلین الی ان ظہرت ہذہ المذاہب و متعصبو
من المقلدین اور بھی اوسیمین ہے و من لا یجوز ان
یستفتی الحنفی مثلا فقیہا شافعیا و بالعکس و لا یجوز ان
یقتدی الحنفی بامام شافعی مثلا فان ہذا قد خالف
الاجماع و القرون الاولی و ناقض الصحابۃ و التابعین
انتہے مولانا بحر العلوم کی شرح مسلم الثبوت مین ہے و ہل
یقلد غیرہ ای من قلد بہ فی غیرہ ای غیر ما قلد فیہ
المختار نعم ان شاء و لما علم من استفتائہم مرۃ اما
و مرۃ اخری اما کما غیرہ من غیر نکیر من احد فصار اجماعا
و تواترہ ذا بحیث لا مجال للمماراۃ فیہ اور شیخ ابن حاجب
فرماتے ہین ان العوام فی السلف کانوا یستفتون الفقہاء

من غیر رجوع الی معین من غیر نکیر فحل الاجماع علے
الجواز انتھے اسکو شاہ صاحب نے عقد الجید مین نقل
فرمایا ہے آن عبارات سے واضح ہوگیا کہ عوام بھی غیر مذہب
پر عمل کر سکتے ہین العامی لا مذھب لہ والصوفی لا مشرب
لہ مشہور ہے اور وجہ عدم انتساب کی عوام کے حق مین
یہہ ہے کہ انتساب اوسکے حق مین صحیح ہے جو اہل نظر اور
بصیرت سے ہو اور ظاہر ہے کہ عوام کو یمین و شمال کی تمیز نہین
چہ جاے کہ حقیقت اپنے فتوے امام کو دریافت کرین اور
جب عوام کو تمیز حاصل نہین تو انتساب انکے حق مین صحیح
نہین اور عوام کا حنفی اور شافعی کہنا ایسا ہے جیسے وہ اپنے
کو نحوی اور لغوی اور فقیہ کہین ابن امیر الحاج کی شرح
تحریر مین ہے وقد انطوت القرون الفاضلة
علی عدم القول بذلک بل لا یصح للعامی مذھب ولو تمذھب
بہ لعدم تاملہ ولیس لہ نظر وبصیرۃ بالمذھب
علی حسنہ ولا یعرف فتوی امامہ واقوالہ ودعواہ
انہ حنفی او شافعی کقولہ انا فقیہ او نحوی وکیف
یصح الانتساب الا بالدعوی المجردۃ من الحجۃ و
القول الفارغ من المعنی من کل وجہ انتھے لو کتب
حنفیہ سے تو عوام کو حنفی اور شافعی کہنے کی کوئی وجہ وجیہ بھی

نہین اور آج کل کے عوام اور خواص اس انتساب کو فرض اور
واجب جانتے ہین بلکہ اس سے بھی بڑھ کے اسلئے کہ جو لوگ
بنظر اسکے کہ انتساب ضروریات دین سے نہین ہے اپنے کو
منتسب نہین کرتے ہین عوام اور خواص دونون ایسے لوگون
کو گمراہ جانتے ہین بلکہ تارک الصلوٰۃ و شارب الخمر وغیرہ
سے بھی زیادہ برا جانتے ہین فانا للہ وانا الیہ راجعون
اللھم اھدھم فانھم لا یعلمون آن اوپر کے بیان سے
وہ قول بعض جہال کا بھی رد ہو گیا جو کہتے ہین کہ ترکو قولی بخبر
الرسول اور اذا صح الحدیث فھو مذھبی جو امام
اعظم کا قول ہے وہ خاص اپنے شاگردان امام محمد و امام
ابو یوسف کے لئے فرمایا ہے ایضاً رہی یہہ بات کہ بعض مسائل
مین امام اعظم سے ابو یوسف و امام محمد نے اختلاف کیا ہے
سو یہہ کچھ خصوصیت صاحبین کے نہین ہے بلکہ وراسات مین کہا ہے
قال بعض الکبراء ان الخلاف فی اتباع ابی حنیفۃ معہ
اکثر من خلاف الشافعی لہ انتھی قولہ ص ۱۶ اور
ہمارے حضرت فرماتے تھے کہ جو قرب امام اعظم کو اللہ
تعالے سے نظر آتا ہے کسی امام کو نہین اور امام بخاری و مسلم
اونکے رتبہ کو نہین پاتے اقول یہہ قاعدے کی بات ہے
کہ جو شخص جس امام کا تابع ہوتا ہے وہ اپنے امام کو ایسا ہی

سمجھتا ہے حبك الشئ یعمی ویصم لفظ حدیث ہے کیا اصحاب
صحاح ستہ جنکو لاکھون حدیثین نوک زبان پر نہین اون کا
رتبہ کچھ کم امام اعظم سے ہوگا کاش اگر کتاب صحیح بخاری کو
من اولہ الی آخرہ تعمق کی نظر سے دیکھ لئے ہوتے تو البتہ بخاری کے
علم اور فضل اور سرعت فہم اور جودتِ طبع اور دقتِ نظر کا
اندازہ لگ جاتا اور یہہ نہ فرماتے کہ بخاری اور مسلم اونکے رتبہ
کو نہین پاتے اگر اسکے برعکس ہم اہل حدیث کہین تو حضرات
حنفیہ یہی حکم لگائینگے کہ اہل حدیث نے امام صاحب کی تحقیر کی
وفوق کل ذی علم علیم قرآن مجید کی آیت ہے زیادت
علم بخاری و مسلم علم امام ابوحنیفہ رح پر ایک ایسی چیز ہے جس کا
کوئی شخص انکار نہین کرسکتا رہا قرب امام اعظم رح کا اللہ
تعالے سے سو اللہ ہی جانے ایسے محل مین کسی بزرگ کا کشف و
الہام حجت نہین ہوسکتا ہے جب تک کہ خدا و رسول حق مین
کسی بندہ مقبول کے ایسی خبر نہ دین کتاب حدیث الغاشیہ کے
صفحات ۴۸ صفحہ سے تا صفحہ ۱۳۸ دیکھنا چاہئے تفاوت علم و
قرب اصحاب صحاح ستہ کا علم و قرب امام بلکہ جملہ ائمہ اسلام
سے بخوبی ظاہر ہوتا ہے ع ببین تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا
اس جگہ دار مدار معیار و تجربہ و شہادت صادقہ پر ہے
نہ خیال مختل و رائے معتل مؤلف پر قولہ صـ ۱۷ ۲ اللہ نوکا

السموات والارض اللہ روشنی ہے آسمانون کی اور زمین کی
اور آن حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نور سے اللہ تعالے کے
پیدا ہوئے ہین اور خلق آپ کے نور سے پیدا ہوئی ہے تو اس
بیان سے معنی اس آیت کے کھلے کہ مثل نورہ کمشکوٰۃ فیھا
مصباح المصباح فی زجاجۃ الزجاجۃ کانھا
کوکب دری یوقد من شجرۃ مبارکۃ زیتونۃ لا
شرقیۃ ولا غربیۃ یکاد زیتھا یضیء ولو لم تمسسہ
نار نور علی نور یھدی اللہ لنورہ من یشاء
مثال اوسکے نور کی یعنی آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی مانند
طاق کے ہے مراد سینۂ مبارک آپ کا ہے کہ طاق محراب عبودیت
طالبان خدا ہے اوسمین ایک چراغ ہے یعنی قلب مبارک
آپ کا وہ چراغ دھرا ایک شیشے مین اور وہ مضغہ ہے جس مین لطیفۂ
قلب ہے وہ شیشہ جیسے ایک تارا ہے چمکتا روشن کیا جاتا ہے
وہ چراغ درخت مبارک زیتون سے یعنی اپنے اصل سے
سبحان اللہ پردۂ مثال مین آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا
مذکور عجب کنایہ ہے الکنایۃ ابلغ من التصریح اور
معشوق کا نام بکنایہ لینے مین عجب لطف ہے کہ بیان سے باہر
ہے واللہ بکل شئے علیم بالجملہ اوس نور نبوت کی طرف
اللہ تعالے نے اپنے بندگان خاص کو ہدایت کی کہ وہ اوس سے

مستفیض اور منور ہوئے اور خیر القرون سے الی الآن وہ نور
سینۂ پیران طریقت مین آیا ہے یہی وجہ ہے کہ اطراف عالم مین اونکا
نام روشن ہے انتہے مع حذف یسیر **اقول** یہہ حدیث کہ آن
حضرتؐ خدا کے نور سے پیدا ہین اور ساری خلق آپ کے نور سے
موضوع اور باطل ہے جیسا کہ ابن العراق نے تنزیہ الشریعہ
عن الاحادیث الموضوعہ مین بیان کیا ہے اور میزان الاعتدال
مین احمد بن یوسف مسیحی کے ترجمہ مین ہے احمد بن یوسف
المسیحی لا یعرف وأتے بخبر کذب قال ابو نعیم فی
امالیہ ثنا محمد بن محمد بن عمرو بن زید املاً
ثنا احمد بن یوسف ثنا ابو شعیب صالح بن زیاد
السوسی ثنا الهیثم بن جمیل ثنا ابو معشر عن المقبری
عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلے الله علیه
وسلم خلقنی الله من نوره وخلق ابابکر من نوری و
خلق عمر من نور ابی بکر وخلق امتی من نور عمر وعمر
سراج اهل الجنة قال ابو نعیم هذا باطل مخالف
لکتاب الله ثم اخذ ابو نعیم یتکلم علی رجاله بکلام
غیر مفید فقال ابو معشر ترک ولم یخرج له وأما
ابو شعیب فمتروک متفق علے ترکه وکذلک
الهیثم ولم یخرج عنه شئی فی الصحیحین قلت ما

حدث به واحد من ثلثة وانما الآفة عندے
فیه من المسیحی انتھے اور جب یہہ حدیث باطل اور موضوع
ٹھہری تو اب تفسیر مؤلف آیت مثل نورہ کی درست نہوگی اور
بتقدیر تسلیم صحت حدیث مذکور بھی یہہ تفسیر مؤلف کی صحیح نہوگی۔
اسلئے کہ نور سے مراد یہان ہدایت ہے یھدی اللہ بنورہ
من یشاء اسکی طرف مشعر ہے اور نور کا اطلاق ہدایت پر اور
آیتون سے بھی ثابت ہے منہا قولہ تعالے واللہ ولی الذین
امنوا یخرجھم من الظلمات الی النور ومنہا قولہ تعالے
افمن کان میتا فاحییناہ وجعلنا لہ نورا اور ایک
تفسیر اسکی یہہ بھی ہے کہ نور سے مراد نور خدا ہے یعنی خدا تعالے
اپنے نور کو نور محسوس سے جو بہت مخصوص اس آیت مین مذکور
ہے سمجھانا مقصود ہے سو ان دونون تفسیرون کے کوئی تفسیر
صحیح نہین اور ان دونون تفسیرون پر لفظ مشکوٰۃ اور مصباح
اور زجاجہ اپنے ظاہر معنی پر ہین اور مؤلف نے جو مشکوٰۃ سے
آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا سینہ مراد لیا ہے اور مصباح
سے آپ کا قلب مبارک اور زجاجہ سے مضغۂ قلب صحیح نہین
اسلئے کہ تفسیرین مذکورین اسکے یا بی ہین تفسیرین مذکورین کا مطلب
جب ہی واضح ہوگا جب معنی ان الفاظ کے اپنی اصل پر رہین واضح
رہے کہ اس آیت کی تفسیر مین ہر شخص نے اپنے مذہب کے موافق

تفسیر کی ہے صوفیہ نے یہہ تفسیر کی اور مذہب والے نے دوسری ہی
تفسیر کی ہے چنانچہ ہر مذہب والون کی تفسیر کو امام رازی نے
تفسیر کبیر مین ذکر کیا ہے من شاء الوقوف فلیرجع الیہ
صحیح اور درست تفسیر وہی ہے جو ہمنے بیان کیا ہے اور تمام
معنی اس آیت شریف کے تفسیر فتح البیان سے معلوم ہو سکتے
ہین قرآن کی تفسیر اولاً حدیث مرفوع سے ہونا چاہیئے پھر آثار
صحیحہ مقبولہ صحابہ سے پھر علم لغت سے جو بات راے اور کشف
سے کہی جاتی ہے وہ تفسیر نہین ہوتی بلکہ تحریف و تبدیل سمجھی
جاتی ہے ؎

مردم اندر حسرت فہم درست اینکہ میگویم بقدر فہم تست

اور یہہ بھی واضح رہے کہ چونکہ تفسیر صوفیہ اکثر من جہۃ الباطن ہوتی
ہے اسلیئے محدثون نے انکی تفسیر کو غیر معتد بہ قرار دیا ہے دیکھو
فوائد مجموعہ مولفہ امام شوکانی کو اور مولف کا یہہ قول کہ وہ نور سینہ
پیران طریقت مین آیا ہے دونون تفسیرون کے اعتبار سے
غیر معتد ٹھہرا علاوہ اسکے نور سینہ جسکو مؤلف نے سمجھا ہے غلط
ہے وجہ تغلیط یہہ ہے کہ علم سینہ یعنی علم باطن عین علم ظاہر ہے
علم باطن اور علم ظاہر مین منافات ذاتی نہین اس کا بیان
اوپر مذکور ہو چکا ہے پس یہہ قول کہ وہ نور سینہ پیران طریقت مین آیا
ہے صحیح نہین معرفت احوال قلب کا نام علم باطن ہے اور اسکی معرفت

کچھ پیران طریقت ہی پر موقوف نہین ہے **قولہ** صـ۱۹ حدیث شریف
مین ہے انا الملح و اخی یوسف اصبح توحسن صباحت وہی ہے جسکو
دیکھکر آدمی بے اختیار ہوجاتا ہے چنانچہ ایک حدیث مین ہے کہ لوگ
جنت مین حور کو دیکھکر سجدہ کرین گے اس خیال سے کہ خدا ہے
بعد ازان معلوم ہوگا کہ حور ہے خدا نہین **اقول** ان دونون حدیثون
کا پتہ نہین لگا مؤلف پر لازم ہے کہ ان کا پتہ بتائین تا ان حدیثون پر
بحث کیجاوے **قولہ** صـ۲۱ حضرت داؤد علیہ السلام کو صفت
سمع سے بڑی مناسبت تھی الحان داؤدی مشہور ہے اور اونکی
شریعت مین عبادت ساتھ سمع اور مزمار کے ہوتی تھی **اقول** آجکل
کے متصوفین مین جس طرح کی سماع رائج ہے وہ ہرگز حضرت داؤد علیہ السلام
مین نہ تھی من ادعی خلافہ فعلیہ الدلیل اور الحان
داؤدی جو مشہور ہے سو وہ الحان اوس قسم کا نہ تھا جیسا عند
الموسیقین معروف ہے بلکہ الحان داودی سے مطلب تحسین صوت
ہے اور تحسین صوت ہماری شریعت مین بھی جائز ہے اور یہہ قول کہ
حضرت داؤد کی شریعت مین عبادت ساتھ سمع اور مزمار کے ہوتی تھی
خلاف ہے بدلیل اسکے کہ مضمرات مین منافع سے منقول ہے
اعلم بان التغنی حرام فی جمیع الادیان ایضا **قولہ**
صـ۲۱ حدیث شریف مین آیا ہے کہ لڑکیان آن حضرت صلے اللہ
علیہ وسلم کے پاس دف کے ساتھ گا رہین تھین آپ سن رہے تھے

حضرت ابو بکر آئے وہ بھی سنتے رہے جب حضرت عمر آئے تو لڑکیان
مزاج سے واقف تھین گانا موقوف کر دیا اور دف کو چھپا دیا تو
حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند رضی اللہ عنہ کہ سلسلہ آپ کا
حضرت صدیق اکبر سے ملتا ہے اسی مناسبت سے فرما گئے ہین کہ
نہ این کار میکنم و نہ اِنکار میکنم اور حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ
کہ اولاد امجاد حضرت عمر رضہ سے ہین اُس رگ فاروقی کی جنبش
تھی کہ سماع کی طرف اصلا التفات نہ فرمایا اور یہہ بھی ہوا کہ آپ کے
خلیفہ خواجہ محمد ہاشم گانا سُننے لگے آپ سے کسی نے مخبری کی آپ
نے منع نہ فرمایا بلکہ ارشاد کیا کہ وہ بدرجہ کمال پہونچ گیا ہے ہمکو
اوسپر اعتراض نہین اور حضرت مرزا مظہر جانجانان قدس سرہ بھی
نہین سنتے تھے آپ کو حضرت مجدد سے کمال عشق تھا اور حضرت درد
رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت مین دوسری تاریخ ہر ماہ کی کاملان موسیقی
بلا طلب اونکے گانا راگ سُنا کر چلے جاتے تھے **اقول** چونکہ کلام
مؤلف سے انتشار مسئلہ سماع مین معلوم ہوا لہذا تفصیل اسکی
کر دی جاتی ہے واضح ہو کہ گو بعض صوفیہ نے مسئلہ سماع کو جائز قرار
دیا ہے الا یہہ مذہب اون کا خلاف کتاب و سنت ہے جیسا کہ
عنقریب واضح ہوگا اس مسئلہ کا استناد صوفیہ کرام سے جائز نہین
ہے اور یہہ مسئلہ باتفاق فقہاء حرام ہے امام اعظم وغیرہ کا بھی یہی
مسلک ہے پس سماع بآلات جیسا متعارف بین المتصوفین ہے ہرگز

جائز نہین مجمع البحارین مین ہے واما ما احدثه المتصوفة من السماع
بالآلات فلا خلاف فی تحریمه وقد غلب علی کثیر من ینسب
الی الخیر وهموا عن تحریمه حتی ظهرت علی کثیر منهم افعال
المجانین فیرقصون بحرکات مطابقة وتقطیعات
متلاحقة وزعموا ان تلک الامور من البر وتثیر
سنیات الاحوال وهذا من زندقة انتهی اور جواہر الفتاوے
مین ہے ان السماع والرقص الذی یفعله المتصوفة
حرام لا یجوز القصد والجلوس الیه هو والغناء
والمزامیر سواء انتهی چونکہ اقوال فقہاء اس باب مین
معروف ومشہور ہین لہذا اسیقدر پر اکتفا کیا گیا آب چند اقوال
صوفیہ کے منقول ہوتے ہین شیخ عبد القادر جیلانی غنیۃ الطالبین
مین بابت اجابت دعوۃ کے تحریر فرماتے ہین هذا اذا کان خالیا
عن المنکر فان حضره منکر کالطبل والمزمار والعود
والنائی والرباب والمعازف والطنابیر والشبین
والشبابه والجفر ان الذی یلعب به الترک لا
یجلس هنالک لان جمیع ذلک محرم انتهی اور امام غزالی
علیہ الرحمہ احیاء العلوم الدین مین منکرات ضیافت کے بیان
مین فرماتے ہین منها سماع الاوتار وسماع القینات و
منها اجتماع النساء علی السطح تنظر الی الرجال شاب

یخاف الفتنة بینهم فکل ذلک مخدور منکر یجب
تغییره ومن عجز عن تغییر یلزمه الخروج ولم یجز
له الجلوس فلا رخصة فی الجلوس فی مشاهدة
المنکرات انتهے اور ابو حفص حداد کا قول ہے اخذ اس آیت
المرید یحب السماع فاعلم ان فیه بقیة من البطالة
انتهے اب حسب وعدہ چند دلیلین کتاب وسنت سے منقول
ہوتی ہین قال اللہ تعالے ومن الناس من یشتری
لهو الحدیث لیضل عن سبیل اللہ بغیر علم انتهے
لهو الحدیث سے مراد باتفاق اہل تفسیر غنا ہے تفسیر مدارک مین
ہے وکان ابن عباس وابن مسعود یحلفان انه الغنا
انتهے اور معالم التنزیل مین ہے عن عبد اللہ بن مسعود و
ابن عباس والحسن البصری وعکرمة وسعید بن
جبیر قالوا لهو الحدیث الغنا والآیة نزلت فیه
انتهے اور حافظ سیوطی فرماتے ہین اخرج ابن ابی شیبة و
ابن ابی الدنیا وابن جریر وابن المنذر والحاکم و
صححه بیهقی فی شعب الایمان عن ابی الصهباء
قال سالت عبد اللہ بن مسعود من قوله تعالے ومن
الناس من یشتری لهو الحدیث قال واللہ هو الغنا
واخرج ابن ابی الدنیا وابن جریر عن شعیب بن یسار

قال سالت عکرمة عن لهو الحدیث قال هو الغنا واخرج
ابن ابی حاتم عن الحسن البصری قال نزلت هذه الآیة
ومن الناس من یشتری لهو الحدیث فی المزامیر والغنا
ینبت وعن انس رضی الله عنه قال قال رسول الله صلے
الله علیه وسلم صوتان ملعونتان فی الدنیا والاخرة
مزمار عند نغمة ورنة عند مصیبة اخرجه الضیا
المقدسی فی المختارة وغیره وقال المنذری رواته
ثقات وعن ابن مسعود انه صلے الله علیه وسلم قال
الغنا ینبت النفاق فی القلب کما ینبت الماء البقل
اخرجه البیهقی وغیره خلاصہ یہہ کہ سماع بآلات جائز نہین
گو مجوزین نے بھی اسکے جواز مین کوششین کی ہین الا دع
ما یریبک الی ما لا یریبک لفظ حدیث ہے اور اذا
اجتمع الحلال والحرام غلب الحرام اصول کا مسئلہ ہے
باقی مولف نے جو حدیث نقل فرمائی ہے اوسکے مضمون مین دو
غلطیان کی ہین اول غلطی یہہ ہے کہ وہ فرماتے ہین کہ حضرت
ابو بکر آئے وہ بھی سنتے رہے حالانکہ حضرت ابو بکر رضہ نے اون
لڑکیون کو زجر کیا اور فرمایا کہ مزمار الشیطان عند
النبی صلی الله علیه وسلم دیکھو بخاری کی کتاب العیدین
کو ثانی غلطی یہہ ہے کہ وہ فرماتے ہین کہ جب حضرت عمر آئے تو لڑکیان

مزاج سے واقف تھین گانا موقوف کر دیا اور دف کو چھپا دیا
حالانکہ اس قصہ مین حضرت عمر رضہ کا ذکر تک نہین البتہ ایک
دوسرے مقام پر لڑکیون کا دف چھپا دینا حضرت عمر رضہ کو دیکھکر
ثابت ہے دیکھو جامع ترمذی وغیرہ کو پس مولف کی وہ دونون
مناسبتین یعنی حضرت خواجہ نقشبند اور حضرت مجدد رضی اللہ عنہ
کی بابت درست نہ آئین رہا اس قصہ سے استدلال مستدلین سو
مخفی نرہے کہ استدلال اس قصہ سے صحیح نہین اسلئے کہ اگر غنا
جائز ہوتا تو جسوقت حضرت ابو بکر رضہ نے مزمارۃ الشیطان فرمایا
تھا تو آپ اسپر انکار فرماتے اور صاف فرما دیتے کہ یہہ فعل جائز
ہے طرز قصہ سے یہہ ظاہر ہے کہ چونکہ وہ لڑکیان نابالغ تھین اور
نیز روز عید کا تھا اسلئے آنحضرت نے ممانعت کو گوارا نہین فرمایا
اس سے علی العموم جواز پیدا کرنا مشکل اور صوفیون کی سینہ
زوری ہے خیر الجاری شرح صحیح بخاری مین ہے وقد استدل
بعض المتصوفۃ بھذا الحدیث وبمثلہ علی اباحۃ
الغنا وھو ساقط لان دلالۃ الحدیث علی منعہ
اظھر من دلالتہ علی اباحتہ ولانما منعھما ابو بکر
عند حضور النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولما صح قولہ
مزمار الشیطان ولما مھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم عذرا فی عدم المنع فعلم ان الاصل ھو المنع

والتجويز كان ليوم عيد انتهى ورفتح الباري مين ہے
واستدل جماعة من الصوفية بحديث الباب على
اباحة الغنا وسماعه بآلة وبغير آلة ويكفي في رد
ذلك تصريح عائشة في الحديث الذي في الباب
بعده بقولها وليستا بمغنيتين فنفت عنهما من
طريق المعنى ما اثبته لهما باللفظ لان الغنا يطلق
على رفع الصوت وعلى الترنم الذي تسميه العرب النصب
بفتح النون وسكون المهملة وعلى الحداء ولا يسمى
فاعله مغنيا وانما يسمى بذلك من ينشد بتمطيط و
تكسير وتهييج وتشويق بما فيه تعريض بالفواحش و
تصريح قال القرطبي قولها ليستا بمغنيتين اى ليستا
ممن يعرف الغنا كما يعرفه المغنيات المعروفات بذلك و
هذا منها تحرز عن الغناء المعتاد عند المشتهرين به
وهو الذي يحرك الساكن ويبعث الكامن وهذا النوع
اذا كان في شعر فيه وصف محاسن النساء والخمر و
غيرهما من الامور المحرمة لا يختلف في تحريمه قال
وانما ابتدعه الصوفية في ذلك فمن قبيل ما لا
يختلف في تحريمه لكن النفوس الشهوانية غلبت
على كثير ممن ينسب الى الخير حتى لقد ظهرت من كثير

منهم فعلات المجانين والصبيان حتى رقصوا بحركات متطابقة وتقطيعات متلاحقة انتهى **قولہ** ص۲۲
علم غیب اللہ تعالےٰ کو ہے اور کسیکو نہین اولیاء کے دل منور ہوتے ہین کہ اوسکے ذریعہ سے جدھر التفات کرتے ہین اون پر کھلجاتا ہے بلکہ اللہ تعالےٰ بے التفات کے بھی کھول دیتا ہے
اتقوا فراسة المومن فانه ينظر بنور الله اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ عرش سے فرش تک سب منکشف ہوجاتا ہے یہہ پر تو علم الٰہی کا پڑجاتا ہے کنت سمعه وبصره اس سے عبارت ہے ؎
علمِ حق در علمِ صوفی گم شود ✻ این سخن کے باورِ مردم شود
اقول اولیاء کے دل منور ہونے سے یہہ لازم نہین آتا کہ ہر وقت ہر غیبات کو دریافت کرلیا کرتے ہین باوجود اظہار اس امر کے کہ علم غیب خدا کو ہے ساتھ اسکے پھر تحریر مین ایسی روش اختیار کرنی جس سے ایہام تشریک پایا جائے اجتناب چاہیئے علی الخصوص آج کل کے متصوفین اکثر جاہل بے علم ہوتے ہین تو ضرور اس وقت ایسی روشین مخل ایمان ہوتی ہین اب یہہ شعر جو مولانا معنوی کا لکھدیا گیا کیا اس مین مظنۂ تشریک نہین ہے گو علماء اسکی توجیہ موافق شرع کرلینگے الا جہلا جنکو علم سے مس اور بہرہ نہین اون کو کون سمجھانے جائیگا اصل یہہ ہے کہ اب تصوف عبارت اسی سے ہورہا ہے کہ ولیون کی تعریف مین غلو کرے اور راگ

باجے کو جائز کہے اور وحدت وجود کے مسئلہ کا قائل ہو اور کشف
وحجاب کا منتظر رہے اسکی شب و روز مشتاقی ہے اور ہر بزم و محفل
مین مشاقی ہے آب کنت سمعہ وبصرہ کا مطلب خیال فرمائین فتح الباری
مین ہے وقد استشکل کیف یکون الباری جل وعلا
سمع العبد وبصرہ الخ والجواب من وجہ احدھا
انہ ورد علی سبیل التمثیل والمعنی کنت سمعہ وبصرہ
فی ایثارہ امری فھو یحب طاعتی ویوثر خدمتی کما
یحب ھذہ الجوارح ثانیھا ان المعنی کلیتہ مشغولۃ
بی فلا یصغی بسمعہ الا الی ما یرضنی ولا یری ببصرہ
الا ما امرتہ بہ ثالثھا المعنی اجعل لہ مقاصد
کانہ ینا لھا بسمعہ وببصرہ الخ رابعھا کنت لہ فی
النصرۃ کسمعہ وبصرہ ویدہ ورجلہ فی المعاونۃ
علی عدوہ خامسھا قال الفاکھانی وسبقہ الی
معناہ ابن ھبیرۃ ھو فیما یظھر لی انہ علی حذف مضاف
والتقدیر کنت حافظ سمعہ الذی یسمع بہ فلا یسمع
الا ما یحل استماعہ وحافظ بصرہ کذلک الخ
سادسھا قال الفاکھانی یحتمل معنی اخر ادق من
الذی قبلہ وھو ان یکون معنی سمعہ مسموعہ لان
المصدر قد جاء بمعنی المفعول مثل فلان املی بمعنی

ما مولی و المعنی انہ لا یسمع الا ذکری و لا یتلذذ الا بتلاوۃ
کتابی و لا یأنس الا بمناجاتی و لا ینظر الا فی عجائب
ملکوتی و لا یمدید ہ الا فیما فیہ رضائی و رجلہ
کذلک و بمعناہ قال ابن ھبیرۃ ایضا و قال الطوفی
اتفق العلماء ممن یعتد بقولہ ان ھذا مجاز و کنایۃ
عن نصرۃ العبد و تائید ہ و اعانتہ حتی کانہ سبحانہ
ینزل نفسہ من عبد ہ منزلۃ الالات التی یستعین
بھا و لھذا وقع فی روایۃ فبی یسمع و بی یبصر و بی
یبطش و بی یمشی انتھے بقدر الحاجۃ ایضا تمام معنی
اس حدیث کے امام شوکانیؒ نے کتاب قطر الولی مین لکھے ہین
اور یہہ حدیث سمع و بصر مبطل مذہب وحدت وجود ہے نہ
مثبت توحید وجودی **قولہ** صـ۲۲ آنحضرت صلے اللہ علیہ
وسلم نے ایک صحابی سے پوچھا کیا حال ہے اُنھون نے عرض
کیا یارسول اللہ صلعم عرش و کرسی اور بہشت و دوزخ سب دیکھ
رہا ہون آپنے فرمایا عبد نور اللہ قلبہ ایسا ہی اللہ تعالے اونکی
روح مین وہ قوت دیتا ہے کہ اوسکے ذریعہ سے دُور دُور کے
کام ہوتے ہین کہ وہان عقل و فہم کو رسائی نہین جب ملائکہ
کو اللہ تعالے نے یہہ قدرت دی ہے تو کیا انسان کامل کو نہین
دے سکتا ہے **اقول** اِس حدیث کا پتہ درکار ہے اور ولیون

کی روح مین قوت ہونے سے یہہ لازم نہین آتا کہ اوس کے
سبب سے دُور دُور کے کام ہوئین اس تصرف کی دلیل کتاب وسنت
سے ہونا چاہئے **قولہ** ص۲۳ ہمارے حضرت فرماتے تھے کہ ایک
مُرید حضرت شاہ آفاق رضہ کی بھوپال مین نوکر تھی اوس زمانہ مین
کہ وہان کے نواب کو جنگ درپیش تھی اثنائے جنگ مین ایک سِکھ
نے اونکو بھالا مارا اونھون نے اوسیوقت حضرت شاہ آفاق
کو یاد کیا آپ نے اپنی پشت مبارک پر جھیل لیا اور وہ مُرید بچ گیا
حضرت کی پشت مبارک سے خون روان ہوا وہان آپ کے ایک
مُرید جو بہت شوخ تھے حاضر تھے باصرار استفسار کرنے لگے آخر آپ
نے بیان فرمادیا اور بسم اللہ کرکے اپنی پشت مبارک پر ہاتھ پھیرا
خون بند ہوگیا گویا زخم ہی نہ تھا ایسے ہی تصرفات ہمارے حضرات
کے بہت ہین جنکے بیان کے لئے ایک دفتر چاہئے مقصود اس بیان سے
یہہ تھا کہ کرامات الاولیا حق **اقول** یہہ کرامت کئی وجہون سے
صحیح نہین ہوسکتی **اولا** اسلئے کہ بیان عنوان سے یہہ
ظاہر ہے کہ ضرب بھالے کا اوس مرید پر واقع ہوگیا تھا بعد اس کے
اُس مرید نے حضرت شاہ افاق کو یاد کیا ہے اور حضرت شاہ آفاق
نے اُسکو بچا لیا پس یہہ بیان اول بیان کے مخالف ہے غرض ان
دونون بیانون مین ایک جھوٹھ ضرور ہے **ثانیاً** شدآمد کے
وقت غیر خدا کو یاد کرنا شرک ہے اور یہہ امر بہتیری آیتون سے ثابت ہے

چنانچہ اون آیتون کا ذکر اس رسالہ مین ایک مقام پر آئیگا +
پس اُس مرید کا یاد کرنا حضرت شاہ آفاق کو شرک ہوا اور اعانت
علے المعصیت بنص آیت منہی عنہ ہے پس بمقتضاے ظن المومن خیرا
ہم اس اعانت کی نسبت حضرت شاہ آفاق کی طرف نہین کر سکتے +
ثالثاً دلیون مین اس قسم کے تصرفات کی دلیل کتاب وسُنت سے
درکار ہے مؤلف نے صفحہ ۵۰- مین ایک حکایت اپنے حضرت کی بھی اسکے
مثل نقل کی ہے اوسکا جواب بھی یہین سے سمجھ لیوین اور کرامت اولیا
کا تو کوئی منکر نہین مگر اس قسم کی کرامتون مین البتہ کلام ہے
مؤلف نے اِس مجموعہ مین بہتیری کرامتون کو ذکر کیا ہے گو
بعض بعض کا امکان بیشک ہے الا اونکی واقعیت مین شک
ہے اور ایک بڑی وجہ شک کی یہہ ہے کہ کرامت ولیون سے
احیاناً ہو جاتی ہے نہ یہہ کہ ہر وقت اسی طرح کشف کا حال ہے
اور مؤلف کے اس مجموعہ کے دیکھنے سے یہہ بات معلوم ہوتی ہے
کہ کرامت اور کشف کوئی امر مشکل نہین اور نہ ولی کا ہونا مشکل
اور نہ ولی کو کسیکو ولی کر دینا مشکل اس لئے کہ صـ" مین فرماتے
ہین کہ پیر و مرشد نے فرمایا کہ حضرت ایشان مراقب تھے چار آزاد
آئے کہنے لگے کیا پینک مین بیٹھے ہو آپنے آنکھ اوٹھا کر دیکھا چارون
ولی ہو گئے اور نیز صـ" مین اسکے پہلے ایک شخص کے ذکر مین یہہ لکھا ہے
کہ اوس شخص کو سُلطان جی سے ایک دم مین محنت وصول ہو گئی اور

کہ مؤلف کے پیر و مرشد کو اونکے والد ماجد نے یہہ کہا کہ جا ہمنے تجھکو سب
دیدیا اور صفحہ مین ایک جوان لڑکے کا قصہ منقول ہے کہ وہ حضرت
کی خدمت مین آیا آپ نے از روے امتحان مسجد سے نکلوا دیا جب
دروازہ کھلا حضرت پیر و مرشد اوس کا ہاتھ پکڑ کر مسجد مین لے آئے
پھر آپنے کچھ نہ فرمایا بعد نماز کے اوسکو بلا کر مطلب پوچھا کہا پریم
کا پیالہ پلا دو آپ نے شربت منگا کر آدھا خود نوش فرمایا اور آدھا
اوسکو پلا دیا اور فرمایا کہ چلا جا وہ کامیاب روانہ ہوگیا اور صفحہ
مین محمود خان قندھاری کے قصہ مین بیان ہے کہ وہ حضرت
خواجہ کی خدمت مین آکر چھ مہینے رہے مفت مین ولایت حاصل
ہوگئی ناظرین آج کل کے ولیون کا اندازہ یہین سے کر لیوین کہ اگلے
ولیون سے باوجودیکہ صدق مقال اور اکل حلال کی پوری پابندی
اونکو حاصل تھی اسقدر کرامتین اونسے منقول نہ ہوئین اور آجکل
کے ولیون کا یہہ حال ہے کہ نہ صدق مقال کی پابندی ہے اور نہ
اکل حلال کی بلکہ علانیہ سود کھاوین اور گالی بکین اور پاس اہل دنیا
کے دوڑ دوڑ کر جاوین اور علم سے بے بہرہ محض ہون مسائل ضروری
عبادات و معاملات پر بھی اطلاع حاصل نہو اور ساتھ اسکے دعوی
ولایت کا کرین سچ ہے باوجود ارتکاب معاصی و فسق و فجور ولی ہونا
یہہ بھی ایک کرامت ہے ہمارے اس بیان سے اکثر کرامتون کا
جواب ہوگیا و للہ الحمد **قولہ** صفحہ ۳۰ شرائع سابقہ مین سجدہ

بزرگون کو کرنا جائز تھا اور ملائکہ نے حضرت آدم کو سجدہ کیا ہے
اور اب جو منسوخ ہے تو بسبب کسی حکمت کے منسوخ ہوا کیونکہ
اللہ تعالے کسی بُرے کام کو کسی کے واسطے روا نہین کرتا الغرض
حاصل سجدہ کہ تعظیم اور تکریم ہے باقی ہے اور دوستان خدا کی
جناب مین نیازمندی لازم ہے کہ یہہ آؤ بھگت خدا کی ہے
اور وہ جو ایک حدیث مین ہے کہ مت کھڑے ہو میرے سامنے جیسے
کھڑے ہوتے ہین اعاجم اُنکے روسا کے سامنے تو یہہ نفی
قیام نہین بلکہ نفی اوس وضع قیام کی ہے ورنہ صرف لاتقوموا
فرمانا کافی تھا اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا واسطے آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کے کھڑی ہوا کرتی تھین **اقول** باوجود اقرار
اس امر کے کہ شریعت محمدی مین سجدہ کرنا بزرگون کے لئے منسوخ
ہے جواز کی راے ظاہر کرنی اپنے قول مین تعارض پیدا کرنا ہے
ہم نہین سمجھتے کہ بعد منسوخیت کے کیسے جواز باقی رہیگا اسلئے کہ کسی
کام کے منسوخ ہونے سے تو یہی مطلب ہوتا ہے کہ وہ فعل پہلے
جائز تھا اب جائز نہین اور علاوہ اسکے اگر بعد منسوخ کے بھی وہ
فعل جائز باقی رہے تو اطلاق منسوخ کا اوسپر کیسی اور کس معنی کر
صحیح ہوگا اور جواز کی یہہ دلیل کہ خدا بُرے کام کو کسی کے واسطے
روا نہین کرتا تو سجدہ شرائع سابقہ بُرا نہ ٹھہرا اور جب بُرا نہ ٹھہرا تو اب بھی
غیر خدا کو سجدہ کرنا درست ہوا زعم باطل ہے اول الزامی جواب

اس کا دیا جاتا ہے وہ یہہ کہ اگر یہ تقریر مسلم ہو تو بہنون سے
نکاح اور استحلال خمر اور اکل خنزیر وغیرہ وغیرہ جائز ٹھہرینگے
ثانی جواب یہہ ہے کہ فحش اور منکر ہونا کسی امر کا اضافی ہے پس
ایک ہی امر کا فحش اور منکر ہونا کسی امت سابقہ مین اور اوس کا
فحش اور منکر نہ ہونا دوسری امت مین ہوسکتا ہے بلکہ یہی بات
اصل ہے ورنہ وجہ منسوخیت کیا ہوگی اور یہہ قول کہ دوستان
خدا کی جناب مین نیازمندی لازم ہے تو نیازمندی سے کیا
مطلب ہے اگر یہہ مطلب ہے کہ جو نیازمندی خدا کو مخصوص ہے
وہ ہی دوستان خدا کے لئے جائز ہے جیسا کہ ماقبل کی عبارت
سے متبادر ہے تو چاہئے کہ نماز وغیرہ عبادت بھی اون کی
پڑھین اور سجدہ تعظیمی ابھی اگر باقی ہوتا تو آن حضرت صلے اللہ
علیہ وسلم حضرت معاذ کو جسوقت وہ یمن سے آئے اور آپ کو
سجدہ کیا تو آپ منع نہ فرماتے اور جسوقت اونٹ نے آپ کو
سجدہ کیا تھا اور صحابہ نے بھی یہہ دیکھ کے چاہا کہ آپ کا سجدہ
کرین تو آن حضرت اعبدوا ربکم واکرموا اخاکم نہ فرماتے اور
جس وقت ایک صحابی نے آپ سے پوچھا تھا کہ یا رسول اللہ
الرجل منا یلقی اخاہ اینحنی لہ تو آپ لفظ لا کا نہ فرماتے اور جسوقت
قیس بن سعد نے آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ ہم نے
شہر حیرہ والون کو دیکھا کہ وہ اپنے راجہ کو سجدہ کرتے ہین تو ہمکو

زیادہ مستحق ہین کہ آپ کو سجدہ کرین تو آپ منع نہ فرماتے
آپ جس حدیثون کی طرف اشارہ کیا گیا ہے وہ نقل بھی کردی
جاتی ہین عن صہیب ان معاذ رض لما قدم عن
الیمن سجد النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
فقال یا معاذ ما ھذا قال ان الیھود تسجد
لعلمائھا ورایت النصاری تسجد لقسیسھا
وبطارقتھا قلت ما ھذا قالوا تحیۃ الانبیاء
فقال صلے اللہ علیہ وسلم کذبوا علے انبیائھم
انتھے ما فی التفسیر الکبیر اس روایت سے یہہ بھی
ثابت ہوا کہ سجدہ بمعنی وضع الجبہۃ علے الارض شرائع سابقہ
مین نہ تھا بلکہ بمعنی انحنا تھا اسلیئے آیت وخروا لہ سجدا کی
تفسیر مین مفسرون نے سجدہ سے مراد انحنا لیا ہے تفسیر
جلالین مین ہے خروا لہ ای لیوسف وابوہ وامہ وخالتہ سجدا
سجود انحناء لا وضع جبہۃ وکان تحیتھم فی ذلک
الزمان اور تفسیر درمنثور مین ہے اخرج ابن جریر
وابن المنذر وابو الشیخ عن ابن جریج قال بلغنا
ان ابویہ وامہ وخالتہ سجدوا لیوسف ایماء
برؤس سھم کھیئۃ الاعاجم وکانت تلک تحیتھم
انتھے ھکذا فی المعالم وغیرہ من کتب التفسیر

عن عائشة رضی اللہ تعالے عنہا ان
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کان
فی نفر من المہاجرین والانصار فجاء بعیر فسجد
لہ فقال اصحابہ یا رسول اللہ یسجد لک
البہائم والشجر فنحن احق ان نسجد لک فقال
اعبدوا ربکم واکرموا اخاکم اخرجہ احمد کذا
فی المشکوٰۃ وعن انس قال قال رجل یا رسول اللہ
الرجل منا یلقی اخاہ او صدیقہ ینحنی لہ قال
لا قال افیلتزمہ ویقبلہ قال لا قال افیاخذ
بیدہ ویصافحہ قال نعم اخرجہ الترمذی عن
قیس بن سعد قال اتیت الحیرۃ فرایتہم یسجدون
لمرزبان لہم فقلت لرسول اللہ صلے اللہ علیہ و
سلم احق ان یسجد لہ فاتیت رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم فقلت انی اتیت الحیرۃ فرایتہم
یسجدون لمرزبان لہم فانت احق ان نسجد
لک فقال لے ارایت لو مررت بقبری اکنت تسجد
لہ فقلت لا فقال لا تفعلوا اخرجہ ابو داؤد
کتب فقہ مین سجدہ غیر خدا کو کرنا کفر لکھا ہے یہان صرف
نصاب الاحتساب کی عبارت منقول ہوتی ہے اذا سجد

لغیر اللہ یکفر لان وضع الجبھۃ علی الارض
لا یجوز الا للہ انتھے اور اگر یہہ مطلب ہے کہ
جس وقت دوستان خدا سامنے آجائین تو تعظیماً اوٹھ جانا
چاہیے جیسا کہ مابعد کی عبارت سے متبادر ہے تو یہہ آوبھگت
بھی جائز نہین اسلئے کہ قیام تعظیمی حدیثون سے مکروہ ثابت
ہے گو ایک جماعت مجوزین کی بھی گئی ہے الا راجح عدم
جواز ہے عن انس قال لم یکن شخص احب الیھم
من رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وکانوا اذا
رؤہ لم یقوموا لما یعلمون من کراھتہ لذلک
اخرجہ الترمذی وقال ھذا حدیث حسن صحیح
انتھے اس روایت سے معلوم ہوا کہ قیام تعظیمی کی عادت
صحابہ مین نہ تھی بنا براسکے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ و
سلم مکروہ جانتے تھے اور مؤلف نے جو حدیث لا تقوموا
کما یقوم الاعاجم کی یہہ تاویل کی ہے کہ یہان نفی قیام
کی نہین ہے بلکہ نفی اُس وضع قیام کی ہے تو یہہ صحیح
نہین اولاً اسلئے کہ اگر اس حدیث سے نفی قیام مخصوص
عند الاعاجم کی ہوتی تو حضرت کے اصحاب مطلقاً قیام
کو ترک نہ فرماتے ثانیاً قیام عجم اور قیام عرب مین کوئی
فرق نہین تا نفی وضع مخصوص کی درست ہو من ادعی فعلیہ

البیان ثالثاً اگر یہہ تاویل صحیح ہے تو لازم آئے گا کہ آیت
یا ایھا الذین اٰمنوا لا تکونوا کالذین اٰذوا موسٰی
سے نفی ایذاء مخصوص عند الیہود ہو نہ نفی ایذاء مطلق کی +
واللازم باطل فالملزوم مثلہ رابعاً اس تاویل پر کوئی
قاعدہ اور محاورہ اہل عرب کا درکار ہے اور فاطمہ رضہ کے
قیام سے استدلال صحیح نہین اسلئے کہ جب دلیلون سے
صاف قیام کی نہی ثابت ہو چکی ہے تو قیام حضرت فاطمہ کا کسی
غرض آخر کی وجہ سے رہا ہو گا جیسے محبت نہ تعظیم کی وجہ سے دیکھو
بعض بعض صحابہ سے آپ کا قیام کرنا ثابت ہے مگر وہ قیام
تعظیماً نہ تھا بلکہ کہین پر للاعتناق ہے اور کہین پر للتوسع ہے
حدیث حضرت فاطمہ مین کو لفظ توسع کا مذکور نہین ہے الا قرائن
قویہ اس پر دال ہین کہ تعظیماً نہ تھا بلکہ توسع فی المجلس کی وجہ
سے تھا غرض مجرد لفظ قیام سے دلیل قیام مبحوث عنہ کی ثابت
نہین ہو سکتی بسبب اسکے کہ اسباب قیام کے مختلف ہین پس
تا وقتیکہ قیام کے ساتھ لفظ تعظیم کا منضم نہو گا استدلال صحیح
نہ ہو گا اس مسئلہ کی تفصیل مدخل ابن الحاج اور فتح ربانی فی
فتاوی الشوکانی مین دیکھنی درکار ہے **قولہ** صہ ۳۴ سند اہل
خدمات باطن کی قصہ حضرت موسے و حضرت خضر علیہما السلام
سے ظاہر ہے اور کاشف اُن رموز کی یہہ آیت کریمہ ہے کہ مافعلتہ

عن امری **اقول** اولاً علم باطن جسکو مؤلف نے سمجھا ہے
اوس کا بطلان اوپر گذر چکا ہے ثانیاً اس آیت سے علم باطن
ثابت نہین ہوتا اسلئے کہ علم باطن معرفت احوال قلب وغیرہ
کا نام ہے اور بعض مغیبات کا جاننا بذریعہ وحی الہام کے جو ہوتا ہے
وہ کشف ہے نہ علم باطن سر دست اتنے ہی پر اکتفا کیا جاتا ہے
اگر مؤلف اسکے جواب سے یاد فرمائین گے اوس وقت پورا کلام
اس آیت کی بابت کیا جائیگا ایضاً **قولہ** ص۳۴ وضع مراقبہ
بھی احادیث سے ظاہر ہے کہ صحابہ کبار روبرو آن حضرت صلعم
کے اس طرح بیٹھتے تھے کہ چڑیان سر پر سے اڑ نہ سکتی تھین
یہ ظاہر مراقبہ ہے اور باطن مراقبہ توجہ الی اللہ ہے اس سے
کون منکر ہے **اقول** اس اثر کا ثبوت اولاً منقول ہونا چاہئے
اور نیز مراقبہ جیسا متعارف ہے اوس کا ثبوت اس سے
نہین ثابت ہوتا ہے مولانا اسمٰعیل شہید علیہ الرحمہ نے مراقبہ
علے سبیل الانزوا کو ایضاح الحق مین بدعت لکھا ہے **قولہ**
ص۴۰ ایک صاحب نے حضرت سے مسئلہ سماع کا پوچھا
آپ نے فرمایا کہ اگر کوئی راستہ سے گاتا ہوا نکلجاتا ہے تو مین
بیتاب ہوجاتا ہون **اقول** سوال وجواب مین مطابقت
نہین ہے سوال از آسمان وجواب از ریسمان اسی کا
نام ہے اس مسئلہ کی تفصیل اوپر گذر چکی ہے ایضاً

قولہ صفحہ ۴۰ ایک صاحب نے حضرت سے پوچھا کہ وقت مشکل یا حاجت کے یارسول اللہ کہنا کیسا ہے آپ نے فرمایا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین ایک نابینا آیا اور آنکھین جاتی رہین آپ نے جو دعا بتلائی اوس مین ہے یا محمد انی اتوجہ الیک ان صاحب نے عرض کیا کہ یہہ بیان حضوری کا ہے آپ نے فرمایا کہ عثمان بن حنیف صحابی نے بعد آن حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک شخص کو یہہ دعا بتلائی تھی **اقول** وقت مشکل کے یارسول اللہ صلعم کہنے سے کیا مطلب ہے اگر یہہ مطلب ہے کہ لفظ یارسول اللہ کے ساتھ توسل کرنا اور دفع مشکل خدا سے چاہنا یعنی یون کہنا کہ یارسول اللہ مین بواسطہ آپ کے خدا سے فلان مشکل کی رہائی چاہتا ہون تو درست ہے الا توسل بخطاب درست نہین ہے اسلئے کہ غائب کو خطاب کرنا درست نہین ہے بلکہ جن مقاسون پر آپنے تعلیم فرمایا ہے وہین کہنا چاہئے یہی وجہ ہے کہ التحیات مین السلام علیک ایہا النبی کہنا درست ہے مولانا محمد حنفی کی شرح حصن حصین مین ہے قد یقال فی وجہ اختیار الخطاب فی السلام علی النبی نحن نتبع لفظ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حین علم الحاضرین من الصحابۃ کیفیۃ التسلیم

انتھے بلکہ صحابہ بعد وفات آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
کے السلام علے النبی بغیبۃ کہتے تھے بخاری مین حضرت
ابن مسعود سے مروی ہے قال علمنی النبی صلے اللہ
علیہ وسلم وکفی بین کفیہ التشہد کما یعلمنی
السورۃ من القرآن التحیات للہ والصلوٰۃ و
الطیبات السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ
اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلے عباد اللہ
الصلحین اشھد ان لا الٰہ الا اللہ واشھد
ان محمدا عبدہ ورسولہ وھو بین ظھرانیھا
فلما قبض قلنا السلام علے یعنے علی النبی صلے اللہ
علیہ وسلم عمدۃ القاری مین ہے قولہ فلما
قبض الخ ھکذا جاء فی ھذہ الروایۃ دون
الروایات المتقدمۃ فظاھرھا انھم کانوا
یقولون السلام علیک ایھا النبیؐ ورحمۃ
اللہ وبرکاتہ بکاف الخطاب فی حیاۃ النبی
صلے اللہ علیہ وسلم فلما مات ترکوا الخطاب
وذکروا بلفظ الغیبۃ فصاروا یقولون
السلام علی النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
فتح الباری سے یہہ امر ظاہر ہے کہ عبد اللہ بن مسعود کی

روایت کو جس مین فلما قبض ہے اور محدثون نے بھی روایت
کیا ہے عبارت اوسکی یہہ ہے اخرجہ ابو عوانۃ
فی صحیحہ والسراج والجوزقی وابو نعیم الاصبہانی
والبیہقی من طرق متعددۃ الی ابی نعیم شیخ البخاری
فیہ بلفظ فلما قبض قلنا السلام علی النبی الحدیث
لفظ یعنے وکذلک رواہ ابو بکر بن ابی شیبۃ
عن ابی نعیم انتہے اور نیز فتح الباری سے یہہ بھی
ثابت ہے کہ عبد الرزاق نے موافق روایت عبد اللہ
بن مسعود کے ایک اور روایت نقل کیا ہے عبارت
اوس کی یہہ ہے قال عبد الرزاق اخبرنی ابن
جریج اخبرنی عطاء ان الصحابۃ کانوا یقولون
والنبی صلی اللہ علیہ وسلم حی السلام علیک
ایہا النبی فلما مات قالوا السلام علی النبی
وھذا اسناد صحیح انتہے اور موطا مالک مین ہے
مالک عن نافع عن ابن عمر انہ کان یتشہد
فیقول بسم اللہ التحیات للہ الصلوٰت الزاکیات
السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحدیث
اسکو بیہقی نے بھی اپنی سنن مین روایت کیا ہے اس روایت
مین حیات و وفات کا ذکر نہین ہے غالبا یہہ فعل بعد وفات

ہی ہوگا حاصل یہہ کہ یارسول اللہ ہر مقام پر کہنا درست نہین
اگر عموماً کہنا درست ہوتا تو التحیات کے خطاب کی وجہ
مین لوگون نے وجوہات کیون بیان کئے صحابہ کا عدول
کو دلیل عدم جواز خطاب کی التحیات مین نہین سے
الا اس سے اسقدر ثابت ہوا کہ یارسول اللہ کہنا ماسوائے
اون مقامون کے جہان آپنے تعلیم فرمایا ہے یقیناً درست
نہین و ذلک ماارد ناہ اور مؤلف نے صفحہ مین اپنے
حضرت سے نقل کیا ہے کہ اونھون نے فرمایا کہ اتباع
سنت یہی ہے کہ جیسا آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے
کیا ہے اوسی طرح کرے گھٹائے بڑھائے نہین پس خود
اس قول کے قائل سے ثابت ہوگیا کہ یارسول اللہ ہر مقام
پر کہنا درست نہین ہے بلکہ وہین کہنا درست ہے جہان آپنے
تعلیم فرمایا ہے اور اگر وقت مشکل کے یارسول اللہ کہنے
سے آپ ہی سے دفع مشکل مطلوب ہے جیسا کہ عبارت
مؤلف سے متبادر ہے تو درست نہین ہے اسلئے کہ یہ
صفت یعنی کشف ضرر و مشکل کی خدا ہی کو ہے اور یہہ بات
بہتیری آیتون سے ثابت ہے منہا قولہ تعالےٰ +
قل لا املک لنفسی نفعا ولا ضرا الا ما شاء اللہ
وفی موضع اٰخر قل لا املک لنفسی ضرا ولا

نفعا بتقديم الضر على النفع ومنها قوله تعالے ولا تدع
من دون الله ما لا ينفعك ولا يضرك فان
فعلت فانك اذا من الظالمين وان يمسسك الله
بضر فلا كاشف له الا هو ومنها قوله تعالے قل
ادعوا الذين زعمتم من دونه فلا يملكون كشف
الضر عنكم ولا تحويلا ومنها قوله تعالے امن
يجيب المضطر اذا دعاه ويكشف السوء ويجعلكم
خلفاء الارض ءاله مع الله قليلا ما تذكرون
ومنها قوله تعالے والذين تدعون من دونه ما يملكون
من قطمير ان تدعوهم لا يسمعوا دعاءكم ولو سمعوا ما
استجابوا لكم ومنها قوله تعالے ان الذين تدعون من دون
الله عباد امثالكم ومنها قوله تعالے قل افرءيتم ما تدعون من دون الله
ان ارادني الله بضر هل هن كاشفات ضره او ارادني برحمة هل هن ممسكات
رحمته قل حسبي الله عليه يتوكل المتوكلون ومنها قوله تعالے
والذين يدعون من دونه لا يقضون بشئ ان الله
هو السميع البصير ومنها قوله تعالے ومن اضل ممن
يدعو من دون الله من لا يستجيب له الے يوم القيمة
وهم عن دعائهم غافلون ومنها قوله تعالے قل
فمن يملك لكم من الله شيئا ان اراد بكم ضرا او

۱۲ د بکم نفعا الغرض دواہی اور شدائد کے وقت مخلوق کو
پکارنا اور اوس سے استعانت چاہنا جائز نہین اور جب اس
مسئلہ کا ثبوت خود قرآن ہی سے ثابت ہے علے الخصوص متعدد
آیتون سے تو اب اور کتابون کی عبارت نقل کرنے کی ضرورت
نہ رہی اور نیز اس مسئلہ مین غالبا کسی کلمہ گو کو ارتیاب نہوگا اب
جس حدیث سے اس کا جواز مؤلف کی عبارت سے مبادر ہے
اوس کا جواب مذکور ہوتا ہے واضح ہو کہ حدیث مین (الیک)
کی جگہ (بک) ہے یعنی یون ہے یا محمد انی اتوجہ بک
پوری حدیث یہہ ہے عن عثمان بن حنیف رض ان رجلا
ضریر البصر اتی النبی صلے اللہ علیہ وسلم فقال
ادع اللہ تعالے ان یعافینی قال ان شئت دعوت
و ان شئت صبرت فھو خیر لک قال فادعہ
فامرہ ان یتوضا فیحسن وضوئہ و یدعو
بھذا الدعاء اللھم انی اسئلک واتوجہ
الیک بنبیک محمد نبی الرحمۃ صلے اللہ علیہ و
سلم یا محمد انی توجھت بک الے ربی فی ھذہ
لتقضی لی اللھم فشفعہ فی اخرجہ ابن ماجۃ و
الترمذی ناظرین پر مخفی نرہے کہ اس دعا مین استعانت
اوس نابینا کی آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے نہین ہے

بلکہ خدا پاک سے ہے البتہ آن حضرت نے اپنا توسل
فرمایا ہے اور توسل بانبیاء وصلحاء درست ہے تو اس حدیث
سے اسیقدر ثابت ہوا کہ وقت مشکل کے انحضرتکو وسیلہ
گردانتا درست ہے یہہ نہین ثابت ہوا کہ وقت مشکل کے
آپ سے استعانت کرے اور یہہ بھی یاد رہے کہ اس
حدیث کو گو ترمذی نے حسن کہا ہے الا بعض محدثون نے مثل شیخ
عزالدین بن عبدالسلام کے اسکے صحت مین توقف کیا ہے اور
نیز ترمذی کی روایت مین لفظ یا کا نہین ہے بالفرض اگر یہہ حدیث
صحیح ہوا ور نیز لفظ یا کا ہونا بھی صحیح ہو تو دونون استدلال
ناتمام ہین اور وجہ ناتمامی اِن دونون استدلالون کی اوپر گزر
چکی **فافہم ایضاً قولہ** ص۴۰ ایک صاحب نے حضرت سے
فاتحہ کرنے کو دریافت کیا آپ نے فرمایا کہ آن حضرت صلے اللہ
علیہ وسلم نے ایک بکری ذبح کی اوس وقت فرمایا کہ یہہ میری
امت کی طرف سے بھی فاتحہ ہے **اقول** آن حضرت کا امت
کی طرف سے بکری ذبح کرنا صحیح ہے الا یہہ قول کہ آپ نے فرمایا
کہ یہہ میری امت کی طرف سے بھی فاتحہ ہے صحیح نہین اِس جملہ
کا ثبوت درکار ہے بالفرض اگر ہو بھی تو فاتحہ مروجہ رسومہ کا
جواز نہین نکل سکتا اور ایک دلیل فاتحہ کی مؤلف نے ص۴۵
مین ذکر کی ہے وہ یہہ کہ ایک بار سند فاتحہ کی حضرت نے یہہ فرمائی

کہ ایک صحابی نے کنوان بنایا اور کہا ہذا لام سعد اسکا
جواب اولاً یہہ ہے کہ اس سے اسیقدر ثابت ہوا کہ مُردون
کی طرف سے کنوان بنا دینا یا اور کوئی صدقہ یا خیرات کرنا
درست ہے اس سے فاتحہ مُروجہ کی سند کیسے ثابت ہوئی +
ثانیاً فاتحہ مروجہ کو کتب حنفیہ مین بھی بدعت لکھا ہے نصاب
الاحتساب مین ہے ان معرفا یقوم فی صف النعال
ویقرأ بعد الختم ایۃ من الاخلاص ثلثا ومن الفاتحۃ
مرۃ وھو قائم والناس قعود ھذا بدعۃ ولم ینقل
ھذا الصنیع من السلف ثالثاً مؤلف رسالہ کے حضرت
کے اوستاذ مولانا محمد اسحٰق صاحب مایۃ مسائل مین تحریر فرماتے
ہین تصدق طعام از قسم شیرینی وغیرہ وثواب آن بمیت
رسانیدن جائز است چنانچہ در کتب فقہ وعقائد
مسطور است لیکن فاتحہ مرسومہ ومشہورہ اصلے ندارد زیرا کہ از
حضرت صلے اللہ علیہ وسلم وصحابہ وتابعین این طور کہ
معمول فیما بین الناس است منقول نیست پس امر کہ منقول
نباشد از آن حضرت وصحابہ وتابعین غیر مشروع است انتہی
بقدر الحاجۃ ایضاً **قولہ** صفحہ ۴ پیر ومرشد نے حضرت سے
نقل کیا کہ آپنے فرمایا کہ مین مولانا اسحٰق صاحب کے ساتھ میلو
شریف مین جایا کرتا تھا **اقول** مسائل اربعین اور مایۃ مسائل

مولفہ مولانا محمد اسحاق صاحب کی طرز تحریر سے معلوم ہوتا ہے
کہ مولانا اسحٰق صاحب مولود کے قائل ہرگز نہ رہے ہون گے
ونیز ہر کل تلامذہ مولانا اسحٰق صاحب جیسے مولوی احمد علی صاحب
مرحوم و مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب و مولوی عالم علی صاحب مرحوم مولود کی بدعت
سیئہ ہونے کے قائل ہین یہہ تلامذہ مدتون مولانا اسحٰق
صاحب کے ہمراہ رہے ہین ان حضرات نے کبھی مولانا اسحٰق
صاحب کو مولود مین جاتے نہین دیکھا اور سنا گیا ہے
کہ مؤلف کے حضرت بھی اس کے بدعت ہونے کے قائل ہین
بالفرض اگر یہہ اون کا مذہب رہا بھی ہو تو بھی نفس قول اونکا
حجت نہین ہے اسلئے کہ دلیلون سے اس کا بدعت ہونا ثابت
ہے اور جب دلیلون سے بدعت ثابت ہوچکا ہے تو اب استناد
کسی کے قول سے جائز نہین اور دلیل عدم استناد کی خود مؤلف اور
مؤلف کے حضرت کے قول سے ثابت ہے صہ ۳۹ مین ہے حضرت
قبلہ نے فرمایا کہ ہمارے حضرت سب باتین موافق سنت کے
کرتے تھے انتہے اور نیز صہ ۳۹ مین ہے حضرت قبلہ نے اعلے
حضرت سے نقل فرمایا کہ غوث ہو یا قطب جو خلاف شرع کرے
وہ کچھ بھی نہین دلائل عدم جواز مولود کے رسالہ فراستہ المومنین
مین مفصلاً مذکور ہوچکے ہین اور حضرت مجدد الف ثانی بھی اسکے
بدعت کے قائل تھے چنانچہ اپنے مکتوب مین جو مرزا حسام الدین

کو تحریر فرمایا ہے اوس مین اِس مجلس مولد پر انکار کیا ہے اور
یہی مذہب مختار صاحب راہ سنت رح اور امام شوکانی رح تھا
قولہ صـ۱۴۱ حضرت پیر و مرشد نے فرمایا کہ حضرت سے کسی نے
تصور شیخ کو پوچھا آپ نے فرمایا کہ ایک صحابی نے حدیث
کے بیان مین فرمایا کانی انظر الی رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وسلم یہی تصور شیخ ہے **اقول** اولاً اس سے تصور شیخ
جو معروف عند الصوفیہ ہے نہین نکلتا ہے ثانیاً صـ۷۰ مین مؤلف
خود فرماتے ہین کہ ہمارے حضرت کسیکو تصور شیخ نہین بتلاتے
اور اعلے حضرت شاہ آفاق رضی اللہ عنہ بھی کسیکو نہین فرماتے
تھے ایک بار راقم نے بذریعہ عرضداشت کے دریافت کیا تھا
اوس پر حضرت نے اِس طرح تحریر فرمایا (در طریقہ ما تصور شیخ
نیست بجز ذکر جنانی ولسانی انتہے) اور مؤلف صـ۳۳ مین
فرماتے ہین وما یومن اکثرھم باللہ الا وھم مشرکون
اس شرک سے مراد شرک خفی ہے یعنی تعلقات ماسوا کا دل
مین ہونا اس سے بھی تصور شیخ کا بطلان بقول مؤلف ثابت
ہے چونکہ مؤلف اور مؤلف کے حضرت خود ہی اِسکے قائل
نہین ہین لہذا اسکے عدم جواز کی دلیلین نہین ذکر کی گئین ✦
قولہ صـ۱۴۲ حضرت قبلہ نے فرمایا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم
کے بعد جو بزرگ ہوئے اونھون نے جب نظر کا فرق پر ڈالی

خود بخود مسلمان ہوگئے **اقول** اولاً یہہ کلیہ غلط ہے ثانیاً
ایک بزرگ کا حال بھی بسند صحیح منقول نہ ہوا ثالثاً صرف نظر
ڈالنے سے آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کوئی مسلمان خود
بخود نہ ہوا پس دوسرون کو یہہ مرتبہ کیونکر حاصل ہوسکتا
ہے **قولہ** صـ۴۶ نقل ہے کہ ایک پیرزادہ حضرت قبلہ کی خدمت
مین آئے آپ کو دیکھکر بیہوش ہوگئے بعدازان حضرت نے
پوچھا تو کہا مین نے آپ کے پاس آن حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم کو دیکھا آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا جمال دیکھکر بیہوش
ہوگیا آپ نے فرمایا کہ بس ایک ہی جھلک مین تمہارا یہہ
حال ہوگیا **اقول** یہہ نقل محض خلاف ہے اسلئے کہ آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کا آنا کسیطرح ثابت نہین کتب فقہ وغیرہ
کو ملاحظہ فرمائین یہہ باتین کل خلاف ہین مؤلف نے اس مجموعہ
مین پیران نمی پرند ومریدان مے پرانند پر عمل کیا ہے +
قولہ صـ۵۹ قرب رفاقت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو
حاصل ہوا ہے کہ لکل نبی رفیق ورفیقی فی الجنۃ عثمان
اقول اس حدیث کو ترمذی نے طلحہ بن عبید اللہ سے
روایت کیا ہے اور بعد روایت کے یہہ کہا ہے ھذا حدیث
غریب ولیس اسنادہ بالقوی وھو منقطع یہہ
حدیث کئی علتون سے معلول ہے اولاً یہہ کہ ابوہشام رفاعی

جو ترمذی کا اوستاذ ہے اوسکے حق مین تقریب مین یہہ ہے
محمد بن یزید بن محمد بن کثیر العجلی ابو ہشام
الرفاعی الکوفی قاضی المدائن لیس بالقوی
من صغار العاشرۃ وذکرہ ابن عدی فی شیوخ
البخاری وجزم الخطیب بان البخاری روی
عنہ لکن قال البخاری رایتہم مجمعین علی ضعفہ
مات سنۃ ثمان واربعین انتھے ثانیا یہہ کہ ابوہشام
کے اوستاذ یحیٰی بن الیمان کے نسبت تقریب خطا کثیر کی تہمت ہے
ثالثاً یحیٰی بن الیمان کے ایک شیخ بنی زہرہ سے روایت کرتے
ہین معلوم نہین کہ وہ کون ہے اس حدیث کو ابن ماجہ نے بروایت
ابوہریرہ نقل کیا ہے اس روایت مین بھی ایک علت ہے وہ
یہہ کہ ابومروان محمد بن عثمان العثمانی اپنے باپ عثمان بن خالد سے
روایت کرتے ہین اور اونکے باپ عثمان بن خالد متروک الحدیث
ہین کذا فی التقریب اور میزان الاعتدال مین ان کا ترجمہ یون
ہے عثمان بن خالد العثمانی الاموی المدنی والد ابی
مروان قال البخاری ضعیف عندہ مناکیر وقال
ابوحاتم منکر الحدیث وقال ابن حبان عن ابیہ عن الاعرج
عن ابی ھریرۃ مرفوعا لکل نبی رفیق فی الجنۃ ورفیقی
فیھا عثمان انتھے **قولہ** ص۵۸ لوگ جو احادیث کتب مشہورہ

حدیث مین نہین پاتے صرف اس وجہ سے اون کو موضوع کہنے
لگتے ہین سو یہہ بڑی خطا ہے کیونکہ اگر وہ فی الواقع آن حضرت صلے
اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے تو انکار اوس کا سخت بے ادبی ہے
اور اکابر امت جو ظاہر و باطن کے جامع تھے اگرچہ بے روایت
معتبر حدیث کو نقل کرین وہ کیونکر موضوعات لکھ سکتے ہین ✣
اقول مجرد کتب مشہورہ مین نہ پانے سے کوئی کسی حدیث کو
موضوع نہین کہنے لگتا یہہ اتہام ہے البتہ جب اوس حدیث کا موضوع
ہونا کتب و رسائل موضوعات سے ثابت ہو جاتا ہے اوس وقت
موضوع کہتے ہین اور اکثر صوفیہ فی زماننا جو حدیثین احیاء العلوم
وغیرہ کتب صوفیہ مین دیکھلیتے ہین اون کو بمجرد اسکے کہ لوحی من السماء
سمجھنے لگتے ہین اور یہہ سخت عیب ہے اسلئے کہ اگر وہ حدیث موضوع
ہے تو اوسپر عمل کرنا آپ کے ساتھ ہمسری جتانا ہے اور یہہ اعلے
درجہ کی بے ادبی ہے بلکہ جسوقت اہل حدیث متصوفین کو بتا بھی
دیتے ہین کہ یہہ حدیث موضوع ہے اور فلان فلان محدث نے
اسکو موضوع کہا ہے تو بھی نہین مانتے اور اعذار لایعنی کرنے لگتے ہین یہ
یک نشد دو شد کا مطلب ہوتا ہے اور یہہ قول کہ جو جامع ظاہر و باطن
ہین وہ کیونکر موضوعات لکھ سکتے ہین نہایت سخیف ہے شیخ عبدالقادر
جیلانی و امام غزالی وغیرہ نے بہتیری حدیثین موضوع نقل کی ہین
چونکہ یہہ قول ظاہر البطلان ہے لہذا اسکے جواب مین اختصار کیا گیا

مؤلف صاحب اگر اس رسالہ کے جواب سے یاد فرماوین گے تو اوسوقت
اوسکے جواب مین تفصیل کیجاویگی **قولہ** صـ۶۹ حاصل مراقبات فکر
ہے جو طرح طرح سے ہر طریقہ مین کرتے ہین تفکر ساعۃ خیر
من عبادۃ ستین سنۃ **اقول** یہہ حدیث موضوع ہے
فوائد مجموعہ مین ہے ابو الشیخ عن ابی ھریرۃ مرفوعا
وفی اسنادہ عثمان بن عبد اللہ القرشی و اسحق
بن نجیح المطلی کذابان والمتہم بہ احدھما و قد رواہ
الدیلمی من حدیث انس تفکر من وجہ اخر اور نیز
اوس مین دوسرے مقام پر ہے تفکر ساعۃ خیر من
عبادۃ سنۃ ذکرہ ابن الجوزی فی الموضوعات و
فی سر وایۃ لابن حبان ستین سنۃ وفی سر وایۃ الدیلمی
ثمانین سنۃ وفی لفظ الف سنۃ انتھی **قولہ** صـ۷۰ وان
ارادوا عونا فلیقل یا عباد اللہ اعینونی اس حدیث سے ندا
بحرف یا ثابت ہے **اقول** بلا ریب اس حدیث سے ندا بحرف
یا ثابت ہے الا یہہ بھی یاد رہے کہ یہان ندا اون عباد اللہ سے
ہے جو فی الواقع حاضر ہوتے ہین جیسے ملائکہ اور صالح الجن چنانچہ
پوری حدیث سے یہہ امر بالبداہت ثابت ہے علامہ شوکانی
شرح حصن حصین مین فرماتے ہین الحدیث اخرجہ الطبرانی فی
الکبیر کما قال المصنف وھو من حدیث عقبۃ بن غزوان

عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال اذا ضل احدکم
شیئا او اراد احدکم عونا وھو بارض لیس بھا
انیس فلیقل یا عباد اللہ اعینونی فان للہ عبادا لا نراھم
قال فی مجمع الزوائد ورجالھم وثقوھم علی ضعف
فی بعضھم لان زید بن علی لم یدرک عقبۃ انتھے ق
اخرج البزار من حدیث زید بن علی ان رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم قال ان للہ ملائکۃ فی الارض
سوی الحفظۃ یکتبون ما سقط من ورق فاذا اصاب
احدکم شئی بارض فلاۃ فلینادی اعینونی قال فی مجمع
الزوائد رجالہ موثقون وفی الحدیث دلیل علی
جواز الاستعانۃ بمن لا یراھم الانسان من عباد
اللہ سبحانہ من الملائکۃ وصالحی الجن ولیس
فی ذلک باس کما یجوز للانسان ان یستعین ببنی
آدم اذا عثرت دابتہ او انفلتت انتھی پس غایت مافی
الباب اس حدیث سے یہی ثابت ہوا کہ جن امور مین مخلوق سے
استعانت لیجاتی ہے اون مین ملائکہ اور صالح الجن سے
بھی لے سکتے ہین اس سے وہ استعانت جو جہلا اموات سے
کرتے ہین ہرگز ثابت نہین ہو سکتی بلکہ نصوص قطعیہ اسکے نہی
پر موجود ہین خدا تعالے فرماتا ہے ایاک نعبد وایاک نستعین

اور آن حضرت نے فرمایا ہے اذا استعنت فاستعن باللہ
اور شیخ عبد القادر جیلانی اپنے ملفوظات کے ۴۳ مجلس مین
فرماتے ہین سلو اللہ ولا تسئلوا غیرہ واستعینوا باللہ
ولا تستعینوا بغیرہ انتھے یہانتک وہ حکایت جسکو مؤلف بہجۃ الاسرار نے
بہجۃ الاسرار مین آپ کی طرف نسبت کی ہے کہ آپنے فرمایا کہ
من استعان بی فی کربۃ کشفت عنہ ومن نادی باسمی
فی شدۃ فرجت عنہ ومن توسل بی الی اللہ عز وجل
فی حاجۃ قضیت الخ جھوٹھ ہونا ثابت ہوگیا اور مؤلف
بہجۃ الاسرار کو شیخ عبد القادر جیلانی کے ساتھ کمال محبت تھی
اسی فرط محبت کی وجہ سے بہت کچھ اباطیل اور اکاذیب اونکی طرف
نسبت کی ہین ابن رجب نے طبقات مین بہجۃ الاسرار اور اوسکے
مؤلف کا پورا حال لکھا ہے اور کشف الظنون مین ہے قال الشیخ
عمر بن عبد الوھاب الفرضی الحلبی فی ظھر نسخۃ من نسخ البھجۃ
ذکر ابن الوردی فی تاریخہ ان فی البھجۃ امورا
لا تصح ومبالغات فی شان الشیخ عبد القادر لا تلیق الا
بالربوبیۃ انتھے ٭

جوابات صفحات مختلفہ

قولہ صـ۴۲ ایک بار حضرت قبلہ بہت علیل تھے آپ نے فرمایا

کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تشریف لائین تھین مجھ سے فرمایا
کہ تمھاری زندگی بہت ہے **اقول** یہہ بات محض خلاف ہے اسلیئے
کہ اولاً حضرت عائشہ کا آنا باطل ثانیاً حضرت عائشہ کو بعد الوفات
اس کشف کا ہونا کہ تمھاری زندگی بہت ہے یہہ بھی باطل ہے
قولہ صـ۶۳ آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی جنت کو فرمایا
ہے کہ لا فیھا حوس ولا قصور بل سربی ضاحک یہہ حدیث
نالہ عندلیب مین نظر سے گذری **اقول** کتاب وسنت سے اس
حدیث کا موضوع ہونا ثابت ہوتا ہے مؤلف تا وقتیکہ اسکی سند
نقل نہ فرمائینگے مقبول نہوگی اور نالہ عندلیب ایک افسانہ ہے
علم حدیث کی کتاب نہین ہے اور نہ اوسکے مؤلف شمار اہل علم
بالحدیث مین تھے مجرد صوفی منش تھے کتاب مذکور کے اکثر اقوال
ضعیف اور غیر ثابت ہین کما لایخفی **قولہ** صـ۶۵ تاویل متشابہات
بعض اکابر نے فرمائی ہے اور حضرت مجدد رضی اللہ عنہ علماے
راسخین کو تاویل متشابہات سے بہرہ وافر فرماتے ہین اور وجہ
کو ذات سے اور ید کو قدرت سے جو بعض علما نے مراد لی ہے
آپ کے نزدیک مناسب نہین اور حروف مقطعات کو اسرار خفیہ
عاشق ومعشوق مین سے فرمایا ہے **اقول** تاویل متشابہات جائز نہین
اور نہ علماے راسخین کو متشابہات کا علم ہے قال اللہ تعالیٰ
وما یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم یقولون امنا بہ

الا اللہ پر وقف حنفیہ کا مذہب ہے اور یہی امر دلیلون سے راجح
ہے اور حروف مقطعات کا بھی علم علماے راسخین کو نہین ہے
مجدد الف ثانی کے نزدیک مذہب امام اعظم بنظر کشفی راجح ہے
پھر کیون یہان آپ کا مذہب ترک کیا گیا **قولہ** ص۷۹ حضرت پیر و
مرشد نے فرمایا کہ حضرت خواجہ میر درد رضی اللہ عنہ حقہ پیتے
تھے ایک بار حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب نے آپ سے کہا کہ جو
کوئی حقہ پیتا ہے آن حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اُس سے
مُنھ پھیر لیتے ہین آپ نے حقہ منگایا اور ایک کش لیکر اوسیدم حضوری
مین پہونچے دُھوان مُنھ سے نکل رہا تھا آنحضرت صلے اللہ علیہ و
سلم نے فرمایا کہ آؤ درد پاس بیٹھ جاؤ شاہ صاحب یہہ کیفیت دیکھکر
قائل ہوئے **اقول** یہہ جناب شاہ عبدالعزیز صاحب پر بہتان
ہے طرز حکایت اسکی دلیل ہے اسلئے کہ آن حضرت کا فرمانا کہ آؤ
درد پاس بیٹھ جاؤ محض خلاف ہے اور پھر کیا دلیل ہے کہ وہ قول
آن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا تھا یہہ کرامت نہین ہے بلکہ
شعبدہ اور استدراج ہے آن حضرت نے آکلین ثوم وبصل
کو مسجد مین آنے سے منع فرمایا ہے پھر حُقہ نوش حق پوش کو کیون
اپنے پاس بٹھانے لگے مجھے خوب یاد ہے کہ شاہ ولی اللہ صاحب نے
کسی کتاب مین اپنا منام یا کشف بیان کیا ہے کہ آنحضرت حقہ نوشون
سے مُنھ پھیر لیتے ہین گو منام وکشف حجت نہین مگر یہان صرف حکایت

مؤلف کی مخالفت کے لئے بیان کیا گیا **قولہ** صـ۸۲ حضرت پیر و مرشد نے فرمایا کہ حضرت خلیفہ اعظم علی شاہ صاحب کو کشف ہوا کہ حضرت شاہ آفاق رضی اللہ عنہ کی عمر پوری ہوگئی حاضر خدمت اعلے حضرت کے ہوئے کہ عمر میری حاضر ہے آپ نے قبول نہ فرمائی ہمارے حضرت قبلہ بھی یہہ سنکر نذر کرنے کو حاضر ہوئے حضرت شاہ آفاق رضہ نے دو برس آپ کی عمر مین سے لے لئے اور بعد دو برس کے انتقال فرمایا حضرت قبلہ فرماتے ہین کہ میری عمر جو زیادہ ہے اُسی کی برکت ہے **اقول** عمر کا دینا اور لینا مجال بشر سے خارج ہے اِس قسم کا تصرف ولیون مین ثابت کرنا محض خلاف ہے حضرت آدم علیہ السلام نے چوچالیس برس اپنی عمر مین سے حضرت داؤد کو دیا تھا تو خود نہین دیا تھا بلکہ خدائے تعالے سے اس امر کی التجا کی تھی چنانچہ ترمذی کی روایت سے ثابت ہے روایت ترمذی کی یہہ ہے وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لما خلق اللہ آدم مسح ظھرہ فسقط عن ظھرہ کل نسمۃ ھو خالقھا من ذریتہ الے یوم القیمۃ وجعل بین عینی کل انسان منھم وبیصا من نور ثم عرضھم علے آدم فقال ای رب من ھؤلاء قال ذریتک فرائے رجلا منھم فاعجبہ وبیص ما بین عینیہ قال ای رب من ھذا قال

داؤد فقال ای رب کم جعلت عمرہ قال ستین سنۃ
قال رب زدہ من عمری اربعین سنۃ الحدیث
پس اس حدیث سے اسیقدر ثابت ہوتا ہے کہ اگر کوئی اپنی
عمر کسیکو دینا چاہے تو خدا سے التجا کرے یعنی یون کہے
کہ اے اللہ فلان شخص کو میری عمر مین سے اسقدر دیدے
اور اس حدیث سے یہہ بھی ثابت ہوا کہ عمر کا دینا اور لینا
طاقت مخلوق سے باہر ہے بلکہ یہہ کام خدائے تعالے کا
ہے اور مؤلف کے حضرت کی عمر مین سے جب شاہ آفاق نے
دو برس لے لئے تو پھر مؤلف کے حضرت کا یہہ قول کیسے صحیح
ہوگا کہ میری عمر جو زیادہ ہے اوسی کی برکت ہے انھین حرکاتون
سے کہا جاتا ہے کہ مولف نے جتنی کرامتین نقل کی ہین اکثر
صحیح نہین ہین - اصول شرع اکثر ان کرامتون کو رد کرتے
ہین **قولہ** صـ۱۸ حضرت پیر و مرشد نے فرمایا کہ جب حضرت شاہ
عبد القادر صاحب رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو ایک بزرگ
صاحب کشف نے دیکھا تھا کہ جو کوئی ان کے آس پاس
پانچ پانچ کوس تک مدفون ہوگا مغفور ہوگا ۔ **اقول** اولاً
کشف حجت نہین ہے ثانیاً پیر و مرشد نے نہ کسی کتاب کا
حوالہ دیا ہے اور نہ اوسکو بسند بیان کیا ہے ثالثاً جن بزرگ نے یہہ
دیکھا تھا معلوم نہین کہ وہ کون ہین ایسی باتون کا ذکر مضحکہ طفلان

نہین ہے تو کیا ہے **قولہ** ص۔ حضرت قبلہ نے فرمایا کہ حضرت
ایشان کے مزار پر ایک بزرگ جو اونکے رشتہ دار بھی تھے متوجہ
ہوئے پھر منھ پھیر کر چلے کہ وہ تو اپنی بی بی سے صحبت مین مشغول
ہین **اقول** یہہ کشف خلاف کتاب و سنت ہے اسلئے کہ کتاب
و سنت سے جنت مین بی بیون اور حورون سے صحبت کرنا
ثابت ہے قبر اس فعل کا محل نہین ہے اور پھر اس حکایت
خرافہ کے صحت کی کیا دلیل ہے مؤلف نے کرامات الاولیاء حق
سے شاید یہی سمجھ لیا ہے کہ جو فعل خوارق سے ہوگا وہ کرامت
کہا جائیگا عام ازین کہ وہ کتاب و سنت کے موافق ہو یا نہو اور
عام ازین کہ وہ مسلمان سے صادر ہو یا کافر سے صفحہ ۴۰ مین
مؤلف فرماتے ہین کہ منشی سالک رام صاحب نے ذکر کیا
کہ حضرت سید علی شاہ صاحب علیہ الرحمۃ کے دو برہمن مرید تھے
لا الہ مین غائب اور الا اللہ مین موجود ہو جاتے تھے پھر جب
کرامت اسی کا نام ہے تو پھر کیا ہے چین ہے مؤلف کی
تحریر سے یہہ سارے جوگیان ولی ہو گئے اور نیز کل شعبدے
اور استدراج کرامت ہو گئے اور نیز اولیاء الرحمن اور
اولیاء الشیطان مین مؤلف کے نزدیک کوئی فرق باقی نہ رہا
اس باب مین رسالۂ الفرقان بین الاولیاء الرحمن و اولیاء
الشیطان مؤلفہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ عجیب جامع و مانع ہے

واضح رہے کہ مؤلف نے رسالہ حسن معاملہ اور اسرار
محبت مین بہتیری کرامتون کو ذکر کیا ہے اگرچہ مسئلہ عقائد
مشہور ومعروف ہے کہ (کرامۃ الاولیاء حق) مگر کرامت
کے واسطے یہہ بھی ضرور ہے کہ وہ شخص جس سے کرامت صادر ہو
اہل اوس کا ہو شرح عقائد نسفیہ مین ہے والولی ھو العارف
باللہ تعالے وصفاتہ حسب ما یمکن المواظب
علی الطاعات المجتنب عن المعاصی المعرض عن
الانہماک فی اللذات والشھوات وکرامتہ
ظھور امر خارق للعادۃ من قبلہ غیر مقارن
لدعوے النبوۃ فما لا یکون مقرونا بالایمان
والعمل الصالح یکون استدراجا انتھے بقدر
الضرورۃ اس عبارت سے معلوم ہوا کہ ولی صاحب
کرامت کو ضرور ہے کہ مومن وعامل عمل صالح کا ہو منہیات
وشہوات نفسانیہ سے مبرہ ومنزہ ہو مؤلف نے جن صالحین
کی کرامات نقل کی ہین معلوم نہین کہ وہ حضرات کیسے تھے نیز یہہ
بھی ضرور ہے کہ ناقل کرامت ثقہ عادل ضابط ہو قرآن پاک مین ہے
اذا جاءکم فاسق بنبأ فتبینوا مؤلف نے اکثر کرامتون کو
اپنے پیر ومرشد سے نقل کیا ہے معلوم نہین کہ وہ کیسے ہین علاوہ
اسکے مؤلف کے پیر ومرشد نے جو کرامتین مؤلف سے بیان کی ہین بلا سند